دہلی کی سلطنت مین ضعف فی قوت پائی اور نواب محمد سعد اللہ خان صاحب بہادر سے
استعانت کی نوبت آئی اور نواب ممدوح الالقاب فی نجیب خان بن بشارت خان اپنی اخلاق ندان
کی ملازم قدیم کو بادشاہ کی کمک کی واسطی بھیجا اور لشکر شاہی فی باعانت سزا موصوف
لشکر نواب صفدر جنگ کو درہم و برہم کر دیا اور نجیب خان اس صلہ خیرخواہی مین بخطاب نواب
نجیب الدولہ بہادر سرفراز ہوی اور نواب شجاع الدولہ بہادر بعد رحلت نواب صفدر جنگ
ملک اودہ کی کارساز ہوی اور شاہزادہ عزیز الدین ابن معز الدین ابن بہادر شاہ خلف الصدق
محی الدین اورنگ زیب شاہ جہان آباد مین جانشین احمد شاہ گورگانی اور ملقب بلقب عالمگیر
ثانی ہوی اور عماد الملک کو اپنا وزیر مستقل قرار دیکر نواب شجاع الدولہ بہادر پر چڑھائی کی
اور تمام فوج احمد خان بنگش فرمان روای فتح آباد کو آمادہ حرب و پیکار کر کی نواب
شجاع الدولہ بہادر کو اس مضمون کا فرمان بھیجا کہ ملک اودہ سی ہاتھ اوٹھائین اور نواب
ممدوح فی نواب محمد سعد اللہ خان بہادر سے رجوع کی کہ وہ مع حافظ رحمت خان وغیرہ
اعیان دولت حمایای امداد و اعانت ہوی اس فوج ظفر موج کی جنبش مین آتی ہی عماد الملک کا
جی چھوٹ گیا اور ترسان و خائف ہو کر ارادہ ایذا رسانی نواب شجاع الدولہ بہادر سے
ہاتھ اوٹھایا اور نواب ممدوح کی حکومت فی کا حقہ استقلال پایا اوسی ثانی مین جنکو وغیرہ

راجگان سرکش ممالک دکن فی سلطنت ہند کو ضعیف پاکر بداعیۂ تصرف ممالک سراہ نہایا
پہلی نجیب الدولہ بہادر مقام سکرتال مین اوس لشکر سی مقابل ہوی جب حریف کو غالب
پایا پیشگاہ ظفرپناہ جناب نواب محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر اور نواب محمد سعد اللہ خان
صاحب بہادر مین رجوع لای یہ دونون عالی قدر باشوکت مع تمامی احیان دولشکر یک جا
ہوی مگر اوس طرف ہجوم عساکر شمار سی باہر تہا ناچار نواب شجاع الدولہ بہادر کو اعانت کی
تکلیف دی باعانت نواب ممدوح دکنیون کی یورش مین اندک کمی تو ہوی مگر بسبب قوت
لشکر کی حریف کی تیغ کمنی نہوسکی آخر یہ صلاح قرار پائی کہ جناب نواب محمد فیض اللہ خان
صاحب بہادر شاہ درانی کو اس حال سی اطلاع دین اور اونسی مدد طلب کرین نواب
عرش منزل فی تحریک نواب شجاع الدولہ بہادر بموجب عہدنامہ مذکورہ بالا شاہ کو سرکشون کی
یورش کا حال مفصل تحریر فرمایا شاہ فی بمجرد اطلاع لشکر ظفراثر ہمرکاب لیکر دکنیو نکو سرکشی کا مزہ چکہایا
اور چند دستی اپنی فوج کی اتوپ شہر مین چہوڑکر بحکم ضرورت جلد ولایت کو منعطف ہوا ہوی پہر شاہ کو گاہے
عالمگیر ثانی فی دارفانی سی رباقی کیطرف رحلت کی اور شاہزادہ شاہ عالم اس واقعی کی خبر پاکر دیار دہلی
دارالخلافۂ شاہ جہان آباد مین آکر تخت آرا ہوی اور جناب عرش منزل کو مورد عواطف شاہانہ
اور مطمح مراحم خسروانہ کیا اور ملک اٹاوہ وغیرہ مین مرہٹون کی انتظام کی واسطی کارپردازی فرمادیا
اور آپ فی اپنی حسن انتظام سی اوس ملک کو فساد اشرار سی خوب پاک فرمایا اور اوس
خارستان کو آبیاری تیغ آبدار شجاعت سی رشک گلستان بنایا جب رام چندر اور مادھوجی
سیندہیا اور ہلکر وغیرہ سرداران دکن فی مزاج شاہ عالم بادشاہ مین دخل پایا اور
موقع پاکر ہیا برہم کیا کہ لشکر شاہی بعد قضیہ ارتحال نجیب الدولہ بہادر اونکی مملکت روہیلکہنڈ
آیا اور ضابطہ خان فی دکنیون کی ہاتہ سی تنگ اگر نواب شجاع الدولہ بہادر کی پاس ملک اودہ مین
پناہ لی اور نواب شجاع الدولہ بہادر فی اپنی سرحدون کی محافظت کی واسطی بالشکر بسیار
وفوج جرار شاہ آباد سرحد ملک اودہ مین مقام کیا اودہر دکنی حافظ رحمت خان وغیرہ سرداران فاغہ حی ایس لاکہ روپیہ

طلب کرتی تھے کہ مصارف ہماری دی دو تو ہم تمہارا ملک چھوڑدین ادہر حافظ رحمت خان نے
جب دیکھا کہ کوئی سفر کی صورت نہین انہون نے بھی نواب شجاع الدولہ بہادر سی اپنی حفظ اور جان
کے درخواست کی نواب شجاع الدولہ بہادر نے چالیس لاکہ روپیہ کا ذمہ کرلیا کہ ہم دین گی اور حافظ
رحمت خان سی دست آویز لکھوالی اور بعد تکمیل دست آویز کی روپی دکنیون کو دی کر اوس بلاسی ان سب کے
چھڑایا اور سر دست نذر مندرجہ دست آویز حافظ رحمت خان سے طلب فرمایا مگر جب وہ وقت آیا
کہ کثیر من جناب نواب محمد سعد اللہ خان صاحب بہادر کا واقعہ ارتحال ہوا اور بخشی سردار خان اور
دوندی خان اور فتح خان خانسامان وغیرہ بڑی بڑی سردار و نکا بھی انتقال ہوا اور حافظ رحمت خان
فی پیشگاہ سلطانی سی حافظ الملک خطاب پایا اور میدان خالی پاکر قدار کثیر بہم پہنچایا اور ولا
جناب عالیشان نواب علیین آشیان دخل و تصرف سی بالکل کنارہ گزین ہوی اور نواب شجاع الدولہ
بہادر فی بکسر کی لڑائی مین انگریزون سے شکست کہائی سیدہی کٹیہر آی اور حافظ رحمت خان کی
مہمان ہوی اس خیال سے کہ ابہی مین انہ چالیس لاکہ روپی کا احسان کر چکا ہون یہ ضرور اوس احسان کا
خیال کرین گی اور سیر اساتہ دین گی حافظ رحمت خان فی اوس احسان کا پاس درکنار مہمان ہونیکے
لحاظ نکیا بلکہ قابو پاکر چاہا کہ اس سی بہتر وقت نیلگا سر کاٹ کر صاحبان انگریز کو نذر بھیجی کر اودہر وہ
مسرور ہون اور ادہر اوس چالیس لاکہ روپی کی مطالبی سے جو نواب شجاع الدولہ بہادر نے
دکنیون کو دیا ہے اور ایک نہ ایکدن طلب کرین گی اطمینان ہوجای جب نواب علیین آشیان سے
تخلیہ کرکی اس مقدمی مین صلاح کی تو آپ فی منع کیا کہ یہ تمہاری مہمان ہین مہمان کی ساتہ کج ادی
اور بیوفائی نچاہیے حافظ الملک فی نمانا یہان تک نوبت آئی کہ نواب علیین آشیان
رنجیدہ ہوکر شاہ آباد چلی آہی وہان حافظ الملک فی نواب شجاع الدولہ بہادر کو نظر بند کرلیا اور
ظاہر کیا کہ آپ کی احاطہ مین ہین مبادا کوئی ایذا رسانی کری لہذا مین اپنی کچہ سپاہ آپ کی حفظ کے
واسطی متعین کرتا ہون اور جواہر جو نواب کی پاس تہا سب بہیلہ ہای مختلف فی لیا جب کچہ زہا چاہا
کہ قتل کرین نواب شجاع الدولہ بہادر حمام اکثر جایا کرتی تھے حافظ الملک فی ارادہ کیا کہ حمام مین گلا

گھونٹ کر مار ڈالی نواب علیین آشیان کو جو اس ارادہ فاسد کی خبر پہنچی عاقبت اندیشی
سی سوچی کہ اگر یہ امر وقوع مین آیا تخلی کی گفتگو اور میری ممانعت سی تو کوئی آگاہ نہوگا
بدنامی تمام قوم کی ہوجاہی گی فی الفور سوار ہوی اور اوسوقت پہنچے کہ نواب شجاع الدولہ بہادر
حمام جایا چاہتے تھے نواب علیین آشیان پہلے ہی سی حمام چلے گیئے جب نواب شجاع الدولہ
وہان پہنچی تو نواب علیین آشیان نی کہا کہ حضرت آپ کس خیال مین ہین یہان بازار محبت کا سید
اور ارادہ میزبان فاسد ہی نواب شجاع الدولہ بہادر گھبرای اور کہا کہ پھر مین کیا کروں اور
یہان سی کیونکر نکلون نواب علیین آشیان نی کہا کہ اگرچہ حافظ الملک قطعاً میری دشمن ہوجائیگی
مگر آپکی حفظ جان کی واسطی مجھی کچھ پروا نہین نکال لی چلنا میرا ذمہ ہے نواب شجاع الدولہ بہادر
نی کہا کہ میری بیسامانی کا تو یہ حال ہے کہ زاد راہ تک نہین رہا نواب علیین آشیان نی لاکھ
روپی کی اشرفیان سامنی رکھدین نواب شجاع الدولہ بہادر نی محجوب ہوکر کہا کہ اتنی اشرفیان
مین ہرگز نہ لونگا سیر اجوا ہر اگر مجھی مل سکے تو منگوا دیا جاہی نواب علیین آشیان نی کہا کہ وہ میری
اختیار سی باہر ہے مگر اسی آپکو قبول کرنا ہوگا کہ آپ کی دعوت ہم سب پر واجب ہی نواب شجاع
الدولہ بہادر نے کہا کہ اسی کون لیجاے نواب علیین آشیان نی فرمایا کہ ایک شخص کو مین
سانہ لایا ہون وہ بطور محافظت آپ کی ہمرکاب جاہی گا اور اسی پہنچادی گا نواب شجاع الدولہ بہادر
نی کہا کہ مین جاون کہان نواب علیین آشیان نی فرمایا کہ بخط راست فرخ آباد احمد خان بنگش کی
پاس جانا چاہیے وہانسی بہتر کوئی جگہ نہین پھر تلوار کی قبضی اور بندوق کی کندی سی روشندان
کی شیشی توڑکر نواب شجاع الدولہ بہادر کو بھی نکالا اور آپ بھی اوسی راہ سی نکلی اور زیر دیوار جہان
ایک شخص معتمد اور تین گھوڑی خاصے کی نہایت سبک رفتار لگا رکھی تھے اشرفیون کو مجرہ
گھوڑی کی خرجین مین اور کچھ اوس شخص کی کمر مین رکھوایا اور نواب شجاع الدولہ بہادر سے کہا
کہ آپ بخط مستقیم فرخ آباد جائین اور کہین راہ مین تامل نفرمائین گھوڑا اگر آپ کی سوار یکا مرے
دوسرا گھوڑا جس پر یہ شخص اشرفیان لیی ہوے سوار ہی لیی گا اور اسی پیدل چھوڑدیگی گا


یہ پیادہ بھی آرہی گا یہ کہکی دونون رخصت ہوی اوہر نواب علیین آشیان سیدہی شاہ آباد کو تشریف
لای اور سات ہزار پیادہ وسوار آزمودہ کار آپ کی ذاتی ملازم ومعتمد تھی اونہین سے شیاآ
کیا اور بندوبست اپنی حفظ کا مقرار واقعی کرلیا اودہر نواب شجاع الدولہ بہادر بخطر راستہ سے آباد
پہنچی احمد خان بنگش فی خبر پاتی ہی بڑہ کر استقبال کیا اور کوئی دقیقہ مراعات وملحوظات کا
اوٹھا نہ رکھا نواب شجاع الدولہ بہادر نے کہا کہ تم میری مدد کرو بنگش فی کہا مین حاضر ہون
مگر میری فوج ساتہ نہ دیگی نواب شجاع الدولہ بہادر فی کہا کہ پھر ایسی فوج رکھنی سی کیا فائدہ
بنگش فی کہا یہ فوج میرا سہ کاٹنی کو آندہی ہے حریف کا مقابلہ ہرگز نہین کرتی تب نواب
شجاع الدولہ بہادر فی کہا پھر ملک چہن گیا مین شکست کہا کر حافظ رحمت خان کی پاس گیا
اونہون فی وہ کج ادائیان کین تمہاری پاس آیا تم تحاشی کرتی ہو مین اب کدہر جاون اورکس کی
معاونت چاہون بنگش فی کہا کہ میری صلاح تو یہ ہی کہ آپ بی کہکی نواب گورنر بہادر کی پاس
چلی جایی ابھی نئی نئی انگریزی عملداری ہی سب سرداروں سی رسم تالیف جاری ہے
اتنی قوت بھی نہین رکہتی کہ آپ کا ملک لیکر انتظام کرلین اور فرض کیجیے کہ کل ملک سمرو
نہ کرین تو بھی اس حال سے جو آپ ہی آپکی واسطی بہتر ہوگا آپ ہرگز اسمین تامل نفرمائین
نواب شجاع الدولہ بہادر اس صلاح کو متین فلاح جانکر جریدہ نواب گورنر بہادر کی پاس چلی گئی
اور جیسا احمد خان بنگش فی تجویز کیا تہا ویسا ہی ظہور مین آیا کہ نواب گورنر بہادر فی بابروی تمام
ملاقات کی اور ملک مسترد کردیا انگریزی دو کمپنیون کا اودہ مین رہنا اس شرط سی کہ مصارف
اوسکی نواب ممدوح دیا کرین مقرار پایا اور عہدنامہ ان شرائط کی ساتہ تحریر ہوگیا کہ نواب موصوف کے
ہر مخالف درونی وبرونی کا دفع کرنا سلطنت انگلیسیہ پر واجب ہی اور سلطنت انگلیسیہ کی ہر گونہ
خیرخواہی نواب پر لازم ہی بعد طی مراتب کی نواب شجاع الدولہ بہادر باستقلال انتظام ملک مین مصروف ہوے
مگر بکسر کی شکست کا داغ کسی طرح دلسی نہ مٹا اور مشیرون کی صلاح سی خفیہ فوج کی تجدید
شروع کی مقصود یہ ہوا کہ فوج مرتب کرکے پھر لڑیے جب فوج قریب ترتیب پہنچے

اپنی دوست سردار دنکو اس راز سی آگاہ کرنا چاہا ایک خریطہ بنام احمد خان بخش رئیس فتح آباد
روانہ کیا اور چونکہ حافظ رحمت خان فی بعد چلی جانی نواب شجاع الدولہ بہادر کی حمام سی جسکا
بیان اوپر گذرا نواب شجاع الدولہ بہادر کو تحریرین اس مضمون کی بھجوائی تہین کہ جو کچھ کسینی میرکو
طرف سی آپکی نسبت ظاہر کیا وہ سب بی اصل محض ہی حاشا ثم حاشا کہ میری دل مین کسی امر
فاسد کا خیال بھی آیا ہو اور عنایت خان اپنی فرزند کو نواب شجاع الدولہ بہادر کی سرکار مین
بھجوا کر نوکر رکھوایا نواب شجاع الدولہ بہادر کی نزدیک ایسی عذرخواہی سی برا حافظ رحمت خان
کی کا حقہ ثابت ہوگئی اسی بنا پر ایک خریطہ مشعر اطلاع اسرار انکی نام بھی بھیجا یہان جو خریطہ
پہنچا حافظ رحمت خان فی بجمال اصرار جناب نواب علیین آشیان کو شاہ آباد سی بلا کر حلوہ تیز
یہ بات کہی کہ آپ فی جو نواب شجاع الدولہ بہادر کی ساتھ اتنا بڑا سلوک کیا اوسکا تمرکیا پایا
پھر کیف وہ تو جو کچھ ہونا تہا ہوا اب پھر ایک وقت ہاتھ آیا ہی کہ نواب فی اس مضمون کا خریطہ
مجکو بھجوایا ہی میری صلاح یہ ہی کہ اس خریطی کو نواب گورنر جنرل بہادر کی پاس بھجوا کر اظہار خیرخواہی
کیا جاوی ورنہ ایک دن نواب کیطرف سی کوئی فساد اوٹہ کھڑا ہوگا نواب علیین آشیان فی اس
صلاح کو نمانا اور بہت برا جانا دیر تک آپمین ردوقدح رہی یہانتک کہ نوبت بہ بخشش پہنچی
اور نواب علیین آشیان آزردہ خاطر شاہ آباد تشریف لای ادہر وہ خریطہ حافظ رحمت خان
فی اپنی خریطی مین ملفوف کرکی نواب گورنر بہادر کو بھیجدیا ادہر نواب علیین آشیان فی ایک
خریطہ عن عن حافظ رحمت خان کی اس نیت فاسد سی اطلاع دہی کا بنام نواب شجاع الدولہ
بہادر ایک سفیر معتمد کی ہاتہ روانہ کیا حافظ رحمت خان کا خریطہ نواب گورنر بہادر کو کہ اوس
زمانی مین بنارس مین تمہے پہلی پہنچا بمجرد ملاحظہ آگ ہوگئی اور نواب شجاع الدولہ بہادر کو
بلوایا نواب موصوف بنارس کو منصرف ماہوی کانپور تک آچکی تہی کہ سفیر نواب علیین آشیان پہنچا
اور خریطہ پہنچایا نواب شجاع الدولہ بہادر فی استعجال سفر مین فی پڑہی اوس خریطی کو رکہ لیا اور ہانکو
کوچ کر دیا یہان تک کہ بنارس پہنچی پیش از ملاقات نواب گورنر جنرل بہادر خیال آگیا

کہ دیکھین نواب علیین آشیان فی کیا لکھا ہی خریطہ کھولکر جو پڑہا اور مضمون مندرجہ پر اطلاع پائی
ہوش اوڑ گئی کہ یارب اب کیا کرین سوا اسکی اور کوئی تدبیر نہ بن پڑی کہ رات کا وقت تہا
اوسیدم نواب گورنر بہادر کی میرمنشی کی پاس چلے گئے اور کہا کہ اسکی کوئی تدبیر بتاؤ
اوسنی خریطی کو نکال کر جو دیکہا تو اوس تحریرین کو سوائے تاریخ سنتی اوچل پڑا اور کہا
کہ یا آپکی میرمنشی نے انہا کی خیرخواہی کی ہی یا سہو سے تاریخ لکہنی رہگئی سی بہرکیف یہ
آپکی ترقی اقبال کی دلیل ہے اب آپ بی تکلف نواب گورنر بہادر سی ملین اور جب یہ
روبکاری پیش ہو تو بکسر کی لڑائی کی زمانی مین اس خریطی کی بہیجنی کا اظہار کرین نواب
شجاع الدولہ بہادر وہان سے شاد وخرم اوٹہی اور صبح کو نواب گورنر بہادر فی بہت سے
جلیل الشان انگریزون کو اپنی پاس بٹہار رکہا تہا جب نواب شجاع الدولہ بہادر آئے
بعد ادای مراسم ملاقات کی نواب گورنر بہادر نے پوچہا کہ آپ سی اور سہ کارکہنی کی
کیا عہد قرار پایا ہی اور کن شرائط پر فیصلہ ہوا ہے نواب شجاع الدولہ بہادر فی سب
شرطین بیان کین اوسوقت نواب گورنر بہادر نے وہ خریطہ جو حافظ رحمت خان فی بہیجا تہا
نواب شجاع الدولہ بہادر کو دکہایا اور کہا کہ باوصف اون شرائط کی یہ کیا بات ہی کیا
یہ تحریر آپکی ہے یا نہین مہر بہی آپکی موجود ہے ملاحظہ کیجی نواب فی کہا کہ بی شبہہ یہ تحریر میری
لکہوائی ہوئی اور میری بہجوائی ہوئی ہے مگر اوس زمانی مین کہ مجہی اور سلطنت کو کلیتہ سی
مصالحہ نہوا تہا اور بکسر پر لڑائی تہی بعد صلح اور تحریر عہد نامی کی ہرگز نہین لکہی گئی اب نواب
گورنر اور سب انگریزون فی دیکہا کہ واقعی اس تحریر مین تاریخ نہین ہے نواب گورنر بہادر
اصل کار کو سمجہہ تو گئی مگر ثابت نکرسکے جنجلا کی کہا کہ اچہا اسی جانی دیجی مگر یہ بیان کیجی
کہ آپ فوج کی نگہداشت مین اسقدر کیون مصروف ہین کس دشمن سی لڑنا منظور ہے کہ
ڈیڑہ ڈیڑہ دو دو پہر تواعد یعنی مین اہتمام کرتے ہین نواب شجاع الدولہ بہادر فی کہا کہ
دشمن تو میرا نظر نہین ہے اور مین اس مقدمی مین آپکو خریطہ بہیجنی والا تہا خوب ہوا کہ اوسکا ذکر

اسوقت آگیا حافظ رحمت خان کی شرارت ملاحظہ ہو کہ چالیس لاکہ روپیہ مجھسی دکینونکو دلوایا اور
آج تک اہ سمین سی ایک حبہ نہ بھجوایا اور اس احسان کی عوض مین اودھی درانداز یان اور تفنگ
پردازیان کیا کرتی ہین آپ دونون کمپو ونکو حکم دین کہ میری اعانت کرین اور مین بیشک
اودہ پر فوج کشی کرونگا اور جسطرح لیگا روپیہ لونگا یہ مقدمہ سنکر نواب گورنر بہادر کو سکوت ہوگیا
اور کہا کہ بیشک موافق عہد کی ہم آپ کی شریک ہین اور در صورت نا دہندی اور مقابلہ کرنی کی
فوج انگریزی بھی آپ کی کمک کریگی پھر نواب شجاع الدولہ بہادر رخصت ہوی اور اپنی
ملک مین آئی ہی خریطہ بنام حافظ رحمت خان اس مضمون کا بھیجا کہ یا چالیس لاکہ روپیہ ہمارا
بھیجدو یا شاہ جہان پور کا ضلع ہمکو دیدو کہ ہم بعد وصول کرکے اپنی روپی کی واپس کردینگے
یہان حافظ رحمت خان یہ سمجھی کہ مینی نواب شجاع الدولہ کا خریطہ جو نواب گورنر بہادر کی پاس
بھجوایا ہی ابھی اوسکی روبکاری نہین پڑی اس گمان پر ایک خریطہ اور بنام نواب گورنر بہادر
اپنی طرف سی بھیجا کہ ملاحظہ ہو تین تو اس اس طرح کی خیر خواہیان سرکار کی کرتا ہون اور
نواب شجاع الدولہ بہادر کی طرف سی مجھپر پیشدتین ہوتی ہین اس تحریر کو ادہر بھیجکر ادہر نواب علیین
آشیان کو باتجای تمام بلوایا اور خلوت کرکی نواب شجاع الدولہ کی تحریر دکھائی اور صلاح
پوچھی نواب علیین آشیان فی کہ اصل فطرت سی حق پسند اور حق شناس تھی فرمایا کہ یہ روپیہ
واجب ہی یا غیر واجب حافظ رحمت خان کا کہا کبی شبہہ واجب ہی نواب علیین آشیان فی کہا
کہ بلڑای واجب مین کیون تامل ہی حافظ رحمت خان فی کہا کہ روپی کی بسیل نہین ہوسکتی نواب
علیین آشیان فی کہا کہ سب سردارون کو بلکر یہ تاڈالدینا چاہیی جو مجھپر پڑیگا مین دونگا جو آپ پر
پڑی وہ آپ دین حافظ رحمت خان فی کہا کہ مجھسی کچھ نہین ہوسکتا نواب علیین آشیان فی
کہا کہ آپ کی حصی کا بھی روپیہ مین دیدونگا حافظ رحمت خان فی کہا کہ اسکی سوا اور کوئی راہ نکالیی
نواب علیین آشیان فی کہا کہ شاہجہانپور کا ضلع مانگتی ہین وہ دیدو حافظ رحمت خان فی کہا
کہ دس لاکہ روپی سال کا خراجی ملک چالیس لاکہ روپی مین کیونکر دیدون نواب علیین آشیان

واضح ہو کہ بندگان حضور پر نور دام ظلہم و اقبالہم کے دواوین
سب مطبوع ہو کر مطبوع خلائق ہو چکی اور سبکا انتخاب اس
تذکرے مین داخل ہوا ایک یہ غزل وقت تمامی طبع تذکرہ کے
ارشاد ہوئی لہذا رونق تذکرہ کے واسطے اس جگہ داخل کی گئی



معلوم موجای تو کوئی تدبیر عمل مین آئی نواب شجاع الدولہ بہادر نی اوس سفیر کو جسی پہلی
مقام بہت مین نواب علیمین آشیان کی پاس بھیجکر نہ لڑنیکا عہد کیا تھا روانہ کیا
نواب علیمین آشیان نی جواب دیا کہ پہلی تمہاری واسطی سی گفتگو اور معاہدہ اصلاح
قرار پایا اور اوسکا انجام یہ ہوا اب اس امر مین جب گفتگو کیجای گی کہ کوئی سزا انگیز ہی
متوسط ہو سفیر نی آکی نواب ممدوح کو اطلاع دی کہ نواب علیمین آشیان نی یہ فرمایا ہے
اوسوقت چیتر لین صاحب سفیر قرار پای اور نواب علیمین آشیان کی پاس جاکر پوچھا کہ نواب
شجاع الدولہ بہادر سی باوصف عہد آپ سی کیون جنگ واقع موئی نواب علیمین آشیان
نی فرمایا کہ میر بھی یہی سوال ہی کہ باوصف قرار پاچکنی اصلاح کی کیا سبب ہوا کہ دو بار ہمپر آ
میان سمیت کی فوج نی میری فوج پر مارین جب مینی دیکھا کہ اب فوج میری دشمن ہوئی جاتی ہے
تب مجبور ہوکر مینی بھی ہاتہ یاون ہلای آپ اسکی تحقیق و تفحص کرین کہ تقدیم کہ ہر سی ہی ہے
چیتر لین صاحب آئی اور نواب شجاع الدولہ بہادر سی حقیقت بیان کی اب جو قرب وجوار
کی فوج سی اچھی طرح یہ بات تحقیق کی گئی تو ثابت ہوا کہ فی شبہہ پہلی اوہر سی دست اندازی ہوئی ہے
نواب شجاع الدولہ بہادر کو کمال غصہ آیا اور فرمایا کہ یہ ساری شرارت اس سمیت کی ہی
اوسی وقت اوسکی مشکین باندہ کر چیتر لین صاحب کی ساتہ نواب علیمین آشیان کی پاس بھیجدیا
اور کہلا بھیجا کہ یہ میرا تمہارا دونون کا مجرم ہی اسی تم اپنی ہاتہ سی قتل کر ڈالو اور جملہ فوج تا
ہمراہی سمیت کو موقوف کر کی شکر سی نکال دیا وہان نواب علیمین آشیان کی علو طرف اور
شان کرم کو دیکھیکہ کہ بیچارہ پاپی کا خلعت مسکوا کر میان سمیت کو دیا اور چیتر لین صاحب کی زبانی
کہلا بھیجا کہ اب میری آپکی وجہ مخاصمت کی باقی نہین رہی جو میری حقوق آپ پر ہین اوسکی عفو
مین چاہتا ہون کہ آپ اس مجرم کی تقصیر معاف کر دین اسواسطی کہ جو ہونا تہا وہ تو ہو چکا
اب اس بیچارہ کی قتل کر ڈالنی سی کیا ہوگا اور مین اسی طرف سی براہ کوہ ولایت جانی کا قصد کرتا ہون
مجھی تو زبردستی سی یہان کی سرداروں نی بلوایا تہا جب مین آیا تہا ورنہ مجھی کیا ضرور تہی

یہ پیغام جو نواب شجاع الدولہ بہادر کو پہنچا حقوق نواب علیین آشیان کی سب یاد تھی چنبر لین صاحب سے
فرمایا کہ آپ جائین اور نواب علیین آشیان کو اپنی ساتھ لائین کہ مجھی اب کسیکے مخالفت و نسی نہین اور وہ
میری محسن ہین چنبر لین صاحب گئے اور نواب شجاع الدولہ بہادر کا پیغام ادا کیا نواب علیین آشیان فی الحال کہ آیا
مین ہو کا کہا چکا ہون اب میری فوج میری جاگیر بغیر اسکی رضامندی نہین ہی کہ سرکار انگریزی ذمہ دار ہو
پچھلی اور برابر کی ملاقات ان شہر لکھنؤ سی قرار پای کہ مذبین ہونگا اور ایک مسند پردہ اور مین بیٹھونگا تصور
وہ پیسین گی تو مین بھی پہونگا جبتک مین بیٹھون بات سوا میری دوسرا نہیے اور معاملات کی گفتگو مطلقاً
برروز نامی یہ مقدمہ بواسطہ سلطنت انگلشیہ انفصال پای چنبر لین صاحب فی ساری کیفیت نواب
شجاع الدولہ بہادر سی اگر بیان کی نواب فی الفور طلبین منظور کین اور چنبر لین صاحب نواب
علیین آشیان کو اپنا ذمہ کر کی ساتھ لای بہ آئین رئیسان عالیجاہ ملاقات ہوئی اور اچھی طرح
مہانی و مدارات ہوئی دوسری بار نواب شجاع الدولہ بہادر نواب علیین آشیان کی خیمی مین جلوہ افزا
ہوی اور یہ معاہدہ ہو گیا کہ نواب علیین آشیان محالات رامپور و شاہ آباد و حضرت نگر وغیرہ
چودہ لاکھ بہتر ہزار روپی کا خراجی ملک اپنی قبض و تصرف مین رکھکر پانچ ہزار پیادہ و سوار ملازم رکھین اور
نواب شجاع الدولہ بہادر و جہانجان انگریز بہادر کی لشکر کا صرف عطا کرین چنانچہ ایسا ہی ہوا یعنی نواب
علیین آشیان فی پچاس لاکھ روپی خزانہ عامرہ سی نکالکر اپنی لشکر مجتمعہ کو بھی اوسمین انعام دیکر رخصت کیا
اور لشکر نواب شجاع الدولہ بہادر کا صرف بھی دیا اور عہدنامہ پانچوین جب گیارہ سو اکاسی ہجری
مطابق تیسوین نومبر سترہ سو سڑسٹھ عیسوی کو تحریر ہو گیا پھر نواب شجاع الدولہ بہادر فی اوڈہ کی طرف
کوچ فرمایا اور نواب علیین آشیان فی رامپور مین آکر نظم و نسق سی شہر و ریاست کو گلزار بنایا نواب صاحب مرحوم
فی یہ ملک ویران خود پسند فرمایا اور حسن انتظام سی ایسا آباد کیا کہ تیس برس کی تنک آمد فی سال اکوڑ
رعیت عدل و داد سی مالا مال ہو گئی با وجود داد و دہش کی حسن انتظام سی تین لاکھ پچیس ہزار اشرفیہای
سکہ جی پور خزانی مین جمع فرمائین جو جنگ دوجوڑہ کی بعد نواب آصف الدولہ بہادر کی خاطر آئین
یہ رامپور آپ ہی فی آباد فرمایا صحرا کو گلزار بنایا مصطفی آباد اسلیئے نام رکھا کہ فیض آباد ایک شہر قدیم مشہور تھا

کمال نواب علیین آشیان کی بتفصیل اگر مرقوم ہوتو یہ تذکرہ سیرت کی کتاب ہوجاتی حقیقت یہ ہے کہ سراپا کمال تھی نہایت وجیہ اور صاحب حسن و جمال تھی شجاعت کا یہ عالم کہ تمام جسم مبارک زخمون سے چور تھا ہمت و قوت سخاوت و مروت کا شہرہ دور دور تھا ورع و تقوی زہد و حیا ضرب المثل رہ گئی تھی ظہور امور خیر و برکات اور نشر و رائج حسنات جسقدر اوس عہد مین ہوا تمام زمانی پر آشکارا رہے ایک حکایت جو آپکی کمال اتقا پر دال ہی وہ لکھی جاتی ہی سنا ہی کہ دریای کوسی اوس مافی مین تھا جوش زن اور اوسکی دھار بند ہوانی مین بڑا اہتمام تھا یہانتک کہ آپ بنفس نفیس تشریف لیگئے تھی اور شاہ جمال اللہ صاحب قدس سرہ العزیز اور بحر العلوم مولانا عبد العلی صاحب جسم وغیرہ اپنی اپنی باگ پر ہمراہ تھی آپنے حکم فرمایا کہ جو کوئی کبھی کسی فعل حرام کا مرتکب نہوا ہو وہ پہلی مار پانی مین دست انداز ہو یہ سکر ہتے آدمیون نے ارادہ کیا آپ فی ارشاد فرمایا میرا مقصود یہ ہی کہ آرادہ فعل بد کا نہوا ہو یہ سنتی ہی سبکو سکوت ہوا اور کوئی متصف اس صفت کی ساتھ نہ نکلا جب دیر ہوئی تو اوسوقت آپ نے ہی اور سمت قبلہ ہاتھ اوٹھاکر بحلف مہب فرمایا کہ میری دل مین کبھی خطرہ بھی کسی فعل زشت و حرام کا نہین آیا یہ فرماکر آپ فی بدایت کی سبحان اللہ ایسی نفوس قدسی کہان ہوتی ہین ترک اولی بہت کم آپسے وقوع مین آیا صلوۃ تسبیحا کہ در ذکر و ماثور و مسنون ہی آپ اوسکی حامل تھی معقول مین قطبی میر تک حصور تھا مگر منقول مین بڑی ہی کامل تھی سادات کا لحاظ بہت فرماتی تھی یہان تک کہ اگر کسی سید سے کوئی خطا ہوجاتی تھی بمقتضای شرم و لحاظ اوسے انگنہ نہین ملاتی تھی عہد دولت مین مسجدین بکثرت تعمیر ہوئین اور ایک مسجد ایسی عالی شان بنی کہ اس سرزمین پر بی نظیر ہی حسن نیت سراپا برکت سی آج تک دنرات مصلیونکی جماعت سے رونق پذیر ہی باینکہ لاکھون روپیہ امور خیر مین صرف ہوا کیا پھر بھی خزانی مین زر وافر جمع ہوا بیس برس کامل آپ مسند آرای ریاست ہی تریسٹھوان سال عمر شریف سی شروع ہوا تھا کہ بغل مین اہنی ورم کوہ پر ہمودار نکلا اور وہ بڑھتی بڑھتی جبتک سرایت کر گیا اوسی صدمی سی پنجشنبہ کی دن ہی محرم کی اٹھارہوین تاریخ بارہ سو آٹھ ہجری مین کہ ستر ہوین جلوس سوچرانوی عیسوی سی مطابق تھی ساٹھ برس کچھ زیادہ عمر پاکر صدر حکومت سے ہاتھ اوٹھایا علیین مین تشریف فرما ہوکر تخت گاہ فردوس پر جلوس فرمایا

اسی شہر مین عیدگاہ دروازی کی قریب مقبرہ عالیشان تیار ہوا دنیا مین رہ گئے نشان اسکا
لفظ عروب مادہ سال ارتحال ہی یہ مختصر نواب علیین آشیان کا حال ہے

ذکر خیر شہسوار فضای ہمت فارس میدان نصرت تہور معرکہ شجاعت شکنی
صف شکن کارزار عدو افگنی صاحب الشوکۃ التامۃ والصولۃ العامۃ
زائر روضۂ شہنشاہ خافقین حاجی حرمین شریفین جناب مستطاب
نواب غلام محمد خانصاحب بہادر خلف الصدق حضرت علیین آشیان جناب
غفران مآب نواب محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر طاب ثراہما وجعل الجنۃ مثواہما واضح ہو
کہ واقعہ قتل نواب محمد علیخان بہادر اور حکایت مسند نشینی نواب غلام محمد خانصاحب بہادر
مختلف صورتونسی مشہور ہی راقم الحروف اوس تاریخ سی کہ اس خاندان عالیشان کی بیان
واقعات مین کتاب مبسوط ہی تلخیص کرکی لکہتا ہی کہ نواب معلی القاب سی نواب محمد علیخان بہادر
دس برس بڑی تہی اور چونکہ آپکی مادر محترمہ فی زمانہ شیر خوار کی مین قضا کی تہی اور نواب محمد علیخان بہادر
فی آپکو فرزندون کی طرح پرورش کیا تہا اس سبب سی باہم ایسی محبت تہی کہ دیکہنے والے باپ بیٹی کا
گمان کرتی تہی یہی باعث تہا کہ جب جناب نواب عرش منزل فی رحلت فرمائی تو نواب
محمد علیخان بہادر فی فرط محبت سی چاہا کہ نواب غلام محمد خانصاحب بہادر مسند نشین ہون مگر
نواب ممدوح فی قبول نہ کیا اور فرمایا کہ یہ منصب آپ ہی کا ہی حق تعالی آپکو اور بعد آپکے
اپکی اولاد کو مبارک کری جب نواب محمد علیخان بہادر فی دیکہا کہ یہ کسیطرح نہین مانتی تو فرمایا
کہ ایک شرط سی مین اس منصب کو قبول کرتا ہون کہ جو امور بقای اتحاد اور افزایش مراتب
وداد کی واسطی تمکو مناسب معلوم ہون وہ اسوقت علی موجائین نواب معلی القاب فی کہا کہ عمدہ
امور واجب الالتماس مین سی اول تو یہ امر ہی کہ میری مقدمی مین اگر کوئی درانداز تفرقہ پرداز
آپسے کچہ عرض کری آپ اوسکو مجہسے ارشاد فرماویا کرین مین حلف کرتا ہون کہ اگر وہ امر واقعی ہوگا
تو اقرار کرکی اوس تقصیر کا آپ سی استغفا چاہون گا اور اگر آپ معاف فرمائینگی تو اپنی واسطی وہ سزا

تجویز کرو گے تو سزا اوس تقصیر پر آپ کسی غیر کی وا سطی بھی تجویز نظر مانگی دوسرا امر یہ ہی کہ
اٹھارہ ہزار روپیہ سال جو میری کفاف کی وا سطی ریاست سی مقرر ہی وہ میری خاص داد کی
تنخواہ کی وا سطی بھی کافی نہین علاقہ رہیڑا اور ٹھاکرواری کا جو مالکداری مین ہی اور اوسمین
ڈیڑھ لاکھ روپی سال کی تو فیر ہی اوسکا بند وبست دائمی اسی تو فیر پر میری تمام رہی
کہ مین اوس تو فیر اور منافع تجارت وغیرہ مین اوقات بسر کرونگا یہ دونون امر تو وہ ہین کہ جنکو
عمل درآمد بننی کی کبھی مجکو آپکی طرف سی اور آپکو میری طرفسی ملال نہوگا اب ایک تیسرا امر جو میرا حق آپکے
خیر خواہی اور خصوصاً آپکی خیر اندیشی پر مشتمل ہی وہ عرض کرتا ہون کہ آپ کو معلوم ہوگا
کہ نواب عرش منزل کسقدر متصف بصفات جمیلہ اور متخلق باخلاق جلیلہ تھی امید رکھتا ہون
کہ آپ بھی علی قدر مراتب جملہ اکابر اور اصاغر سی ایسی اخلاق فرمائین کہ سب اون کی
اخلاق کو بھول جائین نواب محمد علیخان بہادر فی یہ تینون باتین بطوع و رغبت قبول کر
بی و خواست نواب ممدوح کی قران مجید پر حلف کردی بعد طی ہونی ان مقاصد کی نواب
ممدوح پہلی خود دیوان عام مین تشریف لای اور سند بھیجوا کر ارکان ریاست اور
اعیان دولت کو نذر دینی کی وا سطی جمع کیا از انجاکہ سب افسران فوج نواب محمد علیخان بہادر
عہد نواب عرش منزل سی منصب ریاست کی محامل نہین جانتی تھی اور اونکی تند خوئی ترش روئی کے
خود ستائی ناحق کوشی سخنوشی وغیرہ افعال ذمیمہ کو خوب پہچانتی تھی بلکہ جب سی وہ وزیر علیخان
ابن نواب آصف الدولہ بہادر کی شادی مین لکھنو جاکر شریک ہوی تھی یہ امر بھی مشہور ہوا تھا
کہ امامیہ مذہب ہوگئی لہذا اون سب نے بخدمت غلام محمد خانصاحب بہادر سی عرض کیا کہ آپ انکا
مسند آرا ہونا ہرگز جائز نہین بہت جلد کوئی فتنہ برپا ہوگا اسلئے اپنی تہذیب
غیر ممکن ہی یقینی کوئی فساد اوٹھیڑا ہوگا نواب ممدوح فی اون سبکو فہمایش
کرکی ماہ ذی حجہ کی اٹھارہوین تاریخ کو بارہ سو آٹھ ہجری تھی مطابق سترہوین
جولائی سترہ سو چورانوی عیسوی نواب محمد علیخان بہادر کو لاکر مسند پر بٹھایا ہے پہلی آپ نذر دی

پھر اراکین سی نذرین دلوائین ایک نواب محمد نصراللہ خان بہادر ابن نواب محمد عبداللہ خان بہادر
عاصی تخلص کہ وہ پہلی سی نہایت آزردہ خاطر تھی اوسس روز نذر کو نہ آئی تعبیر ی ن
نواب غلام محمد خانصاحب بہادر اصرار کر کی اونکو بھی لای مگر وہ باکراہ نذر دیکر چلی گئی اور
نواب غلام محمد خانصاحب بہادر سی کہا کہ مینی تو بعد ارتحال نواب عرش منزل بالکل دنیا سی ہاتھ
کھینچ لیا ہی اور فقیرانہ لباس پہنکر گوشہ نشینی اختیار کی ہی مگر تمسی کہی دیتا ہون کہ نواب محمد علیخان کو
سرگز ریاست کا نباہ نہوگا یہ بات میری یاد رکھو اور جہان تک ہوسکی اونسی خندہ رو واقع
ایسا ہی ہوا کہ دس ہی پانچ دن مین فساد کی صورت پیدا ہوئی توضیح اوسکی یہ ہی کہ ایک سقا
نواب محمد علیخان بہادر کی مزاج مین دخیل تھا مسند نشینی کی بعد اوسکا اختیار و اقتدار
اور بڑہا صحبت ہای بی تکلف میخواری و نشاط و عیش و انبساط مین شہ کیے رہتا تہا
اور جسکی حق مین جو کچھ منہ مین آتا تھا کہتا تہا اور اوسکا یہ اثر ہوتا تھا کہ نواب محمد علیخان بہادر
سردربار بڑی بڑی سردارونکی طرف ایسی خطاب کیا کرتی تھی کہ وہ پیچ و تاب کہا کر رہجاے
اوٹہ جاتی تھی اور نواب غلام محمد خانصاحب بہادر سی شکایت کیا کرتی تھی اور آپ اونکو
بجای خود سمجھا کر اپنی بھائی کو سردارون کی برہمی سی اس امید پر اطلاع کرتی تھے
کہ آیندہ حفظ لسانی کو کام فرماین نواب مسند نشین متنبہ ہونا تو کیسا اولٹی نواب
ممدوح کو بدنام کر دیتی تھی یعنی سردارون سی کہدیتی تھی کہ نواب غلام محمد خان بہادر ہمسے
تم لوگون کی شکایت یون بیان کرتی ہین وہ سب سردار روز بروز اونسی مخالف ہوتی
جاتی تھے رفتہ رفتہ یہ نوبت پہنچی کہ سب اوس سقی کی دشمن ہوگئی مگر وہ فرمانروا نہ
کبر و نخوت سی ایسا سرمست ہوگیا تھا کہ مطلق ہوشمین نہ آیا یہان تک کہ ایکدن نواب
غلام محمد خانصاحب بہادر سی کہلا بہیجا کہ علاقہ ٹہاکر دواری کا جو آپکی پاس ہی اسکی تومیر
مین یا حصہ میرا بندوبست کیجی یا جو گانون مین پسند کردون وہ مجہی دیدیجی ورنہ
یہ علاقہ آپکی پاس نہ رہیگا نواب کو نہایت غصہ آیا مگر ضبط کر کام فرماکی صرف اسقدر کہا

کہ جو شخص یہ پیغام لایا تہا اوسکو نکلوا دیا اور اوسنے حقیقت کی شکایت بھی اپنی بہائی سی
نہ کی اوس غماز فتنہ پرداز نی نواب ممدوح کیطرفسی نواب محمد علیخان بہادر کی کان بہرنا
شروع کیی اوسکی اثر سے چشم و ابرو نواب محمد علیخان بہادر کی نواب غلام محمد خان صاحب بہادر
کیطرفسی بدل گئی ایک دن نواب غلام محمد خان صاحب بہادر نی بہائی سی شکوہ کیا
کہ مین آپکا التفات اپنی طرف کم پاتا ہون اسکا کیا سبب ہی اور اوسی ضمن مین سقی کی شرارت
بیان کر کی کہا کہ اگر آپ کو اس علاقی کا کمال لینا منظور ہے تو مجھی کچہ عذر نہین مگر غیر کو میری
معاملی مین دخل نہ دیجی اور سقی کی تنبیہ کیجی کہ حد سے بڑہکر پاؤن نہ رکہی لوگ بہت آزردہ خاطر
ہین کوئی فتنہ برپا نہو نواب محمد علیخان بہادر نی آری ہلی کر کی ٹالدیا اور سقی کو تنبیہ نکیا
بلکہ اوسکا مرتبہ روز افزون رہا آخر بعض افسران فوج نی تنگ آکر چاہا کہ اوسی مارڈالین
باہم مشورہ کر کی چار ولایتی مامور کیی کہ وہ کمین گاہ مین جا بیٹہی جاڑون کی دن تہی اور رات تہا
ایک شب تار مین ابر غلیظ محیط آسمان تہا اور وہ سقا سونے کا گلا پہنی بہاری صبائی اوڑہکر
سیانی مین سوار جاتا تہا یہ ولایتی نکل پڑی اور اوسی تلوارون پر دہرلیا اپنی گمان مین تو اوسکو
چوڑ مار کیا مگر اوسکی قضا نہتی کہ سیانہ ٹکڑی ٹکڑی اوڑ گیا اور کپڑی پرزی پرزی ہوگئی اور بدن
کہین کہین خفیف سی کچہ چرکی آی وہ اوسی تاریکی مین بہاگ کر سیدہا نواب محمد علیخان بہادر کے
پاس پہنچا اور خون آلود کپڑی دکہا کر کہا کہ نواب غلام محمد خان صاحب بہادر کی حکم سی لوگون نے
میرا یہ حال کیا نواب محمد علیخان بہادر نی نواب ممدوح سی پوچہا آپ نی انکا کیا کہا مجھی خبر نہین
تمام خلق اوس بدکردار سی ناخوش ہے کسی نی یہ حرکت کی ہوگی اوسوقت تو یہ بات ٹل گئی
صبح کو نواب محمد علیخان بہادر نی اوسی کی مشورت سی علاقہ جو نواب غلام محمد خان صاحب بہادر
کی پاس تہا نام کر لیا اور وہان کئی سال کا مال تجارت ایک لاکہ کی قریب موجود تہا وہ سب
منبسط ہوگیا نواب ممدوح نی بمصلحت وقت دم نمارا اور یہ ارادہ کیا کہ جلای وطن کیجی اور ایسٹ
کی طرف چلدیجی افسرون نے جو یہ خبر پائی جمع ہوکر سمجہایا کہ دیکہی سمجہتی تہی کہ یہ شخص رئیس کرنی کی

قابل نہین مگر آپ نی نحانا اب بھی کچھ نہین گیا ہی ہم انکو قتل کرتی ہین آپ مسند نشین ہون
نواب ممدوح نی یہ امر قبول نکیا مگر انکی اصرار سی عزیمت فسخ کی اور احتیاطاً افسرون کی ارادۂ
فاسد سی خفیہ نواب محمد علیخان بہادر کو پھر آگاہ کیا وہان وہی شعار تہا کہ آج نواب موصوف نی
آگاہ کیا کل اونہون نی سردار ونسی کہ دیا طرہ اوسپر یہ ہوا کہ سرکار نواب غلام محمد خان صاحب بہادر
سی بھی چھیڑ چھاڑ شروع ہوی بررہ مجو ملیح ہونی لگی جب نواب ممدوح نی یہ رنگ دیکہا
دربار جانا قطعاً چھوڑ دیا ایک دن نواب محمد نصر اللہ خان بہادر نواب غلام محمد خان صاحب
بہادر کی ملاقات کو آی اور کہا کیون صاحب ہم نکہتی تہے کہ انسی کسیطرح نباہ نہو سکی گا
دیکہی کمبخت رجلہ نقش عہد ہوا نواب ممدوح نی کہا کہ کیا کیجی اب بھی جوش محبت کا وہی رنگ ہی
اور ادہر سی خیر اندیشی کا وہی ڈہنگ ہی الغرض چندی بھی صورت رہی کہ سرکار کی عداوت
نواب محمد علیخان بہادر سی بڑہتی گئی اور نواب ممدوح خفیہ اطلاع کرتی رہی اور نواب محمد علیخان
افسرونسی کہا کیجی کہ نواب غلام محمد خان صاحب بہادر تمہاری نیت فاسد سی مجہی آگاہ کیا کرتی ہین
ہین ایک دن تم سب سی بہت بری طرح پیش آوگا ان باتون سی نواب غلام محمد خان صاحب بہادر
کی طرف سی افسران فوج کی مخالفت ایک سی ہزار ہوی تنگ آکر نواب موصوف نی پھر
چاہا کہ چپکر حج کو چلے جایی یہان تک کہ ایکبار رات کو اسباب بندہوا کر روانہ کر دیا اور
صبح کو سیر و شکار کی بہانی سی خود سوار ہونیکا ارادہ مصمم کیا مگر سب ایک قوم کی لوگ تہی
راز چپ نسکا افسر جمع ہوی اور کہا کہ آپکا ارادہ ایسا معلوم ہوتا ہی نواب ممدوح نی کہا تنگ
ہین حج کو جاتا ہون افسرون نی کہا کہ اس سال ہم آپکو ہرگز نہ جانی دینگی نواب ممدوح نی
کہا تو ہین مقید ٹہہرا معلوم نہین کہ جرم سیر کیا ہی افسرون نی کہا ہمتو آپکو قیدی نہین سمجہتی
اگر آپ سمجہین تو مجبوری ہے نواب ممدوح نی کہا کہ پھر ہین کیا کرون اور دلچلاب محمد علیخان بہادر
میری دشمن ادہر تم سب میری مخالف افسرون نی کہا کہ ابہی آپ راضی ہو جایئن ہم اونکو
قتل کرکی آپ کو مسند پر بٹہا دین یہ ساری جھگڑی جاتی ہین اور اگر یہ نکیجی گا انجام کار آپ ہونگے

ماری جائینگی اور ہم نواب عرش منزل کی اولاد مین سی کسی اور کو رئیس کرینگی اور بالفرض کوئی نوکر
اولاد مین راضی نہوا تو قرمہ ڈالکر اپنی قوم مین سی کسیکو رئیس بناکی اوسکی اطاعت کرینگی جب
نواب ممدوح فی دیکھا کہ جان بھی جاتی ہی اور وہ کسیطرح راہ پر نہین آتی چپ ہورہی افسران فوج
خموشی کو دلیل رضا سمجھکر محرم کی تیرھوین تاریخ بارہ سو نو ہجری مین جملہ پیادہ و سوار کہ مجموع چودہ ہزار
آدمی تھی مع طبل و علم آئی اور یہ جبر ایکو ساتھ لیکر دیوان عام کے دروازی پر پہنچی تو دلیر خان
کمال نشی جو نواب محمد علیخان بہادر کی سمدھی تہی اور نواب عرش منزل کی وقت سی اونہین کی
اردلی مین رہتی تہی یہ مجمع دیکھکر بڑہی اور نواب غلام محمد خانصاحب بہادر سی کہا کہ آپ تشریف
لیجائین اور کچھ افسوس بھی ساتھ لین مگر اس ساری مجمع کا لیجانا مہتہ نہین نواب موصوف
خاموش مورہی اور آگی بڑہی دلیر خان فی پھر عرض کی کہ جو کچھ میں نی کہا شاید آپ نے
نہین سنا نواب ممدوح فی مڑکر جواب ترش دیا دلیر خان تو کچھ سمجھکر وہین رکگئی جب یہ
چبوترہ کی قریب پہنچی دیکھا کہ نواب محمد علیخان بہادر بیچ کی دروازین سیف الدینخان اور بہادر خان
اپنی ماموں سی میٹھی باتین کررہی ہین کہ لوگ نواب عرش منزل کی ٹہوڑی پر زہر کی بہاجی چھوڑنے
کی تہمت جھیرکرتی ہین حالانکہ ایسا نہین ہوا اور بالفرض اگر نبی ایسا کیا بھی تو سیر کو نی سیا گیا
اور اس جگہ کلمات فحش اور قتل کا استعمال کیا اور سیف الدین خان اور بہادر خان دونون
سمجھا رہی ہین کہ یہ باتین اچھی نہین ہمکو اندیشہ ہی کہ کوئی فتنہ برپا ہوا چاہتا ہی نواب
محمد علیخان بہادر فی اوسکی جواب مین کہا تم نہین جانتی ہو یہ قوم انہین سخت گیرون کی سنا اوسے
سیف الدینخان اور بہادر خان فی کہا کہ ہم مراتب خیر خواہی سی ہمیشہ آگاہ کرتی رہتی ہین
ماننی نہ ماننی کا آپ کو اختیار ہے مگر یہ سمجھ لیجی کہ نواب عرش منزل بھی ہماری بات نا مانکرتی
تھی یہی باتین مورہی تہین کہ نواب غلام محمد خانصاحب بہادر چبوترہ کی کنارے پہنچ گئی اور دیوان عام کا
تمام چوک فوج سی بھر گیا نواب محمد علیخان بہادر فی یہ رنگ دیکھکر نواب ممدوح سی پوچھا کہ
یہ کیا ہے نواب غلام محمد خانصاحب بہادر فی اوسوقت بھی اس نظر سی کہ جان اپنی بچ جای کہا

کہ آپ سندسی اور بٹھیی اسوقت یہی مصلحت ہی اور اسی مین خیر تب ہی مینی تو کوئی دقیقہ
خیرخواہی کا اوٹھا نہ رکھا مگر افسوس ہے کہ آپ سی ریاست کا نباہ نہو سکا یہ لفظ ہنوز زبان سے
ادا نہو چکا تہا کہ نواب محمد جلیخان بہادر نی تلوار کھینچکر ایک ہاتہ مارا قضای کار تلوار کا پیلا
دیوان عام کی محراب پر پڑا بردوانی تیغا تہا کنگرہ محراب کو کاٹتا ہوا اوترا اتنی مہلت مین
نواب غلام محمد خان صاحب بہادر کا بایان ہاتہ جسمین سپر تہی اوٹھکر سر پر پہنچا اور وہ تیغا
سپر پر گا مگر کیا ہاتہ کی صفائی اور کیا تیغی کی برش تہی کہ باوصف کنگرہ محراب پر گرنی کی
سپر کو پہول تک کاٹا نواب غلام محمد خان صاحب بہادر فرماتی تہی کہ مین اپنی بہائی کی
حرات اور دلیری کا قائل ہون کہ اس پھرتی سی ہاتہ مارا تہا کہ اگر محراب پر نہ پڑتا تو ہرگز سر
نہ رکتا ہاری مین ہوشیار ہوگیا اور ہاتہ اپنا تان دیا کہ بدن پر صدمہ نہ آیا الغرض تلوار سپر مین
پہنسکر رہگئی اور جرنیل نواب محمد جلیخان بہادر نے زور کیا کل نسکی قبضہ پنا مارا تہا ہاتہ سی چھوٹ ہی نسکی اتنے نواب غلام محمد خان صاحب
بہادر نی سپر کو ایکطرف اس زور سی پہیرا کہ نواب محمد جلیخان بہادر کی تلوار قبضی سی نکل گئی
نواب محمد موح نی اوس تلوار کو مع سپر اپنی پشت پر پہینک دیا اور اپنی تلوار کی قبضی پر بہی ہاتہ
نہین کیا جسوقت نواب محمد جلیخان بہادر نی وار کیا تہا جتنا مجمع سا تہ آیا تہا سب متفرق اور
پریشان ہوگیا تہا چوترہ سی صحن مین اسقدر لوگ گری تہے کہ صحن اور چبوترہ ایک مسطح تختہ
بنگیا تہا جب تلوار ہاتہ مین نہی تو سب پلٹ کر دوڑ پڑی نواب محمد جلیخان بہادر نی چاہا
تہا کہ ہاتہ بڑہاکر بہادر خان اپنی ماموں کی تلوار لین مگر فوج ٹوٹ پڑی کہ وہ زخمی ہوکر گرے
بہادر خان اور سیف الدین خان دونون بچانی کی واسطی چہا گئی اس سبب سی سب دونون
مشکل پڑی کہ سیف الدین خان اور بہادر خان کو تو مار سکتی تہی کہ ایک قوم کی ہزار ہا آدمی
تہی اسمین فساد پڑجاتا مگر بغلون کی نیچے سے تلوارون کی پیلون سی کوچتی تہی جب بہادر خان
اور سیف الدین خان نی یہ حال دیکہا نواب غلام محمد خان صاحب بہادر سی پکار کر کہا کہ اگر تمیرو
اپنی بہائی کا قتل منظور ہے تو صاف کہدو کہ ہم الگ ہوجاتین ورنہ ان لوگون کو منع کرو نواب

غلام محمد خان صاحب بہادر کو افسران فوج اونکو ریلتی ہوی مسند پر بٹہا آی تھی یہ آواز سنی ہی جوش محبت سے دوڑے اور افسران فوج کو آواز دی کہ اب تمھیں یہ شدت دیکھی نہین جاتی ناچار افسرون نی ہاتہ چھینچا تب نواب محمد علیخان بہادر نی کہا کہ مجھی محل مین پہنچا دو بہادر خان اور سیف الدین خان نی پلنگ پر لٹا کی محل مین پہنچا دیا سنا ہی کہ وہان پہنچ نواب احمد علیخان بہادر اپنی پسر صغیر السن کو پاس بلا کر کہا کہ جو کچھ ہونا تہا وہ ہوا میری جان بھی گئی اور میری بہائی کی دا سلی بھی بہتر نہوا اور یہ مین خوب جانتا ہون کہ بہائی کا اسمین کچھ قصور نہین افسران فوج کی ساری شرارت ہی دو نصیحتین تمکو کرتا ہون ایک تو یہ کہ مین امامیہ مذہب ہون اگرچہ جانتا ہون کہ بچپنہ و تکفین میری اوس مذہب پر نہوسکی گی مگر تمکو اپنے مذہب سے آگاہ کر دیا اور نواب احمد علیخان بہادر کو بھی اوس مذہب کی تلقین کی دوسری نصیحت یہ ہی کہ تم نواب وزیر الممالک کی سرکار مین مستعد ہونا وہ ضرور تمہاری کمک کرینگی اور تم رئیس موجاؤ گی مگر وقت پاکر بطرز سابق ہی دشمنون سے انتقام ضرور لینا یہ کہکر بیہوش موگئی چارون بہنون نے جراحون کو بلوا کر ٹانکی ولوا کر پھر مرہم پٹی کا پھیلا دینا شروع کیا پھر نواب محمد علیخان بہادر ہوش مین آی یہان افسران فوج نی نواب غلام محمد خان صاحب بہادر سی کہا کہ یہان انکا رہنا بہتر نہین نواب ممدوح نی محل مین کہلا بہیجا ان کی بہنون نی مانا بعد قیل و قال بسیار یہ بات قرار پائی کہ اگر حضرت شاہ بحال اللہ صاحب قدس سرہ پیر و مرشد نواب غلام محمد خان صاحب بہادر اپنا ذمہ کرکے کہ دغا نہوگی تو البتہ ہم بہیجدین آپ نی حضرت سی رجوع کی حضرت نی فرمایا تم مجھے عہد دو اور افسران فوج سی بھی عہد لو کہ دغا نکرین تو مین ذمہ دار ہوتا ہون آپ نی عہد کیا کہ مین نہ خود ضرر پہنچاون گا نہ ضرر رسانی کا واسطہ ہونگا اور افسران فوج سی بھی عہد لیا تب حضرت نے نواب محمد علیخان بہادر سے کہلا بہیجا کہ اب تم باہر نکل آؤ وہ برآمد ہوی افسران فوج نی گدہ مین کہ در شہر سے جانب شمال ایک میل کی فاصلی پر ہے

نظر بند کیا وہان بہی ایک سقا دوکا یار ہوگیا کہ مشک مین کہکر کہانی کی چیزین پہنچایا کرتا
اس مانی مین بواسطہ مصطفی خان ابن الہ یار خان ابن جناب نواب علی محمد خان صاحب بہادر
جن سی نواب محمد علیخان بہادر کی حقیقی بہن منسوب تہین وزیر الممالک تک خفیہ داد خواہی
عرضی بہیجی جب مرہم پٹی ہوتی موتی زخمون مین اندمال کیصورت نظر آنی لگی ایکدن پہری پر
جو سپاہی کہڑا تہا اوس سی کہا کہ اری سنتای اب میری زخم اچہی ہو چکے ہین
سردارون سی کہدینا کہ ایک ایک سی سمجہونگا اور موچہون کی رسیان بٹواونگا اوسنی
سردارونکو اس گفتگو سی آگاہ کیا سب فی نواب غلام محمد خان صاحب بہادر سی کہا کہ
اس شخص کا زندہ رہنی دینا اچہا نہین پہر کوئی نہ کوئی مفسدہ برپا ہوگا نواب ممدوح فی کہا
کہ شاہ جمال اللہ صاحب سی عہد وثیق ہو چکا ہی تخلف نچاہیی اور جو باتین سنی گئین سری تزویر
سب غلط ہین اور بالفرض اگر سچ ہون تو اونکی مسلوب الحواس ہونی کی دلیل ہی جسکی حوالہ
بہانہون تو اوسکی کہنی کا برا مانتا نچاہیے دیکہو اگر دہاکرو کی برابر کوئی سردار وہان کہڑا
اوٹہی اور اپنی جگہ پہنچکر باخود ہامشورہ کرنی لگی کہ کیونکر اس جہگڑی کو پاک کرین الہام خان
نامی ایک پہان بیٹہا تہا اوسنی کہا کہ اس کام کو مین کرونگا لوگون فی کہا کہ تم سب عہد
کر چکی ہین تمکو اختیار ہے وہ اوٹہا اور اسی ارادی پر چلا راہ مین اوسکو منسارام کہیدیا
کہ چار سو بکسر ہے اوسکی تابع تہی ملا الہام خان سی پوچہا کہان جاتی ہو اوسنی بارادہ
بیان کیا یہ بہی اوسنی نہایت آزردہ خاطر تہا ساتہ ہولیا اور کہا کہ بیٹہے تمہارا شریک ہین
یہ دونون باتفاق اوسوقت وہان پہنچے کہ نواب محمد علیخان بہادر سو چکے تہے
انہون نے پشت مکان سی اوترکر باطمینان تمام ایک فی شیشہ بچہ گردی پر رکہدیا
اور ایک فی پستول مارا اشای باطنی کی چیتہڑی اڑگئی اور اونکا کام تمام ہوگیا پہر منسارام
دوڑتا ہوا نواب غلام محمد خانصاحب بہادر کی پاس پہنچا اوسوقت نواب ممدوح
بتہیہ نماز تہجد بیدار ہوکر وضو کرتے تہے منسارام کو دیکہکر گہبرای کہ اسوقت کیون آیا

اشاری سی پوچھا کہ کیا ہی اوسنی عرض کی کہ حضور کہ نواب محمد علیخان بہادر کو مارڈالا نواب
ممدوح یہ سنتی ہی فرط قلق سی بیتاب ہوگئی اور بغیر ارتکاب چار رکعتین نماز تہجد کی ادا کین
پھر باواز بلند رونی لگی مکان کی پردی چھڑوادیی اور نماز صبح کی داہلی بھی برآمد نہوے
تمام عمر مین اوسدن آپسی یہ جماعت ترک ہوئی افسران فوج کو جب نواب ممدوح کی اس
حال کی خبر پہنچے جمع ہوکر آئی دلسین تو سب خوش تھی مگر بظاہر اظہار ملال کیا پر دی بند ہوا
اور بایہ سنہ دہلوا کر پوشاک بدلوا کر آپ کو مسند پر بٹھایا پھر نواب ممدوح کی اہتمام
بہت اچھی طرح تجہیز و تکفین ہوکر محلہ مدرسہ مین نواب مقتول دفن ہوی پس اس
حساب سی کہ ذی حجہ کی اٹھارہوین تاریخ مسند آرا ہوی اور محرم کی تیرہوین تاریخ عہدہ
ہوکر ریاست سی جدا ہوی چوبیس دن مقدار زمانہ ریاست ہے اور ایک مہینا سات روز حیات
رہا خدا یہ یکین تین رہنی کی بعد صفر کی بیسوین تاریخ زمانہ رحلت ہی کل چبالیس برس کی عمر پائی
اسواسطی کہ گیارہ سو چیاسٹہ ہجری سال ولادت ہی القصہ جب یہ خبر محل مین پہنچی اور ہر ایک بیتاب
حضرت شاہ جمال اللہ صاحب قدس سرہ کی پاس کہیکو بہیجا کہ حضرت یہ کیا ہوا اور دہر نواب
غلام محمد خانصاحب بہادر فی بھی حضرت کی پاس کہلا بہیجا کہ ہمی مطلق خبر نہین کہ نواب محمد علیخان بہادر کو
کسنی قتل کیا و ہان حضرت کا یہ حال تہا کہ جسوقت یہ واقعہ ہوا تہا اوسیوقت سے پیٹ مین درد شدید
پیدا ہوگیا تہا مضطربانہ ٹہل سی تھی اور پسینا متصل جاری تہا یہان تک کہ پاوں تک مین عرق
ہو ہو جاتی تہی یہ پیغام جونہی لیگیا تہا آپ فی اوس سی بدمزہ ہوکر فرمایا کہ خیر ہمنی تو خیازہ
ضامن ہونیکا اور تہایا کہ گہڑی دو گہڑی مین میرا کام تمام ہے مگر کہدینا کہ تم سب کیواسطی
بہت برا ہوا اور یہ امر باعث زوال دولت ہوگیا نو دس بجی دن تک کی یہ گفتگو تہی
مریدجمع ہوتی جاتی تہی سورہ یسین کی تکرار ہورہی تہی اوسی حالت مین گیارہ بجی دن کو
انتقال فرمایا بعد ان سب وقایع کی سنکر ان فوج فی نواب غلام محمد خان صاحب بہادر
سی اصرار کیا کہ نواب احمد علیخان پسر صغیر السن نواب محمد علیخان بہادر مقتول کو بھی قتل کروا

کہ یہ جھگڑا پاک ہو آپ فی نما اور کہا کہ مجھی کسیطرح یہ امر گوارا نہین کہ وہ معصوم بی گناہ قتل
ہی اور تم لوگ اگر ایسا کروگی خلق تمہین کیا کہی گی افسران فوج فی کہا کہ اچھا اگر قتل
نہین گوارا ہے لاو کوٹھی پر سی نیچی پہنکدین یہی مشہور ہوگا کہ کمیلتی کمیلتی کوٹھی پر سے
گر پڑی نواب ممدوح فی اسکو بھی منظور نکیا مگر افسران فوج فی ایک دن نواب احمد علیخان کو
کوٹھی پر نواب غلام محمد خان صاحب کے پاس کمیلتا دیکھکر اوسی ارادی پر ہاتہ بڑہایا وہ
دوڑکر چچا کی چھاتی سی لپٹ گئی آپ فی اپنا ہاتہ آڑکر لیا اور کہا کہ ہرگز نہین اسکو نہ چھوڑونگا
پھر اون کو محل مین بہیجدیا اور کہلا بہیجا کہ اس لڑکی کو باہر نہ نکلنے دو تمام فوج دشمن ہی
مجھی اسکی جان کا اندیشہ ہی یہ واقعہ تو تمام ہوا بعد ازین استغاثہ قتل نواب محمد علیخان
بہادر کا بوکالت صاحبزادہ مصطفی خان سابق الذکر سرکار وزیر الممالک نواب
آصف الدولہ بہادر مین ہوا تو نواب غلام محمد خان صاحب بہادر فی یہ خبر سنکر
صاحبزادہ فتحعلیخان بہادر ابن نواب عرش منزل کو بمقدمی مین جوابدہی اور پیروی
کی واسطی روانہ فرمایا بواسطہ دیوان جہاؤلال کہ اوس عہد مین وہان نہایت معتمد
و ذی اختیار بلکہ مفتاح کنجینہ ہر گونہ انجاح کار تہا گفتگو شروع ہوی اور اوس
گفتگو سی بذریعہ تحریر صاحبزادہ فتح علیخان نواب ممدوح کو اطلاع ہونی لگی پہلی ایک
تحریر اس مضمون کی آئی کہ دیوان جہا ولال کہتی ہین جو امر شد فی تہا وہ ظہور مین آیا
اور یہ بھی تحقیق معلوم ہوا کہ یہ ہنگامہ افسران فوج کی سرشکی سی واقع ہوا نواب
غلام محمد خان صاحب بہادر کو اسمین دخل نہین مگر بہ بہ نسبت ہی کہ احمد علیخان سے
نواب مقتول مسند نشین ہون اور بطور نیابت نواب ممدوح کام کرین جب یہ تحریر یہان پہنچی
نواب نصر اللہ خان بہادر فی صلاح دی کہ بالفعل اس صورت کو قبول کر لینا چاہیی احمد علیخان
ابھی صغیر ہین بعد فرو ہو جانی اس آتش فساد کی حسب اقتضای مصلحت وقت دیکہ لیا جائیگا
مگر نواب ممدوح کو یہ امر پسند نہ آیا جواب مین لکہ بہیجا کہ مینی اپنی اختیار سی یہ امر نہین کیا نہ مجھی

منظور رتہا کہ رئیس ہوجاون نہ اب منظور ہی اور حال مین ریاست گریزہی تو نیابت کیونکر
قبول ہو جب صاحبزادہ فتح علیخان بہادر نے اس مضمون سی دیوان کو اطلاع دی اونہون نے
کہا کہ اچہا اگر نیابت قبول نہین تو ملک کی تقسیف کرکی ایک حصی پر نواب ممدوح
بالذات قابض ہون اور دوسری حصی پر نواب احمد علیخان کا قبضہ ہو اور چونکہ ابھی
وہ صغیر ہین بالعرض اوسپر بھی نواب موصوف کا قبضہ رہی گا صاحبزادہ موصوف نے
اس مضمون سی بھی اگاہ کیا نواب ممدوح تو باصرار نواب محمد نصر اللہ خان بہادر اس صورت
پر رضامند ہوگئی مگر افسران فوج نی کج فہمی سے گوارا نکیا اور یہ جواب لکہا گیا کہ ملک
قلیل رہگیا ہی اوسکی تقسیف اور باعث تخریب ہوگی ہمارو ہانتی تیسری تحریر صاحبزادہ موصوف کی
آئی خلاصہ اوسکا یہ تہا کہ دیوان جہا ولال کہتی ہین کہ اگر تقسیف ملک بھی گوارا نہین تو
نواب احمد علیخان کو یہان بہیجدین اوپچیس ہزار روپیہ ماہواری اونکی مصارف کی
لیئی یا ست مقرر کرین اور چوبیس لاکہ روپیہ بطور نذرانہ بہیجوادین مین جناب عالی کو اس
صورت پر رضامند کردونگا تم لکہو کہ نواب ممدوح جلد رضامندی اپنی اس امر مجوزہ پر
لکہکر بہیجدین جب اس مضمون سے نواب ممدوح کو اطلاع ہوی یہ صورت بہت پسند
آئی چاہا کہ تحریر مشعر اقبال روانہ کرین مگر افسران فوج نے نہانا ہر چند آپ نی سمجہایا
کہ اودہر سے تجویز کی حد ہوگئی اب جو ادہری انکار ہوگا تو یقینًا لڑائی ہوگی اسکا انجام
کیا سوچی ہو مقابلی مین کسیطرح عہدہ برائی معلوم نہین ہوتی یہ صورت بہت اچہی ہی قبول کرلینا
چاہیی اون لوگون نے کہا کہ ہمین تو زندہ چہوڑنا احمد علیخان کا منظور نہا آپ نی سمجہایا
اب یہ کیونکر ہوسکتا ہی کہ ہم اونکو زبردست کی قبضی مین جانی دین اور تخم فتنہ و فساد بوئین
اور لڑائی مین جو عہدہ برا ہونی کو آپ کہتی ہین کیا یا نہین کہ اسی فوج ظفر موج نی بی سردار
احمد خان نبگش کا کیا حال کیا اور کیسا معرکہ مارا نواب ممدوح نے فرمایا کہ بنگش اور نواب
آصف الدولہ مین بڑا فرق ہی انکا ملک بڑا فوج بہت علاوہ کثرت ملک و فوج کی

کی دو کمپو انگریزی فوج کی معاون ہون گی ہمارا ظفریاب ہونا دشوار ہی اور ایسا
ارادہ خرد صواب اندیش کی نزدیک دور از کار ہی افسران فوج فی کما فتح و شکست
من جانب اللہ ہی کثرت فوج پر موقوف نہین کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً
كَثِيرَةً ایک لاکھ آدمی یک دل ہین آپ دیکھین گی کہ یہ فوج کیسی لڑی گی جب نواب
ممدوح مجبور ہوگئی فرمایا کہ مین توحق سمجھانی کا سمجھا چکا اور اس تحریر کا جواب مشعر
انکار مجھی نہین لکھا جاتا کہ ادہر سے برابر نرمی ہی اور ادہر سے سراسر درشتی اور
یہ بھی نہین ہوسکتا کہ تمسی بگاڑون مہرسیری موجود ہے جو تمہارا جی چاہی لکھ بھیجو اور
ناعاقبت اندیشون فی جواب ناملائم آپ کی طرفسی لکھا حاصل اوسکا یہ تہا کہ ہمکو اختیار ہی
جو چاہا کیا اور جو چاہینگی کرینگی کسیکو ہماری انتظام ملکی مین خلل کرنیکی وجہ کیا ہی جب یہ تحریر مرتب ہوی
نواب ممدوح فی بحکم رای صواب اندیش خفیہ ایک تحریر اس مضمون کی جداگانہ روانہ کی کہ میرے
فوج کی سرکشی سے مجبور ہون اور یہ کتابت جو سیری نام سے روانہ ہوی ہی حاشا
مجھے اوسمین کچھ دخل ہو مگر زمانہ غدار کی نیرنگی دیکھیی کہ وہ تحریر قاصد لیکر سیرگنج تک پہنچا تہا
کہ وہان تہانی کی لوگون کو خبر ہوگئی اسی سپاہ کی آدمی تہے اونہون فی وہ تحریر بیان افسرون
کی پاس بہیجدی سب سردار نواب سی برہم ہوی اور اوس دن سی یہ بندوبست ہوا
کہ جو کچھ آپ اپنی کسی عزیز اور دوست کو بہی لکھین ارباب فوج کو دکہا لین القصہ جب وہ تحریر
جو فوج کی تجویز سے گئی تہی وہان پہنچی اور دیوان جہاولال کو بذریعہ صاحبزادہ فتحعلی خان
اوس سے اطلاع ہوی بہت متاسف ہوی اور ناچار نواب وزیرالممالک کو اوس مضمون سے
آگاہ کیا نواب وزیرالممالک فی الفور خط مسٹر جارج فریدرک چیری صاحب بہادر
رزیڈنٹ سی کہلا بہیجا کہ جب سی حافظ رحمت خان کا معرکہ پیش ہوا ملک روہیلکہنڈ سے
متعلق نہے اور وہان نواب محمد علیخان کو فوج نے قتل کر ڈالا اور تمام رعایا اور فوج
ایسی سرکشی پر آمادہ ہی کہ بہ نرمی راہ پر نہین آتے مین چاہتا ہون کہ خود جاؤن اور اون

سرہنگون کو سزا دیکر احمد علیخان پسر نواب مقتول کو مسند ریاست پر بٹھاؤن آپ
عہد کی موافق انگریزی فوج کی دونون کمپنیونکو جو بطور کنٹینجنٹ ہین حکم دین کہ وہ بڑہین
بہادرنی اس درخواست کو بلا عذر قبول کیا اور ابرگرینی صاحب سپہ سالار فوج انگریزی
حکم دیا کہ اونہون نے حسب حکم کوچ کیا فزید الملک فی خود بہی مع لشکر گران و فوج فراوان
نہضت فرمائی یہ خبر جب بہان آئی نواب غلام محمد خان صاحب بہادرنی افسرون سی
فرمایا کہ میری رای ہین تو مقابلہ کرنا نہ مناسب تہا نہ اب مناسب ہی مگر تم لوگون نی
نمانا اب بھی کچہ نہین گیا ہی اس ارادی سے باز آؤ اور اگر ایسا نہین کرتی اور لڑنا ہی
منظور ہے تو یہ صلاح میری مانو کہ دلیر خان کمال زئی کو گرفتار کرلو مجہی تحقیق معلوم
ہوا ہی کہ یہ ظاہر مین موافق ہین اور باطن مین مخالف سب داورون نے کہا کہ
یہ مرکسی فی غلط عرض کیا ہے اور ہم اونکو اگر گرفتار کرین آج ہی ساری کمال زئیون سی
بگاڑ ہو جاوی اور ایسمین پہوٹ پڑی ایسی وقت مین کہ معرکہ درپیش ہی یہ صوت اچہی نہین
نواب ممدوح نی فرمایا کہ مینی جو کچہ تمسی کہا وہ تحقیق ہے اور قیاس بھی اسی کو چاہتا ہی
اسو اسطی کہ نواب محمد علیخان سے اونکی قرابت اور تمام عمر کی رفاقت تہی ممکن نہین کہ
اونکی قتل ہونیکا داغ ان کی دلپر نہو دیکہو یہ وقت پر دغا کرینگی اور تم اگر بازپرسش فساد
گرفتار نہین کرتے تو بجیلہ انتظام شہر یہین چہوڑ جاؤ سرداورون نی یہ ہی قبول کیا
اور کہا کہ بالفرض انکو آپ کی مسند آرائی پسند نہو تو بھی یہ اس معرکی مین تنہا ہی
کرینگی اسو اسطی کہ لڑائی اگر بگڑ گئی تو فقط آپ کی ریاست مین خلل نہینگا بلکہ تمام قوم کی
بربادی ہوجاویگی اور یہ بھی اسی قوم مین ہین اپنی خرابی کیونکر گوارا ہوگی آپ خاطر جمع
رکہین اور ان کی طرف سی مطمئن رہین نواب ممدوح خاموش ہورہی اور کوچ کا حکم
دیا وہ دوالی کا دن تہا اوس روز سیرکنج مین مقام ہوا اور شبگیر کی رات وہین گذری
صبح کو آگی بڑہے اور فتح گنج غربی مین پہنچے اودہر فوج آصفی کوچ کرتی ہوی فتح گنج شرقی

آگئے پہنچی اور انگریزی فوج بڑھکر سنگما کی پل تک کہ تقریباً غربی سی دو اڑہائی کوس کی فاصلی پر ہے پہنچی ایک کمپو کا نوکا دریا کی بچہارین اوترا اور دوسرا کمپو گورنکا مقابلہ کرنیکو آگی بڑہا چار گھڑی دن چڑہا ہوگا کہ اس طرف کی فوج کو اونکی سنگینون کی چمک نظر آنی لگی چونکہ اس فوج نے انگریزی سپاہ کبھی دیکھی نتھی سنگینون کی آب و تاب پر گمان ہوا کہ دریا موج زن ہے مگر نواب ممدوح الالقاب نی کہ گھوڑی پہوا صف آرائی کا بندوبست کررہی تھے فرمایا کہ یہ فوج انگریزی فی سیاہہ دکہایا ہے معرکی کا وقت قریب آیا ہی نواب ممدوح کی دست راست عمر خان اور بلند خان عرف خان کے بیٹی اور مصطفی خان عرف بنجو خان چودہ ہزار آدمیون کا جتھا تہا اور دست چپ کال زئیون کا گروہ جسکی افسر دلیر خان کال زئی تھے کہڑا تہا نواب موصوف نے افسران دست راست سے آہستہ فرمایا کہ پہلی دلیر خان کو اس فوج سی لڑاو تم لوگون کی ہمیشی کے لحاظ سی یہ سب لڑجائینگی بنجو خان وغیرہ سردارون فی کہا حضور یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ فوج دست راست پر فوج دست چپ کو معرکہ آرائی مین تقدم ہو اگر یہ اس معرکی کو سر کرلینگی تو ہم منہ دکہانی کی قابل نرہینگی اور صورت شکست اگر ان کی پاون اوکہڑجاوی گی پھر ہماری فوج بہاگتی نظر آوی گی آپ ہمکو اجازت دین کہ پہلی ہم لڑین حضور ملاحظہ فرمائین گی کہ ہم سب جان نثار کیسی جانفشانی چاہا تو یہ کمپو جو نظر آتے ہے اسکو تہ تیغ کرکی ان کی توپین چہین کر حضور کی سامنی حاضر کرینگی آگے بلند کان عالی کا اقبال ہے نواب ممدوح فی اونکی فرزانگی اور مردانگی کی تحسین فرمائی اور یہ باتین ہو رہی تہین کہ ادہر فوج حریف سی ایک رہسٹ سوار دوکا آگی بڑہا — انگریزی فوج کا قاعدہ ہے کہ پہلی سوار پیش قدمی کرکے مقابل ہوتے ہین تاکہ فوج مخالف کو لگا لائین اور جب توپ کی منہ سے آتی ہین تو افسر اونکا بولی بولتا ہے کہ وہ سوار پہشکر داہنی بائین ہوجاتے ہین پھر برابر توپ

چلنی لاتی ہے اور گراپ پڑنی لگتے ہین اسی بنا پر وہ رجمنٹ فوج سی نکلا اور ایک بارہ پستول
کی مار کر پیچھی ہٹا ادہری شہسوارن عرصۂ کارزار نی جواب ترکی دیا اور گھوڑون کو تیز کر کی
اوس رجمنٹ سی ایسی غٹ پٹ ہوگئی کہ تلوار چلنی لگی اون سوارونکا افسر سر پر تلوار کہا کہ
گھوڑی سے گر گیا تہا بولی کون بولتا کہ سوار بیچ سے پہٹ جاتی جب دیر ہوی اور
فوج حریف نی دوربینون سے دیکہا کہ دونون طرف کی سوار باہم ایک ہوگئی ہین
پہٹ نہین سکتی تو اپنی پرائی کی لحاظ سو قطع نظر کر کی توپ پر تپی دی سوار توپون کی منہ پر
آچکی تہے سب کی سب ماری گئی سنجو خان کی سینی پر ایک گولا لگا کہ وہ بھی ٹہنڈی
ہوی طرفہ یہ ہوا کہ ہوا سے پہلے پچہواتہی دفعۃً تیز چڑہ واچلنی لگے اور اس طرف کی فوج
کو بڑی مشکل پڑ گئی او سوقت کی کیفیت اور شدائد تصور کرنیسی بدن پر رونگٹی کہڑی
ہوتی ہین وہ ہزارون گھوڑون کی ٹاپون سے گرد کا اوڑنا وہ چار طرف انگریزی
توپونکا دہوان گہٹنا وہ سنہ پر کی ہوتنہ وتیرہ وہ میدان ہیبتناک عالم رستخیز کہ ایک کو ایک
نظر نہ پڑتا تہا جو جسکی سامنی آجاتا تہا اوس سی لڑتا تہا الغرض اوسی اندہیری کی عالم مین
یہ دلیر شیرون کی طرح ڈکارتی سب افسر و سردار اپنی اپنی ہمراہیون کو للکارتی دوڑ پڑی
ایک گراپ تو انہون نی وہ کہایا جو پہلے سے تیار تہا اور دوسری چوٹ قریب پہنچکر
اوٹہائی ان دونون ضربون سی کئی ہزار آدمی ادہر کی ٹوٹ گئی پھر تیسری چوٹ کی
فرصت ندی اور توپون پر پہنچکر پیالون مین کیلین ٹہونک دین ایسی تلوار چلی کہ ہزارون
آدمی تہ تیغ ہوی اور چند فرنگی افسر ماری گئی اس زدوکشت سی گہبرا کر فوج باقیماندہ
نی مضطربانہ ایک ٹیکری پر چڑہ کر اصول جنگ کی موافق قلعہ باندہ لیا اور دوسری
کمپو کو کہ وہ کچہار مین وقت کا منتظر تہا کہلا بہیجا کہ جلد قدم اوٹہاو اور ہماری کمک کو
آو ادہر کی باقیماندہ فوج نی جب میدان صاف دیکہا توپون کو کہینچکر نواب ممدوح
کی سامنی لائی اور شاباش و آفرین کی خلعت پائی اس جگہ ایک حکایت شجاعت

کہ ہمت کو مورچہ بنا کر ارادہ کرو فوج مطیع چل کٹھری ہوی تھوڑی دور گئی تھی کہ چہارم آدمی گراب
سی ٹوٹ گئی اسواسطے کہ اول کمپو کی باقی لوگ بھی جو بلندی پر قلعہ باندہی ہوی تھی دوسری
کمپو مین شریک ہوگئی تھی بارہ ہزار آدمی وہ اور تین چار ہزار آدمی یہ سولہا ہزار آدمی
کی زدگولیون کی چارین پڑ رہی تھین میدان ملی کسطح ہوسکتا پھر فوج نی عرض کی
کہ اس فوج کو نہ کٹوایی اور یہان سے عطف عنان فرمایی کسی امن مین پہنچکر جمعیت معقول
بہم پہنچاکر پھر مقابلہ کرین گی نواب موصوف نی فرمایا کہ ایک حملہ اور کرو شاید خداوند
عالم کوئی صورت غیبی کی پیدا کردی لوگون نے پھر ہمت باندہی اور بڑہی مگر پہنچنی کا ذکر کیا
چالیس پچاس قدم گئے تھے کہ گراب کی کثرت سی بچہ گئی اب کوئی پچیس سوآدمی رہگئی
تب اونہون نے کہا کہ حضور اب اگر پہنچ بھی جاتین تو سوا اسکی کہ ہم سب کٹ جاتین
اور کچھ نہین ہوسکتا پچیس سوآدمی سولہا ہزار آدمی کا کیا کرسکتی ہین نواب صاحب بھی مجبور
ہوگئی اور نیرنگی فلک سی آبدیدہ ہوکر فرمایا کہ سچ کہتی ہو خدا حافظ تم بھی رخصت ہو جب
وہ بھی رخصت ہوگئی تو اب نواب شجاعت مآب کی دست راست نواب محمد نصراللہ خان
بہادر اور دست چپ صاحبزادہ احمد یار خان مجموع تین آدمی باقی رہگئی ایک ترکش
تیر و نکا نواب ممدوح پہلی خالی فرما چکی تھے کہ ہر تیر سے ایک دو آدمی مخالف کی
توڑ دیتی تھے دوسرا ترکش جو گھوڑی پر لگا تھا اوسکی تیر لگانی لگے چلی ورم کرگئی تھی
مگر برابر تیر لگاتے تھے ہرچند نواب محمد نصراللہ خان بہادر سمجھاتی تھے کہ اب یہان
ٹھہرنا مفت جان دینا ہے مگر آپ نہین مانتی تھے جب وہ دوسرا ترکش بھی خالی
ہوگیا آپ نی نواب محمد نصراللہ خان بہادر سے اونکا ترکش طلب فرمایا پھر اونہون نے
سمجھایا کہ آپ کیا کرتے ہین اب یہان سے عنان عزیمت اوٹھایی دولہا کی دم
کی ساتھ برات ہے جہان آپ ہون گی سپاہ فراہم ہوجای گی اور اگر خدانخواستہ
آپ کو چشم زخم پہنچ گیا تو گھر برباد ہوجای گا اور پھر بڑی خرابی پڑی گی آپ نی فرمایا

کہ میرا قدم تو ہرگز یہان سے نہین ہٹتا اور لڑنی مرنیکا حوصلہ کسی طرح نہین گھٹتا مرد جانکا
اگر میدان سے قدم نہ اوٹھاوینگا یہ کہکر انہون نے ارادہ کیا کہ گھوڑا بڑہاکر مخالفین
کی فوج پر جا پڑین یہ رنگ دیکھکر نواب محمد نصراللہ خان بہادر نے صاحبزادہ احمد خان
سے کہا کہ یہ تو جوش غضب اور فرط قلق سے ہوش مین نہین ہین اب بچانکو یہانسے
بھیجنا چاہیے یہ کہکر نواب ممدوح کی گھوڑی کی باگ پھیری اور تلوار سے باگ
کاٹ ڈالی اور صاحبزادہ احمد یار خان نے آپ کی مرکب کو کوڑی مارنا شروع کیا
گھوڑا تیز ہوا ہر چند آپ رانون مین دباتی تھے مگر وہ عنان گسستہ کب رکتا تھا
کئی کوس سرپٹ آیا بیرگنج کی قریب پہنچکر ذرا رکا وہان راہ مین ایک سوار ملا اوسکی
باگ لیکر لگائی اور بیرگنج مین پہنچے دارالریاسۃ رامپور مین یہ خبرین متواتر پہنچتی تھین
لڑائی بگڑ جانی کی خبر سنتی ہی محذرات عظمت آثار اور صاحبزادگان صغار و کبار سب
لال ڈانگ کیطرف روانہ ہوگئی تھے آپ بھی وہان سے لال ڈانگ پہنچی ادہر لشکر
نواب آصف الدولہ بہادر کا احوال سنیئے کہ جسوقت پہلی کمپنی سے یہان مقابلہ ہوا اور
توپ و تفنگ سی گذر کی نوبت بخنجر و شمشیر پہنچی مسٹر چیری صاحب رزیڈنٹ بہا
نی کہ ہمرکاب نواب وزیر الممالک بہادر تھے گھبراکر نواب موصوف سی کہا کہ ظاہر لڑائی
بگڑگئی اسواسطی کہ توپ کی آواز نہین آتی یہ اس بات کی دلیل ہے کہ پٹھان بیوش کرکر
توپ پر آپڑی تلوار چلنے لگی اور پٹھان تلوار کی بڑی دھنی ہوتی ہین نواب موصوف
نی کہا کہ پھر کیا تدبیر ہے اگر صلاح ہو تو مین بڑہوں صاحب موصوف نی کہا کہ آپکا
بڑہنا مناسب نہین مگر کمک جلد بھیجیے نواب ممدوح نے عبدالرحمن خان قندہاری
وغیرہ بڑی بڑی سردارونکو مع فوج پیادہ و سوار روانہ کیا کہ قدم اوٹھاو اور
تیز چلے جاو تھوڑی دیر مین توپ کی آواز پھر آنے لگی مسٹر چیری صاحب نے کہا کہ لڑائی
بگڑکر پھر بن گئی اور ظاہر فتح کیصورت نمایان ہوی تھوڑی دیر مین لشکر سوار بخوخان اور

بلند خان کی سر لیکر پہنچا اور اوس سی سب حقیقت معلوم ہوی اوسوقت نواب فیروز جنگ
وہان سی نہضت فرما ہوی مع لشکر ذاتی اور فوج انگریزی لال ڈانگ کیطرف کوچ فرمایا
وہان فوج متفرق جمع ہوگئی تہی اور نواب غلام محمد خانصاحب بہادر فی اوس مقام
دشوار گذار کو ایسا حصار بنایا تہا کہ سہ دست سر نہو سکتا چار اور ہر نواب آصف الدولہ
بہادر فی آپکی پاس سفیر بہیجکر کہلا بہیجا کہ آپ مجسی ملین اور اس جمعیت کو رخصت کرین
سب امور متنازعہ فیصل ہو جائینگی اور اوہر مسٹر جارج فریدرک چیری صاحب بہادر نے
پیغام دیا کہ آپ بی کہٹکی میری پاس تشریف لائین اور اس تہیہ سامان جنگ سی ہاتہ اوٹہائین
مین آپکے ملک دلوادونگا ہرچند اوسوقت نواب محمد نصراللہ خان بہادر فی آپ کو صلاح دی
کہ نواب آصف الدولہ بہادر سے ملاقات فرماکی اس جگڑی کو پاک کیجی اور مسٹر چیری صاحب
کی سفیر کو جواب دیجی مگر آپ فی نمانا اور فرمایا کہ نواب آصف الدولہ بہادر کو نواب
احمد علیخان بہادر کی حال پر نظر محبت سی ہر طرح کی رعایت ہے سبا و عند الملاقاۃ کسی طرح کی
بی لطفی ہو جای اور کوئی امر نا ملائم طبع پیش آی لہذا مین نجا ونگا یہ کہکر مسٹر چیری صاحب سے
کہلا بہیجا کہ آپ فی زبانی جو فرمایا ہی اسی مضمون کو تحریر کرکی بہیجدیجی مجہی آپ کی پاس
چلی انی مین کچہ تامل نہوگا اور اس جمعیت کو کہ بغیر میری طلب کی خود بخود جمع ہوگئی ہی متفرق
کردونگا مسٹر چیری صاحب فی حسب درخواست نواب ممدوح اپنا پیام لکہ بہیجا آپنے
حسب وعدہ سپاہ کو رخصت فرماکی ارادہ کیا کہ چیری صاحب کی پاس تشریف فرما
ہون اوسوقت پھر نواب محمد نصراللہ خان بہادر فی کہا کہ مسٹر چیری صاحب کی ملنی سی کچہ کام
نہ نکلیگا ملک دلوانی مین اونکو کیا اختیار ہے آپ نواب آصف الدولہ بہادر سی ملاقات
کرین مگر آپ فی قبول نفرمایا اور کہا کہ نواب غفران مآب حضرت عرش منزل کا مقدس بہی
چنبرلین صاحب بہادر کیواسطی سے ملی ہوا تہا چیری صاحب سی ملنا چاہیے یہ کہکر نواب
آصف الدولہ بہادر کی سفیر کو جواب سخت دیا ہرچند اوس سفیر فی اصرار کیا کہ میری

پہنچنی تک آپ توقف فرمائین مگر آپ نے قبول نکیا اور اوسیوقت سوار ہوی اوہر آپ
مسٹر چیری صاحب کی پاس پہنچی اور اودہروہ سفیر نواب آصف الدولہ بہادر کی حضور میں
حاضر ہوا اور صورت واقعہ عرض کی نواب آصف الدولہ بہادر نے فی الفور چیری صاحب کو
لکہ بہیجا کہ مین احمد علیخان کو ذیحق سمجہتا ہون آپ نے جو نواب غلام محمد خانصاحب بہادر سے
ملک کا وعدہ کیا ہے اپنی ملک مین آپ کو اختیار ہے جو چاہی دیجی مگر ملک روہیلکنڈ میں
جو مجہسی متعلق ہے آپ کو دست اندازی کا اختیار نہین یہ پرچہ پیام اوسوقت وہان پہنچا
کہ ہنوز چیری صاحب اور نوابصاحب سی معاملی کی گفتگو ہی سے تہے صرف مدارات و تواضع
ہو رہی تہی جب معاملی کی باتین شروع ہوئین نواب نے مسٹر چیری صاحب سی کہا
کہ آپ نے ملک دلوانی کا وعدہ کیا ہے چیری صاحب نے انکار کیا نواب صاحب نے ہر آ
کیا کہ آپ کی تحریر موجود ہے چیری صاحب نے کہا کہ ہمنے ملک دلوانی کو نہین لکہا ہے بلکہ
ملک بہیم دلوانی کو لکہ بہیجا ہے جسقدر کفاف اپکا ریاست سی مقرر ہے بقدر اوس کفاف
کی جہان ہماری ملک مین آپ تجویز کرین ہم زمین دینگے اوسمین اگر ہماری تحریر مین لفظ ملک کی
بیہم پر اعراب دیا ہوا اور اس سبب سی آپ نے اوسکو مفہوم پڑہا ہو تو دکہایے آپ اس تاویل کو
سمجہ تو گئی مگر چارہ کچہ نہا مجبور خاموش ہو رہی وہان سپاہ باقیماندہ کوہ کو جو یہ پہنچی
جمعیت متفرقہ کو پھر جمع کیا اور صاحبزادہ محمد عبد العلیخان صاحب بہادر خلف دوم نواب ممدوح
کو سردار کر کی مقابلہ کرنی پر کمر باندہی مسٹر چیری صاحب یہ خبر سنکر مشوش ہوی اور نواب
نصر اللہ خان بہادر کو بلوا کی اونسی کہا کہ یہ صورت اچہی نہین سب اعزہ اور اقارب آپ کی آپکے
مین موجود ہین درصورت فساد اونکی واسطی بہت برا ہے آپ سعی و کوشش کر کی اس صورت کو
پریشان کر دین تو ہم نواب آصف الدولہ بہادر کو اس بات پر رضامند کر دینگی کہ نواب
احمد علیخان ابہی صغیر ہین آپ کو مختار و نائب ریاست مقرر فرمائین نواب نصر اللہ خان
بہادر اس بات پر راضی ہو کر بوساطت چیری صاحب نواب آصف الدولہ بہادر کی پاس

پہنچی اور اس امر قرار دادہ چیری صاحب کے تجگی ہوگئی تب نواب محمد نصر اللہ خان بہادر نے
اپنی مقام مین پہنچکر بلطائف الحیل فوج کو بالکل پریشان کر دیا جو لوگ جمع ہوگئی تھی اون کو
حکمت عملی سے رخصت کیا جب یہ قصہ تمام ہوا نواب آصف الدولہ بہادر وہان سی کوچ کرکے
دار الریاست رامپور کو تشریف لائی اور راجیت پور مین لشکر کا مقام ہوا نواب احمد علیخان
بہادر کو مسند ریاست پر بٹھایا اور نواب نصر اللہ خان بہادر کو اونکا نائب مقرر فرمایا
جمادی الاولی کی پانچوین تاریخ بارہ سو نو ہجری مین عہد نامہ تحریر ہوا اس حساب سی نہ مانہ حکومت
و ریاست نواب غلام محمد خانصاحب بہادر کا سن ابتدای سیزدہم محرم نہایت پنجسنہ
جمادی الاولی آیہ مہینی بائیس دن ہوی المختصر جب نواب غلام محمد خان صاحب بہادر نے
یہ رنگ ملاحظہ فرمایا خیال مین آیا کہ اب یہان توقف بیفائدہ ہی مدت سی حج کا
ارادہ ہے اودہر چلنا چاہیے یہ سوچ کر چیری صاحب سی فرمایا کہ جو کچھ ہونا تھا
ہوا اب مینی سب آرزوؤن پر خاک ڈالی اور جملہ مطالب سی قطع نظر کی اتنا چاہتا ہون
کہ آپ مجھی بیت اللہ کیطرف روانہ فرمادین ایک مدت سی مجھی سفر حجاز کا شوق ہے
اعانت کرکی وہان پہنچادین چیری صاحب نی کہا کہ سفر حجاز کی یہان سی دو راہین ہین
ایک بمبئی کی طرف سی وہ تو ابھی جاری نہین ہین اور دوسری راہ کلکتی کی طرف سی ہے
یہ راہ صاف ہی آپ ارادہ کرین ہم اوسی طرف چلتی ہین آپ بھی چلین آپ کو جہاز پر
بحفاظت تمام سوار کردین گی نواب ممدوح بہت خوش ہوی اور مع مخدرات و محلات
و صاحبزادگان و احمال و اثقال فرمان چیری صاحب کی ساتھ کوچ فرمایا بنارس
پہنچکر اعزہ و اقربا کو وہین چھوڑا اور جناب گردون قباب نواب محمد سعید خانصاحب
بہادر اپنی خلف ارشد کو رئیس خانہ فرمان دیکر خود با سامان ضروری براہ کلکتہ ملک
حجاز کیطرف عنان عزیمت اوٹھائی مقدر یاور اور شوق رہبر تھا بہت جلد مع الخیر
ملک حجاز مین نزول اجلال فرمایا اور مکہ معظمہ مین پہنچکر شریف مکہ کی اخلاق سے

مرزا اوٹھایا ایک دن آپ اور شریف دونون حرم شریف مین تشریف لیگئی تھی
کہ ازراہ تکلف شریف فی آپکی نذر مبارک کی ستایش فرمائی اور یہ نذر پاکر بیگم
وہ تھی جو احمد شاہ خلف بزرگ حضرت محمد شاہ بادشاہ دہلی فی بصرف زر خطیر مرصع بجواہر
بیش بہا بنوائی تھی اور جب نواب عرش جناب دختر نیک اختر نواب یعقوب علیخان
بہادر قلعہ دار ارک دہلی و مدار المہام سلطنت کو عقد مین لای تھی خود احمد شاہ فی وہ
نذر برسم خلعت دامادی عطا فرمائی تھی بالجملہ جب شریف مکہ فی اوس نذر کی تعریف
مین زبان برکت بیان کو کھولا نواب عالیجناب فی بمقتضای سنجیدگی طبع اقدس
اس مدحت سرائی کو میزان ہمت مین تولا بلکہ عطا کو گران پایا فوراً نذر کو جسم مبارک سے
اوتار کر شریف کو پہنایا اونہون نے ہر چند قبول مین عذر کیا آپ فی نمانا اس عطا کو
اپنی حق مین من جانب اللہ موہبت عظمی جانا شریف فی قبول فرماکر اپنی جسم مبارک پر جو
چست و درست پاکر دعا کو ہاتھ اوٹھائے اور کہا کہ بالالہام نواب معلی القاب بعزم تسخیر ممالک جدید
قدم اوٹھائین ہر معرکی مین دشمنون پر ظفر پائین یہ دعای شریف ایسی مقبول بارگاہ الہی
ہوی کہ ہر معرکی مین بندگان عالی فتحیاب اور دشمنون کو تباہی ہوی چنانچہ یہ حرف اکثر
آشنای زبان مبارک ہوا کرتا تھا دعای شریف قبل از معرکہ جنگ انگریزی و عسکر نواب
آصف الدولہ ہمین ہاتھ آئی ہوی الغرض نواب عرش جناب فی جب وہان سی معاودت
فرمائی تو دو سو ستر پیادی اور تیس سوار آپکی ہمراہ تھے جن ریاست ہای ہند دکن
مین پہنچے اور قصد اقامت فرمایا وہان کی رئیس بنظر شوکت و سطوت و شاہانہ اولوالعزمی
تھرا گئی اس ضمن مین باتیس مقامون پر آپ کو معرکہ ہای سخت پیش آئی اور اسی جمعیت قلیلہ
سی سب جگہ حریف پر غالب ہوی مگر طبع آسمان سیر فی کہین اقامت مستقلہ پسند نفرمائی
اور بسوی نواح کابل عنان عزیمت اوٹھائی محمد زمان شاہ نبیرہ احمد شاہ سی ملاقات ہوی
بہت دلجوئی و مدارات ہوی شاہ نہایت اخلاق سی پیش آیا بلکہ آپ کی تحریک سی اقوام شکرکہ کا

حد و ہندوستان پر فرمایا لیکن وزرای دولت فی شاہ کو اس قصد سی باز رکھا نواب
عالیجناب فی شکل حصول مقصود کو حجاب ناکامی مین منزوی دیکھکر خطہ کشمیر کیطرف
پای عزیمت بڑہایا اور وہان سے پنجاب کو نہضت فرماکر جمون کی جانب قصد فرمایا
جب نواح کوہ منکوٹ مین پہنچکر دامن کوہ کو نزول اجلال سے مشرف کیا حاکم وہان کا
ایک راجہ تہا آپ کی سواری کا تزک دیکھکر دنگ ہوگیا اور بسمت سیہ زانوی عربی نزاد سوے
خاص پر ایسا شیدا ہوا کہ دل مین اوسکی لینی کا شوق پیدا ہوا کچہ لوگ آپ کی پاس
بہیجی اور اظہار شوق کرکی اوس گہوڑی کو مانگا نواب عالیجناب فی جواب دیا کہ یہ مال تجارت
نہین ہان اگر باہم رسم ملاقات و اتحاد پیدا ہو جای ایک گہوڑا کیا دس گہوڑی بطریق
اتحاف دی ڈالنا کچہ بات نہین راجہ کو جب جواب پہنچا بدطالعی سی شورش بیجا کا ارادہ
ہوا فساد پر آمادہ ہوا کہلا بہیجا کہ جس طریق سے بنی گا یہ گہوڑا ہم لے لینگی نواب عرش جناب
نی یہ حرف جو سنا حالت غضب مین فرمایا کہ ہم کل سوار ہوتے ہین اگر راجہ کو دعوی مردی
مردانگی ہے تو ہمین روک کر مزہ دیکہلے راجہ فی ناعاقبت اندیشی سے تفنگ اندازون کو
دو گروہ کر ہر ایک مین پانچ پانچ سو جانباز تہے سر راہ دونون طرف پہاڑون پر مامور
کیی اور حکم دیا کہ جب یہ نووارد ادہر سے گذرین گہوڑی انہی لیلو اگر بمقابلہ شیر
تو تم بہی تمی نکرو دوسری دن نواب عرش جناب فی اپنی ہمراہیون کو بعنوان آمادگی کارزار
آہستہ فرماکر رکاب عزیمت مین قدم مبارک رکہا دیکہا کہ دشمن دو طرف سی سد راہ ہین
ایک طرف پیادون کو فرمایا کہ تم خبردار دوسری جانب سوارون کو ارشاد ہوا کہ خبردار
ان روباہ خصلتون کو جیتا نہ چہوڑو یہ حکم زبان مبارک سی اشنا ہوتی ہی ہنگامہ پیکار
گرم ہوا ادہر سے تفنگ اندازی شروع ہوئی ادہری بہادران دشمن شکار تلوارین
میان سے کہینچکر شیرون کیطرح جا پڑی دفعتہ یہ حال کر دیا کہ اوس جماعت کی ہاتہ پانون
پہول گئے بندوق بہرنا اور خالی کرنا سب بہول گئے بی اختیار سوی کوہ فرار کیا

نواب قمر کارب فی مع سپاہ ہمراہی تعاقب اختیار کیا سمند فلک سیر کو جو چمکایا
پلک جھپکتی ہی پہاڑکی چوٹی پر نظر آیا اوسدم سوا ضامن شاہ خان ایک ملازم حاضر
کی کوئی ہمراہ نہ پہنچا اوسنی عرض کی کہ فوج مخالف بھاگ چکی ہے اور حضور کی جمعیت
بھی متفرق ہو رہی ہے تعاقب کرنا ایسی وقت مین ضرور نہین عطف عنان فرمانا
مناسب ہی ابھی آپ فی کچھ جواب نہ دیا تھا کہ کسی شریر فی ایک تفنگ لگائی گولی
تلوار پر پڑی یہ دیکھتی ہی شعلہ غضب مشتعل ہوا بی اختیار اوس گریزپا کی طرف عنان گھمائی
شجاعت تو پہلے وہ ماری خوف کی بی تحاشا بھاگا اور ایک دری کی اندر ہو کر نکل گیا
گھوڑی کا گذر وہان ممکن نتھا ضامن شاہ خان فی عرض کی کہ اب حضور اپنے ہمراہیون
مین تشریف لیجائین تعاقب سی ہاتہ اوٹھائین ارشاد ہوا کہ تلوار ہاتہ سی بیکار کر دی ہے
ممکن نہین کہ ہم اسی زمن چھوڑین ہرچند وہ دور نکل گیا تھا مگر نواب عالیجناب فی سوفار
کو زہ سی آشنا کیا اور ایک ناوک جان ستان اوس مفرور کی طرف چھوڑا تیر عدو گیر
چمک سے چھوٹتی ہی سینہ عدو کی پار تھا وہ اجل رسیدہ صیاد قضا کا شکار تھا پہر بندگان
نواب فی اپنی جماعت مین شریک ہو کر پای نہضت آگی بڑہایا اسی طرح رجواڑون مین
ظفریاب ہوتی ہوی نادون مین پہنچے راجہ سنسار چند وہان کا حاکم اور عمدہ تیرون مین
دیار مین سے تھا اور قلعہ کوٹ کانگڑا اوسی کی زیر حکومت تھا اور بائیس راجگان
فی شوکت اوسی خراج دیتی تھے اوس سی ملاقات ہوی وہ راجہ بہت اخلاق سی پیش آیا
تعظیم و تکریم کی مراسم اچھی طرح بجالایا اتفاقاً اوسی زمانی مین نیپال کی راجہ فی لشکر عظیم
نادون پر بہیجا اور چاہا کہ اس ملک کو اپنی تصرف مین لائی راجہ فی ارادہ کیا کہ نواب سی
رخصت کر کی خود حریف کی مقابلی کو جاون آپ فی ارشاد فرمایا کہ یہ کسی طرح نہین ہو سکتا
کہ ہم ایسی وقت مین تمکو چھوڑ کر چلے جائین تم قلعی مین ٹہیرو اپنی فوج ہماری ہمراہ کر دو تو
معرکہ آرائی کا تماشا دکھائین نواب عرش جناب فی نہایت جرات و شجاعت سی گورکھا کے

لشکر کو وہان سی بہگایا اور شورش مٹاکر راجہ نادون کو اپنی شجاعت اور سرداری کا
شیفتہ بنایا پھر نواب عرش جناب بی ہرچند چاہا کہ وہان سی نقل وحرکت فرماین
کسی اور طرف کو جائین مگر راجہ نی اجازت ندی اور نہایت تضرع وزاری کرتا رہا ناچار
وہین اقامت فرمائی مخفی نرہی کہ نواب عالیجناب علاوہ ان معرکہ آرائیون اور ولولہ انگیز
کی اور بہت ایسی خصائص کہتی تہے کہ اونکو سنکر آدمی کی ہوش اوڑتی ہین شجاعت
آپکی ذات عالی پر ختم تھی ایک حکایت بطور مثال جو انتہای جرات پر دال ہے یہان لکھی
جاتی ہے کہ ایک بار کوہستان مین ایک قلعہ لڑ رہا تہا اور آپ اوس قلعی کی قریب
پہاڑ پر ظہر کی نماز پڑہتی تہے سنن اولی پڑہنی مین دو تین گولی سجدی کی مقام سی ہاتہ دہانہ
کی فاصلی پر گری مگر آپ بی اندیشہ اوسی طرح نماز پڑہا کیے جب چارون رکعتین سنتون
کی پڑہکر سلام پہیرا فراغت سی فرمایا کہ مصلی اوس جگہ بچہا دی جس جگہ گولا پڑا کہاتا ہی
جب اوسنی بچہا دیا فرائض ظہر اوس مقام پر ادا کیی تین چار گولی حالت ادای فرض مین
سجدہ گاہ سی اوسی فاصلی پر ہٹ کر اوتری جب آپ فرض پڑہ چکی مصلی اوس جگہ بچہوایا
جہان اب گولا پڑتا تہا اور سنن اخیرہ ظہر وہان پڑہے ادہر آپ فی بکیسر تحریمہ کہی اودہر گولا
محل سجدہ سی اور ہاتہ بھر فاصلی پر کرنی لگا جب آپ سلام پہیر چکی لوگونسی کہا کہ جب تک
آدمی کی موت نہین ہوتی ہزار طرح چاہے رویان میلا نہین ہوتا دیکہو مینی ہرچند چاہا
کہ نماز مین رتبہ شہادت پاؤن مگر کچہ نہوا پہلوانی اور شہزوری مین آپ کا نظیر نتہا
ایک حلوان کا دم بخت جسمین سیر بھر بادام وکشمش وغیرہ میوہ ہوتا تہا اور مطعومات کے
علاوہ نوش فرماتی تہے تیر ایسا خوب لگاتی تہے کہ اچہی اچہی نشانہ اندازون کو
ہدف سہام ملامت بناتی تہے علم حساب مین ایسی دستگاہ تھی کہ بڑی بڑی محاسب
آپ کی سامنی کسی حساب مین نتہی خلاصۃ الحساب تمام حفظ تھی اور اوسکی جملہ اعمال پر
بخوبی قدرت تھی قطبی میزنک تحصیل کتب درسیہ کا اتفاق ہوا تہا پھر مہمات عظیمہ سی فرصت

۱۳۲۹ بنیانی گیارہ سو[۶] چھتر ہجری سال ولادت ہی تر[۷] سیہ[۸] برسکی عمر مین پنجشنبہ کو جمادی الآخر کی چھٹی تاریخ بارہ[۹] اڑہستی[۱۰] ہجری مین مفلوج ہوکر اس دار فانی سی دار باقی کیطرف رحلت فرمائی نادون[۱۱] مین مزار پر انوار ہی مقبرہ عالیشان طیار ہی مرزا مکھو عرف کرم خان نی تاریخ رحلت مجبور[۱۲] کی ہی وہ اس جگہ لکھی جاتی ہی

قطعۂ تاریخ

زدنیا سوی خلد رحلت نمود	بچو نواب حاجی بیت الحرام
ریاض جنان گشت آرامگاہ	بسالش خرد گفت رضوان مقام

ذکر خیر نواب احمد علیخان صاحب بہادر متخلص بخلف الصدق نواب محمد علیخان[۱۳] بہادر

ابن جناب مستطاب نواب محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر عرش منزل انار اللہ برہانھم واضح ہو کہ جب نواب آصف الدولہ بہادر لال ڈانگ سی معاودت کرکی دار الریاسۃ لکھنؤ مین آی اور اموال کثیر اور زر خطیر مخزونۂ ریاست لیکر چلا گیا روپی کا خراجی ملک اپنی حمالک محروسہ مین شامل کرلیا اور عہد نامہ جدید مشتملبر شرائط متعددہ تحریر کردیا اور نواب احمد علیخان بہادر کو کہ نہ سالہ تھی مسند ریاست پر بٹھایا۔ نواب محمد نصر اللہ خان بہادر سلطان ابن نواب عبد اللہ خان صاحب بہادر کو جنکا ذکر حرف سین مہلکہ تخصیل آی گا نائب ریاست مقرر فرمایا جمادی الاولی کی پانچوین[۵] تاریخ بارہ[۱۲] سو نو[۹] ہجری سے کہ زمانہ ابتدای انتظار ریاست ہی شوال کی چھبیسوین[۲۶] تاریخ بارہ[۱۲] سو چھبیس[۲۶] ہجری تک کہ زمانہ رحلت ہی پندرہ[۱۵] برس پانچ مہینے اکیس[۲۱] دن نائب موصوف فی نیابت کا کام کیا اور مہمات مالی و ملکی کو سرانجام دیا آپ کی انتقال کی بعد رئیس ممدوح فی کرادش[۲۵] پنجمین[۵] برس کی تھی اختیار کامل پایا ان کی رئیس ہوتی ہی بدنظمی ایک سی ہزار ہوگئی سرکشی اور خانہ جنگی کے چار طرف پکار ہوگئی علت افزایش آشوب کی یہ تھی کہ نواب ممدوح کو خاندان مین سوا اولاد صاحبزادہ مصطفی خان کی اور سرداروں مین سوا دلیر خان کمال رئیس کی سب سی عداوت

گلی تھی جانتی تھے کہ جملہ اہل خاندان اور تمام افسر وارکان فی اتفاق کرکی سیری باپ کو
مار ڈالا اور یہ سب نواب غلام محمد خان بہادر سی ملی ہوی تھی جب دورا ختیار آیا مقصود
یہ ہوا کہ ان سب سی اوسکا بدلا لیجیی اور تمام شہر ورو سای شہر کو خراب کر دیجیی سپاہگری کا
شوق تھا گولی خوب لگاتی تھے نشانہ اچھا اڑاتی تھے بیشتر جنگلون مین معروف
سیر وشکار رہتی تھے کاروبار ریاست مختار رہتی تھے اور جب دارالریاست
مین آتی تھے تو رات بھر رقص وسرود عیش وطرب میکشی ولہو لعب مین جاگتی تھے
اور دن بھر سوتی تھے نظم ونسق ریاست سی مطلق سروکار نہتا ہزار ہا آدمی گھر چھوڑکر
ٹونک وغیرہ اور ریاستونکو چلی گئی نواب امیر خان کی نوکری کرلی روز بروز ملک ویران
شہر برباد گھر گھر خانہ جنگیان گلی گلی فتنہ وفساد عجب حال تھا کہ ہر شخص کو جینا وبال تھا
طرفہ یہ ہوا کہ اوسی زمانی مین ایک قحط سخت واقع ہوا اور اس شہر مین چونکہ کوئی کسیکا
خبر لینی والا نہتا محتاجون کی جانین بھوک سی تڑپ تڑپ کر نکلتی تھین ہر روز صبح کو دکانون
مین پندرہ بیس بیس لاشین پڑی ہوی ملتے تھین جزئیات وقایع اگر لکھے
جائین تو بہت طول ہو جای لہذا دو واقعہ عظیمہ لکھے جاتی ہین ایک تو یہ کہ دولت کے
سامنی بارودخانہ تھا جمادی الآخرہ کی ساتوین تاریخ بارہ سو اکتالیس ہجری مین چارشنبہ کو
چار گھڑی دن رہی نوبت بج رہی تھی کہ دفعۃً بارود مین آگ لگ گئی اور ایسا صدمہ عظیم ہوا
کہ العظمۃ للہ کتنی آدمی تو وہین جل بھن کر کباب ہوگئی اور کتنی مکانات مستحکم شق ہو ہو کر خراب
ہوگئی غرباکی بہت سی مکان گر پڑی اور بعض مکانون کی کڑیان تختی اوڑ اوڑکر دور دور
جا پڑی کہ اوسکی چوٹون سے صدہا آدمیون کو صدمہ پہنچا زخمیون کا تو شمار نہین چوسٹھ
آدمی جان سے ہلاک ہوگئی بارود کی شعلی سے جلکر خاک ہوگئی دوسرا واقعہ یہ ہوا
کہ نواب صدوح بہت دنون سے مستسقی تھے آخر آخر سرسام ملغمی مین جی الشیر غس
کھتی ہین مبتلا ہوی اور تا انتقال بیہوشی طاری رہی اوسی حالت بیہوشی مین زنان محل

فی عجب اشتعلا اوٹھایا طرفہ فتنہ جگایا یعنی ایکدن قمر اولون سی کہلا بھیجا کہ جلد
کبوتر شکار کرکی لاو نوابصاحب شوربانوش فرمائین گی بعد اسکی جمادی الاولی کی
تیئیسوین[۲۳] تاریخ جمعے کی دن یہ ظاہر کیا کہ نوابصاحب فی شوربانوش فرمایا اور طبیعت
بحال ہوی افسران فوج سے فرمایا ہے کہ جلد جاوراہی ہو کل سنگہ فی مہم جاوگے
اوس نمک حرام کا سرکاٹ لاوے کا رندہ اوس زمانی مین ختار کل تہا اور سنگہ
اور سرکشون پر سیاست کیا کرتا تہا لوگ اوس سے آزردہ خاطر تہی یکبرد صدور حکم جیلی
اوڑہ دوڑی اور اوسی گہیر لیا اوسکی ہراہیون سے تلوار چلی تریسٹہ[۶۳] آدمی بیگناہ ماری گئی
اور وہ بھی قتل ہوا حال آنکہ نواب کے اوس بیہوشی مین بالکل خبر نتہے وہ دیکھ جمعہ اور دوسرا
دن شنبہ کا گذرکی جو شب یکشنبہ آئی پہر رات رہی نواب نے رحلت فرمائی قریب شہر ایک
موضع ہے نانکارو ہان مزار پہلے سے تیار تہا ہم پہلو سیان حسن شاہ صاحب
قادری اپنی مرشد کی دفن ہوی جمادی الاولے کی چھبیسوین[۲۶] تاریخ بارہ سو چھپن[۱۲۵۶] ہجری
کہ چھبیسوین جولائی اٹھارہ سو چالیس[۱۸۴۰] عیسوی سے مطابق ہی زمانہ ارتحال سے
اور مدت ریاست سینتالیس برس اور مدت عمر تخمینہ پچپن[۵۵] سال ہی کبھی کبھی کچھ
موزون بھی کرتے تہے کچھ شعر ملے وہ لکہی گئے

رختیہ

ساقی و مطرب و شراب ہی آج — خانہ تو بہ بس خراب ہے آج
سیر کو جب چمن کی جاتا ہے — باغ پھولا نہین سماتا ہے
مہر ہو یا کہ ہو وفا تیرے — رند اسی سی کوئی جاتا ہے

قطعہ

حشر کو جب حساب مانگین گے — الامان شیخ و شاب مانگین گی
اپنی ساقی لا اُبا لے سے — رند وہان بھی شراب مانگین گی

ذکر خبر مرکز دائرہ عدل و داد و اسطۂ نظم گوہر ایجاد مبدع قوانین
نظم ماحی نقوش ظلم داد بخش و جہان آرای رستم رخش و افلاطون رای
جمجاہ انجم سپاہ جناب مستطاب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر
جنت آرامگاہ خلف الصدق امام سبحہ مراتب جاہ و جلال پیشوای جماعت ارباب
دولت و اقبال جناب فلک قباب نواب غلام محمد خان صاحب بہادر انار اللہ برہانہما
اہل بصیرت آگاہ ہون کہ جس وقتی حضرت علیین آشیان یعنی آپکی پدر بزرگوار جنت نشین
کی طرف نہضت فرما ہوی آپ چندی بنارس مین رونق افزا رہی اور چندی شہر لکھنؤ مین
باعزاز تمام جلوہ فرما رہی اپنی مقدمی مین پیروی کی واسطی دارالامارۃ کلکتہ کی سفر کا
اتفاق ہوا یہان تک کہ نام نامی آپکا شہرہ آفاق ہوا اسکے کارفیض آثار انگلسیہ پر جوہر
قابلیت آپکا بوجہ احسن ظاہر ہوگیا حکام مین ہر ایک آپکی استحقاق منصب ریاست
سی ماہر ہوگیا جب نواب احمد علیخان بہادر فی وفات پائی آپ بدایون مین تشریف رکھتی
تہی حسب منظوری سرکار انگلسیہ اس دارالریاسۃ مین تشریف لای اور بجادی الآخرہ کی
اکیسوین تاریخ بارہ سو چھپن ہجری اگست کی بیسوین اٹھارہ سو چالیس عیسوی بیخ چپہ کو مسند آرا ہوی اور
زمامین اصول اس ریاست کی بالکل برباد اور لوگ نہایت بہنگ و سرکش سراپا شرارت و فساد تھی آپنی اپنی ای
تکیمانہ سے ایسی ضوابط اور قواعد ایجاد فرمای کہ روز بروز خرابیان کمتی گئین فتنہ
مٹتی گئے رعایا آباد خلق خدا شاد فوج آراستہ سپاہ پیراستہ ہوگئی تمام شہر خام تہا اکثر
عمارتین پختہ بنگئین لگی اور کمیس اوڑہنی کا رواج تہا اس عہد مین رومال دوشالی اوڑہنی لگے
شہر مین فسقہ گرابنہا کا نام نتہا آپکی حسن انتظام سے اجناس بیش بہاسی بازار پٹ گیا عدالت
نہ دیوانی تہی نہ فوجداری آپ فی محکمی مقرر فرمای مقدمات بضوابط عقلیہ ترتیب پانی لگے
اور احکام اخیرہ مین قواعد شرعیہ عدل و داد کی رونق بڑہانی لگی ریاست کی سب کارخانی
رونق پرآی ملک مقدد ویران ہوگیا تہا کہ جس سال آپ مسند نشین ہوی تہی کل سالہا جملی لاکہ

روپی کی کفالت ہوی تھی اُنکی حسن انتظام سے روز بروز آبادی بڑھتی گئی حاصل ملک ہر سال
افزون ہوتا گیا ارباب ہنر اور اہل جوہر فی قدر شناسی سی مراتب امتیاز پای رفتہ رفتہ
یہ ریاست حسن انتظام سے سلک گہر ہوگئی فیض اصابت رای عالم آرای تمام ہندوستان مین
نامور ہوگئی صفات کمال آپ کی حصر سے باہر ہین شجاعت وحسن تدبیر دونون کا پایہ حد سے
بڑہا ہوا تہا چورنگ آپ خوب کہاتی تہے طب مین ایسی اچہی مداخلت تھی کہ مریض کے
صورت دیکہکر مرض کو تشخیص فرماتی تہی حکیم مرزا محمد علیصاحب لکھنوی سی تلمذ تہا نثر عالی
طرب لکھتی تہے مرزا قتیل صاحب سی اس فن مین مشورہ تہا کتابین درسیہ قطبی میر زاہد
تہین مگر زکادت کی سبب سی یہ معلوم ہوتا تہا کہ جملہ کتب درسیہ پر عبور ہی بارہ سو اجہری مین جب
بیسوین تاریخ کہ سی کی اوگنیسوین سترہ چوبیسی عیسوی سی مطابق تہی صبی کو پہر دن رہی آپکی ولادت
پندرہ برس اکیس دن آپ سند آرا رہی پہر مسلول ہوکر دوشنبہ کو چار گہڑی دن چڑہی جب کی تیرہوین
تاریخ بارہ سو اکہتر ہجری مین کہ یکم اپریل اٹہارہ سو پچپن عیسوی سی مطابق تہی کمتر برس کی عمر پاکر دنیا کہ مطلق فرمای

ذکر خیر حسن آرای لوح تبان دولت واقبال بہادر پیری گلستان جاہ وجلال فرید الآفاق
حمید الاخلاق عالیخطاب جوزارکاب جناب نواب محمد یوسف علیخانصاحب بہادر
فرزند دلپذیر دولت انگلیسیہ فردوس مکان ناظم تخلص ابن جناب مستطاب بلال کاکب
نواب محمد سعید خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ طاب ثراہما واضح ہو کہ رجب کی تیرہوین
تاریخ بارہ سو اکہتر ہجری مین حضرت فی صدر ریاست پر جلوس فرمایا اور جلوس سے
دو برس دو مہینی کی بعد رمضان کی چودہوین بارہ سو ستر ہجری نوین مئی اٹہارہ سو ستاون عیسوی مین
ایک واقعہ عظیم آشوب غدر کا پیش آیا کہ تمام فوج سرکار انگلیسیہ باغی ہوکر ملک
کو برباد اور کل ریاستہای محفوظہ کو پامال فتن وفساد کرنے لگی اوس آشوب مین
حضرت فردوس مکان کی رای حکمت پیرانی کیا کام فرمایا کہ نہ اس ریاست کی
رعایا پر کوئی مصیبت آئی نہ یہان کی ملازمین وتوسلین فی کسیطح کی تکلیف اوٹہائی

حکام انگریزی جسقدر کوہ نینی تال پر یقیم تھے باغیون کی شہ سی محفوظ رہی اور انکی
سعی جمیل سے محفوظ رہی ضلع مراد آباد بھی آپ کی تفویض ہوکر ظل حمایت مین آباد
اور وہان کی رعایا مین بھی ہرشخص مامون و دلشاد رہا بلکہ ممالک نزدیک و دور سے
ہزارہا آدمیون نے یہان آکر پناہ لی اور اس دارالامن مین اونکو بھی کال آسائش
ہوی بعد رفع ہوجانی اوس فتنہ و فساد کی سرکار فیض آثار کی طرف سی ایک لاکھ
ساڑی اٹھائیس ہزار کا ملک عطا ہوا اور تمغای ستارہ ہند جسی بسٹار آف انڈیا
کہتی ہین ملا خطاب عالی مین ملکہ معظمہ کیطرف سی لفظ فرزند دلپذیر بڑہا اور دو ضرب
توپ سلامی مین بڑہین پھر آپ کا نام نامی دارالامارہ کلکتہ کی کونسل مین مندرج ہوا مگر
آپ وہان تشریف فرما ہوکر وہ ایک جلسون مین شریک ہوی تہی کہ آب و ہوا کی ناموافقت
سی برضای حکام عالیمقام جلد دارالریاستہ کو معاودت فرمائی حضرت کو علوم شرقیہ
کی طرف ہمیشہ سی رغبت تہی کاملون سی صحبت تہی علوم عقلیہ مین بڑی صاحب دستگاہ فنون
منطق و حکمت سی خوب آگاہ سلم و زاہدین تک تحصیل فنون متداولہ مین تکمیل پستول لکانے
مین ہاتہ ایسا سچا تہا کہ دیکہا نہ سنا خوش بیانی مین فرد کامل تہی جملہ کمالات مین جوہر قابل
تہی طبیعت ازل سی موزون پائی تہی سخنگوئی کا ذوق اردو شعر فرمانیکا شوق تہا
پہلی مومن خانصاحب دہلوی سے مشورہ رہا پھر مرزا اسد اللہ خان غالب سی تلمذ ہوا
آخر آخر بوضع اوستادان لکھنو موزون فرمانی لگی منشی مظفر علیصاحب کو جو آج لکھنو مین
سحبان عصر بیانی دہر ہین کلام دکھانی لگے پایہ شاعری کو ایسا بلند کیا کہ روح القدس نے
بھی پسند کیا دو بار آپکی نتایج افکار مطبع حسنی رائپور مین طبع ہوی ہین اول مرتبہ دیوان مختصر
جو صرف مرزا اسد اللہ خان غالب کا دیکہا ہوا تہا چہپا ہے اور دوسری مرتبہ دیوان کلام
جو منشی مظفر علیصاحب اسیر کی نظر سے گذرا ہوا تہا کلام اولین مین شریک ہوکر طبع
ہوا ہے اوس سب کا انتخاب اس تذکری مین شامل کیا یعنی غزلون کی علاوہ قطعات

وواسوخت ورباعیات ومسدسات ومخمسات سی کچھ داخل کیا گیا ۔ اس سے پیشتر گیارہ برس تخت ریاست پر جلوہ گر رہی مروت وفتوت حلم ووقار مین نامور رہی پھر مرض سرطان مین مبتلا ہوکر ماہ ذیقعدہ کی چوبیسوین تاریخ بارہ سو اکاسی ہجری کی انیسوین اپریل اٹھارہ سو پینسٹھ عیسوی مین جمعہ کے دن نصف النہار کی وقت کو سن حلت بجایا پچاس برس آٹھ مہینے پچیس دن کی عمر شریف ہوئی پھر غمان یکران ہمت کو سوی عالم بقا اوٹھایا سوتی مسجد کی قریب امام باڑی مین حسب وصیت مزار جنت آرامگاہ کی پایین آرام فرمایا یکلام مخزن نظام ہی جو نوکر یزکلک عنبر فام ہے

قصیدہ در منقبت

خالق نی بنایا ہی مجھے علم مجسم		قرآن ہے مرا دل تو مرا سینہ ہی تفسیر
واشمس کا ہی نور ہر اک حرف سی روشن		ہر نقطی مین ہے آیہ والنجم کی تنویر
کلک دو زبان ہاتہ مین تیغ دو زبان ہے		آسان مجھی ملک معانی کی ہی تسخیر
کھولینگی زبان خاک سخندان مری آگی		ہی بلبل شیراز یہان بلبل تصویر
گر بحث کری مجھسی کبھی طوطی آمل		موج عرق شرم کا حلقہ ہو گلوگیر
ہی نقش مری صفحہ خاطر پہ ازل سی		جو خامہ قدرت نی کیا لوح پہ تحریر
ہون قید تعلق مین تعلی سی بری مین		سدرہ آواز کوئی ہوتی ہی تحقیر
باطل نہین حق ہی جو کرون دعوی فان		دو شاہد عادل ہین مری شعر و شعیر

اشعار غزل ہا

طول شب ہجر جانتا ہون		مرنا مجھے لاکہ بار ہوگا
ہرگز نہ اوٹھونگا حشر کو بے		اوس کو سچے مین گر مزار ہوگا
کہین اون سے کبھی کہا ہوگا	ق	کہ مرا تمپہ دل نثار ہوا
کل جو کچہ دل کی بیقراری کا		تذکرہ اون سے ایکبار ہوا
ہنس کی کہنے لگی کہ کیون صاحب		دل کہان تہا جو بیقرار ہوا

بیداد وسی تو بہ اد نہین کرتی ہی بن آئی
جب بعد مری کوئی نہ مجسا نظر آیا

ہوتی دیا نہ شادیہ دن پھر کہان مجھی
ہی ہی نہین رقیب کی مرنیکا غم ہوا

ہی کچھ افتادگی ایسی کہ اگر مین بسمل
فتنہ ہوتا تو فلک مجکو نہ برپا کرتا

خاص مہمان مونسین سب ہین طفیلی ناظم
مین نہوتا تو خدا غم کو نہ پیدا کرتا

ہمسی تو تری کوچی مین نقش قدم اچھا
اس روسی کہ جتنک نہین مٹنا نہین اچھا

ولکی لینی مین یہ قدرت اوسی اللہ دی وی
جسکو مٹی کی کہلونی پہ مچلتی دیکھا

کرکی خون ایک کا جا میٹھی ہین گھر مین اوسکے
پوچھتی ہین کہ مری در پہ ہی غوغا کیسا

بس ای حریص قتل کہ اب ہو گیا ہی تنگ
ارواح کی ہجوم سی عالم مثال کا

آبرو کیا پیرہن جب بی گریبان رہگیا
باری آنسو پچھ گئے میری کہ دامان رہگیا

نہ کبھی کوئی خط آیا نہ پیام یار آیا
مگر اک جواب اولٹا کہ ہزار بار آیا

مجھی کرچہ اپنی درسی وہ فریب دیگی نالین
یہ خوشی بھی کم نہین ہی کہ امید وار آیا

ناظم وفای وعدہ کی امید ہی کسی
مرنا بھی اس فریب مین دشوار ہو گیا

ہے لڑائی اتبو آؤ سانے
صلح مین ہمسے بہت پردا کیا

لڑ تو آیا اوس سی لیکن ہمنشین
دل مین کہتا ہون کہ ناظم کیا کیا

میری نالون سی مشبک چرخ سارا ہو گیا
اوس طرف تھی روشنی ہر رخنہ تارا ہو گیا

ہمنشین خستگی دل کا ہوا غم تجکو
یہ نہ کہا کہ مری دل مین ہی پیکان کسکا

ہوتی ہی درد دل کا بیان اوٹہ کہڑی ہی
یعنی یہ ایسی ہین کہ نہ انسی سنا گیا

شرمندہ ہوی پر کہین ضد اور نہ بڑہ جاے
عہد اوسکا اوسی یاد دلانا نہین اچھا

اوس سی یہ امید وفا واہ واہ
خیر ہے ناظم تمہین کیا ہو گیا

ہوا تہا خوش کرمین اچہا رہا اب شک آتا ہے
کہ مٹا ہی پتا تربت ہی میری کوی قاتل کا

ستم مین شہرہ جو وہ آفت زمانہ ہوا
فلک کو عذر ستم کے لیی بہانہ ہوا

زیب کعبہ ذات تھی جسکی جہان سی اوگیا
اسلیئے ناظم سیہ جامہ ہی مذہب کا

وہان وہ کہتی ہین کہ بارشمین ہم آئینگے ضرور
یہان یہ عالم ہی کہ تھا نہین نسوانیا

کرتی ہین ایک غدر نیا ہر ستم کی بعد
گریون ہی ہی تو قاعدہ اچھا ٹھہر گیا

ای لالہ تو فی ہو کے نمودار کیا کیا
فی عارض نگار نہ میرا جگر ہوا

فی سبحہ ہاتہ مین ہی نہ زنار دوش پر
ناظم نہ تو اد ہر نہ اود ہر پھر کدہر ہوا

کچھ غم نہین ہی صاف مجھی گر دیا جواب
کیا کم ہے یہ خوشی کہ دیا بات کا جواب

ہی شب وصل نہو کاش سحر آج کی رات
عمر ساری مری ہو جای بسر آجکی رات

زمین پہ گر کی نہین ہوتی ہی شراب طہور
کہ تیر خاک ہین رندان بادہ خوار بہت

وہ شوخ سچ ہی کہ عیار پیشہ ہی ناظم
پر اپنی کام مین ہین ہم بھی ہوشیار بہت

وہی ستم ہو وہی خنجر ہی پر انصاف گرو
ہاتہ پر ہاتہ دہری بیٹھی ہو کیا میری بعد

مرہی جنون کہ سب آیا ہی سامنی فضا
لہو کی جوش سی رگ جا پڑی ہی شتر پر

سنبھال واعظ زبان اپنی خدا سی ڈر اک ذرا
بتون کی عیبت خدا کی گہر مین خدا کر جھکر

کیہ نہ بن آئی تو کہنے لگی اچھا ناظم
یاد رکھنا یہ ہمارا بھی ستانا شب وصل

فسانہ ستم ہجر ہے سوال نہین
ندو جواب سنی جا و کچھ ملال نہین

وفا شعاری ناظم یقین نہین تجھی
یہ کون شخص ہی اسکا بھی کچھ خیال نہین

لجاتی ہین تو کہتی ہین اچھی طرح تو ہو
گویا ہماری جی مین کچھ ارمان ہی نہین

یمن جانتا ہون میری فغانسی اوڑی ہی نیند
وہان جاگتی ہین غیر کی وہ انتظار مین

معشوق کسکی بس کی ہین ناظم خدا سی ڈر
میرا ہی دل ہو کاش مری اختیار مین

وہ سنکر درد دل کہتی ہین پھر مین کیا کرون ناظم
خلاصہ آپ کی تقصیر کا یہ ہی کہ مرتی ہے

اجل کو جان کیون کہ دون یہ حق باد صبا کا ہے
کہ پہنچاتی رہی ہی کاکل مشکین کی بو برسون

تمسا ناظم ذہین اور دانا
اسی طرح مبتلای الفت ہو

اک مزہ البتہ ملتا ہی سو وہ بھی مشترک
بوسہ کیا شی ہی کہ جسکی دینی ہین مکرر آرزو

وہ اداسی محفل سی ناظم مجکو آتا دیکھکر
اور ہین سمجھا کہ اوٹھتی ہین مری تعظیم کو

وفا کی سہنے اور تمنے جفا کی
تم اپنی ہم بری قدرت خدا کی

ملائک کہ رہی ہین باہم آہین
یہ کس مظلوم نے جلکر دعا کی

نہوتی تیری ترکان سی علاوہ
اگر ہوتے کوئی صورت قضا کی

کل کہا میں کہ او نامہربان
آدمی کو آدمی سے کام ہے

دیکھ تو کب سی یہ تیرا درد مند
عشق ہین رسوای خاص و عام ہے

جانتا ہے تو بھی آیا یا نہین
کوئی تیرا عاشق ناکام ہے

سنکی ساری داستان بولی کہان
آپکا یوسف علیخان نام ہے

فرہاد بوس پیشہ نی بہی ذی تو سہی جان
پر شیوہ ارباب وفا اور ہی کچہ ہی

میرا اونکا معاملہ ناظم
کچہ جدا جنگ و آشتی سی ہی

کہوتی ہی بیقراری دل آہ کا اثر
تو ری وہ تیر کیا جو چٹی اضطراب سے

ای بی سبب کشندۂ خلق آفرین تجھے
کیا خوش ہوا بنا کی جہان آفرین تجھے

از غزل دوبحرین

تم نہ گہبراو نہ تہمت سی دو
روز مرجانی کی عادت ہی سہی

اپنی گہبرہی او نکو نہ بلاؤ ناظم
بند عشق ہوی تم تو حکومت کیسی

حشر کو کہینچون ترا دامن بہلا کہینچون تو
وہان بہی ہنجلا کر کہی یوسف علیخان ہو پڑی

قاضی کی منہ پہ ماری ہی بوتل شراب کی
یہ عمر بھر مین ایک ہوی تو ثواب کی

پردی مین کر رہی ہو یہ کیا ان ترا نیان
بیٹھو تو آکی دیکھنے والون کی سامنے

بچ گیا مین حشر کی دن پر نہ پوچہو اسکی وجہ
جو سزا دیکھی وہ کم نکلی مری تقصیر سے

ظلم وہ کچہ اور پہر یہ عذر بدتر از گناہ
کہتی ہین مجبور ہون ناظم تری تقدیر سے

جان دی گو تڑپ کی پر تسکو اک تماشا دکھا دیا مینے +
الفت بری بلا ہی کہ ناظم ہا ین تمنیے کرنی پڑی رقیب کی بہی التجا مجھی
رو کو تو سہی اب مجھی لو حضرت ناصح لینا ہی نہا نام کسیکا مری آگی
جنت مین شہد و شیر گل و میوہ ہی تو ہو ناظم خوشی تو یہ ہی کہ وہان مے حلال ہو
پڑہتا ہے شراب پی کی لاحول ناظم رندون مین پارسا ہے
منسے نہو مواخذہ یہ اور بات ہے پر کیا کہو گی ظلم کی پرسش اگر ہوئی
شبہای ہجر مین کہین اسکا پتا نتہا پھر کیون شب وصال کی ناظم سحر ہوئی
عبث ہی خوف شکایت بس آگی مدعا رہی ہین یاد ستمہای بیشمار تیرے
ملا ہی یکدی کا در کہلا ہوا ناظم پھر اور کہتے ہین تائید کردگار کسی
ہوا گر نامہ بر وہان قتل ہم کیون غم کرین ناظم چلو ہاتہ آئی اک تقریب اور تو ہم ہین جانی کی

مخمس

ہم حکم شریعت کی بہی منکر نہین ناظم ہم روز قیامت کی بہی منکر نہین ناظم
ہم دوزخ و جنت کی بہی منکر نہین ناظم ہم زہد و عبادت کی بہی منکر نہین ناظم

پر قاعدہ فقر و فنا اور ہی کچہ ہی

مخمس

در صنعت عاشق شدن معشوق

ماہ کہتا تہا قسم جسکے رخ پر نور کی دیکہکر جسکو جہپک جاتی تہین انکہین حور کی
لن ترانی گفتگو تہی جس بت مغرور کی جلوہ رخسار جسکا تہا تجلی طور کی

شکل موسی آج وہ خود طالب دیدار ہے

مخمس

برا کوی ہی تو اپکو ہے بدی سیکی نہ کیا خلاف تہذیب ہین یہ باتین

سیکو اگر دن ہی سنہ دکھانا نہ اسقدر ہجکا کر | سنبھال واعظ زبان اپنی خدا دی اک ذرا حیا کر

بتو نکی غیبت خدا کی گھر مین خدا خدا کر

تو کبھی انکی کاو مین ہین انکی کبھی کاو مین ہین | ستم کی غمزی بلا کی چالین غضب کے ہر دم سجاو مین ہین
انکی نہین کمتی ہین یہ فر عجیب انکی گاو مین ہین | بتون سی امید خدا بچای قیامت انکی بناو مین ہین

بگاڑ دین سیکڑون کو ظالم کریں جو باتین بنا بنا کر

کہان وہ انداز ناز جانا کہان وہ چشم و نگاہ دلبر | کہان وہ اب عطر بیز چوٹی کہان وہ آگیں سمور
خیال عیش وصال اوسکا کمال کہتا ہی دل کو ناظم | جو یاد آتا ہی مجکو ناظم تو لوٹ جاتا ہی سانپ لیکر

بلائین لینی کو منع کرنا وہ اونکا انکھین جھکا جھکا کر

سلام

جسدن سی تشنہ کام ہوی شاہ دین شہید | چشمہ پر آب نام ہی کوثر کی جام کا
بی آب و دانہ لڑتی ہین مژگان عنبرین | تلوار کیا ہلال ہی ماہ صیام کا
کل روپ اور دیکھیگا کائنات کا | روز شمار دن ہی شہادت کی رات کا
اندوہ قطع شانہ عباس کیا لکھون | شکل پڑا ہے ربط ہم سنہ وات کا
وہ شاہ تشنہ کام کہ جسکی لبی سنور | ساحل سی سر چکتا ہی پانی فرات کا
کیا قتل کی اپنی تن بی سر کہی رودا | جھٹک دہن زخم مین پیدا نہ زبان ہو
ای اہل شام تمکو خوف خدا نہ آیا | پرچم کیا علم کا کس زلف عنبرین کو
لو سیدہ صور اسرافیل کو بھی پھونک دینا تھا | بجا تھا نفخ کا جب شام کی شکر مین نفاق
صف چیرتی شہ مثل نظر جاتی ہین تنہا | گو جمع ہان صف مژگان ہین ہزارون کو

ترکیب بند

ساقیا انجمن دہر ہی عبرت کا مقام | دل پر خون ہی یہان جام شراب گلفام
شکلون سے مزاج فلک مینا ئی | طرفہ نیرنگ دکھاتا ہی طلسم ایام

صبح کو اور ہی کچھ رنگ جہان شام کو اور
طبع خوبان کی طرح رنگ بدلتا ہی رہا

ایک کو ایک طرح پر نہین اک نقطہ قرار
چین بلبل کو نہ اس باغ مین گل کو آرام

شاہد اس قول پہ ہی رنگ حسینان جہان
کہ نظر آتی ہین وہ خار جو ہی گل انہ آم

پیٹھ پیری کی ہین نہ وہ گھاتین نہ جھنجی کی باتین
نہ کسی سی وہ بگڑنا نہ کسی سے پرالزام

نہ کنائی نہ اشاری نہ وہ چتون نہ وہ آنکھ
رسم و راہ اب وہ کسی سی نہ وہ پیغام و سلام

نہ وہ غمزی نہ وہ عشوی نہ وہ عالم نہ وہ پرت
نہ وہ گرمی کی ادائین نہ وہ شوخی کی کلام

زیب و زینت سی تھی جنکو گھڑی بھر فرصت
اب نہ مطلب و نہین لاکھی سنی سی ہی کام

زلف کی دام مین کرتی تھی جو عشاق کو شکار
خود وہ صیاد ہین نخچیر کمیوں رتہ دام

وہ تہ خاک بلاون مین سراسر ہین اثر
کنگھی چوٹی مین گرفتار جو رہتی تھی مدام

کوئی سنتا نہین آواز اونکی افسوس
جو نہ اغماض سی سنتی تھی سیحا کا کلام

خواب مین بھی نظر آتی نہین اونکی صورت
دل مین گہر انکھون مین ہین جو رشوخی کا مقام

روپ بدلا جو زمانی نی نیا دور ہوا
اور تہا رنگ جہان اور سی کچھ اور ہوا

کیا ہوا سرو قدو اب وہ تہارا خم چم
کیا ہوا لالہ رخو اب وہ تہارا احام

کہو کیون ٹوٹ گئی مشق جفا کاری کی
کہو کیون چھوٹ گیا سلسلہ جور و ستم

کہو کیون نہین اب میان سی تم خنجر مارتے
دیکھتی کیون نہین اب تیغ ادا کا دم خشم

کچھ نہ عشاق سی مطلب ہی نہ اغیار سی کام
نہ ادہر چشم غضب ہی نہ ادہر چشم کرم

چین کیونکر تمہین آغوش لحد مین آیا
تمنوا غوش تصور مین ہی لیتی تھی نہ دم

کیا گذرتی ہی تہ خاک تمہاری سر پر
فرش پر تمکو نزاکت سی نہ رکھتی تھی قدم

ناز تینو وہ نزاکت کہو کیسی ہی گئے
سچ بتاو تمہین اپنی ہی نزاکت کی قسم

صحن تک تہا تمہین والان سی آنا منظور
کس طرح طی ہوی راہ سمندر ملک عدم

ناز و انداز و ادا عشوی کرشمی غمزی	خاک مین مل گئی سب ہای ستم ہای ستم
ہای وہ ابرو خمدار وہ مژگان دراز	ہای وہ چشم فسونگر کی ادائین پیہم
ہای وہ چین جبین شوخی و انداز کی تاب	ہای وہ ناز سے تیور بکا بدلنا ہردم
ہای وہ عارض رخسار کی عصمی مین بہرک	ہای وہ گیسو پر پیچ کا ہونا برہم
ہای وہ متنہ جگانی کی روش سی چلنا	ہای وہ چھاگلین پہنی ہوی پھرنا چھم چھم

	وا در یغا نرہے ایک وہ صورت باقی
	بھر عبرت ہی زبانون پہ حکایت باقی

رباعی

جو لوگ سیر فیض کی ہین سائر	ہوتی ہین قبور اوصیا کی زائر
خورشید کو جس طرح سی ہی سیر برج	حق بارہ امامون مین ہی یون ہی دائر

ولہ

منظور ہے دو کی یہان ثناخوانی ایک	ہی نام و نشان مین ایک کا فانی ایک
یعنی حسن و حسین اللہ اللہ	پانی سے سوا ہی ایک بی پانی ایک

ولہ

سجادہ ہی سیر افلک نیلی فام	تسبیح کو کب آفتاب اوسکا امام
تاری گنتا ہون مین سحر تک ناظم	تسبیح امام تک پہنچکر ہو تمام

تاریخ

واہ کیا پر فضا یہ باغ بنا	باغ رضوان ہی جسکی رشک سی دلچ
غنچہ فکر نی چٹک کی کہا	نام تاریخ اسکا نادر باغ

واسوخت اول

دلربائی ہی تجھی اوسمین وہ دلدار بھی تھا	آفت جان تہا مگر مونس و غمخوار بھی تھا

تہا تو یوسف مگر الفت کا خریدار بھی تہا | فی الحقیقۃ وہ مسیحا بھی تہا بیمار بھی تہا

صاحب درد تہا الفت کا مزا رکھتا تہا
گل محرو تہا مگر بوی وفا رکھتا تہا

راتدن مست مے عیش تھی ای رشک قمر | رنج کہتی ہین کسی تھی نہ زمانی کی خبر
شام ہر روز اودہ کی تھی بنارس کی سحر | کام تھا گانی بجانی سی تمین آٹھ پہر

سنہ سی جبوقت کوئی تان نکل جاتی تھی
سنکی زہرہ کی وہین جان نکل جاتی تھی

شفق شام و طلوع مہ و اختر کی قسم | دستانون کی فروغ رخ انور کی قسم
خم و پیچ و شکن زلف معنبر کی قسم | سب سی بڑہ کر ہی کہ بیدردتری سر کی قسم

نہ منی گا اگر اب پھر نہ سناؤن گا کبھی
راہ پر آی بھی تو راہ بتاؤن گا کبھی

واسوخت دوم

مست ہین پکی لہو سکیش میخانہ عشق | جای می خون سی لبریز ہی پیمانہ عشق
لالہ باغ طرب سبزہ بیگانہ عشق | گل مقصود ہی داغ سر دیوانہ عشق

گل مین وہ رنگ کہان رنگ جو اس داغ مین ہے
داغ کہتی ہین جسے لالہ وہ اس باغ مین ہے

کبھی رحم جگہ ہی یہ ترس کہانی کی | اب نہ دیکہا تو ادسی تاب نہین آنی کی
فکر کچہ چاہیی بیمار کی بچ جانی کی | ابھی تی آؤن ہی دیر آپ کی فرمانی کی

بت نہ بنجاو دل سخت زبون ہوتا ہے
سفت اک بندۂ اللہ کا خون ہوتا ہے

واسوخت سوم

ایک اک زخم ہی اسکا گل تر سی بہتر
ایک اک داغ ہی گنجینۂ زر سی بہتر
ایک اک اشک ہی شہوار گہر سی بہتر
ایک اک آہ ہی جنت کی شجر سی بہتر

رگ جان رہتی ہی مشتاق اسی نشتر کی
شیشۂ دل کو ہی سر چوٹ اسی پتھر کی

زخم اس تیغ کا بسمل کو مزا دیتا ہی
مرحبا کی دہن زخم صدا دیتا ہی
یہی زخمی سے کہ قاتل کو دعا دیتا ہی
زیر شمشیر سر عجز جھکا دیتا ہی

ایسے لب تشنہ ہین مشتاق جو کوثر کی نہین
گھونٹ شربت کی ہین گر دم خنجر کی نہین

کہین آنکھون سی لہو ہو کی بہا کرتا ہی
داغ بنکر کبھی سینی مین جلا کرتا ہی
پھول ہوکر کبھی یہ زخم ہنسا کرتا ہی
نمک بنکر کبھی چہرے سی اوڑا کرتا ہی

لب فریاد کہین نالۂ جانکاہ کہین
آف کہین درد کہین اشک کہین آہ کہین

کان وہ جو نہ غریبون کی سنین نالہ و آہ
آنکھین ایسی نکرین جو کبھی عاشق پہ نگاہ
لاکھ کہیی وہ دہن ہو نہ سخن سی آگاہ
کوئی آہی وہ زبان سی نہ کہی بسم اللہ

تہا دہن تنگ نہ تھی قوت تقریر اوسکو
حیرانی سے کہا چاہیے تصویر اوسکو

واسوخت بیام

کیا سبب ایسی یکایک جو طبیعت بدلی
کیا پڑا سچ کہ یون آپ کی نیت بدلی
مہر و اخلاص پہ چھائی ہی یہ آفت کیا
کیا کیا غیر سے کیا شہ محبت بدلی
رنگ سرکار کی ہر بار بری دیکھتے ہین
تیور اوں کے نہین اس بار بھی دیکھتے ہین

کیا کہین دلپہ گذرتا ہی جو کچہ رنج وملال
بی چہری دست ستم رشک سی ہوتی ہین حلال
تمکو اس بات کا مطلق نہین آتا ہی خیال
تمہو کرین کہاوگی کہتی ہین یہ اچہی نہین چال

بی طبیعت مین مجی کا کل سچیان کیطرح
انکہین بی وجہ پھری رہتی ہین مگان کیطرح

جلوہ فرما ہوا گر وہ صنم لاثانی
سجدی کرنی لگو جہک جای ابہی پیشانی
نظر آئی جو وہ خورشید رخ نورانی
شبنم آسا ابہی خجلت سی ہو پانی پانی

پانون خود بڑہ کی نہ چلنا تمہین تعلیم کرین
نہ جہکا لو سر تسلیم تو تسلیم کرین

ادہر چلو لا کہ کبہی وہیان مین لای نہین
لا کہ تم دور کہنچو پاس بہای نہ تمہین
گر پڑو پانون پر اوسکی تو اوٹہای تمہین
حور بہی ہو تو کنیز اپنی بنای نہ تمہین

لا کہ چاہو نہ ملاقات کی قابل سمجہی
پہیری منہ نہ تمہین بات کی قابل سمجہی

قطعہ

وہ نوجوان مستظم اوقات سب جمی
کہتی تہے ناظم اور بڑا ہوشیار تہا
عاقل وذکی ذہین خردمند ذوی شعور
علم وہنر مین منفرد وروزگار تہا
رکہتا تہا پہونک پہونک کی مسجد مین بہی قدم
صحبت سی حال قال کی بہی اوسکو عار تہا
بدنامیوں سی خوف تہا رسوائیون سی ڈر
چڑہتا تہا نام عشق سے پرہیزگار تہا
سن سن کی عشق بلبل وگل کی حکایتین
بلبل تو اک طرف اوسی گل سی بہی حار تہا
خلوتکدی مین اپنی وہ رہتا تہا باغ باغ
سیر چمن کا شوق نہ ذوق شکار تہا
موتا تہا ذوق خندہ گل سی وہ سرگران
بہونکا نسیم کا بہی اوسے ناگوار تہا
سنبل کی پیچ سنکی وہ کہاتا تہا پیچ وتاب
لالی کا داغ دیکہ کی دل داغدار تہا

کل طرفہ رنگ سی اوسی دیکھا کہ کیا کہون — جو دیکھتا تہا اوسکو وہ حیران کا رتہا
زخمون سی جسم گنج شہیدان کا تہا جواب — داغون سی سینہ رشک دہ لالہ زار تہا
عالم نسیم کا تہا ہر اک آہ سرد مین — ابر بہار گریۂ بی اختیار تہا
دو باہوا تہا یا مین ایسا کسیکے دل — گویا کہ اک حباب لب جوئبار تہا
امید ی رو رہنچہ وحشت کہ جسم پر — دامن مین تہی کسکے نہ گریبان تیار تہا
تہا ضعف سی یہ حال کہ جنبش ہی تہی محال — دل کی تڑپ سی اسپہ بہی وہ بیقرار تہا
میٹہی تہی گرو پیش خرابا تیان دہر — پیر مغان تہا آپ ہر اک بادہ خوار تہا
بڑہ کر کہا جو مینی کہ مرشد یہ کیا بنی تہی — فرمایا آنکہ او ٹہا کی وہی ہی جو یار تہا
مست الست ہو مین یہ رنگ آج کا نہیز — اور چندی ابتدا مین جو پرہیزگار تہا
دہوکی سی آگیا تہا خودی کی فریب مین — محو نمود ہستی بی اعتبار تہا
القصہ کہان کہان مین خرابانی است — وہ بادۂ شبانہ کا مجکو خمار تہا
یہ کہکی بیخودی اوسی طاری ہوئی مگر — مطلع یہ ایک ورد زبان بار بار تہا

دیوانی ہین جو کہتی ہن مین ہوشیار تہا
مین تو ازل سے مست می حسن یار تہا

ذکر سہرا پاسہ در بندگان فلک آستان حضور فیض گنجور گوہر تاج اہبت وشہریاری یاقوت اکلیل مملکت وتاجداری سرآمد سروران معارج دولت پناہی سرخیل صدر نشینان مجالس والاجاہی فراز ندۂ دہیم ریاست فروزندۂ شمع بیاست نزہت افزای ریاحین ناموری چمن آرای گلشن سروری افتخار بزم حشمت بہار گلشن شوکت فلک جاہ انجم سپاہ خورشید کلاہ عالم پناہ سکندر فرجمشید افسر ملک جمشید جم عیش فریدون قدر دارا صدر سلیمان سریر آصف مشیر حاجی مین

شہر نین زائر روضہ شہنشاہ خافقین جناب معلی القاب گردون قباب
ہلال رکاب حامی دین محمد نواب کلب علیخا نصاحب بہادر شیر قیصر ہند
فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ تمین دلاور اعظم طبقۂ اعلای ستارہ ہند نواب تخلص
خلف ارشد والا جناب عالیخطاب نواب محمد یوسف علیخان صاحب بہادر ناظم
تخلص طاب ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ واضح ہو کہ بارہ سو اکاسی ۱۲۸۱ ہجری مین ماہ ذیقعدہ
کی چوبیسوین ۲۴ تاریخ جمعی کی دن کہ روز عید الموسنین ہے او دہر آفتاب وسط السما
مین سمت الراسین آیا او ہر مہر سپہر جاہ و جلال فی سریر شوکت و اقبال پر
جلوس فرمایا دلون کی حسرتین برآئین لوگون فی منہ مانگی مرادین پائین زمین کو آسمان
پر ناز ہوا رشک خورشید و قمر جلوہ پرداز ہوا نوبتخانون سے شادیانون کی صدا
آنی لگی شہنا فرط شادی سی بیکبارگی گانے لگے سلامی کی توپون سی رعد کی آواز
پست ہوگئی نغمہ تہنیت سی تمام خلقت مست ہوگئی زہی قوت اسلام کہ اوسی روز
ہنگامہ عیش و نشاط و ولولہ فرح و انبساط مین کہ ارکان دولت اور اعیان مملکت تہنین
دی رہی تہے دولت و اقبال شوکت و جلال ہونون پاپی مبارک کی بوسی لی رہی تہی فی الفور
آپ نماز جمعہ کی واسطے مسجد مین تشریف لیگئی بعد ادای نماز جب معاودت فرمائی ہر چند
ریاست فی فیض اجلال سے رونق پائے جشن کا سامان ہونی لگا ہر ماہرو چشم خورشید
منہ دہونی لگا ہر طرف جوش نشاط ہوا ہر شخص محو انبساط مبارک سلامت کا غل چار سو
شادمانی ہر ایک سی ہم پہلو پیرگردون فی بہی وفور مسرت ورسی لباس نو جوانی
زیب تن کیا زمانی فی جام عیش نوروزی پیا شہر آراستہ ہونی لگا بازار پیراستہ ہونی لگا
ہر گلی ہر دکان نقش و نگاری رشک گلزار ہوی باد بہاری تہنیت گویان حاضر دربار ہوی

اشعار

ہوا تازہ سامان جشن جلوس	شگفتہ گلستان جشن جلوس

ل اہل خدمت کو رنگین لباس	بنی سب کو انعام ہی بیقیاس
صدا کو شادی کی گھر گھر گئی	زمین کیا کہ تا چرخ اخضر گئی
سلامی کی توپین چلین رود جشن	خوشا انبساط دل افروز جشن
ہوی شہر مین ہر طرف دھوم دھام	جدھر دیکھی خلق کا ازدحام
مبارک مبارک کی لب پر صدا	سلامت سلامت کی ہر جا دعا

وہ سامان آرایش و پیرایش بتفصیل اگر تحریر ہو طول بہت ہو جای لہذا مدعا پر آتا ہون مختصر مختصر سب حال سناتا ہون کہ اودہر تو وہ جشن عام گھر گھر رقص و سرود عیش و طرب کی دھوم و بام اودہر اسے وقت سی خلق خدا کی غمخواری کی فکر یہی چرچا یہی ذکر ہر آن یہی خیال کہ رعایا مین کسیکو کسیطرح ابذا نہو اس عہد مین کسی فرد بشر کا بال بیکا نہو غلی وغیرہ کا محصول کہ ایک لکھ روپی سال کی آمدنی تھی اوسی زمانی مین معاف فرمایا تمام رعیت کو منت پذیر بنایا ابواب خیر وا ہوئی لگے خلائق کی مقاصد روا ہونی لگی

اشعار

کہان سب فی شکر خندای جہان	کہ اب پیر گردون بھی ہی نوجوان
سا بخت طالع کی تائید ہی	زمانیکو نو روز ہی عید ہی
الہی بحق رسول کبیر	الہی بحق جناب امیر
بڑہے عہد اقبال دائم ہی	یہ کشور یہ سر دار قائم رہی
ستاری رہین جتبلک زر فشان	یہ دست سخاوت ہو گوہر فشان

بارہ ۱۲ بیاسی ہجری مین محرم کی پشدر ہوین تاریخ مسٹر جان انگلس صاحب ایجنٹ بہادر اس دارالریاست مین تشریف فرما ہوی اور اوسی روز چار گھڑی دن رہی بندگان حضور دام اقبالہ مع ارکان خاص دیوانخانی مین رونق افزا ہوی بڑی دھوم سی دستار بندی کی رسم گورنمنٹ عالیجاہ کی طرف سی عمل مین آئی

شب کو بعد ادای مراتب دعوت و مہمانی صاحب ایجنٹ بہادر فی بریلی کو سنعت
فرمائی اس جشن کی دوسری دن ملازمین ممتاز فی مراخر یاقت خلعت پای
ہمت عالی فی اہل سیف و قلم سکی مراتب بڑہای پھر ماہ رجب مین پیشگاہ شہنشاہ عالم
جناب ملکہ معظمہ قیصر ہند دامت ملکہا سی سند نشینی کا خلعت آیا اوس جشن اور اوس
سامان فی ساکنان ملا اعلی کو محو نظارہ بنایا گیارہوین سی حکام عالیمقام کی آمد آمد
ہوی رنگ جشن نشاط ترقی پر آیا کارپردازون کی اہتمام اہلکارون کی انتظام فی
تماشائیون کو نیا روپ دکہایا دعوت کی سامان مہیا ہونی لگی عشرت کی
سازوبرگ یک جا ہونی لگی

اشعار

عجب ساز و سامان مہیا ہوی	جو اسباب دعوت تہی یکجا ہوی
کہین کارکن در پے اہتمام	کہین اہلکارون کا تہا انتظام
تماشائیون کو دکہایا وہ روپ	پری رنگئی چاندنی حور و ہوپ
دماغون مین بوی گل انبساط	ترقی پہ تہا رنگ جشن نشاط

چودہوین تاریخ چہہ بجی شام کی صاحب ایجنٹ بہادر بصیغہ گورنری مع اور صاحبان عالیشان
کی آغاپور مین تشریف لای سلامی کی توپین چلین شلک کی آوازون فی دلخواہ ہون
کی دل بڑہای پندرہوین تاریخ ایک ترب سوارون کا اور دو کمپنیان پلٹنون کی ساتہ
لی صاحب بہادر وہین رونق افروز ہوی سب صغیر و کبیر برنا و پیر جوش سے سرشار
عشرت اندوز ہوی اوسی روز دس بجی دن کی جناب گردون قباب قمر رکاب حضور پرنور
دام ملکہ و اقبالہ پہلی جریدہ ملاقات کو آغاپور مین جلوہ فرما ہوکر رونق افروز دولتخانہ
ہوی پھر قریب دو بجی دن کی بکمال سامان جلوس سمنت مانوس فیل اقبال پیکر پردہ پوش
سوار ہوکر آغاپور کو روانہ ہوی اوس دن کی سواری کا جلوس قابل دید تہا حق تو یہ ہے
کہ نہ دیدہ تہا نہ شنیدہ تہا تماشائیون کی نگاہ بی تکلف اوس سواری کی ہمراہی کی کہنچتہ دم پسی

گل آنی سے کوسون تک گویا باد بہاری صحن گلستان مین اپنی کیفیت دکھاتی تھی سوار
ہونی کی وقت شلک سلامی کی بلند ہوئی سامعین نزدیک و دور کی طبیعت خورسند
ہوی اگر خامہ وقایع نگاری وہ سارا سامان پیرایہ تحریر پای ہرچند جی نہ گبھرای مگر بات
بڑہجای اسلیی اختصار کیا طول مدیا مختصر یہی کہ بڑی تزک وحشمت سی آہستہ آہستہ
ساز و سامان اور جلوس ہمراہ بڑہی زرق برق کی ساتہ فوج و سپاہ ملازمین ممتاز فیل نشین
سی سرفراز اس جشن اور سواری مین تمام روہیلکہنڈ کی راجہ اور رو ساکر اس سرکار کی
قدیم سی نذرگزارین حاضر تہے ہمرکاب سعادت انتساب تماشای متنوع سواری کی نظر
تہی قریب آغاپور کی سواری پہنچی لشکر سی ایک تیر کی فاصلی پر دو صاحبان عالیشان
استقبال کو کہڑی تہے اور صاحب ایجنٹ بہادر ایک گھنٹہ پہلی حضور کی رونق افروزی
سی درخیمہ پر تپس صاحبان عالیشان کی ساتہ اگر ٹہہری تہے تین بجی سواری وہان
پہنچی حضور پرنور دام اقبالہ اوتری سلامی ہوی شلک فی صدای تہنیت دی جب
اجلاس فرمایا صاحب ایجنٹ بہادر نی خلعت مع اسپ وفیل منگایا کشتیان پرانی
خلعت جواہرنگار آئین جسکی مشاہدی سے تماشایون کی آنکہون فی لذتین اوٹہائین
بطریق نذر ۳۱ اشرفی کا خلعت ۳۲ دیبا خاصہ مع قیمتی پوشاک انگلسی کی طرف سی زیب دوش و
بازو ی سرکار عالی وقار ہوا اور ایک خلعت سی حسب معمول سفیر ریاست ہی مورد تفقد
ہوا پہر رخصت ہوی شلک تہنیت کی صدا ہوی نوبت سی یہ نوید جانفزا پیدا ہوی ؎

خیرات کر کہ نام ہو سو مین ہزار مین	بیلا بہار دی چمن روزگار مین

حضور پرنور نی اس رمز کو پایا دریای جود و سخا جوش مین آیا نوروز کی منہ کہول
روپی برسنہ کی طرح برسنی لگی پہر تو کیا لکہون کرفہ و گاہی تا دو لشکر کیا حال تہا
ہجوم خلائق سے پیک نگاہ کا گذر محال تہا دو طرفہ روپیہ اوچہالتی دلون کی ارمان
نکالتی قریب شام اوسی احتشام سے سواری دو لشکر اپنی داخل ہوی توپون کی سلامی

سی سبکو مسرت حاصل ہوی دیوانخانۂ خاص مین سب اہل خاندان اور ارکین ریاست
ملازمین دولت نذرین دینی لگے اقبال و احتشام دونون طرف سی دوڑ دوڑکر قدم لینی
لگی ارباب نشاط فی سریلی آوازون مین مبارکباد گانی ہزارون روپیہ انعام مین
پایا دل کی آرزو برآئی

اشعار

عجب رات تھی وہ مسرت سرشت	ضیا بار مانند صبح بہشت
کہون لیلۃ القدر تو ہی بجا	لب شمع پر آیۂ والضحیٰ
چلی بیخود انہ جو لذت کی جام	ملک مارتے ہو گئی شب تمام

صبح کو ۱۰ لہوین تاریخ قریب دو بجی دن کی حضرت قدر قدرت سکندر صولت پھر
اوسی جلوس اورنزک سی سوار ہوی پھر ساری شہر کی لوگ بہر نظارۂ جمال باکمال بیقرار
ہوی خیمہ گاہ تک دورویہ جلوس استادہ کوئی سوار کوئی پیادہ تماشائیون کی ہجوم
سی دم گاہ زمین کا بند اعلی سے ادنی تک خرسند جب بندگان حضور فی خیمہ گاہ مین
نزول اجلال فرمایا ارکان دولت فی سب صاحبان والاشان کو ہاتیون پر
بٹھایا حضور پرنور فی میم صاحبون کو چرٹون پر جلوس کا ایما فرمایا اوسی احتشام اوسی
انتظام اوسی شوکت اوسی حشمت سی سبکو ہمراہ لیا آہستہ آہستہ سواری کی خرام کیا
دیا شام کی قریب دیوانخانی مین کر و فور آرایش سی پریخانہ تیار ونق افزا ہوی
دعوت کی سامان مہیا ہوی قریب سات بجی شب کی سب صاحبون فی کھانی سی
فراغت پائی تماشای چراغان کی نوبت آئی سقف دیوانخانہ پر سب صاحبون فی
مع میم صاحبون کی آکر اجلاس فرمایا جلوخانی کی میدان مین روشنی کی کثرت نے

بزم فلک پر چراغان انجم کو نے رونق بنایا

اشعار

چراغان انجم کا بازار سرد ہ	مہ و مہر کی روشنی جس سی گرد
جو اوس روشنی کا تماشا کیجا	تماشای برق تجلی کیا

نظر آئی مثل سحر جب وہ شام	ہوی شاد حکام عالیمقام
ہوا حکم ایسی چہشبن چہ نیان	کہ آجا تین چہ کر مین ہفت آسمان
کہی چہ خیون نی وہ اظہار چہ خ	کہ کہانی لگا چہ خ دوار چہ خ

نواب رون کی اذ اطاسی انجمن مین انجم کی رونق ہوی ہوائیون کی زور سی سپہر کی چھاتی شق ہوی مہتابون کی چمک دمک سی مہتاب کا رنگ پھیکا ہوا ساری خلقت کو زمین پر آسمان کا دھوکا ہوا چرخیون کی چھوٹنی سے پیر فلک کی عقل بھی چرخ مین آئی بمبکی گولون کی ستارہ افشانی فی زمین پر ستارون کی صوت دکھائی جب فراغت ہوی سبکی رخصت ہوئی معمولی کشتیان آئین رزق برق کی مار ہر ایک کو فواخر پایہ صاحبان عالیشان اپنی ہمراہیون کی سایہ سوار ہوی کال شادمانی سی حضور فیضگنجور کی حسن اخلاق کی شکرگزار ہوی سترہوین تاریخ خیمہ گاہ حکام پر چاندماری کا نقشہ تیار ہوا بر حکم اندازشانی سی دو چار ہوا حضور پرنور ہی شہ یک صحبت تہی سب صاحبان عالیشان محو عشرت تہی مارکم صاحب اسسٹنٹ بریلی اور پرودسن صاحب کلکٹر شاہجانپور کو قدراندازی کا میدان ہاتہ آیا بندگان حضور فی دو پیالی تفرقی ولایت کی بنی ہوی اور ایک عمشیر حسینی اصفہانی عطا فرماکر اونکو مسرور فرمایا قریب شام یہ جلسہ تمام ہوا اس جشن خاص کا شہرہ عام ہوا الہا ہوین تاریخ صاحب ایجنٹ بہادر لشکر کو کوچ کا حکم دیکر خود گیارہ بجی دن کو حضور کی ملاقات کی لیی شہر مین تشریف لای پچھلے پہون کوٹھی مین ملاقات کرکی بارہ بجی کی قریب پھر فرودگاہ مین آئی ایک بجی دن کی چرٹ کی ڈاک پر جلوہ آرا ہوی اور بریلی کو رخصت فرماہوی ہر آمد و رفت مین برابر سلامی کی شلکین ہوا کین اس جشن کی جزئیات اور کیفیات ایسی نہین ہین کہ اس تذکری مین تحریر ہو جاین قوت ناطقہ کی زور سی زبان پر آئین تحقیق یہ ہی کہ دو لاکہ روپیہ بی کم و کاست اس جشن مین صرف ہوا ہی اور روسای قریب و جوار کو کہ قریب

چالیس کی ہونگی حسب لیاقت جو خلعت عطا ہوی اوسکا صرف اس دو لاکہ سی جاتا ہے
ایسا جشن نہ کسیکی دیکہا ہی نہ سنا ہی خلاصہ یہ ہی کہ روز سنہ نشینی سی ہمت عالی اسی تیاری
مصروف ہی کہ جو کام ہو اوسمین رفاہ انام ہو جو سہل کیا جاہی وہ ایسا ہو کہ خلق راحت پاہی
خزانی مین جو زر نقد اور اسقدر قابل زکوۃ تھی التزام فرمایا کہ اوسکی زکوۃ نکالی جاہی ساکین و
محتاجین کو اوسکی تقسیم سی نقد فراغبالی مانند آی چنانچہ یہ امر آج تک برابر جاری ہے
ابر نیسان کرم مجھ گہر باری ہے اسیطرح حکم تعمیر عمارات جدید صادر ہوا اس پیروی مین بھی نفیس
عالم کا مضمون ظاہر ہوا جابجا عمارتین عالیشان مسجد جامع سرای اصطبل فیلخانی گاو خانی مسند نشینی
وغیرہ سب کارخانون کی عمدہ عمدہ مکان طیار ہوی بازار اس طرح سے مکلف کہ شاہان کی
کربڑی بڑی شہر اس شہر کی سامنی بی رونق وبی قرار ہوی کہ جسکی تعریف کہان تک لکہی
وہان خود بک جاتا ہی پلٹ کر اپنی گہر کو مشکل آتا ہی غرض باغ ہین کہ تہی اس مسند نشینی
کی تعمیر ہوی کہ چشم تماشائی مسند حیرت سی تصویر ہوی ایک کہ تہی وہ دست غیبی
اس وقت کی ہنوز کی کہ صدہا دیوانی فوجداری مرافعہ جسنہی سب محکمون کا دفتر
جگہ پائی اس فیض سی ہی کہ آج تک علی الاتصال سو ڈیڑہ سو برس ہی ہزارہا ہزار دعا
سنجار اور طرح طرح کی صناع اہل پیشہ ہر قسم کی محصر فرہ وکش پا ہی ہین بجا آسایش زندگی
مزہ او ٹہا رہی ہین آغاز ماہ جلوس سی مسند نشینی ہی کہ ہنوز اعتدال آیا کرکہ کی سیر
اس شہر مین ایسا مقرر کیا جاہی کہ وہ بہی نصب عام کا رنگ و سماں شہری نمودی اطراف
شمال دو باغ ہین کہ وہان تکل کی داستان سن عاشقان لالی کی دل ہین داغ ہین

منور ہین راتون کو ایسے وہ باغ	کہ شعلہ لالہ تر ہی رشک چراغ
تہ تاک عالم عجب نور کا	ثریا سے ہر خوشہ انگور کا
جو گل ہی گل روی معشوق سے	جو سنبل سے ہے گیسوی معشوق کا
مسافر جو آنکلے سو ہی چمن	اوڑہن ہوش ایسی کہ ہو لی وطن

نظر کرتے ہی دل سمن بہین سے	سمن سی بچے نسترن بہین سے
فراغت جو نظارۂ گل سے ہو	رہائی کہان دام سنبل سے ہو

وہ دونون باغ اشجار بوقلمون سی لبریز ریاحین گونا گون سی عشرت خیز لبان دلہای اہل کرم وسیع بزنگ ہمت ارباب ہمم رفیع پختہ چار دیواری سی محاط کوٹہیان وہانکی مرکز دائرۂ نشاط بی نظیر اور بدیہ سیر اون باغون کا نام ہی درحقیقت باغ بی نظیر ہی کوٹہیون کا ہر قبہ برج ماہ تمام سے حکم ہوا کہ جشن جلوس کی نام سے وہان ہر سال ایک میلا قرار دیا جای اور سامان آرایش باغ کی علاوہ تہیۂ اسباب آسایش صادرین اور وارد ین سرکار عالی سی کیا جای کارپردازان چابکدست فی مرضی حضور کی موافق اون باغون کو آرایشہای بوقلمون سی دولہن کی صورت آراستہ کر دیا ہزارون لاکہون روپی کے سامان سی بہر دیا بذریعۂ صحائف اخبار اشتہار جاری ہوگئی تاجران جوار و دیار و سوداگران بلاد و امصار اس مژدۂ جانبخش سی تمنای حضوری محو بیقراری ہوگئی فصل نوروزی ہر کہ زمان آغاز بہار و جوش گل و گلزار ہے بندگان اقدس بذات خاص وہان جلوہ افروز ہوی دور دور کی مشتاقین مہمان ہوکر مانع فیض سی بہرہ اندوز ہوی جو زمین شریف امیر غریب آیا حضور کی پرورش و پرداخت سی اونسی عجب لطف اوٹہایا تماشایان دن نظارگیون و کاندارون خریدارون کی کثرت سی گذر دشوار ہوا قشۂ دامنہ کی وفوری ہر بازار رشک فرخار ہوا تاجرون کو بنظر رفاہ عام محصول معاف فرمایا خریدارون اور دکاندارون کو قرار واقعی نفع ہاتہ آیا صبح تا صبح متصل دکانین کشادہ رہتی ہین زر و گوہر کی ہر طرف نہرین بہتی ہین کبہی کسیکا نقصان نہین ہوتا ہی حسن انتظام سی ایسا امن ہی کہ ہر شخص راتون کو بی کسیکے پاتون پہیلا کر سوتا ہی قصہ مختصر سال اول جلوس یمنت مانوس سی یہ میلا ہر سال ہوا کرتا ہی عیش مدام و عشرت دوام کو اس جشن بین فیروز باکرتا ہے اس میلی کی بدولت بہی نفع عام اور رفاہ انام کا ظہور ہے اگر کوئی اسی مبالغہ

جانی اوسکی قسم کا قصور ہی سارا شہر اعلی سی ادنی تک اس سیلی مین آتا ہی سال بھر کا
گر رہا دل کو تصور بھی اوس قامت کا — کاٹنا روز قیامت کا نہ مشکل ہوگا
نگل خونسی نہ نکل آمد او بقول ناسخ — داغ حسرت کی سوا خاک نہ حاصل ہوگا
کیا ہنستی ہو رونی پہ مری جبکہ موی ہم — پھر آپکا بھی یہ لب خندان نہ رہی گا
وہان جاکی کراہی تو او ٹہایا ہمین درسے — باز آہی ہیم ای آہ تری ایسی اثر سی
کردی شب تار سیری روشن — جب جانین تجھی کہ مہ لقا سہے

امیر صاحبزادہ محمد یار خان بہادر خلف چارمین جناب ستطاب نواب علے محمد خانصاحب بہادر
خلد مکان انار اللہ برہانہا جنکا ذکر خیر طبقۂ والیان ملک مین گذرا یہ صاحبزادہ اعالیشان
اپنی برادر کلان یعنی نواب محمد عبد اللہ خان صاحب بہادر اور جناب نواب
محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل اور نواب محمد سعد اللہ خانصاحب بہادر
طاب ثراہم کی تربیت و تعلیم مین سن تمیز کو پہنچی اور ٹانڈی مین کہ آنولی سی دور
ہی رہی جب جناب نواب عرش منزل سی نواب شجاع الدولہ بہادر نے فیصلہ کرکے
اس دار الریاستہ کو اونکی تحت حکومت کیا حضرت عرش منزل باصرار بلیغ صاحبزادۂ
موصوف کو ٹانڈی سی اپنی ہمراہ اس ریاست مین لاے اور پچاس ہزار روپی
سال انکی مصارف کی واسطی مقرر فرمای علم موسیقی کا شوق بہت تہا اسمین
مشاغل عیش و عشرت مین جی بہلاتی تہی شعر بہی خوب فرماتی تہی ابتدا مین محمد حاکم

چاندپوری سی مشورہ تہا انتہا مین شیخ غلام ہمدانی مصحفی مرحوم سی تلمذ ہوا فدوی
لاہوری اور میر محمد نعیم اور پروانہ علی شاہ مرادآبادی اور میان عشرت اور حکیم
کبیر سنبہلی یہ سب سخنگو ملازم تہی فلک تفرقہ پرداز کو اتنی جمعیت بھی پسند نہ آئی
کہ صاحبزادہ ممدوح فی ستمبر اور مسلول ہوکر غرہ ماہ ذیقعدہ کو گیارہ سو
اٹہاسی ہجری مین رحلت فرمائی دیوان انکا ہاتہ نہ آیا متفرق کچہ کلام ملا وہ لکہا گیا

رختیہ

اوش سکا راندازی ملکر کہین چہپتی ہی آنکہ — کیون نہو سوی قفا منہ وقت ترکہ نچہیرکا
کیا تونی دیا تہا محکو ساقی — شیشی مین تو واہ کچہہ نہ نکلا
مٹہی ہای کوچہ قاتل مین لگیا — یارب برا ہو اس دل خانہ خراب کا
ساقی گرگ کی کچہ نہین حاجت سراغ کی — ہم بیخبلون مین آپ مزہ ہی کباب کا
کیا کہون ولولہ شوق کو مین تیری امیر — گہ مین حاتی ہین پرای تو خبر داری سے
گر وقت ذبح ناکہ کیا مینی کیا ہوا — بیماری سیکا ہاتہ کسی کی زبان چلی

امیر صاحبزادہ امیر اللہ خان ولد صاحبزادہ حبیب اللہ خان فرحت جنکا ذکر حرف
قاہین آی گا ابتدا مین شیخ کرامت علی شہیدی اور شیخ علی بخش بیمار سی فیض پایا
آخر آخر میر احمد علی رسا کو کلام دکہایا شعبان کی پانچوین تاریخ بارہ سو نوی ہجری مین
قضا کی پینتالیس برس کی عمر ہوئی کچہ مسودات ہاتہ آئی اونمین سی چند شعر لکہکر

سختیہ

سوز غمی داغ دل سینی مین ہی روشن چراغ — اپنی گہر مین مدن جلتا ہی فی روغن چراغ
نکلی وہ مژہ جو یاد آئی دشت وحشت مین — تو پھر جیتا پھر آنکہون سی مین خار رسیلا نکلا
پڑہنی کو آئی فاتحہ غیر و نکو یکی سات — شعلہ نکل گیا مری لوح مزاری

امیر حضرت سید محمد امیر شاہ خلف سید محمد جہانگیر شاہ قدس سرہما

واضح ہو کہ اس فقیر کو حضرت سی بیعت ہی ارادت کی نسبت ہی حضرت کی ریاضات و
کمالات جسقدر لکھون کم ہین اور لکھنی کی کچھ حاجت نہین کہ مشہور عالم ہین لہذا جو متعلق
اس تذکری سی ہی وہ لکھتا ہون کہ عنبر شاہ خانصاحب سی فارسی مین تلمذ تہا
کبھی کبھی غلبہ ذوق فقیر ہین شعر فرماتی تھے دو دیوان حضرت کی تلف ہوگئی ایک
دیوان فارسی ابتدای عمر کا فرمایا ہوا جس کی آخر مین کچھ اردو کلام بھی تہا وہ ہاتہ
آیا کہ انتخاب ہوا نوی برس کی عمر پائی صفر کی تیئیسوین تاریخ دوشنبہ کی دن عصر کے
وقت بارہ سو نوی ہجری مین رحلت فرمائی **قطعۂ تاریخ مولف**

از صفر بست و سوم روز دوشنبہ وقت عصر	رخت نہضت بست پرور مرشد حق نجبان
سال رحلت فی البدیہہ بر زبان آمد امیر	صوفی کامل جنید وقت شبلی زمان

۱۲۹۰ھ

ریختہ

آئینہ خورشید کا عیسی پٹک دی خاپر کی — گر زمین پر دیکہ پای عکس روی احمدی
کسکے یہ عبد عنبرین سے امید — مست بو نافۂ ختن کی ہوئی

فارسی

عمر لیست کہ خواہم بدعا روز و جلالش — بیہمات چہ حاصل کہ اثر نیست دعا را
میرود دل ز کفم ای بت طناز بیا — بخدا سوی من ای خانہ برانداز بیا
ما را چہ غم ز گرمی خورشید روز حشر — ہستیم زیر سایۂ دامان مصطفی
ای مست خواب ناز کجا میروی بیا — خلوت سرای دیدۂ ما خوابگاہ تست
گر بگذشت چمن آن چمن آرا آید — بلبل از خود گذرد و گل بتماشا آید

امیر تخلص ہیچمیرزا ہیچمیدان امید وار رحمت یزدان امیر احمد ابن مولوی کرم محمد
تنگ خاندان مخدوم شاہ بینا ادام اللہ برکاتہم فیناض شعر مین جناب منشی مظفر علیصاحب
اسیر کی تلامذہ مین داخل برای نام تحصیل کتب درسیہ مین اکثر علمای نامی کی شاگرد رہین

شامل سرکار فیض آثار کا نمکخوار آبائی ہی با وصف نقدان ہر گونہ استعداد رونق اسی سرکار والا تبار کی بدولت پائی ہے ہیچمیرز کا کلام تو اس قابل نتھا کہ ایسی تذکرہ میں شامل کیجا جاتا مگر جو شعر پسند بندگان حضور ہو کر انتخاب ہوی وہ حسب حکم عالی درج کتاب ہوی

قصائد نعت و منقبت و مدح

قصیدہ

الف آدم مین ہی محمد و احمد مین ہی ہی ہی ۔ سبب یہ ہی کہ وہان سایہ تھا یہان سایہ تھا
جو آنحضرت جہان تو نام پاک سی پیدا ہی بچہائی ۔ کہ آغوش احد مین جلوہ گر ہی میم احمد کا
وہی سایہ وہی قد تھا کہ تھی ظل خدا حضرت ۔ جدا کرنا بہت دشوار ہی حرف مشدد کا
گمان ہوتا ہی جسکے وہی اوتر اعبا ہو کر ۔ اوٹھا رکھا تھا جو اللہ نی سایہ محمد کا
زیارت کو چلون یارب پری یہ غل ہی مین ۔ غلام آیا محمد کا غلام آیا محمد کا

صفت معشوق خیالی

قطعہ

پتلیان آنکھونکی در پردہ اشارون سی کہین ۔ ناچتی ہی کوجو نکلی تو کہان نکلی گھونگھٹ
جلوہ گر مردم چشم وصف مژگان سی ہوا ۔ ہو رہی ہی در سنبلہ پہ کھولی ہوی پٹ

مدح بندگان حضور

قطعہ

تب بنی اوس سی تری خاک قدم کی اکسیر ۔ چرخ نی ماہ کو شق کرکی کیا جب پٹ
سکۂ سیم و قمر مین جو کہین نام نہین ۔ کر دیا کیا تری چٹکی نی مسل کر سیٹ
چین آتا نہین جبتک کہ عروس دولت ۔ دیکہ لیتی نہین یہ چہرہ اوٹھا کر گھونگھٹ

صفت تیغ

قطعہ

کھنچ گئی معرکہ جنگ مین جب تیغ تری ۔ روحین پیاسون کی ہوئین جمع سمجھکر گھونگھٹ
یا دیکہ کر لاشون سی میدان کو لیتی ہی جوم ۔ ملک الموت سی کہتی ہی کہ بول آکی پٹ

صفت اسپ

ایک ہی تاپ مین ہو جائین وہ عالم برہم | انکی چودہ طبق ارض و سما ہون زیر پا

صفت فیل

دم رفتار اسی خضر بھی دیکھین تو کہین | دست صرصر سی گیا پردہ ظلمات سمیٹ

صفت بہار

طوبی سی جا کی خلد مین پیوند ہو گئی | ایسی بڑہی ہر ایک گل و یاسمن کی شاخ
الدری بہار کہ رنگت مین بڑہ گئی | مرجان کی شاخ سی بھی غزال ختن کی شاخ

مدح

دستار فرق شیر پہ فغفور کی رہی | کلغی کی جا ہی طرہ غزال ختن کی شاخ
انگشتری اگر کبھی پہنی عدو نے شست | قمری لگا ی نخل عقیق یمن کی شاخ

صفت اسپ

ہو یاسمن پر اسپ سبکرو اگر روان | سمئی نہ یاسمن نہ ہلی یاسمن کی شاخ

در تعلی خود

عکس آنی مین سیر ی جو ملتی ہین تو بول اٹہتی ہی تصویر | لب سیری ہی گویا
خضر رہ یاطن ہی مری غفلت طالع | یوسف کی زیارت ہی مری آب کی تعمیر

در منقبت

پیوستہ وہ ابرو نہین بالای رخ صاف | مومن سی ہی مومن سحر عید نعلگیر

صفت عدل

حکم آیکا جس روز سی ہی محتسب شرع | ہی زخم کی بھی چور کو اندیشہ تعذیر
عاشق کا دل آزار نہین غمزہ معشوق | اسدر جہ ہی آوازہ انصاف جہانگیر
دیوانہ الفت کا ذرا دل جو کرا ہے | غل گیسو محبوب کری صوت زنجیر
مظلوم سی ہی نرم یہان تک دل ظالم | ہنی سی شرر سنگ سی شیشہ ہی نعلگیر

اور اور کی جو خس دیں مردم مین پڑی ہین | اس جرم پہ گلیون مین ہوا ہوتی ہی تشہیر

صفت آپ

تیری کا تصور دل مجرم مین جو گذری | ٹھہرانی سی قاضی کی نہ ٹھہری کبھی تقصیر

مدح روضہ اطہر حضرت خواجہ ہر دو عالم صلعم

در و دیوار سی اوس گھر مین برستا ہی نور | ہور واشرح مین شبکو جو پڑہین دکی نماز
دل محمود لیی قبہ سی آتا ہی یہان | بھر جارو ب کشی سا سائہ زلف آیا
کیا مقام ادب و ضبط نفس ہی کہ یہان | توڑیی سنگ سی چینی تو نہ نکلی آواز

نعت

خضر کیطرح یہ طاعت کو ملی عمر دراز | کہ قضا ہو نہین سکتی ہی صلی کی نماز
حکم او سکا ہو تو شل نگہ چشم ابھی | آی پھر سنہ کیطرف سنہ سی نکلکر آواز

مذمت زمانہ

نہین ہی تنگی بزم جہان سی جا عجب | کہ جسم شمع سی چسپان ہو جامہ فانوس

مدح جناب امام حسین علیہ السلام

او کی بزم کا ہی آفتاب ایک چراغ | او سیکی باغ کا ہی آسمان اک طاوس
کتاب بین جو لگائین وہ کحل خاک قدم | عجب نہین جو ہون معنی کلام مین محسوس

بیان شدت سرما در تمہید قصیدہ

سرما مین آی ابر کی لکی ورق ورق | اشکدی کا پڑہنی لگی سچ سچی سبق
پیدا ہو طفل غنچہ تو برد عجوز ہے | آسی کہ نال کاٹنی کی مین ہون مستحق
پہنچی نہ پہنچی لوگ بڑہاتین ضرور ہا | دکہلای دور سی جو فلک آتش شفق
الکن ہین سب کی سب یہ معلم کو ہی گمان | پڑہتی ہین کانپ کانپ کی لڑکی جو نام حق

مدح بندگان حضور

آسمان بھر صدو ڈھونڈ رہا ہی لیکن | ایک ذرہ نہین ملتی ہی کہین گرد ملال
میہمانی کی ہی رسم عجب کیا ہی اگر | سامری گاو کری دعوت موسی مین حلال

تمہید قصیدہ بہاریہ

دست مژگان سی بنہائی تہین نگہ کو گویا | پھر بھی دیوار پہ جب چڑھتی تھی چڑھ جاتی تھی بیل
ہی یہ تاثیر نموہاتہ جو مجرم کی کٹین | صوت دست حنا آئین نئی سر سی نکل
اور شاخون نکالو تو کیا ذکر یہی فیض نمو | نکلی گر بات مین بھی شاخ تو پھوٹی کونپل
یہ سنی تانی ہوی پھرتی تھی چمن مین طاوس | اس تمنا مین کہ اک جای گلی سی باون پہسل
آگیا گل کی صفائی کا جو بلبل کو خیال | سر بھی ہضمی سی نہ نکلا کہ گیا پاون پہسل
چمن دل مین جو عارف کی چلی وہ بانکی نسیم | گل صد برگ بنی غنچہ اسرار ازل

صفت معشوق

ہای رہی نازکی تھی تراکت سی کمر | چھ جو کاندی سی دوپٹی کا ڈہلا تہا انچل

مدح

رخش گردون کی طرح گاو زمین جیل نکلی | منہ سی تیسہ ہی کہین اتنا جو نکلا کی چل
جسطرح داغ ہی آغوش مین لالی کی یوہین | درکی میخ کی سینی سی لپٹ جای زحل

مدح

بت پرستی کا مٹا عہد مین اوسکی یہ رواج | قابل حد ہوی اطفال بھی کہیلی جو سم
حملہ ور فوج عدو پر وہ اگر ہو دم شب | باندہ کر جیت کمر کہینچ کی شمشیر دودم
کہیت کشتو نکا نہ طیار بھی ہونی پای | ہو چکی تیغ و قضا مین برضایع سلم

صفت اسپ

قول ہر دم یہ جھکتی ہوی پیشانی کا | ہون وہ قندیل کہ میرا ہی سر عرش مقام
اپنی جمع ہین کہیدہ دن کبھی تہوڑ سی جگہ | چوٹیو نسی ہی یہی طور کی چوٹے کا کلام
چشم بر چہرہ محبوب ہی حلقہ نسی رکاب | دست در گردن معشوق ہی لتمون سی لجام

قطعہ

پایداری مین محبت ہی ترے مین عاشق — جانی مین وصل کا دن آنی مین ہی ہجر کی شام
جسم صاف اوسکا نہین آئنہ صافی کم — سا منا راہ مین اشیا کا جو ہو وقت خرام
عکس پڑنی کا کری قصد تو پہنچی اوس تک — می تو شیشی سی گری ہو نہ مگر داخل جام

صفت احتساب

قاضی حکم سحر گاہ کری حد جاری — رات کو نیند اگر شور دہل سی ہو حرام

صفت بہار

نوعروسان چمن کو ہی جواہر کا جو شوق — نیچنی فیروزہ آیا ہی چمن مین آسمان

مدح

کاتب قدرت فی تب تیرا خط ہستی لکھا — دی یہی انجم کی نقطی جب برای تحسین
انکھین نرگس سے قد رخسار گل غنچہ دہن — یہ وہ گلشن ہی کہ خود اسکا خدا ہی باغباں

صفت شمشیر

حشر برپا جنگ مین جسدم کری آواز تیغ — صور اسرافیل اور اگر ملای ہان مین ہان

بہاریہ

شاخ گلبن پہ ہین اسطرح شگفتہ غنچی — جیسی انگرائی مین کمل جاتی ہین مستونکی دہر

مدح

تحفت فیض اگر اوسکی نجای سو باغ — عطر اگین نہون پیراہن نسرین و سمن
ہوگیا خشم بھی اس عہد طرب خیز مین لطف — آرسی ابرو محبوب سی کسو مین شکن
اثر خاک در فیض اگر اوس مین نہو — سرمہ شب نکری دین انجم روشن

مدح

یہ تیری عہد مین رائج ہوئی سبکبای — کہ بت سی کر نہین سکتا ہی شیخ دل بینای
نگاہ لطف فی قوت یدی ہی صحت تو — چھپی ہی دین نرگس مین جا کی بیماری

وہ رعب ہی جو یہ چھایا رہی قیامت تک
وہاں صورسی نکلی صدا بدشواری

بدونمین بھی یہ اثر اب ہی حسن نیکی کا
بکین گمناہ تو تو بہ کری خندہ یاری

رہی شدید یو ہین محبہ موبہ گر تہدید
یقین ہی چھوڑدی ابلیس نے شت کرداری

دہن ہو خانہ زندان زبان شاعر تو
سخن جو رنگ کو پکڑی سمجھ کی بیگاری

پڑی جو عکس تری شان عیب پوشی کا
دکھای جوہر آئینہ شان ستاری

از دیوان نعت

کھنچا ایسا پری نقشہ سراپای محمدؐ کا
کہ نقاش ازل فی آپ سایہ کہلیا تھا کا

رخ اچکا ہی مہر تو قد اچکا ہے شمع
پروانہ رات بھر ہون مین دُرّ اتمام رو

آئینہ ہی یہ پیشتن و چار یار کا
نقطی ہین چار حرف ہین پانچ آفتاب ہی

کاتب صنع نی نام اسلی پہلے لکھا
لوح راضی نہ کسیطرح قلم سی ہوگی

از ترکیب بند مشیخوانی مجلس مولد شریف

در ہین کشادہ رحمت رب کریم کی
ہین حصہ بار باغ مین جو نکی نسیم کی

خلعت ملین گی لطف خدای رحیم کی
تقسیم ہونگی بار ثواب عظیم کی

دربار عام کرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آمین پکار دو

مخمس قصیدہ مولوی محمد محسن صاحب

دو چار انکھین ہین تجسی دو عالم سی نرالی ہو
دو بینی سی دو روزہ زیست مین وہ ہر اتمالی ہو

مزہ دو ناہوسہ و خلد کی پہلو مین ملی بی ہو
میسر ایک جلو یسین بھی لطف دو بالا ہو

کرون ہین دین اصول سی نظارہ تری قدکا

کری میتا بیان میری لیی ہر موج کوثر مین
جگہ مجکو ملی رشتی کیصورت قصہ گو ہر مین

رقم ہونام میرا دفتر خاصان داور مین
فرشتے دیکھکر مجکو کہین دیوان محشر مین

جگہ خالی کر و مداح آتا ہی محمد کا

ترجیع بند شعر سعدی علیہ الرحمہ

شب جشن جاں بھر و ہر جو طلب ہوی تو بندی کی — صف بنیا تھی اد ہر اد ہر و ہرہ بخوم مین قسم
چمن خان کی کملی تھی در لگی ہوئی شجر و ثمر — ہوی جبرئیل جو را ہبر تو سوار ہو کی براق

بلغ العلی بکما لہ کشف الدجی بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلوا علیہ و آلہ

انتخاب از بیاض گوہر انتخاب

انصاف جو یار خندہ سی طلب کیا — تمنی بھی اسی امیر بڑا ہی غضب کیا
اسقدر ہے دراز ہجر کی شب — پر تڑپنی سے جی نہین بھرتا
نوجوان لوگ کیا نہین کرتی — دل لگایا تو کیا گناہ کیا
وہ آی کینچ کی تلوار سب کو شاد کیا — امیر آج بہت ہنسی تمکو یاد کیا
غم او سکا حسرتو نسی پوچھتا ہی میری ہنسی مین — کہان ہی وہ جو دل اک نام یہان ہمارا تھا
وہ کینچکر ادا سی جو تلوار کیا — بی اختیار دل کو مری پیار آگیا
کل ذرا چپ مری پاس آگی جو بیٹھا ناصح — مین یہ سمجھا کہ مین کمبخت دوی کیہ آیا
حضرت عیسی بھی کیا دیکھتی ہو میری خبر — پہلی اوسکو دیکہ آو پھر مجھی تم دیکھنا
ضعف دل نی اثر یہ دکہلایا — درد سے بھی او ٹہا نہین جاتا
لاکھون اوس لیلی کی دیوانی تھی امین عشق نی — ایک مشت استخوان کا نام مجنون کمیدا
بہا خون ہو کر جو ٹہوکر سی بولے — مصیبت کا مارا یہ دل تہا شیکا
پر گیا ہی کوئی ناسور جگر مین شاید — کہ مری آنکہ سی کل شب کو لہو پھر آیا
چلی جو آگی بتا نی تری گلی کی راہ — مین آج خضر سی بھی سخت بدگمان ہوا
اب یہ عالم ضعف کا ہی مین جو تا ہون آنسو — ساتہ ہر آنسو کی گر پڑتا ہون آنسو کی طرح

عشق کی نام سی معشوق کو ہوتا ہی گریز — ہی مین ہی آج سی عاشق ہون سب دن
دل ویران مرا آباد رہے — ایسی ویرانی کہان ہوتی ہین
اول عشق مین بس رونی لگی تمنی امیر — نہ ابھی نالی یہی تمنی نہ آہین کہینچین
پاس اخفای محبت ہی یہانتک کہ امیر — دل بھی بیرامری حالت سے خبردار نہین
ہزار طرح کی ہوتی ہین وہم ہمکو امیر — کسیکی آنکہ جہان ہم پر آپ یہ بیتی ہین
وفا کا وعدہ وفا ہو یہ غیر ممکن ہی — جفا کا وعدہ تو ابتک وفا ہوا ہی نہین
ڈراون حشر کی فریاد سی تو کہتی ہی — ہماری آگی تمہاری وہان سنی گا کون
جانمن وہ دل کی لی لینی کی راہین اور ہین — جن کو آنکہین ڈہونڈہتی ہین وہ نگاہین اور ہین
لیا پہر نام اوسکا تو نی ای دل — اری ظالم ابھی سمجھا چکا ہون
تو ادب سی جبی کہتا ہی صمد ای زاہد — اوسیکو پیار سی ہم لوگ صنم کہتی ہین
مین جاگ رہا ہون ہجر کی شب — پر میری نصیب سو رہے ہین
مجکو دیکہا تو غیر سے بولی — آپ بھی مجکو پیار کرتے ہین
میسکدی مین کہین پڑی ہونگی — شب جمعہ ہی آج امیر کہان
ہماری سامنی بڑہ بڑہ کی بوتا ہی بہت — ملی وہ ابکی تو ناصح کو سامنی کرد ین
عشقہ اک پردہ نشین کا ہون فن شعر نسی کہو — میری تابوت سی دو چار قدم دور رہے
عمر کو سارا زمانہ گذران کہتا ہے — دن جدائی کا مگر عمر مین محسوب نہین
کہب گیین دلمین اگر ملکین نکیلی زاہد — سیکڑون پڑ جائینگی رخنی تری ایمان مین
کہاتے ہو قسم نہین مین عاشق — صورت تو امیر اپنے دیکہو
روتے ہین تری مریض پہرون — چہاتی سی لگا کے درد دل کو
چوٹی پر آچلی ہین ہماری جگر کی زخم — تم زلف مشکبو کی ذرا پیچ کہولدو
کہا ہنٹی مین اوسنی یہ مجہ بدنصیب کو — انشا کا عہدہ ہمنی دیا ہی رقیب

روز آنی کو جب کہا بولے — اک تمہین مجکو پیار کرتی ہو
کرتی تو ہو سوال اسیرا وس سی شرمیرے — اور اوسکو کرجواب نہ آیا تو پھر کہو
حقیقت درد و بیدرد کی اوسدم آشکارا ہو — ہمارا دل تمہارا ہو تمہارا دل ہمارا ہو
وصل کی شب اونہین شرم آتی ہمی چھوٹے — دستی نرگس کی جو ہین اونکو کناری کیدو
زخم سلوانی کی یارو ابھی جلدی کیا ہے — پہلی کچھ میری تڑپنی کی تو تدبیر کرو
ای شب فرقت عجب اندھیری یہ بات ہے — ساری دنیا مین تو دن اک میری رات ہے
بسملونسی بھی ناز او ٹھوائے — ہای انداز میری قاتل کی
ہی قصد کہ دل کعبہ نشینونکی چرائی — آتا کاہی بڑی گھر کو تری دزد حنائی
اسدری طول نامہ کہ کہتا ہی نامبر — اس بوجہ اوٹھانی کو کوئی مزدور چاہیے
جو کچھ سوجھتی ہی نئی سوجھتی ہے — مین روتا ہون اونکو ہنسی سوجھتی ہے
جواب دینی مین آئی نہ کیون حیا دیکھو — سوال کرنیمین جب مجکو شرم آتی ہے
ہمنشین اونسی جو کہتی ہین کہ مرتا ہی اسپر — کبھی کب تک وہ غریب بیمصیبت دیکھے
کہتی ہین وہ اجی عاشق کہین ہوتی ہین غریب — پاس جا مٹھی پھرانکی کوئی غربت دیکھے
تمکو آتا ہی پیار پر غصہ — مجکو غصی پہ پیار آتا ہے
مینی کہا کہ پھیر دو دل کیا کروگی تم — بولی ہم اپنی شیشہ کا پیکان بنائینگے
کیا جانی وحشت مین کہا کیا انہین نے — ہمدم بھی مری آج تسلی نہین کرتی
کبھی نا آشنا تو سمجھتے — ہین ابھی ماتمین ہین آشنائی کی
اسیرا وس بت کو دل دیتی ہو کیا شامت تمہاری ہے — کسی تپہر یہ دی پٹکو جو ایسا تمکو پہاری ہے
غیرونکی حال پر تو بہت لطف ہی تجھی — ہم پر بھی لطف حال ہمارا ابھی غیر ہی
دیکھنا شوخی کیا پیغام وصل — ہجر سی جب آشنائی ہو گئے
باقی نہ کوئی دل مین الہی ہوس رہی — چودہ برس کی سن مین وہ لاکھون برس کی

حل نہین ہوتا معما بیقراری کا مری
دل تو پہلو مین نہین یا رب تڑپتا کون ہے

مسجد مین بلاتا ہی ہمین زاہد نا فہم
ہوتا کچھ اگر ہوش تو میخانی نجاتی

بی سبب نالان نہین مین یار کی دیوار پر
آشنا کرتا ہون اوسکو درد کی آواز سے

ہاتہ ڈالا مینی دامن پر تو بولی ناز سے
میرا دامن چھوڑیی اپنا گریبان پھاڑ کے

دم جو نکلا غم فرقت مین تو ہم یہ سمجھے
دل جو روٹھا تو منانی کی لیی جان گئی

انتخاب دیوان مرآۃ الغیب

حاضر مری جنازی پہ ہون سب ملائکہ
سایہ ہو سر پہ مثل سلیمان طیور کا

مری ہی سامنی دامن اوٹھا کر نازسی چلیا
مجہی سی پھر گلہ اوٹھا مری چاک گریبان کا

نہو گا بند جبتک نقد جان باقی ہی قالب مین
سنجی کی گہر کا دروازہ ہی چاک اپنی گریبان کا

تڑپ کر دم نکلجای مگر کہلنا نہین ممکن
تری ولکی گرہ ٹانکا ہی میری زخم پہ ٹانکا

جگر کو دون کہ دلکو دون تیا ئی او ظالم قاتل
کہ دو پیاسو نمین ہی یہ ایک قطرہ آب کا ٹکا

نظر آیا وہ چہرہ ہوتی ہوتی رک گئی وحشت
اوٹھائی اوسنی چلمن رکہیا پردہ گریبان کا

وہ زخمی ہین تڑپ کیجی کہتا گر نمک قاتل
دہان زخم سی ہم چوم لیتی سنہ نمکدان کا

خلعت پہن کی آنکی تھی گہر مین آرزو
یہ حوصلہ بھی گور و کفن سے نکل گیا

پہلو مین میری دلکو نہ ای درد کر تلاش
مدت ہوئی غریب وطن سے نکل گیا

کیا جانی رہرو دنکا ہو کیا عدم مین حال
اتنک تو ایک فی نہ لکہا خط رسید کا

ہت بن کی وقت ذبح نہ بالین پہ میری بیٹہے
ہوتا ہی آج خاتمہ گفت و شنید کا

اہل محشر یہ ہی احسان تری دیوانی کا
سر کو ٹکرا کی در باغ ارم توڑ دیا

بہار آئی ہی ای دست جنون یا عید آئی ہی
گریبان سی گلی ملنی چلای چاک دامن کا

لگا خنجر جو سینی پر ہوی کہیا رہا قیدی
ہزارون حسرتین نکلین جو دروازہ کہلا کا

مدوای سخت جانی ذبح کرنیکو وہ بیٹہا ہی
کوئی دم اور چھاتی سی لگا لون پانون قاتل کا

داور محشر کو بھائی میری اوسکی چھیڑ چھاڑ — چھیڑ کر پوچھا مکرر کیا ہوا کیونکر ہوا
ہی غضب کا شوخ وہ بت ہو جو صحبت دے مچھیڑ کر — چٹکیاں لی لی کی زانو لال کر دی حور کا
چھاتی ہی پہاڑ پہاڑ کی اوسمین شراب ناب — کیا صرف کار خیر مرا پیرہن ہوا
مرکر علو قدر سی عریان بدن ہوا — حورون مین قدسیون مین تبرکھن ہوا
مین طول روز قیامت کو سنکی ڈرتا ہون — کہ دن نہو وہ کہین یار سی جدائی کا
کسی گنہ پہ کوئی قتل ہو مین کہتا ہون — کہ اس سی جرم ہوا ہوگا آشنائی کا
شب وصال بہت کم ہی آسمانسی کہو — کہ جوڑ دی کوئی ٹکڑا شب جدائی کا
تمام ہوگئی ہم پہلی ہی نگاہ مین حیف — نہ رات وصل کی دیکھی نہ دن جدائی کا
جب کہا اوس سی شب غم کوئی غمخوار نہتا — درد نی اوٹھ کی کہا کیا یہ گھنگا رہتا
ہر جگہ جوش محبت کا نیا عالم ہوا — آنکہ مین آنسو جگر مین داغ دلمین غم ہوا
ذبح کرتی ہو مجھی ایجان ڈھیلی ہاتہ سی — واہ اچھی وقت مین غصہ تمہارا کم ہوا
روکنا فرقت مین اسکو نکا نہین اچھا اسیر — چار دن کی ضبط مین دیکھو تو کیا عالم ہوا
کلیم سکر کر وحشر تک نہ ہوش آتا — ہوئی یہ خیر کہ وہ شوخ بی نقاب نہتا
بعد مردن شرم عصیانسی ہون آب آب — خاک سی میری تیمم بھی وضو ہو جائیگا
قریب ہی یار روز محشر چھپکی گستاخ کا قتل کیجیو — جو چپ رہیگی زبان خنجر لہو پکاریگا آستین کا
جب مین کہتا ہون کہو گی کیا خدا کی سامنے — کہتی ہین تمکو بتا دین روز محشر کا جواب
بیچا ہی دل غیر شب وصل ای امیر — دروازہ بند کیجی آنی نہای صبح
مری آنسوون نے مجھی بخشوایا — بڑی کام آئی یہ لڑکے مچل کر
گل ہوا غنچہ تو آواز یہ اوس سی آئی — جمع پھر دل نہین ہوتا ہی پریشان ہوکر
شبیہ مد نظر ہی کسکی کہ کوئی پوری نہین اترتی — شادی صانع ازل نی ہزارون نقشی بنا بنا کر
ہو بزم جانان مین حشر برپا تڑپ کا دلکی یہ تماشا — مگر بڑی شکلو نسی ہو کا ادب نے زانو دبا دبا کر

بولا وہ بت سر ہانی مری آگی وقت نزع — فریاد کو ہماری چلی ہو خدا کی باس
توبہ سو بار ہین کر لونگا کچہ انکار نہین — می کشی سی تو ذرا ہو مجہی فرصت وعظ
ایک دم ذکر سی اوسکی نہین تہمتی ہی ہان — دختہ رز سی ہی تجکو بھی محبت واعظ
زلف آئی ہی لٹک کر رخ جانان کیطرف — پاؤن پہیلای ہین اس کافر فنی قرآن کیطرف
جنبش ناوک مژہ کا نذار تری ترش مین — کچہ مری دلکی ہین کچہ میری جگر کی عاشق
ہوا شہید تبسم جبکہ دل یار سے — گری تڑپ کی یہ بجلی کہ ہر نہین معلوم
کانٹا ہوا ہون سوکہ کی لیکن نہان ہون — کہٹکونگا اور اپنی عدو کی نگاہ مین
تو فی تو ای سیاہی شبہای تار ہجر — دہبا لگا دیا مری بخت سیاہ مین
کہتی ہی ہر ملک تری زلف دراز سے — چہوٹی سی قد پہ میری نجانا بلا ہو نہین
ای برق تو ذرا کبھی تڑپی ٹہہر گئی — یہان عمر کٹ گئی ہی اسی ضبط آب مین
تمنای شہادت مین نہ مرکر بھی موی راحت — تڑپ کر خلد سی پھر آرہا مین کو قاتل مین
قدم رنجہ تو فرماؤ کوئی رہنی نیا سی گا — نکلیگا آبنگی جتنی آرزو مین ہین مری دل مین
یہی حیرت کا عالم ہی تو نظارہ کہان مجنون — نکل بھی آی محمل سے تو پھر لیلی ہی محمل مین
گم گشتہ دل کی تا مجہا جستجو کرین — ہان اور دل ملے تو تری آرزو کرین
ظاہر مین ہم فریفتہ حسن بتان کی ہین — پر کیا کہین نگاہ مین جلوی کہانکی ہین
ٹہکرا کی میری سر کو وہ کہتی ہین ناز سے — لو ایسی مفت سجدی مری آستان کی ہین
خنجر کو چوس چوس کی کہتی ہین سیری خم — ظالم مری بھری ہوی تنی مین کہانکی ہین
وہ اور وعدہ وصل کا قاصد نہین نہین — سچ سچ بتا یہ لفظ او نہین کی بانکی ہین
نہان ہتای آمینی سی وہ بیگانہ خو برسون — حیا دیکہو نہین آتا ہی اپنی رو برسون
فرہ لی لیکی رگ گرای گلا شمشیر قاتل سے — برنگ زخم ہم جنس جنس کی وہی ہین مین
نخوای یاس یون برباد میری خانہ دل — اسی گہر مین جلا یا ہی چراغ آرزو میرے

گمان ہونکی اسپر ایسی دائین جو رخ نمایان ہین — رہی گا خلد مین بھی یاد ہمکو لکھنؤ برسون
پتلیان تک بھی تو پھر جاتی ہین دیکھو دم بھر مین — وقت پڑتا ہی تو سب انکھ چرا جاتی ہین
کیا سخی ہین عدم آباد کی جانی والی — نقد جان پہلی ہی منزل مین لٹا جاتی ہین
لٹک کر وہ زلف آئی ہی تا کمر — کہ لیلی ہی مجنون کی آغوش مین
جلد لی لین کہین اسکو بھی فراغت ہو جاے — وہ مری جان کو بھی کاش مراد دل سمجھیر
بسمل ناز و ادا ہمسی کہان ہوتی ہیر — رک کی گر تیغ چلی غمزۂ قاتل سمجھیر
پیری بھی چہٹراتی ہی احباب سے ہیہات — دندان نہین یہ میری لڑکپن کی یادین
حسرتین گھیری ہین اس کثرت سی بسمل کو — روح نکلی تن سی اتنا راستا ملتا نہین
صوت غنچہ کہان تاب تکلم مجکو — منہ کی سو ٹکڑی ہون آئی جو تبسم مجکو
ہین تو کیا عکس سی وہ آینہ رو کہتا ہی — پیار کی انکھ سی دیکھا نکرو تم مجکو
شمع کیطرح ہین وہ سوختہ قسمت ہون اسیر — مول لی لی کی جلا دیتی ہین مردم مجکو
وای قسمت کہ یہان قتل کی حسرت ہی اسیر — اور وہ سبھی ہین سزاوار ترحم مجکو
پہلی تم اپنے چتون اپنی نظر کو دیکھو — پھر جنہی دل دیا ہی اوسکی جگر کو دیکھو
جانتی ہو لو ہی خاک پر غنچہ کیون — ڈہونڈتا پھرتا ہی تقتل مین تمہاری تربو
زاہد امید رحمت حق اور بھی — پہلے شراب پیتی گھنگا رہی تو ہو
کانٹون سی کھونسنہال لینا — آتا ہے غش اک برہنہ پا کو +
وصال پر ہی جو وصل امتحان کر دیکھو — امید یون ہی سہی چند روز مر دیکھو
مری طرف سی کبھی کوئی حضرت غم سی — بہت رہی مری دل مین اب اور گھر دیکھو
فتنہ برپا ذات سی سفد کی ہوتا ہی ضرور — کیا ہوا اوٹھی اگر وہ منیہ کی تعظیم کو
مشتاق شہادت کو وہ دہاتہ لگا کر — کہتی ہین لگاوٹ بہت آتی نہین مجکو
وصل کی راتین بڑی ہجر کی چھوٹی ہون مگر — یہ تو کہ ای فلک آسمین ترا نقصان ہی

دل مل گئی وصال کا سودا نہ کر سکا — الفت کی آنکھ بیچ مین دلال ہو گئی
ارمان اوسکی زلف کی کس کس طرح سے کی — ہر نس گلی مین پاؤ مین خلخال ہو گئی
کان جب آواز سنتی ہین تیری — آنکھ کہتی ہے کہ دیکھا چاہیے
کر نہ انکار مری خون سی ای تیر نگہ — دیکھ کچھ کہتی ہے سرخی تری شوخ رنگی
سبکو ماپس اپنو کا موتا ہی یہ ہی عفو کا حکم — بخشنا ہون سی صف آگی ہو گنہگار و نکی
ابھی مزار پر احباب فاتحہ پڑھ لین — پھر اسقدر بھی ہمارا نشان رہی نہ رہی
اوس دل پہ ہزار جان صدقے — جس دل مین ہو آرزو تمہاری
اللہ ری قدر بیمری گناہونکی روز حشر — تعظیم کو کھڑی ہوی میزان حساب کے
سو جانین ہون تو تیغ پہ تیری فدا کرون — کیا جلد کٹ گئی ہی گھڑی اضطراب کے
موسی کو یہ چڑی ہی کہ برق جمال تھی — اک تہ اوتر گئی تھی تمہاری نقاب کی
ہجومی بیٹھ کی مسجد مین بکرا ای عظ — ایسی شی ہی کہ قیامت پر اوٹھا رکھی ہی
نگہ نازسی بھی دیکھ جو کر تا ہی حلال — یہ اوا سکی لیی تو نی او ٹھا رکھی ہی
غیر کی سا تہ وفا کر کی وہ مجھسی بولی — یہ وہی بات ہی جو تسنی بتا رکھی ہی
دکھلا کی آنکھ دل نہین مجہ سست کا لیا — تسنی شکار شیر کا کھیلا غزال سی
جو چاہی وہ مانگی اللہ سی امید — اس در پر آہ نہین جاتی سوال سی
جہان رکھی گلی پر تیغ دم لینی نہین دیتا — تڑپنی کا مزہ کھو تی ہی جلدی سی قاتل کی
قابل دید ہی وہ عارض چشم و ثمر گان — حورین بیٹھی ہوی ہین خلد مین جل پن ڈالی
نہو جسمین تجلی تجسی محبوب دو عالم کی — وہ جنت جل کی یارب خاک ہو جای جہنم کی
تمہاری چال بھی کیا گر دش گردون گردان ہی — کہ چل کر وہ قدم صورت بدل دیتی ہو عالم کی
کیا وصل کی شب مین سنگلین ہین — فرصت کم آرزو بہت ہی
حشر مین عذر گنہ کیا ہی بتا تو رکھو — گر سہا دا تمہین بھولی تو مجھی یاد رہے

گئی دل کی بھی بھائی بیکسی مین کون ہی اپنا
مگر اک گریۂ حسرت کہ بیتابانہ آتا ہی

چھوڑی کہین نہ گیسو پر خم نی اوسکی پیچ
کچھ رہگئی تو میری مقدر مین رہگئی

نہ توڑو آئینہ جانی بھی دو کہ ایک گھر
تمہاری دیکھنی والون مین یاد باقی ہی

شوخی حسن نی لاکہ اذلتمو کیا طاق مگر
پھر کہین ہی ابھی آنکہ جھپک جاتی ہی

جو رقم کرتا ہون مین کرتا ہی وہ اوسکی خلاف
اپکی خط لکھوا کی بھیجون کاتب تقدیر ہی

داغ سینہ داغ پہلو زخم دل درد جگر
کیسی کیسی ہمنشین مجکو ملی تقدیر ہی

لیلی کو پاس خفت مجنون بھی کچھ نہین
انکھین دکھا رہی ہی غزالون کی سامنی

یقین ہوا جو گرداشت کوئی پیری مین
کہ آج کھل گئی کمسنہ کی قضا کی آنی کی

ہا نہ تک مفتی و قاضی کو لگانی نہ دیا
دختر رز تو بڑی صاحب عصمت نکلی

منہ اپنا نہ آرسی مین دیکھو
سنبھلی گی نہ چوٹ روبرو کی

دل ہی نرہا امید کیسے
جڑ کٹ گئی نخل آرزو کی

خونبہا موسے سے لینگی روز حشر
کشتے چشم سرمگین یار کی

سوال وصل کا کر نیسی یہ ہوا حاصل
کہ آسرا تری امید وار کہو مٹھی

نصیحت کرنیوالونکو اکر کچھ بھی سمجھ ہوتی
جو سمجھاتی ہین مجکو وہ مری لبر کو سمجھاتے

مڑپ کر روکی اوس محفل مین دونون نی کیا
دل نادان کو سمجھاتی کہ چشم تر کو سمجھاتی

عشق مین جینی کی بھی لالی پڑے
ہای کس بیدردکی پالی پڑی

چشم و دل دونون غضب مین پڑگئی
ذوق وصل و حسرت دیدار سی

مدوای شوق سجود المدوای شوق سجود
سر نہ اوٹھی ابھی باقی ہی جبین ٹھوکری

ایک قطرہ بھی نہ پینا مگر ای جان جہان
اوسی انداز سی کہہ لی کہ نہین ٹھوکری

وہ کیا پردی سی نکلی جسکی پیراہن کو غیرت ہو
ہوا چین بر جبین دامن جو دیکھی آستین نکلی

حرمت مین دخت رز کی اصرار ہی جو اتنا
یہ بات کیا ہی رندو واعظ پی ہوی ہے

نکالی جاتی ہین ہر روز اوسکی پاس خاطر سی — تری عاشق نہ ٹھہری ہم عدو کا مدعا ٹھہری
جفا دیکھو جفا ری پر مری آئی تو نہ مایا — کہو تم ہو جفا ٹھہری کہ اب ہم ہو وفا ٹھہرے
شب وصلت قریب آئی بپای کوئی خلوت مین — ادب ہمسی جدا ٹھہری حیا تسی جدا ٹھہرے
نہ تڑپا چارہ گر کی سامنی ای درد یون مجکو — کہین ایسا نہو یہ بھی تقاضای دوا ٹھہری
تیر پر تیہ لگاؤ تمہین ڈر کسکا ہی — سینہ کسکا ہی مرجیان جگر کسکا ہے
انکہ کہتی ہے یہ دلسی کہ کری گی برباد — خواہش وصل تجھی حسرت دیدار مجھی
کہتا ہی وہ ہمسم کہ رہین ہم تمہاری گھر — لیکن یہ شرط ہی کہ خدا درمیان رہی
ہی یہ ضعف آج اگر منہ سی نکالون آواز — جلد آئی تو مری کان تلک کل آئی
کفر کبھی مین نہ پہیلا و ڈراکر آنکھین — دیکھو عارض پہ کہین یہ کبھی نہ کاجل آئی
پہنک دو کاٹ کی جڑ نخل تمنا کی امیر — پھول کمبخت مین آئی نہ کبھی پھل آئی

رباعی

کہری ہین تو شب وہ ماہ سیما آیا — اسپر بھی مجھے ہاتہ نہ تنہا آیا
چلمن جو اوٹھی ہوی تھی آتی تھی ہوا — چھڑوا دیی پردی تو پسینا آیا

رباعی

آئی ہی شب عجب رولانی کی لیے — مین ایک نہین سبکی مٹانی کی لیی
اشکون نمین مری ڈوب رہا ہی عالم — انکھین مری روتی ہین زمانی کی لیی

ترجیع بند

ہر روش اور ہی سامان نظر آتی ہین — جان تازہ گل نسرین و سمن پاتی ہے
جھومتی ہین جو عجب سرو ہوا کہاتی ہین — رقص کرتی ہین تو طاؤس یہ چلاتی ہین

تند و پرشور و سیہ مست زکسار آمد
میکشان مژدہ کہ ابر آمد و بسیار آمد

گلستان مین نئی ترکیب جو مجلس کی ہوئی — پھر ہوا سہ دہلی وجہ بھی اسکی ہوئی
تازہ امید گل و لالہ و نرگس کی ہوئی — نہین معلوم یہ مقبول دعا کسکی ہوئی

تند و پرشور و سیہ مست ز کہسار آمد
میکشان مژدہ کہ ابر آمد و بسیار آمد

کرتی ہین مرغ چمن شور گھٹا چھائی ہی — ہر روش ناچتی ہین مور گھٹا چھائی ہی
لطف برسات کا ہی زور گھٹا چھائی ہی — صحن گلزار مین گھنگھور گھٹا چھائی ہی

تند و پرشور و سیہ مست ز کہسار آمد
میکشان مژدہ کہ ابر آمد و بسیار آمد

تند اسطح کا جیسی کسی محبوب کی خو — شور ایسا کہ نہین صور بھی کمتر سر مو
وہ سیاہی کہ پریشان ہو جس سی گیسو — کثرت ایسی کہ فلک کا بھی دہائی پہلو

تند و پرشور و سیہ مست ز کہسار آمد
میکشان مژدہ کہ ابر آمد و بسیار آمد

قطعہ تاریخ جشن صحت فردوس مکان جناب نواب محمد یوسف علیخان صاحب بہادر طاب ثراہ

صرف دہان مہر کو ہی یہان عوج ماہ دے — عجب صحت عجب جلسہ عجب شادی کی سا ہے
کسی سال ہمایون ہا پہ آیا ہی ایسا — مہینا عید کا نوروز کا دن روز صحت ہے

قطعہ تاریخ رحلت شیخ محمد وحید الزمان خانصاحب فخر دار الریاسۃ رامپور غفر اللہ لہم

اللہ فی جو وصف عطا اونکو کیے تھی — وہ انہین سکتی ہین قیاس بشری مین
رحلت کی انکی کہی مینی یہ تاریخ — با سہ ملک تھی وہ لباس بشری مین

۱۲۸۹

خمس بر اشعار جامی علیہ الرحمۃ در زبان فارسی

رو بدرگاہ تو ای عالم پناہ آوردہ ام — چون خط اعمال خود روی سیاہ آوردہ ام
شرم سارم آلودہ قلب عذر خواہ آوردہ ام — یا شفیع المذنبین بار گناہ آوردہ ام

بر درت این بار بایشت دو تا آورده ام

قلب محزون چشم پر خون اشک گرم و آه سرد — سینه مجروح و دست عشه دار و روی زرد
تیرگی غم پریشانی دل مانند گرد — عجز و بیخویشی و درویشی و دلریشی و درد

اینهمه بر دعوت عشقت گواه آورده ام

تاریخ رحلت حضرت فردوس مکان طاب ثراه

در فراق ناظم سحر بیان یوسف لقا — جوشش زد سیلاب خون از دیده گریان من
تاب از دل رفت دل از دست رفت از کار رفت — رفتن او جمله برهم زد سر و سامان من
تیره شد چون شام ماتم در نظر این اختران — چاک شد مانند دامان سحر دامان من
شکر منتهای او ایمان خود دانسته ام — ذکر او تا بوده ام بوده ست ورد جان من
بسکه از شور قضا نام محشری برپا شده ست — میشود شور قیامت هر نفس فرمان من
گریه ام در ماتمش رنگ فراوانی گرفت — میچکد طوفان نوح از گوشه دامان من

بهر سال آن عزیز مصر لها گفت آسمان
مسند آرای جنان شد یوسف دوران من

۱۲۸۱

انور تخلص محمد انور شاہ قادری ابن مولوی محمد اسمعیل شاہ قادری نور اللہ مرقدہ حضرت غوث الثقلین قدس سرہ العزیز کی اولاد امجاد سی ہین وطن انکا خطہ شہر ہی اب امرتسر مین رہتی ہین اس دار الریاسۃ مین بھی آی تہی سرکار فیض آثار انکم واقبالہم کی شرف ملازمت سی مشرف ہوی تہی ہند گان حضور کی مداح رہتی ہی مرد صاحبدل ہین جو ہر قابل ہین اس سرکار سی سالانہ مقرر ہی ایک مثنوی مختصر مسمی بہ توشۂ راہ زبان فارسی مین موزون کی ہے کہ وہ چھپ گئی ہی کچھ شعر اوسمین سی انتخاب کیی گئی اور کچھ شعر قصائد مدحیہ کی منتخب ہوی وہ یہ ہین

در مدح

صد شکر سبز گشت ز تشریف نوبهار | صحرا و باغ و راغ و بیابان و کوهسار
نرگس بشاخ صوت مینا و ساغرست | زین مژده تر زبان که ببین صنع کردگار
گر هر گیاه سبز و هر شاخ و هر درخت | آثار فیض نا متناهی ست آشکار
سازد چو امن عام ضمیر منیر او | طاوس بیضه افگند اندر کنار مار
نام نکوی حاتم و کسری بعهد تو | سرنامه بر دوان ز گریبان ننگ و عار

در مدح

شاه گل آمد و بشست صحبت گلبن | تاج زرین بسر و خلعت رنگین بکنار
نوعروسان چمن جلوه گر از ناز و ادا | صف بصف حلقه بحلقه زمین و زیسار
چشم بد دور ازین تازه بهار نیکو | رشک فردوس برین گشت زمین گلزار
ساقیا زود بیار آبی ازین بحر خدا | چین میار و بجبین در نگذار اکنین و آر
بادهٔ همچو لب لعل بتان روح فزا | بادهٔ صاف تر از روی نکوی دلدار
نخل سرسبز ز قبه تو همیگردد خشک | چوب خشک از اثر مهر تو می آرد بار

در تهنیت عید اضحی

سال و مه گر یاد نیارم ازین مهری گردون دون | شادی امروز شد صرف غم فردای من
نخم چنان افروخت آتش در دل و جانم که شد | عضو عضوم مشعل تاریکی شبهای من
کی روا دارم کشیدن منت ساقی که هست | جان کباب و دیده جام خون دل صهبای من

مطلع

نیست کس در ربع مسکون این چنین مانند من | همچو نور دین دارد چشم مردم جای من
بحر دل کلب علیخان بهادر آنکه هست | والی من شاه من ممدوح من آقای من
تا نگردد گرد ماه مهر اندر فرق سایه | میشود از روز روشن تر شب یلدای من
ریخت پرتو مهر مهتاب ضمیر روشنم | جوش زد نار محبت سوخت سرتاپای من

دور گذارم ز درگاه خود قسم بکرم بخش | رحم بمحو جرم فرما کرم فرما ی من

تہنیت عید الفطر

داور از یمن عید از شوکت و شان تو باد | انور و صد ہا چو انور تہنیت خوان تو باد
مرد و زن شاہ و گدا خرد و بزرگ از خاص و عام | و مبدم رطب اللسان بذل و احسان تو باد

در مدح بندگان حضور از مثنوی مسمی بہ توشۂ راہ

گر در اہش گر رسد بفلک | سید ہر روشنی بچشم ملک
وقت مداحیت بقصد سوال | میزند بوسہ بر لبم اقبال
فی الحقیقۃ علم نعمت آگاہی | شرع را مہر و ورع را ماہی

انور امام الدین خان خلف غلام حسین خان کسی کی شاگرد تھی پینسٹھ برس کی عمر مین ربیع الآخرہ کی بارہوین تاریخ بارہ سو اونسٹھ ہجری مین قضا کی اونکی ہمشیرہ عبد القادر خان سی معلوم ہوا کہ فارسی مین اونکا تخلص امام ہی تالیف اونکی بہت تھی مگر وقت تالیف تذکرہ ایک دیوان ناتمام اور ایک مثنوی مختصر ملی اوسمین سے یہ کلام انتخاب کیا گیا

رختیہ

خط آنی پر ہوا ہی وصل بوسی کی زہی طالع | خضر کی گمشدہ مین سامان ہی ہمراہی کا
بعد مرنیکی کیا چاک جو سینہ میرا | خار ہای کیطرح سیکڑون خنجر نکلا
اور سب محشر کو جیسی تھی یہان ویسی اٹھو | ایک مین ہی سر او ٹھا یا جان او ٹھا بیٹھا
ہای پری آدمی کیونکر نہون اس حال پہ عاشق | تیرا سایہ ہی تری چال پہ لوٹا جاتا
ورق پہ کاکی لکھی تھی سر نوشت میری | کہ روز حشر بھی دل لیکی داغدار اوٹھا
بنی تربت در قاتل پہ یارب سنگ ہی تیرا | کہ سر جب آستان پر تھا رہا وہ آستان تیرا
گو کہ وعدی پر تہا اوسکی یقین تب بھی تو را | کان تھی آواز پا پر آنکھ تھی در کی طرف

بیمارنی تیری یہ مکان بدلی ہین ای شوخ — گر عمر دوبارہ ہو تو پہنچی نہ وطن تک
چشم بیمار آئنی سے ہے — عکس تجکو نظر لگاتا ہے
ہی دل مین چبھی کسیکی مژگان — اس شیشی مین بال آگیا ہے

قطعہ

دیر قاصد کی لگا نیسی جو رات فلاک پر — میری آہونگی دہوین اوسکر غبار آسمان
دیکھنا شوخی وہ بولا اب نہین آنی کی طور — آسمان پر آپ کی قسمت سی دل چہا گئے

مثنوی فراق نامہ

عشق سی ہی زلف کا مصرع دراز — عشق روی حسن کا آئینہ ساز
عشق ہی قفل دل تنگ چمن — عشق ہی بوی گل و رنگ چمن
عشقبازی کا سنا چاہی جو حال — پوچہہ انور سے کہ ہی اوسکو کمال
دل کی سوزش سی وہی آگاہ ہی — اوسکو اس آتشکدی مین راہ ہی
لالہ سان رکہتا نہین عشرت کا جام — خون دل پیتا ہی جون غنچہ مدام
کون اوسکا ہمنشین غمخوار ہی — ایک پہلو مین خیال یار ہی

فصل بہاری تازی

باقر تخلص باقر خان ولد عباس خان چوبیس برس کی عمر ہی مرزا حسین علیخان شاداں کی شاگرد ہین اونکا یہ کلام ہے

رختہ

آہ اک آہستہ کی تھی ہجر مین روز ازل — رنگ نیلا ہو گیا اوس روز سی افلاک کا
[illegible] نگین ہی ہر اک جہونکا صبا کا دیکہنا — اوسنی زلفین کہولکر شاید کیا ہی شانہ آج
[illegible] جو اپنی سای سی بہی بچ کر — وہ ظالم کیا کسیکا آشنا ہو
[illegible] کشتہ فتار کا کیا جی سہلے — چاہیی روزنی ایک قیامت ہلو

بحر شیخ امداد علی خلف شیخ امام بخش پینسٹھ برس کی عمر لکھنؤ وطن ہی اب اس سرکار کی وظیفہ خوار ہین اس سبب سی یہ دارالریاستہ مسکن ہی شیخ امام بخش ناسخ مغفور کے شاگردون مین نامور ہین کلیات انکا چھپ گیا ہی دور دور تک مشتہر ہین یہ اردو کلیات مطبوعہ کا انتخاب ہی

تہنیت شادی صاحبزادہ محمد ذوالفقار علیخان صاحب بہادر مرحوم

وہ زمانہ ہی کہ آئی جو عروسانہ بہار — آشیانون مین عنادل کی بندھی ہی بیڈ
آبجو صورت مشاطہ ہی آئینہ بکف — کیا عروسان چمن کرتی ہین بن بن کے
ڈالکر اپنی محافی پہ گلابی پوشش — آئی ہی بوی گل باغ جنان ہو کی سوا

در مدح جناب مستطاب نواب محمد یوسف علیخان صاحب بہادر فردوس مکان

اشرفی کی ہی وہ رنگت اگر اب کی تیج — چھوڑی تانبی پہ ہو مس تو نبانی کندن
نو نہالان چمن کا جو یہ عالم دیکھی — کہو لکر آنکہ نہ دیکھی کبھی دولہا کو دلہن
شاخ شمشیر مین مانند سپر پھول لگیز — جوی گلشن مین جو حداد بجھالی آہن
کھیت تلوار کی پانی سی ہوی ہین سیراب — خاک مین پھولونکی چادر ہین شہیدونکی کفن
دیکھی کیفیت گلشن تو پڑہی شیخ نے دردؔ — پای انگور کے دانی تو بنای کشمش

اشعار غزلہا

قصد تھا بحر کا بیتابی سی کعبی کی طرف — لا اُبالی ہی حنا جانی گیا یا نہ گیا
گلی پڑی کا جو سودا بہار مین ہوتا — یہ داغ بھی کسی پھولونکی یار مین ہوتا
میری دعا کو راہ نہین تا در قبول — دست دعا نصیب سی دیوار ہو گیا
کچھ تاسف نہین اسکا نہ برآئی امید — حیف یہ ہی مین دعا مانگ کی سائل کھرا
ہمچشمی یار سے حیا کر + نرگس آنکھون کی کھچہ دوا کر
دلکو اسوا سطی پہلو سی جدا کرتا ہون — آرزو ہے کہ ملون یار سی تنہا ہو

سگ دربان کی لی کوچہ جانان چھوڑا
بھر تم رکھ گئی خاشاک سی دریا ہو کر

دوپٹی کو آگی سی دھرانہ اوڑھو
نمودار چینرین چھاپی سی حاصل

بھر معشوقونکی باتون کا جواب
خیر ہے یہ تحفتکو اچھی نہین

حسن غمگین کو لیکی چاہ مین
جب اپنی ہی زلیست بی مزا ہو

آسایش بیجا سی مسرت نہین ہوتی
سو جائین اگر پانون تو راحت نہین ہوتی

پیسا ہی آسمان فی ایسا کہ حشر تو
اوٹھین گی ہم غبار کیصوت مین سی

آبرو آنسوون کی بی اثری فی کھوئی
ابتو روتی ہوی انکھون کو حیا آتی ہے

داغ کو کیون نہ کلیجی سے لگائی کہون
مجکو اس پھول سی خوشبوی وفا آتی ہے

انکھین نہ جینی دینگی تری بیوفا مجھی
ان کمر کیونسی جہانگ ہی ہتی قضا مجھے

ای ہجر وصل یارسی مین بی نصیب ہون
معشوق بھی ملا تو بڑا پارسا مجھے

رباعی

خم آگیا قد مین ابرو ونکی صورت
سب لٹ گئی عضو گیسو ونکی صورت

غم کھایا جوانی کا یہ مینی دندات
سب گر گئی دانت آنسو ونکی صورت

بند واسوخت

بال بنوانی لگی پیچ مین لانا سیکھی
سرمہ بھی دینی لگی انکہ لڑانا سیکھی

پان کھا کھا کی بہت ہونٹہ چبانا سیکھی
اوڑھ چلی ایسی کہ بی بر کی اوڑانا سیکھی

دہان اسکا زہا قول و قسم بھی کھہ این
نا سمجھ ہن جو یہ سمجھی ہین کہ ہم بھی کچھ ہین

دیگر

یا خدا عشق صنم کا کوئی بیمار نہو
دم بکلجای بلا سے پہ یہ آزار نہو

شعلہ حسن کبھی گرمے بازار نہو
کھوٹی داموں کوئی یوسف کا خریدار نہو

نرہی حسن پرستی کا مزا انکھون مین
ماہرو داغ نظر آئین سدا انکھون مین

داغ وہ دل جو کری میل کسی گلرو پر
تو وہ چشم جسی دید ہو منظور نظر

وہ زبان لال جسی ورد ہو نام دلبر
کر ہون وہ کان جو سنتی رہین جانا کی خبر

قلع وہ ہاتہ جو پہیلین کسی امان کیطرف
ٹوٹین وہ پانون جو دوڑین دجانان کیطرف

آئی آفت جو کسی شی پہ طبیعت آئی
ہفت اقلیم مین مشہور ہوئی دائی

آبرو کھوئی کسی جا کہین دولت پائی
پیار کرنا بھی زمانی مین ہی کیا رسوائی

نا مقدور محبت نکری بہتہ ہی
زہر کہا جای کہین ڈوب مری بہتر ہی

ای گل گلشن جان بوی وفا نجہ مین نہین
ای دوای دل بیمار شفا نجہ مین نہین

ای مہ برج کرم مہر درخشانجہ مین نہین
بی حلاوت ہی تری چاہ مزا نجہ مین نہین

تو وہ ہی غم مین کسی کی نہ کبہی آہ کرے
آڑیان بہی جو مین رگڑون تو کہڑا واہ کرے

میری نزدیک یہ آسان ہی کچہ دور نہین
چاہون تو ڈہونڈہ کی ایسا ہی نکالون حوریین

پر جو ہین اہل وفا دل کا نہین یہ آئین
اپنی تقدیر کا لکہا ہی چہین حوریین

صبح اوٹہکر یہ ہوس ہی ترا چہرا دیکہون
دیکہکر پاون ترا منہ نہ ٹھیکا دیکہون

بدی چند خلف پنڈت اودم چند علم بیاکرن یعنی صرف ونحو اور جوتش یعنی نجوم اور کاب یعنی شنسکرت کی شاعری اور پنگل یعنی عروض پنڈت کرشنانند سی حاصل کیا اور نیای یعنی علم منطق اور دہرم شاستر یعنی علم فقہ پنڈت ٹیکارام

مراد آبادی سی پڑہا بہاکا زبان مین صاحبزادہ امداد اللہ خان تاب تخلص کی فیض صحبت سی دخل پیدا کیا اکاون برس کی عمر ہی سر کار دولتمدار مین ملازم ہین یہ اونکا کلام ہے

کیفیت در تعریف حسن معشوق

ایک سمین دیکہ کی سجان چترانن جو تیرو مکہ چند تو لینی کو چند ہتیرہی
ڈنڈنی سنسمار پلا ڈوڈو دونو دہرب کری تو لیو مکہ چند آیین دی گہنیرو ہی
آن آن تاری بدی چند چندر اکہی تو وہ بہیو ہلکو سو بہاری مکہ تیرو ہی
چہب کو لنار و ہی ہار و سو پد ہار و نبہ چین ہی نہ دیوس رین کری نت پہیرو ہی

شرح ایک سمین دیکہ کی ایک وقت مین دیکہ کی سجان چترانن جو ہوشیار چترانن یعنی برہمانی تیرو مکہ چند تیری منہ کی چاند تو لنی کو چند ہیرو ہی تو لنی کی واسطے چاند کو دیکہا ہی یعنی ایک زمانی مین برہمانی جو تیری منہ کی چاند تو اور اپنی چاند تو دیکہا تو چاہا کہ دونون کو تولا چاہیی لہذا ڈنڈی سنسمار کہمکشان سی ترازو کی ڈنڈی بنائی پلا ڈوڈو دونون دہرب کری دہرب کہتی ہین قطب کو یعنی دونون قطبون سے دو پلی ترازو دیی تو لیو تو لا مکہ چند تیری منہ کی چاند کو چند آیین دی گہنیرو ہی یعنی چاند کو آب حیات دیکر تیری منہ کی چاند کی ساتہ تولنگر او سکا بہاری ہو جاے آن آن تاری لالا کی تاری بدی چند ای بدی چند چندر تیرا کہی اپنی چاند کی پاس رکہی تو وہ بہیو تب بہی ہوا ہلکو سو ہلکا وہ بہاری مکہ تیرو ہی تیرا منہ بہاری نکلا یعنی باوجود آب حیات دینی کی اور سب تارون کو اوسکی پاس رکہنی کی تیری ہی منہ کا چاند بہاری رہا چہب کو لنار و تیری چہب یعنی تیری حسن کا بہگایا ہوا ہی نار دل ہارا ہوا سو پد ہار و نبہ وہ چاند گیا سوی آسمان چین ہی نہ دیوس رین نہ دیکہو چین ہی نہ رات کو کری نت پہیرو ہی ہمیشہ سر گردان یعنی راتدن گردش کیا کرتا ہے

بزمی

بزمی عبداللہ خان ولد سیف الدین خان چالیس برس کی عمر نعت گوئی کا شوق ہی سرکار مین نوکر ہین حضرت خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مداحی کی بدولت مشتہر ہین وزیر علیخان وزیر کو جو اس بیچمان کی بھی شاگرد تھی کلام دکھایا ہے یہ اونکی اشعار ہین

رختیہ

خواب مین اک شب تو دکھلادی رخ ماہ نبی
دیکھنی یارب ہماری چشم گریانی طرف

دیکھون کس روز برآتی ہی تمنا بزمی
اکی پھر رہگیا شرب کو مین جاتی جانے

آتی دیکھین گی جو ہمکو کہین گی حورین
جنت آباد ہوی آی پیمبر والی

بسمل

بسمل شیخ محمد زمان عرف عبدالرحمن صدیقی ابن شیخ فضل الرحمن بجنوری نوح الکنوی مین ایک مقام ہی فرخ آباد عرف چلاوان وہ انکا مولد و موطن ہی اب سے دارالریاسۃ مسکن ہی ملازم سرکار دولتدار ہین عدالت عالیہ دیوانی مین نائب سررشتہ دار ہین ستائیس برس کی عمر ہی خوش اوقات حمیدہ صفات ہین شاہ مجید الزمان خلیفہ حضرت شاہ سلیمان قدس سرہ العزیز سے بیعت ہی اہل اللہ سی کمال عقیدت ہی یہ سب محاسن اوسی کی برکت ہی کچھ کتابین عربی بیچمان انکی سنجھلی بہائی مولوی عنایت حسین مغفور سی پڑہی تہین فارسی مین اس بیچمان سی تلمذ ہی شعر کا بھی ذوق رکھتی ہین جو کچھ موزون کرتی ہین بیچمان کو دکھاتی ہین صاحب دیوان ہین چند شعر اونکی بطور نمونہ لکھی جاتی ہین

رختیہ

ہر دم کی شوخیون سی تو نکی یہ تنگ ہی
کہتا ہی برہمن کہ مین کیون برہمن ہوا

زبان پیغامبر کی قطع کرکی بیچمدی محبوب
جواب اچھا دیا ظالم نی پیغام زبانی کا

کوئی بات سینی کا مطلب کی بھی
کہ قصی کہانی مین جاتی ہی رات

مین کیا نو نگا کہ اوسکو نہین ملتا ہی مزہ	ذکر ہی رہتا ہی کیون ورد زبان و لب
کچھ ایسی بیخودی تھی سر وصال مین	ہم کہگئے جواب کا مطلب سوال مین
انداز کیا زالی مری لیتا ہی کہان کی ہین	دل لیکی پوچھتا ہی ارادی کہان کی ہین
عکس کو آئینی مین ہند کیا ہی دیکھو	اونکی تصویر خیالی ہی ہماری دل مین
ادہر چکی اودہر چکی یہان تڑپی وہان تڑپی	گئی جاتی ہی بجلی بھی تمہاری بیقراری پر
خود اپنی عکس سی آئینی مین وہ کہتی ہین	کہ دیکہ دیکہ غش آیا ذرا سنبہال مجھی
مری زبان سی پیدا ہی میری ناکامی	جواب دیتی ہین دیکھو لب سوال مجھی
ڈہلا جو کاندہی سی وقت خرام ناز اوسکا	کہا ادہی دوپٹی تو سنبہال مجھی
ای بیخودی سلوک کرتا کہان تک ستم تجھی	میری خبر ہو دلکو نہ دلکی خبر مجھی
غم واندوہ و درد و حسرت و یاس	سب ہین احباب اپنی صحبت کو
بزم مین اونکی کیا کرتا ہی مجکو جی چین	دل سی کہدو مری پہلو سی ہٹ بیٹھے

بسمل حاجی محمد نصر اللہ خان ولد کریم اللہ خان پینتالیس برس کی عمر ہی صاحبزادہ غلام حضرت خان زخمی کی شاگرد ہین انکی دو شعر ملی وہ لکہی گئی

رعنیہ

ملی غیرونی پاون مین اونکی مہندی	مین افسوس کرتا رہا ہاتہ مل کر
یہی ہین بوسہ جانان جو بی صادق مین	الہی روٹہ بخشائی وہ دلربا دل مین

بسمل ولی محمد خان ولد جان محمد خان پینتالیس برس کا سن ہی درس و تدریس کا مشغلہ رات دن ہی مدرسہ سرکاری مین عہدۂ مدرسی سی مورد افتخار ہین فن شعر مین میر محمد حسین کربلائی متخلص بہ نفیس کی شاگرد ہین ذی اعتبار ہین نثر لکہنے کا بہی شوق ہے یہ اونکی اشعار ہین

مدح بندگان حضور

بہار رنگ عمدش ہین کہ ایماں ز بوی گلشن اسلام مست ست
بدور بادۂ امن تو ہر کس مدام از نشۂ آرام مست ست

اشعار غزلہا

نسیم گلشن فقر او فسون چہ دمید کہ ہمچو غنچہ بگفتن ز نقش ما پیدا ست
از گل زخم دلم بوی کسے می آید کو دماغی کہ بدارم سر درمانی چند
بآن سنگین دل بی مہر دل ادم کہ گیرد ز عزم یک نگاہ لطف او راہ صد پشیمانی

رباعی

بسمل شدم از رشک و کشیدم صد آہ دانستہ بغیر گفت آن غیرت ماہ
در چشم نمک سود نمی آید خواب فریاد کنان کیست ہین بر سر راہ

بسمل محمد عبد العزیز خان ولد محمد ایوب خان بائیس برس کی عمر ہے میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہے

رخیتہ

اضطراب دل کا مضمون ہی ہمین صید نہ ہو کہو لنا خط کو ذرا ای مشفق من دیکھکر

بشیر خواجہ محمد بشیر ابن خواجہ نظام الدین احمد المعروف بہ سید فقیر ولد سید شاہ حسین مودودی مغفور وطن قدیم انکا شاہ جہان آبادی ہی مگر لکھنو مین پیدا ہوی کتب درسیۂ عربیہ اساتذۂ مختلف سی پڑہین اور کتب فارسیہ مولوی فخر الدین حسین خان مغفور شاہ جہانپوری سے کہ شاہ جہان آباد مین اکثر رہتے تہی دیکھین قاضی محمد صادق خان تخرسی بھی فارسی مین تلمذ ہی چہین برس کی عمر ہی کئی برس سی سرکار دولتمدار مین ملازم ہین ناشرہ ناظم ہین یہ اونکا کلام ہے

تہنیت عید الفطر و مدح بندگان خصوصا مالکم و اقبالہم

بدیده راه غلط کرده ست امشب خواب — جمال کیست که می افگند ز چهره نقاب
اشاره کرد ربابد ز جان شکیب و توان — که برق میزند از غمزه مجرمن خواب
بکار صبر که آشوب افگند امروز — که خواهد آنکه کند خانمان من خراب
که جام بادهٔ شوخی بکف اداریست — که جرعه جرعه چکاند بجام شوق شراب
بجز سخن نبود هیچ دلفروز نگار — بزنگ نکهت گل هم عیان و هم بحجاب
ببارگاه فلک قبّهٔ بردراهے — که آستان درش جاه و فضل راست طناب
بنام کلب علیخان بهادرش زدکوس — زمانه بر سر نه بام چرخ فیض ایاب
بروز عید سعید و مبارک رمضان — که چشن شه همه سو از طرب کشود ابواب
بدستیاری کلک نگارِ بند بشیر — نمود جلوه ببزم شه سپهر قباب
به تهنیت وُ ران نکته ها فشاند رقم — که هر دری ست ازان مایهٔ ولوالالباب
نشاط عید بها از تو سالها بالد — ز فضل صوم تو نازد بخویش ذوق ثواب
نهال سال و مه عمر تو ابد پیوند — بهار عمر ترا عمر خضر باد حساب

ایضاً در مدح

من کیستم آن پرده در راز نمیرم — کز عرش تا بسوگذرد شور نفیرم
افتاد مرا کار با فسرده دلیها — با آنکه بشارت چکد از نام بشیرم
آن درد گزین شاعر آشفته دروغم — کز آب و گل گریه و سوزست خمیرم
از کشمکش حاجت دنیا چه هراسم — کز مدح طراز ان فلک پایه امیرم
آن داور دانا دل و خورشید ضمیری — کز تربتش منزل عرش ست مسیرم

اشعار غزل

هر اثر جسته به جان پیدن دهم — هوش سر اسیمه را بال پریدن دهم
بلبوهٔ سر داد حسن خون جگر جوش زد — اشک دل افسوز را ذوق چکیدن دهم

صوت دلاویز شوق شد زدرِ دل بلند | آرزدِ ہوش را گوش شنیدن دہم

ثبیہ

بشیر محمد بشیر خان ولد مولوی جمال شاہ خان تیس برس کا سن ہی میان نظام شاہ کی شاگردون مین ذی اعتبار ہین اونکی یہ اشعار ہین

رسخیتہ

اوس بت کا عشق میری ہی قسمت مین تہا اگر | پتھر کا دل بھی کیون نہ دیا اے خدا مجھے
برسون مین ہمنی دیکہی تہی شکل شب وصال | ای صبح بیکسو آج ہی آنا تہا شام کو
آج کیا حال ہی ہمسی تو چہپا و نہ بشیر | دونون ہاتہون سی منہ کو چہپا لی ہی دل نے

نجمی

بلگرامی محمد سیف الدین خان ولد سید احمد خان وطن اکبر بلگرام ہی بائیس برس ہوے کہ وطن سی نکلی مدت تک پیشاور مین رہی دس برس گذری کہ اس دارالریاست مین آئی طلب علوم مین مصروف رہی پانچ برس سی مدرسہ سرکاری مین مدرس عربی ہین شعر بھی عربی کہتی ہین پینتالیس برس کی عمر ہے مولوی اسمعیل سمرقندی سی تلمذ رکہتی ہین یہ اونکا کلام ہے

اشعار قصیدہ مدح بندگان حضور نور

یا من تحلّی ضیاءً وجمالا | خصّصت بعلم وحلم وحالا
ای وہ شخص کہ آراستہ ہوا سانہ روشنی کمال کی | تاسی کیا ہی سانہ دانش اور بردباری اور احوال

الحمد لربّک اعطی درجاتٍ | لا تدرک فی العقل وہمٍ وخیال
سب تعریفین اوس پروردگار کیواسطی کہ دیتی ہی تجکو درجا | وہ ایسی جات کہ نہین سماتی عقل اور وہم و خیال مین

یا ربّ فرّعہ علی کلّ رفیع | واجعلہ علی السّطح مضیّا کہلا
ای پروردگار بلند کر اوسکو ہر بلند پر | اور گردان اوسکو بلندی پر روشن مانند ہلال

الضیغ

من وجہہ بدر السّما من کفّہ باب العطا | من نورہ شمس الضحی لفظ ہو فی الحکم

اپنی چہر کی بدلت فلک ہر اپنی دست دہی دارہ	اپنی روشنی سی شید روشن ہی لعلان مایہ ہی گہر سی
یا الٰہ الاوصاف من اخلاق سلطان	الرجا فالرجا من فیضہ بحر الکرم
ای گزیدہ روش اخلاق بادشاہ رسل ہین سی	مرجا مرجا اپنی فیض سی دریا بخشش

بلدیو چوبی بلدیو داس توار ی ابن چوبی جگناتہ توار ی ابن باس دیو توار ی برادر کلان چوبی پران سکہ جنکا ذکر بای عجمی مین آی گا علم اپنی دادا باس دیو سی حاصل کیا اور شاعری کا فن سری من نراین داس ساکن اٹاوہ سی سیکھا اس کمسنی کی عمر تر سٹھہ برس کی ہی عہد و سعیدی سی سہ کار فیض آثار دام ملکہم و اقبالہم مین نوکر کسی قدر فارسی سی بھی آگاہ مامیقیماً اور کریما دونون کتابون کا ترجمہ فارسی سی بھاکا مین کیا ہی یہ انتخاب کلام سے

کبت در مدح بندگان حضور

چوری ہوت چت کی کبت کی سو گر تہن مین چاری ایک آم اور دوہ ہی مین دیکھی
چوری ہوت چت کی ناتی تو پنگت چنگ لوٹی جات جوا تو دوار ہی کی نار ہی دیکھی
کب بلدیو کہی نیچ نہ کوئی لوگ پہاگ نہی مین کوئی کوئی رنج رہیکھی
سہری جت نواب کلب علیخان بہادر کی پرجا عدالت کی راج نیت دیکھی

شرح چوری ہوت چت کی کبت کی سو گر تہن مین چت بمعنی دل کبت بمعنی شعر گر تہن بمعنی دفتر اشعار حاصل یہ کہ اس عہد عدالت مہد مین چوری کا نام معدوم ہو گیا ہی اگر کہین چوری ہوتی ہی تو دو چیزون کی ہوتی ہی ایک تو دل کہ معشوق چراتی ہین اور دوسری کتابون کی مضامین چوری ہو جاتی ہین چاری ایک آم اور دوہ مین دیکھی چاری بدکاری کو کہتی ہین دیکھی بمعنی دیکھی حاصل یہ کہ چاری یعنی بدکاری کہین باقی نہین رہی ہان چالی ایک آم مین اور دوسری دوہ مین دیکھی جاتی ہی آم کی چالی اوسکا تخم ہی اور دوہ کی چالی عبارت ہی بالائی سی پوسی کی باقی تو

پتنگ چنگ لوٹی جات لوٹی یعنی لوٹنی کی تالی یعنی تالم یعنی لوٹ کا اثر کہین باقی نہین
البتہ اس علاقی سی پتنگ اور چنگ لوٹی جاتی ہین جوا تو د واری ہی کی سا
ابر کبھی جوا قمار د واری د والی سارات آر کبھی د یکھی یعنی جوا بالکل موقوف ہوگیا
مگر د والی کی رات کو البتہ کہین نظر آتا ہے یعنی سوا اوس رات کی اور کوئی
کبھی جوا نہین کھیل سکتا اور اوس شب مین ہنود جوا کھیلنی کو شگون بہتر
سمجھتی ہین اور یہ ہی مشہور ہے کہ یہ شب اونکی مذہب مین نہایت متبرک ہے
جو اس مین جیت گیا وہ تمام سال ہر بات مین بازی لیجائی گا د والا فلا
کب بلد یو کبھی نیج نہ کوئی لوگ کب یعنی کبیشر بلد یو مخلص شاعر کہی کہتا ہے نیج بی شرم
مطلب کبیشر کہتا ہے یہان کوئی بی شرم اور بیحیا نہین ہی بہانگ ہی مین کوئی کوئی
نیج بیسیکھے یعنی کوئی کوئی جو بی شرم نظر پڑتا ہے تو ہولی مین البتہ نظر پڑتا ہے
سری جت نواب کلب علیخان بہادر کی پربل عدالت کی راج نیت دیکھیی ہی جت صاحب
ملک پربل یعنی زبردست راج نیت طریقہ راجون کا یعنی نواب کلب علیخان بہادر جو صاحب
ملک ہین اونکی زبردست عدالت کی طریقی دیکھنا چاہیی کہ اونکی انصاف و عدل سے
کیا ملک کا انتظام ہی

تہنیت خلعت پوشی و زرافشانی بندگان حضور

آی جو نگر بیچ پھر بملت آی والی رام پڑ وان کینو سن بھیا یو ہے
ہاتی پی سوار موہنہ رو ہین کے ماڑ بار پیٹنگن وار وار کہمانسامان جب چہا یو ہی
کب بلد یو یو ہے تن کہہ نکی اپما کو انگ ایسو میری من آ یو ہے
مانو سام گہتا پی سوار مہاراجہ اندر پڑی بوندن اکنٹ جہر لا یو ہے
شرح آی جو نگر بیچ الی آخرہ یعنی شہر مین جو والی رام پور خلعت مین کی آی تو خیرات
خاصہ خواہ کی ہاتی پی سوار الی آخرہ یعنی ہاتی پر سوار روپیون کے

مہیان خانسامان شار کرتی ہوی کب بلدیو الی آخرہ کبیشر بلدیو کہتا ہی
یہ کیفیت اپنی انکھون سی دیکھی تو یہ تشبیہ سوجھی مانو سیام الی آخرہ گویا ابر پر
مہاراجہ اندر فی سوار ہو کر بڑی بڑی بوندون سی جھڑی لگائی ہی

در تعریف سواری عید

نوبت نشان کو بلند سو گنید سوہنی ماہی او مراتب کی سوہا او دھکا فی ہی
آت ہی او نگ بلند گجراج تا پی ہو وا بن آیو کلکتہ سون سو دیس مین بڑائی ہی
کب بلدیو تا پی راجت انوپ بہوپ چھتر کو نرکھہ ب کرن لجائی ہے +
سہری جت نواب کلب علیخان بہادر جی عید کی سواری سون گجر چھپ تا پی ہی

شرح نوبت نشان کو بلند سو گنید سوہی نوبت نشان کا بلند ہا تھی اچھا معلوم
ہوتا ہی ماہی او مراتب کی سوہا او دھکا فی ہی ہی او مراتب کی خوبصوتی زیادہ
ہی آت ہی نہایت ہی او نگ بلند گجراج ہا تھی تا پی او سپر ہو وا بن آیو ہو وج
بنگر آیا کلکتہ سون کلکتی سے سو دیس مین بڑائی ہی ساری جہان مین او سکی تعریف ہے
کب بلدیو تخلص شاعر تا پی راجت او سپر مٹھی ہین انوپ بہوپ بمثیل راجہ چھتر کو
نرکھہ چتر کو دیکھکر رب کرن آفتاب کی کرن لجائی ہی شہ منده ہی سری جت
صاحب ملک نواب کلب علیخان بہادر جی عید کی سواری سون گجر چھپ تا پی ہی
ساری عالم فی رونق پائی ہی

چھپے

تا کی پا ہی گجم آنیک آوت مد ماتے — جن کی مشک رنگی سرنگ بندن سون راتی
پری جری کی جھول موت گھنٹا دہن کر — ہن سرو د تنبور ڈھول تاسا چھپ تیسی

بلدیو سکٹ دوو دھا چور دشرت سو بہلا ہی
جنوب سنڈل سین او مک کی گنگ دھارا ت چھلے

شرح تاکی پاہچی اوسکی سچی کچ انیک باتھی بہت آوت مدماتی آتی ہین مست یعنی جھوستی ہوی جسکی مستک جسکی پیشانی رنگی سرنگ رنگی ہوی خوش رنگ بندن سون راتی سیندوری سرخ پری جری کی جھول پڑی ہوی سنہری جھول ہوت گھنٹا دہن جیسی ہورہی ہی گھنٹی کی دہن ویسی یعنی جیسی سنہری جھول بہت اچھی اوسپر پڑی ہی ویسی ہی دونون طرف کی گھنٹون کی دہن ہورہی ہی یعنی بیچ رہتی ہن پھر سرودنام سازہنور نام سازڈھول نام سازتاسا نام ساز چھب میسی خوبصوتی ویسی ہی بلدیو سکب بلدیو اچھا شاعر کہتا ہی دوہ دوست دونون طرف چنور ڈھرت چنور ہلتا ہی سوبہا بھلی بہت خوبصوت معلوم ہوتا ہے جنو گویا رب منڈل سین آفتاب کی حلقی سے اوگ کی اوٹھکر گنگ دہار گنگا کی دہارات اتچلی ادہرادودہر روان ہوئی

چھپی

سُندر سگھر سوار سنگ سب سجی رسالی	سیس بنی پیچ سنہری سُکر سُبھالی
سُور سکل ساونت سیل بندہ صوبت سوہین	سانچی سیچ سیفتہ سنگہ سی سوہین
بلدیو سکب سردار سب ستر بندہ سوہانین +	
سرکار سواری عید کی سکب نہ سامان سکینین	

شرح سندر خوبصوت سگھر سوار خوش سلیقہ سوار سنگ ساتھ سب سجی رسالے سب آراستہ رسالی سیس بنی سر پر بندہی ہوی پیچ سنہری پیچ پلٹا سگر سبھالی عمدہ ہاتھ مین بھالی لیے ہوی سور سکل ساونت بہادر سب سجی سیل بندہ مردت کی جتھی صورت سوہین صورتین اچھی سانچی سچی سیچ سفتہ خاصیت مین محبت سنگہ سی شیر کی مانند سر سون سوہین دیوتا کا دل لبھانے بلدیو سکب تخلص شاعر یعنی ای بلدیو سردار سب ستر بندہ ستر سب سلاح بند

سو بھاسینین خوبصورتی کی بہری سرکار سواری عید کی دن کی سواری سرکار کی سکب اچھی شاعرنہ سامان سک گنین سامان ترک کو مینن گن سکتی ہین

چھپی

اگر کر کر برکت پھول ہی ہر کمت نرناری	دو دو دسا بجار بھری سب اتا اتاری
کمت دہن یہ بھوپ دہن یہ گہڑی سہاوے	دہن آج کو دیوس دہن یہ بجت بدہاوے

بلدیو سکب جاچک جتی اسیرباد سیدھے دیو
جب لگ ہوم اکاس جگ سری نواب تب لگ جیو

شرح کر کر برکت پھول ہی ہر کمت نرناری ہاتھون سی پھول برساتی ہین خوشدل ہوکی مرد عورت دو دو دسا بجار دونون طرف بازار بھری سب اتا اتا سے بالاخانے سب آدمیون سے بھری ہین کمت کہتی ہین دہن یہ بھوپ دہن یہ گھڑی سہاوی اچھا یہ راجہ اچھی یہ گھڑی بہتر معلوم ہوتے ہے دہن آجکو دیوس اچھا ہے آجکا دن دہن یہ بجت بدہاوی اچھا یہ بجتا ہے شادی کا باجا بلدیو سکب تخلص شاعر یعنی ای بلدیو جاچک جتی مانگنی والی جتنی ہین اونہون نے اسیرباد دعا یہی دیو یہی دی جب لگ ہوم اکاس جگ جب تک زمین آسمان آباد ہی سری نواب صاحب ملک نواب تب لگ جیو تب تک زندہ رہین

کمت

گوری اَت بھوری بھیس بھوری سی بھین نار جوبن کی جوت کچھو انگ اوپ دیسی ہے
بالا ہی اجان ناہ جوبن کو گیان تاہ جان کچ بھوری امنا سوج بس بھیسی ہے
کب بلدیو بسی دہاوی سون بھانی یہ سمجھے سیانی کہی ریت ناہ نئی ہے
جاکی جوت انگ تاکی پیر گوہ نہ سنگ جوبن دیکھی بین رنگ تاکی انگ پیر جیسی ہے

ہر رگ گردن سی آتی ہی صدا یہ وقت ذبح | واہ ای قاتل نہین ہی تیری خنجر کا جواب
کبہی شب وصل ہاتہ جوڑی کبہی سر اپنا قدم پہ رکہا | ہزار جہڑکیان مین نہ اوسنی اولٹا نقاب اور اٹہا

جمیل — آغا علی نقی خان ابن آغا برہان الدین حیدر خانیشاپوری حیدر تخلص ہمپیس برس کی عمر ہی منشی سید اسمٰعیل حسین سنیر کی شاگرد ہین یہ اونکی شعر ہین

ریختہ

آتی ہی شب وصل کی کیا سوگہی تقدیر | دیتی ہین اذان شام سی مرغان سحر آج
بیٹہی ہوی ہین غیر کی پہلو مین وہ شاید | کل سی ہی زیادہ ہی مرا دردجگر آج

جوہر — تخلص لالہ رجہا سی لال ولد لالہ سکہہ باسی لال اونتیس برس کی عمر ہی اردو اور فارسی دونون زبانونکی شاعر ہین شیخ احمد علی احمد کی فیض تلمذ سی نظم ونثر دونون کی مامہر ہین جو کلام انکا ملا وہ لکہا گیا

ریختہ

نگاہ مہر کا امیدوار ہون تجہسی | کہ جور وظلم تو اب مجہپہ بی شمار ہوا

فارسی

از آتش فراق تو سوزی ہست در جگر ہا | سوزد چو شمع از نفس ما زبان ما

فصل حا

حافظ — تخلص منشی اکرام الدین احمد خلف منشی امیر الدین احمد متوطن شہر لکہنو کئی برس سی یہان رہتی ہین کبہی کبہی شعر بہی کہتی ہین جوان اہلیت شعار ہین منشی مظفر علی صاحب اسیر سی تلمذ ہی یہ اونکی اشعار ہین

ریختہ

رنگ عارض آجنگ فرطِ نزاکت سی ہی زرد
ایکدن بوسہ لیا تہا خواب مین رخسار کا

نگاہ نازسی دیکہا جسی اوسنی شفا پائی
کبھی بیمار اچھی نرگس بیمار فی کیا

حافظ قاسم علیخان ولد سید نور خان بائیس برس کی عمر ہی حافظ فسیح الدین منشی سید اسمٰعیل حسین کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

فرد دیدہ نگاہون سی چہپایا دل حافظ
تم آنکر لڑائی تو یہ آفت نہین آتی

ہوی ہین عشق مین بیگانہ وحشت ہی سب اوسکی
خدائی سی بگاڑی ہی تواوس نے بن سی بنائی ہی

حافظ

حافظ تخلص حافظ محمد یونس خان نام حافظ محمد عثمان کی بہنی اور مولوی محمد غیاث خان بہادر مرحوم کی بہانجی ہین اونیس برس کی عمر ہی دایم خان بسل کی شاگرد ہین دو شعر انکی ملی وہ درج تذکرہ کیگئی

فارسی

بدز دیدہ نگاہی نیم بسمل کرد حافظ را
نگہی سوی نم دیدہ آن ستم ایجاد یا نہ کرد

بغیر از شمع بالین ہیچ دلسوزی نمی بینم
کہ می گرید چو میبیند درشب غم حال زارمن

حافظ

حافظ سید محمد مجتبی قاری سید علی حسن صاحب کی خلف الرشید حافظ قرآن چہبیس برس کی عمر ہوی نہایت صالح و سعید تہی تازہ تازہ شوق ہوا تہا منشی مظفر علیصاحب اسیر کی خدمت سی مستفید تہی افسوس کہ زندگی نے بیوفائی کی اسی سال ماہ شوال کی بارہوین تاریخ نواح عظیم آباد مین روح نی بدن سی ناآشنائی کی یہ اونکا ایک شعر ہی

ریختہ

کیا جانی اضطراب مین نکلا زبان سی کیا
باتون سی میری تنگ وہ غنچہ دہن ہوا

حامی عبد الجبار خان ولد عبد الرزاق خان اٹھارہ برس کی عمر ہی ولی محمد خان
بسمل کی شاگرد ہین یہ اونکی دو غزلہ ہین

فارسی

سر و گل شیشہ و گل صوت سا غر گرفت | بیکسی ای ہمنشینان در چمن خو مسیم کرد
کی شاید خاطر من از تماشائی بہشت | بجز آسایش کوی او و من خو مسیم کرد

حبیب تخلص محمد حبیب الرحمان نام ولد محمد نیاز حسین حضرت امام ربانی شیخ
محمد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین ہین اردو فارسی دونون زبانون مین
مرزا حسین علیخان شادان سی مستفید ہین ابھی چوبیس برس کی عمر ہی مگر حسن
طبیعت کی بدولت اپنی استاد کی شاگرد رشید ہین یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

وصل کی شب کہتی ہین مجھسی کہ دیکھا ہی تجھے | شمع کی آغوش مین پروانہ جلکر رہگیا
جوش وحشت سی وصال اپنی مقدر مین نہین | کہ وہ مہمان ہی اگر گھر مین تو ہم گھر مین نہین
بی حجابانہ چلی آ و عیادت کو مری | کہ شب غم کی سوا کوئی مری گھر مین نہین
ہو گئی کیا خورشب خیم آسمان کی اے حبیب | آج کیون سر پر مری کوئی بلا آئی نہین

فارسی

خواہی اگر نظارہ صد آفتاب حشر | واعظ نگاہ کن بدل داغدار ما
در غم فرقت جانانہ کسی میتست رفیق | ہان مگر درد و غم و نالہ و افغانی چند

حرفت مولوی شیخ غلام علی ابن شیخ حافظ احمد مولوی قدرت اللہ شوق کی
شاگرد ون مین داخل ہی تحصیل کتب فارسی مین مولوی قطب الدین مرحوم کی
تلامذہ مین شامل تھی سینتالیس برس کی عمر پائی بارہ سو چوالیس ہجری مین رحلت
فرمائی ایک شعر اونکا علاوہ لکھا گیا

فارسی

غلام عشق تو گشتیم و شهریار شدیم | ز ننگ و نام گذشتیم و نامدار شدیم

حرف ت

حرفت مولوی شیخ محمد محسن خلف و شاگرد مولوی غلام محی الدین خان مرحوم عشقی پچھتر برس کی عمر ہی وطن اصلی یہی دار الریاست ہی مگر ہمیشہ پورہین نواب عبدالصمد خان کے لڑکون کو پڑہاتی ہین ایک مدت سی وہان اقامت ہی یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

حرفت گلی مین اوسکی کسی شب سے آج چل | پہلو مین دل ہی مائل دیدار بی طرح

حرمت

حرمت شہامت خان خلف حبیب شاہ خان جو کریم خان ترابی کی ہاتہ سی بارہ سو چھپن ۱۲۵۶ ہجری مین بضرب شمشیر ماری گئی فارسی زبان مین شعر کہتی تہی سراج الدین علی خان آرزو سی مشورہ تہا اونہین کی صحبت مین رہتی تہی یہ اونکا کلام ہی

فارسی

یک نظر تغافلش خانۂ دل خراب کرد | حال چہ گردد آن اگر بار دگر چنین کند

حریف

حریف میان غلام حسین صاحب خلف حضرت شاہ عبدالکریم صاحب عرف ملا اخوند طیب قدس سرہما درویش خوش اوقات صاحب نسبت و اہل دل تہی ذات اور اوراد و وظائف ذکر و فکر کی مشاغل تہی پچھتر برس نو مہینے کی عمر ہوئی اونتیسوین رمضان کو بارہ سو انسٹہ ۱۲۵۹ ہجری مین وفات پائی کبہی کبہی کچہ موزون بہی فرماتی تہی حاجی گل محمد خان وفا کو کلام دکہاتی تہی یہ اونکی اشعار ہین

فارسی

لبالب ساز ساقی از شراب ناب مینا را | کشم در بر بکف سر وحدت امواج صہبا را

کشیدی بسکہ سختی ہای عشق مہوشان ایدل | ز سختت آتش افتادہ است در دل سنگ خارا را

جہان چور وضۂ رضوان شگفتگی دارد		صبا ز نکہت گل نافۂ ستار آورد

حزین صاحبزادہ غلام محی الدین خان ابن صاحبزادہ احمد یار خان افسر کے سلسلہ نسب اونکا حرف الف مین مذکور ہو چکا شاعر خوش مذاق ہین مضامین عاشقانہ پیدا کرنی مین طاق ہین پینسٹھ برس کی عمر ہی اخوندزادی احمد خان مرحوم غفلت کی شاگرد نامور کلام انکا مقبول اہل ہنر یہ چند شعر اونکی درج تذکرہ ہوتی ہین

رخیتہ

دیا جو یار نی بوسہ تو اشتیاق بڑہا		دوا سی اور بہی بیمار درد مند ہوا
ایک عالم کو سیر ہی شب وروز وصال		میر احسدن سی شب ہجر نی گھر دیکہ لیا
شبنم کی اشک دیکہ کی رقت ہوئی ہمین		جبکا جو کوئی غنچہ لگا ہنسنی ہای دل
بہار آئی چمن مین نہ آی آپ بہان		پہر از نا نہ لیکن پہری ہماری دن
گنگ بہتر ہی زبان اس ناکہ شکیہ ہی		ناکہ مین دم آگیا ہی آہ بی نا شیری

حسرت ذوقی رام مرد خوش مذاق وممیز صفات صاحب دواوین ومثنویات بڑی صاحب ذہن وقادہی اشعار اساتذہ کی بہت یاد تھے وطن اصلی انکا دہلی ہی مگر بہ تون اس وارالریاست مین رہی یہ اونکا کلام ہی

رخیتہ

حسرت ہے کس کس آفت جان سی بچی ون دل		عشوہ ادا نگاہ تبسم خرام ناز
اوسکی دل مین کبہی تا شیہ نکی		ای محبت اسی کیا کہتے ہین
ہای کس سی کہون کہ ای بدعہد		کیا کہا اور کیا کیا تونے

فارسی

صفحۂ عضوم چو صنوبر ہمہ دل بود بکاش		کہ بیک دل تہ توان داد گرفتاری داد

گر تو نتوانی بدادم رسی بیداد کن | | ای بقربانت بهر نقد بریدادم کن
گر تهم انکه بجبر و قهر ما را بخشی | | اسیر تست بهانی گر اگر اصلا بخشی

حسرت

حسرت تخلص محمد علیخان نام ابن نیاز علیخان ضبط بائیس برس کا سن جوان وجیه نیک باطن تازه تازه شوق کیا ہی رقسم سی مشوره ہی یه اونکی اشعار ہین

ریختہ

اسلیی آه شرربار کو کرتا ہون مین ضبط | | خوف یه ہی نه دہوان یار کی گھر تک پہنچے
فلک کی برہمی تک خیر ہی تدبیر کرلینگی | | اگر وہ بدگمان رہا تو ہم کیونکر سنا ئینگی
نه جا و لاله و گل کی تماشی کو اوسے آوے | | جگر کی زخم دل کی داغ ہم کو دکہا ئینگی

حسن

حسن مرزا کاظم حسین عرف مرزا حسنو ولد مرزا عطا بیگ وطن انکا دہلی ہے مگر عہد جنت آرامگاہ جناب معلی القاب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر طاب ثراہ سی ملازم ہوکر اسی دارالریاسته مین رہی یہین انتقال کیا ستتر برس کی عمر پائی ستیسوین جمادی الآخره کو بارہ سو بیاسی ہجری مین رحلت کی عجب مرد رنگین طبیعت تہی سراپا ذہن و ذکاوت تہی علم سیر و تاریخ مین بصیرت کامل رکہتی تہی داستان ہی خوب کہتی تہی آخر عمر مین شعر گوئی کی طرف طبیعت آئی لیکن یہ فن کی شعر کہی صاحب دیوان ہین یہ اونکی کلام کا انتخاب ہی

ریختہ

کیسی نادم ہوی ہم کعبی مین جاکر زاہد | | ہمنی جانا تہا کہ وہ کوچه جانان ہوگا
زہان کہنی کو واعظ تو کی مسلمان حرم مین جاکر | | نماز روزه گلی پڑی گا خدا خدا کر خدا کر
ہم خواب عدم مین تہی جو کاتب حصیان نے | | سو جرم کی ثابت بقصیر اسی کہتی ہین
جسپه دعوی خونکا تہا آی تہی فریاد کو | | حشر مین ہی حکمران دکہا اوسی جلاد کو
صبح ہوتی ہی شب غم نه قضا آتی ہی | | چاره گر کچه تجهی مرنی کی دوا آتی ہی

دفورِ شوق مین کسکو خبر ہی | | وفا کی اور سنی ہیہر جفا کے
یہی اک رند باقی تھا صدا افسوس | | خدا بخشی حسن نے بھی قضا کے
رہا ہی کون اگلون مین حسن یا میرزا تو | | یہ دو باقی تھی رند و مین سو بیکر پار سا ٹھی
سُنہ چھیاسی ہوی جاتی ہو ہمارا دیکھا ہی | | اور یہ کمبرائی ہوئی چال ہی بچا نی ہی

حسن

حسن سیان غلام حسن والد سیان غلام حسین حریف غفر اللہ لہما نہایت متقی و پرہیزگار صفات درویشی مین اپنی والد ماجد کی طریقی پر استوار خوبصورت خوش سیرت شبانہ روز مشغول وظائف و اوراد تھی والد ماجد انکی استاد تھی چالیس برس نو مہینے کی عمر مین ذیقعدہ کی ساتوین تاریخ بارہ سو تیرہ سنہ ہجری مین اس جہان سی کوچ فرمایا یہ شعر اونکی پای جو عزیزون مین آی

رختہ

عمر بھر اوسکی جستجو نکی | | مر گئے پر یہ آرزو نگئے

فارسی

شوق وصلش ہنوز در دل ہست | | گرچہ صد بار ازان جفا دیدم

حسن

حسن شاہ محمد حسن صابری خلف حکیم حافظ عبد اللہ حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی قطب عالم قدس سرہ العزیز کی اولاد مین ہین اسی سی سلسلہ ان کی نسب کا جناب امام اعظم حضرت ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچتا ہی ستر برس کی عمر ہی عموماً کسب کمالات کا شوق رہا خصوصاً فن ڈاکٹری کا بہت ذوق رہا اس فن مین وہ بات پیدا کی کہ محسود اقران و اماثل ہوی علی الخصوص سبکدستی مین بڑی کامل ہوی اب چند روز سی اسطرف توجہ کم ہی مذاق قدرے بگڑ گیا ہی اور ہی عالم ہی پیر و مرشد برحق شاہ حقیقت آگاہ حضرت محمد امیر شاہ قدس سرہ العزیز سی بیعت ہی کبھی کبھی شعر بھی موزون کرتی ہین پہلی حکیم محمد حنیف رضا تخلص

اپنی حقیقی مامون سی مشورہ لیتا پہر اپنی پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ سی استفادہ ہوا
گاہ و گاہ اس ہمچمان کو بہی بمقتضای خصوصیت اخوت مثنوی کلام اپنا دکہالیتی ہین
یہ اونکی اشعار ہین

در مدح بندگان خصو

کسکی اوصاف کا کاغذ پہ کہلا گا نہی سکتا	کہ ہر اک مصرع ترجمہ ہی سو سو دفتر کا
نقطی حرفون پہ دکہاتی ہین لطافت کی ہوا	گل فردوس سی گلچین کا بہرا ہی دہن
دیکہا یہ رنگ تو خوش ہو کی یہ دلنی پوچہا	کس گل تر کی صفت ہین یہ کہلا ہی گلشن
ہنس کی تب بلبل دل کو یہ دیا معنی جواب	میری ممدوح کا تو نام ہی سب پر روشن
نامور کلب علیخان بہادر ہی لقب	معدن جود و عطا فیض و سخا کا مخزن
رستم عصر فلک قدر امیر ابن امیر	صاحب حلم و حیا اہل زبان اہل سخن
فیض ایسا ہی کہ ادنی کو بنا دی اعلی	خلق ایسا ہی کہ دشمن بہی جہکا لی گردن

رخیتہ

منی نظر ہین اوسکی ہی اکسیر و کیمیا	ہا تہ آئی جسکو روضۂ احمد کی خاک پا
وادی غربت مین جا نکلا جو تجہی کی طرف	دیکہکر گور غریبان کو وطن یاد آگیا
بوستان مین مہک رہی ہین جو پہولون	یہ حبیب خدا کی خوشبو ہی

حسن تخلص مرزا محمد حسن ولد مرزا غلام باسط چالیس برس کا سن بڑی خوشحال
خوش باطن مرد ہوشیار کارگزار سررشتہ کار انگریزی مین نوکر ہین پہلی گورکہہ پور
جیا بخانی کی داروغہ گی اب بدایون مین اسی خدمت پر ہین کبہی کبہی شعر کہتے ہی
اتفاق ہوا ہی سید آل نبی لاغر کو کلام دکہایا ہی یہ انکا کلام ہی

رخیتہ

تصویر ہی کہینچ گئی ہے آکر	صورت مری سانی کسی کی

حسن

حسن تخلص مولوی حسن علیخان ولد سید محمد خان اڑتہالیس برس کی عمر ہے مولوی شیخ احمد علی احمد کی شاگرد ہین یہ اونکی اشعار ہین

در تہنیت تشریف آوری بندگان حضور از سفر حجاز

ندا ز ہاتف غیبم بگوش جان آمد — کہ از حجاز شہنشاہ انس و جان آمد
بدل خیال نمودم کہ کیست این یارب — کہ بھر او ہمہ رحمت ز آسمان آمد
دران زمان نبوای غریب ہاتف گفت — ز کعبہ کلب علیخان شہ زمان آمد

حسن

حسن میرزا علی حسن ولد میرزا غلام باسط شاگرد مولوی عبد القادر خان غمگین اڑتالیس برس کی عمر ہی مرد ذکی و ذہین جو مہ قابل ہین کبھی کبھی کچھ موزون بھی کرتی ہین ایک شعر اونکا ملا وہ لکھا گیا

رختہ

جی کی حسرت ہی نکلجاتی اگر ہوتا نصیب — فرج کرتی غم مجھی ہین سنہ تمہارا دیکھنا

حسن

حسن احمد حسن خلف اسیر اللہ خان بتیس برس کی عمر ہی میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا شعر ہی

رختہ

منی پوچھا تو یہ بگڑ کے کہا — میر نہ کہنا کہ کب ملین کی آپ

حبیب

حسیب تخلص میان حبیب احمد خلف شاہ رؤف احمد صاحب رافت حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد سی ہین اپنی والد ماجد سی فن شعر مین تلمذ تہا چالیس برس کی عمر ہوئی بارہ سو باسٹھ ہجری مین قضا کی یہ اونکا کلام ہی

رختہ

نگاہ گریہ گاہ نالہ گاہ سوز تپش گہ عرض — آپ کی غم مین یہ ہی حالت ہماری اندرون

حسین

حسین تخلص صاحبزادہ غلام حسین خان ابن صاحبزادہ احمد یار خان افسر کہ حال اونکا سابق سلسلہ نسب حرف الف مین لکھا گیا خوش فکر ہونا کلام سی پیدا ہی رسائی ذہن اشعار سی ہویدا ہی اساتذۂ لکھنوی مستفید ہین خواجہ حیدر علی آتش مرحوم لکھنوی کی شاگرد رشید ہین چھتیس برس کی عمر ہی جو اشعار اپنی کلام سی انتخاب کرکی اونہون نی بھیجی وہ تذکری مین لکھی گئے

رختہ

کیا کوئے زلف ہوگئی برہم — دل کو اتنک تو پیچ و تاب نہا
یہی تقدیر مین یارب لکھا ہو — کہ سدا اپنا ہوا و سکا نقش پا ہو
جھڑکنی پر تو ہین اونکی شاخوان — خدا جانی تسلی دین تو کیا ہو
پھری تقدیر تو بھی یہ نہ کہیا — کہ قاصد کوی جانان سی پھرا ہو

حسین

حسین میر حسین علی ابن میر کرم علی وطن مراد آباد ہی جناب نواب محمد سعید خان صاحب بہادر جنت آرامگاہ انار اللہ برہانہ کی عہد سی ملازم سرکار فیض آثار رہی محکمۂ عالیۂ صدر مین نائب سررشتہ دار رہی ستتر برس کی عمر پائی ربیع الاول کی چوتھی تاریخ بارہ سو اسی ہجری مین رحلت کی طبیعت موزون تھی تاریخ اکثر کہتی تہی اپنی والدی مرحمت تہا یہ اونکا کلام ہے

قطعۂ تاریخ در تقریب جشن حضرت فردوس مکان

چو نواب زمان جمشید ثانی — مرتب کرد جشن کامرانی
محبان از برای سال تاریخ — بدل گفتند جشن خسروانی
۱۲۸۰

تاریخ در تقریب صحت بندگان حضور

بہ جبرئیل رسول گفت دوسرا — چو ان شفا شد بحضرت والا
بھر تاریخ داعی دولت — گفت صحت عطا نمود خدا
۱۲۸۳

حسین

حسین سید حسین شاہ جوارد و مین انسہ وان تخلص کرتی ہین اور اسی وجہ سی ذکر غیرہ و تکا حرف الف مین گذرا ہیا کا زبان مین کلام او تکا اکثر ملف ہوگیا کچھ مسوولات ہاتہ آہی وہ یہان لکہی گئے

کبت در منقبت

کاؤ کو گمان ہی ہتوج لاؤ لشکر پر کاؤ کو بھرو سا ہی ملک اور مار مین
کاؤ کو گرو رہی اپنی بل بھجن پی کو رو مگر و رہی حوبن وان حیاز مین
کو رو اتراٹ ہی جوگ اور بیرو گ پر کو رو پنڈتائی اور بید کی او چار مین
ہنو ری گرت حسین نو طالب کی لال مو کو اب بتا رو ہی سہار و سنسار مین

کبت در تعریف گرما

مندر جرا و جرد و جی لگی لشکن ہین کیو ری سی چہری کمکہانی تیار ہین
اری سی کی چھتون پر بہرن لہر کرین تھتون تھتون کیجا فی پہاری بسمار ہین
چندن کی تھت پر بہرس بیتل پانی کو سیتون اور پھولن کی لاگی انبار ہین
گرمی کی دو پہری ہی سراب ہی کجک ہی ہنسی ہی یاری ہی حسین ہی پیار ہین

حسین

حسین آغا محمد حسین خلف آغا محمد علی ولد حاجی محمد بیگ ابن آغا علی سقفے قوم ترک قبیلہ افشار متوطن ارومیہ منصافات آذربایجان انکی والد بزرگوار نے شہر کہاج مین تشریف لاکر سات برس اقامت فرمائی پھر وہان سی سوے شاہجہان آباد عنان عزیمت اوٹہائی نواب آصف الدولہ بہادر کی عہد مین لکھنو آنی کا اتفاق ہوا چونکہ مدت تک کہاج مین رہی تھی اس سبب سی کہاجی مشہور ہوی لکھنو مین کتخدا ہوی وہین یہ بزرگ پیدا ہوی گیارہ برس کی عمر مین اپنی باپ اور چچا کی ساتہ زیارات کو گئی مشہد مقدس کی عتبہ بوس ہوتی ہوی تہران پہنچی باریابی دربار شاہ و وزیر سی افتخار پایا وہان سی زیارات عتبات عالیات

شوق مین قدم بڑہایا اور مدرسی پہر کر حیدرآباد اور پھلی بندر ہوتی ہوی
کلکتی آی وہان سی لکھنؤ اگر ملازمت شاہی سی امتیاز پای اکثر شغل روضہ خوانی
رہا یہان تک کہ بحکم قدرشناسی حضرت جنت آرامگاہ جناب نواب محمد سعید خان
صاحب بہادر طاب ثراہ پچیسوین ذی حجہ کو بارہ سو باسٹہ ہجری مین وارد دارالریاست
راسپور ہوکر اس سرکار دولت اقتدار کی نمک خوار ہوی آجتک بدستور آنجناب
مین قدرشناسی سرکار سی سرمایہ اندوز سعادت و افتخار ہین نہایت مرد
متین مہذب باوضع سلیقہ شعار ہین ایک کتاب سمی بہ مجالس الاخیار خصائل
و مصائب جناب سید الشہدا و ائمہ ہدی علیہم التحیۃ والثنا مین تصنیف
کی ہی اوس مین سی کچہ اشعار فارسی پیشخوانیون سی انتخاب کرکی زیب
تذکرہ کیی

پیشخوانی مجلس غزا

برخوان غم زدند بعالم صلای عام	لب تشنہ شد شہید چو مہمان کربلا
شد سینہ جہان ز سنان الم نگار	بر نیزہ رفت چون سر سلطان کربلا

دیگر

از زین فتاد چون زمین راکب نبی	زین غم خمیدہ پشت رسالت مآب شد
در خون طپید چون تن پاک امام دین	صد چاک زیر خاک دل بوتراب شد
دلشاد کن حسین ز تائید کردگار	نظم نخست تو بجہان انتخاب شد

خشمت

خشمت محمد ناصر خان ولد محمد یوسف خان مرد عالم تہی اخوندزادی عبد الاحد خان
سے ناگپور مین کتب درسیہ پڑہین شعر فارسی کا شوق ہوا سید رفیع الدرجات
نزہت کی شاگرد ہوی ناگپور مین رسالدار تہی ستر برس کی عمر ہوی
بارہ سو ساٹہ ہجری مین قضا کی یہ اونکا شعر ہی

فارسی

چو گفتم راز خود حشمت بفہمود	چرا این رسم سہ گوشی برآمد

حشمت تخلص حشمت علیخان نام تذکرہ میان محمد علی مرحوم مین لکھا ہی کہ عباس علیخان اپنی والد کو کلام دکھاتی تی یہ شعر انکا ہی

ریختہ

ستم شعار جفا جو یہ کیا غضب ہی کیا تو	بعید محفل ہی بیٹھی قریب غیرون کی

خط

خط مولوی محمد حفظ اللہ ولد مولوی کرامت اللہ جو اردو مین بزم تخلص کرتی تھے اونکا حال مفصل باب بای تازی مین تحریر ہوا ہی کلام فارسی یہان لکھا جاتا ہی

فارسی

زندہ نازد دم عیسے مرا	از لب او یک سخنم آرزوست
فدای ہمت پروانہ باید شد کہ در مردن	نہ فکر گور در خاطر نہ پروای کفن دارد
وصل بخیت کی دہد تسکین مرا	انتظارت روزگاری کردہ ام
کعبہ و خلد بجویم در مسجد نرسم	دیدم ابروی کسی کوی کسی روی کسی

حیا

حیا صاحب عالم مرزا رحیم الدین خلف صاحب عالم مرزا محمد کریم الدین رسا اثنتر برس کا سن ہی جیسا ظاہر ہی ویسا ہی باطن ہی نہایت خوش طینت نیک خصال ہین آفرینش سخن مین بڑی ذی کمال ہین شطرنج بھی خوب کھیلتے ہین وطن قدیمی انکا دہلی ہی مگر مدت سی اس سرکار فیض آثار مین تعلق ہی مع اہل و عیال یہین رہتی ہین مشق کا یہ عالم ہی کہ متواجی طبیعت سی دریا کی طرح بہتی ہین زبان اچھی مذاق اچھا ہی فکر بلند ذہن رسا ہی شاہ نصیر دہلوی کی شاگرد رشید ہین اشعار انکی قابل دید ہین

دیوان اول

تھی اک نگاہ مین مری عمر کی تمام حسل
آسان سا کام آپکو دشوار ہو گیا

الفت بُری بلا ہی حیا بیحیا آدمی
منتِ کشِ عدو سرِ بازار ہو گیا

نکلنا دل ہی مدعا کا امر مشکل تھا
یہ دم نہین ادھر آیا اودھر روانہ ہوا

تو نے پیام یار نہ دیکھا یہ محض غلط
نہ بیٹھنی کا مگر اونکو اک بہانہ ہوا

دشمن صد چاک دامن اور سودائے عشق کا
یہ بھی کیا مین ہو گیا میرا گریبان ہو گیا

چین کیسا آی شب غم موت بھی آتی نہین
یہان تو دم کا بھی نکلنا دل کا ارمان ہو گیا

عالم کو خوف روز قیامت ہی ای حیا
لیکن ہماری واسطے دن ہی وہ عید کا

دامن آنکھو پنر جگر پر ہاتھ ہو
ای مصوریون مری تصویر کھینچ

ہاتھ ہی دلپر پس مرگ اسلیے
درد نکلجای نہ دم کی طرح

یہ میدان محشر ہی دنیا نہین ہی
کہ ٹکڑی اوڑا دوگی گھر سی نکل کر

ناوک تو نکی ناز کی چبھتی ہی پہنچی دل کی پاس
برسونکی بنی بچھڑی ہوی حسرت سی ٹہلی مل کی پاس

اوس بت کو تبکدی مین گر دیکھ پای واعظ
دروازی پر ہو کعبہ تو بھی نہ جای واعظ

اداسی جان لیتی ہین اجل کا نام کرتی ہین
وہ اپنی سرکی یہ تمت پرای سر پہ مرتی ہین

ہفت آسمان اگر مری دشمن ہوی تو کیا
سو ہون تو ایک نالۂ آتش فشان کی ہین

ہوی ہین آنکہ ملانی کی صدمی تھوڑی حیا
کہ حسرت نگہ شہ مسار باقی ہی

بڑا ہو ضعف کا نظارہ مشکل ہو گیا اوسکا
نگاہ شوق آنکھو نسی نکلنی کو ترستی ہی

آج ہے دل سے نکا لو حسرت
کل تو سنتی ہین قیامت ہو گی

حور بنکر مری لینی کو قضا آتی ہی
نفس سرد سی جنت کی ہوا آتی ہی

آرزو ہی کہ گذرا و سکا رہی بعد فنا
کو چۂ غنیہ مین ہاتہ آئی زمین تھوڑی سی

بالمین سی ساری رات بجانی دیا اوسی
صدمہ آفرین ہی ای نفس واپسین بچی

آج شاید کہ وہ دیوانہ حیا قتل ہوا
کہتی ہین لاش اک آئی ہی در قاتل سی

دیوان دوم

دیکھنی پاہی نہ دل بھر کر قیامت ہین اوسنے
روز محشر وصل کی شب کی برابر ہوگیا

رونا کہان ہوا ابھی دل کہو لکر نصیب
دو آنسو ونسی نوع کا طوفان آگیا

جواب نامہ فرشتون سی گور مین مانگا
پس فنا ہی مراد ہیان نامہ بر مین رہا

خدا کی نام پہ کیا کیا اوسی گمان ہوتا
قیامت آتی دم نزع گر وہ ہیان ہوتا

ہوای خال او مکا کہ سبکو مدتین ہوئین
تم ابھی کہان ای دل کی ہیقراری تھکیگی

کوئی آتا نہین کہنی کا الفت کسکو کہتی ہین
یہ چرچا ہی محبت کا تری بیمار ہجر ان ایک

حیات تخلص مولوی محمد حیات خان ولد سید احمد خان علم صرف ونحو مولوی عبد الرحمن پنجابی سی پڑہا علم حدیث وتفسیر مفتی محمد شرف الدین منصور سی حاصل کیا مرد خوش اوقات آخر شب التزام تلاوت قران شریف و دلائل الخیرات مجالس میلاد شریف مین اکثر حاضر ہوا کرتی تہی شعر کا بھی کچہ کچہ ذوق تہا نعت شریف کہنی کا شوق تہا شیخ ابراہیم ذوق کی شاگردی کا افتخار کرتی تہی ساٹہ برس کی عمر ہوئی رمضان کی بیسوین تاریخ بارہ سو ۱۲۰۰ ستاسی ہجری مین رحلت کی یہ شعر اونکی کلام سے انتخاب کرکی لکہی گئی

رختہ در نعت

دیا ہی خلعت نور اوسکو حق نی
بچہوڑا جسنی دامان محمد

مجکو اوس چاند کی تصور نی
شب دیجور مین دکہایا چاند

جو بخت اوس گل رعنا کی بیر ہن مین ہی
نہ نسترن مین نہ گل مین نہ یاسمن مین ہی

فارسی

تو ہمای سعید چشمی زین
کہ چشم سہ سہ سای تو باد

حیدر رضا خان ولد محمد حیدر علیخان بہادر خلف جناب سعادت القاب نواب محمد یوسف علیخان صاحب

بہادر فردوس مکان طاب ثراہ جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا یہ صاحبزادۂ عالیشان ذہین وذکا مین نامی وگرامی ہین ستامیس برس کی عمر ہی شاگرد میر محمد زکر مگر امی ہین کتاب جادۂ تسخیر جو چھپ گئی ہی وہ کہانی آپ ہی کی لکھی ہوئی ہی ایک قصیدہ اوسمین پایا اوس کا انتخاب تحریر مین آیا اور چند شعر غزلون کی ملی وہ بہی لکھی گئی

قصیدہ در تعلی خود

الہدی تجشی ہی زبان کو مری تاشیہ	الہام کی مضمون ہین اعجاز کی تقریر
مین طوطی شکر شکن ہند ہون گویا	ہی بلبل شیراز کو واجب مری توقیر
سلطان فصاحت ہون شہنشاہ بلاغت	باتین مری جوہر ہین زبان ہی مری شمشیر
ہر شعر پر اصلاح ہی استاد ازل کی	ہی نظم پہ میری نظر ناظم تقدیر
آلودگی وہم سی دامن ہی مرا پاک	ہی بادہ کوثر سی مری خاک کی تخمیر
پہنچی نہ تعلی کو مری عقل فلاطون	جاتی ہی کہین عرش پہ آواز عصافیر
آزاد ہون با ایہمہ اسباب تعلق	پابند ہون بی سلسلہ لنگر و زنجیر
ہمنام ہون اوسکا جو ہی اژدر کا دہن	گرد و نکو ہلاتی ہی مری نام کی تاثیر

ریختہ

یا مزہ زیست کا نعمت مین جو سامان ہوتا	درد ہی ہر رگ و پی مین عوض جان ہوتا
سادی انداز پہ قاتل کی ہین کتنی مرتی	کیسی ٹھہری گی اگر ہاتہ مین خنجر آیا
نہ لیتا نام محشر کا کبہی ای واعظ ناکس	حرام ناز اگر تو دیکہتا اوس آفت جانکا
یہ نزاکت آنکہ سی دیکہی نہ کانون سی سنی	دل مین آسکتی نہین آنکہون مین پہرکی نہین
ظلم سہنا اسقدر اچہا نہتا	مینی خو عادت بگاڑی آپ کی
ذرا انصاف کر یہ شرم ہی ای بیوفا کیسی	پہر آنکہون مین جب تو بی تکلف پہر حیا کیسی

تھی مقدر مین اگر گردش افلاک ہی تو	اوسکی کوچی مین بھی اک روز رسائی ہوتی

حیدر صاحبزادۂ غلام حیدر خان ابن صاحبزادۂ قاسم علیخان ابن جناب نواب محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر عرش منزل طاب ثراہ جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذر اشاگردسیان رفیع الدرجات نزہت پچپن برس کی عمر ہوئی ذی حجہ ۱۲۵۰ باسیون تاریخ بارہ سو اٹھاون ہجری مین قضا کی ایک مثنوی مختصر اردو سمی بہ یاقوت سخن علی اوس مین سی چند شعر لکھی گئی اور ایک تضمین غزل حیرات کی ہاتہ آئی اوسمین سے ایک بند منتخب ہوکر درج تذکرہ ہوا

مخمس بر شعر حیرات

اگرچہ صحبت اوس عیار سی شب بھر نہ آئی	پہ وعدہ وعدہ ہی مین آسنی ساری رات سہائی
طبیعت اپنی جب اوس شوخ پر بیڈھب سے للچائی	شب آسنی تو ڈر کر سوتی کی کہرن ہنسی بنوائی
دکہایا وصل مین عالم نیا اختر شمار کا	

سراپا از مثنوی یاقوت سخن

وہ رخسار اوسکی تھی آفت کی ٹکڑی	کبھی تھی جسنی دل خلقت کی مکڑی
صراحی دار وہ گردن منور	جسی ہون دیکھکر سب مست ہشیار

حیدر آغا سید برہان الدین حیدر خان نیشاپوری ابن رفیع الدولہ سراج الملک سید محمد خان بہادر جرات جنگ خلف صمصام الدولہ ناصر الملک سید علی نقی خان بہادر شوکت جنگ سجلہ سادات نیشاپور ہین اباعن جد نامور اور مشہور ہین فیض آباد و لکھنو مین مناصب جلیلہ پر فائز رہی اب کئی سال سی ملازم و مقرب سرکار دولت مدار ہین باون برس کی عمر ہی شعر کا بہی شوق ہی سخن آفرینی کا بہی ذوق ہی منشی سید اسمعیل حسین منیر سی تلمذ ہی یہ اونکی نتایج افکار ہین

رختہ

اب بھی وہ ہے کہ ہجر ہی کا نام ہے اجل | منتی جیتی تو نقد قہ جان و تن ہوا
سرخ ہو جاتا لہو سی آسمان مشرق مین | ماہ نو ہوتا اگر قاتل کی خنجر کا جواب
آپ روکی اجازت دیکی محکو دیکہ لین | تو سہی ایک ایک آنسو ہو سمندر کا جواب
شکوہی ظاہر و باطن مین رکچہ فرق رہا | ہو گیا چاک گریبان ہی جگر کی صورت
گریان ہی کل تک اس گم گشتہ کی خاطر | کیا جان کو روئین گی مری دیدۂ تر آج
دوستی داغ سی جگر کو ہے | درد سی دل قی آشنائی کی

حیدر تخلص حیدر علیخان ولد سبحان علیخان عبید شاہ پچیس برس کی عمر ہی مردذی جوہر ہین صاحبزادۂ کلب حسن خان کی نوکر ہین نعت شریف کہنی کا شوق ہی جو کچہ کبہی کہتی ہین راقم ہیچمدان کو سنا لیتی ہین یہ اونکا کلام ہی

در نعت

بحر سخا ہین ابر عطا ہین راہ نما ہین ظل خدا ہین | سب سی جدا ہین آپکی جوہر صلی اللہ علیہ وسلم
عارف قدرت صاحب ہمت شافع امت آپ ہین | کان ولایت مرسل اور صلی اللہ علیہ وسلم

حیرت شاعر شیرین مقال لالہ کنجبہاری لال ابن بہادر سنگہ ابن رای دولت سنگہ پہلی خلت تخلص تہا اب حیرت ہی کیا اچہی طبیعت ہی دو دیوان فارسی مرتب ہین اور نعتین شعر کی اقسام سب ہین با ایمنہ پر گوئی کسیطرح کا پندار نہین کسر نفس کا یہ عالم کہ اپنی شاعری کا کسی سی اظہار نہین برسون سناعری کی طرح کی غزلون سی دیوان ترتیب دیے مولوی غیاث الدین صاحب مرحوم تخلص بہ عزت کو کلام دکہایا ہی اونہین کی فیض صحبت سی اعتبار پایا ہی ابتدای عمر مین لکہنو گئی وہان کئی برس نوکر رہی پہر ریاست بھوپال مین نوکری کی وہان بہی نامور رہی عہد جناب غفران مآب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ انار اللہ برہانہ سی اس دار الریاست مین آمی یہان کی قدر افزائی سی روز بروز اعزاز بڑہا مرتبی پای

ابتک خدمت بخشی گری پر مامور ہین صفات خلق و تواضع سی نام نیک کی طرح
مشہور ہین آبا و اجداد اکثی انوپ شہر کی رہنی والی تھی یہ بہین پیدا ہوی
اب سنسٹہ برس کی عمر ہی حق تعالی زندہ رکھی یہ چند شعر بطور نمونہ لکھی گئی

فارسی

کدام دشمن جانم ترا آموخت ای ظالم — نشستن در کنار دیگران از من رمیدنہا
ترسی چرا ز ساغر و مینای می چنین — زاہد مگر خدای تو آمرزگار نیست
گفتم کہ ترا جور بعشاق روا نیست — گفتا کہ بر و کاربتان مہر وفا نیست
ہر کس ز جور دشمن خود شکوہا کند — ما چون کنیم دشمن ما آشنای ماست
دوای درد بیمار محبت — بدور نرگس بیمار او منست
بر سر راہی چو دید آن کافر بدکیش را — گفت زاہد می شوم کافر مرا انکار نیست
حیرتا گر دو اسید وصل او مانع مرا — ورنہ مردن در قدم او اینقدر دشوار نیست
تا شد ز کف خبر ز غم جان ما نشد — دل رفتہ رفتہ عادت آن بیوفا گرفت
ای برق جلوہ تو نیاید بکار من — محتاج یک نگاہ کسی خرمن من ہست
آنچہ کردی خوب کردی بدنکو ہم مگر — لائق بیداد ظالم حیرت مسکین نبود
می آید صدای نالہ یارب — غم در سینہ یار من کجا شد
حیرت آخر ز ہر زہ گردی خویش — بمقامی رسیدہ ام کہ مپرس
مکن بہ پیری من عیب حیرت ہرگز — کہ صرف عشق تبان کردہ ام جوانی خویش
دشمن و دوستی و با و دشمن — آشنائی سنت شناختہ ام
جامی ز کف ساقی گلفام گرفتم — امروز سن از ہر دو جہان کام گرفتم
در جفا ہم ہست با من بیوفائی شیوہ اش — من وفای خویش ورنہ امتحان می کنم
چون مرا شب ہا بدنالان در پس دیوار خویش — گفت حیرت در غم من نیست آسان سوختن

می برد ہر دم زیادت وعدۂ قتل مرا	خون من بر گردن بیرحمی نسیان تو

فصل خائی معجمہ

خاتر زادہ

خاتر زادہ تخلص مبارک شاہ خان نام ولد خاتر زادہ غلام رسول خان نبیرہ صدر خان شیخ علی بخش بیمار مرحوم کی شاگرد ہین چھپن برس کی عمر ہی یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

حسن جانان کی ترقی ہی یہی تو اکدن	قد قیامت لای گا جو زا بلا ہو جا گی

خسرو

خسرو صاحبزادہ محمد مقتضی خان ابن صاحبزادہ علی حسن خان ابن صاحبزادہ عظیم اللہ خان ابن صاحبزادہ مصطفی خان ابن صاحبزادہ الہ یار خان ابن جناب مستطاب نواب علی محمد خان صاحب بہادر خلد مکان انار اللہ برہانہ مرد نوجوان ہین چوتیس برس کا سن ابتدای شوق ہی تازہ تازہ ذوق ہی تھا آغا علی نقی متخلص بہ عنی ابن آغا عین لکھنوی سی اصلاح لیتی تھی اب تھوڑی دنون سی کبھی اس ہمچیر زکو کچھ کلام دکھا لیتی ہین چند شعر اونکی لکھی جاتی ہین

ریختہ

جب بدلجاتی ہی اوس بت کی نظر وصل کی شب	تمام لیتا ہون مین ہاتھون سی جگر وصل کی شب
اپنا یہ حال اونکی توجہ ادھر نہین	سچ ہی کسیکی دل کی کسیکو خبر نہین
ایمان کی خیر حضرت زاہد سنایئ	یہ بت وہ ہین کہ جنکو خدا کا بھی ڈر نہین
ظلمون سے نہین کہلتا یہ ہمپر جفا پیشہ ہو تم یا با وفا ہو	

خلیل

خلیل تخلص شاہ خلیل احمد خلف شاہ نظیر احمد حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کی اولاد سی ہین فن شعر مین کسی سی مشورہ نہا بطور خود موزون کرتی تھی تعداد عمر شریف بتیس سال ہی اور بارہ سو چونسٹھ ۱۲۶۴ ہجری سال ارتحال ہی

ایک شعر ہاتھ آیا وہ لکھا گیا

ریختہ

شب وصل ہی ہمی حجاب تجھی ای صنم اپنی خدا کی قسم | یہ نہوگا کہ بند قبا کھلین مجھی تیری ہی بند قبا کی قسم

خورشید کریم خان ولد بہادر خانصاحب کمال زہی اکثر چار بیت کہتی تھی فن شعر مین صاحبزادہ کفایت اللہ خان کفایت سی تلمذ تھا انیسی برس کی عمر ہوئی بارہ سو چون ہجری مین قضا کی یہ انکا کلام ہی

ریختہ

وہ رشک قمر آیا مینوشی کی عالم مین | ہم تینی ہی جالپٹی بیہوشی کی عالم مین

خورشید تخلص سیان خورشید احمد نام ولد میان شکر احمد پچیس برس کی عمر ہی یہ بزرگ حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد سی ہین مرزا اسد اللہ خان غالب انکی استاد ہین اور شاہ رؤف احمد صاحب رافت بھی صاحب ارشاد ہین یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

خواب و خیال ہین اوسی آنا محال ہی | نازک ہین اسقدر مری نازک بدن کی یاد

خوشدل تخلص منشی سن بھاون لال ولد لالہ بھگوان داس علم ریاضی مین اچھے بصیرت تھی زبان فارسی اور ہندی دونون مین قوت تھی میان احمد علی احمد کے تلمذ تھا بارہ سو چوہتر ہجری مین شوال کی بندرھوین تاریخ قضا کی یہ اونکا کلام ہی

مدح جناب نواب مستطاب نواب محمد یوسف علیخانصاحب بہادر فردوس مکان طاب ثراہ

زمین برجست او چون شاہ پیرگشت | سپہر ریخت ز سیارہ اشک بر رخسار

مدح مولوی محمد غیاث الدین صاحب غفرت قدس سرہ

ای سپہر فضل را ذات شریفت آفتاب | نکتہ ریزو از زبانت ہچو باران از سحاب

از غزل

نگاری کو کہ تا سازم نثارش دین و ایمان را | بہ بند حلقۂ زلفش نہم پای دل و جان را

خوشنود

خوشنود سید خوشنود شاہ ولد سید قاسم شاہ اسی برس کی عمر ہی عبنہ شاہجہان عبنہ کی شاگرد ہین نوجوانی مین کبھی کچھ نظم کرنی کا اتفاق ہوا تھا ایک شہر یاد تھا وہ اوہنون نی لکھوا دیا

رکھتہ

کہنا نہ اوسکا مانا دنیا مین آکی بہدم | ہمدم ہمین تو ہہ دم شرمندگی یہی ہی

خیالی

خیالی حسین علیخان ابن زین العابدین خان عارف مغفور شاگرد و منیرہ مرزا اسد اللہ خان غالب مبرور وطن اکثر دہلی ہی مگر اب نوکری کی سبب سی ہمین رہتی ہین پچیس برس کا سن ہی شاعری کا شغلہ راتدن ہی فارسی اردو دونون زبانون مین شعر کہتی ہین شوق کا یہ حال ہی کہ کسی وقت فکری خالی نہین رہتی ہین طبیعت وقت پسند ہی فکر بلند ہی اردو مین شاذ ان تخلص کرتی ہین لہذا کلام اردو شین مجمعہ مین آی گا یہان فارسی شعر لکھی جاتی ہین

فارسی

چہ احتیاج گنجہان بہ دولت او | کہ پاسبان جہان است طالع بیدار

اگر غلط نکنم تا کشش خط نکند | رہا کند سوی عنقا اگر بعزم شکار

ایضاً در مدح

غم نیز در خوشی ست کہ فارغ شوم زکار | بر جای خود بہ بستر خواب آرمیدہ است

از غزل

آغوش گور تنگ شد از بیقراریم | ایدل ز پہلوی کہ جدا گشتہ ایم ما

شرم می آید خیالی را بجنگ آسمان | کاین جوانی ہست و او یک پیر دیرین سالہ است

فصل دال مہملہ

رمز

داغ نواب مرزا خان خلف نواب شمس الدین خان مغفور چوالیس برس کی عمر
صاحب دیوان شیخ محمد ابراہیم ذوق دہلوی کی شاگرد ون مین فرد کامل
خوش مذاق ہونی مین یکتائی حاصل سرکار فیض آثار کی ملازم و معتمد خاص
اصطبل و فراش خانی کی داروغگی سی اختصاص وطن اصلی انکا دہلی ہی مگر مدت سی مع
اہل و عیال یہین ہین سرکار دولتمدار کی ہمرکاب زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ
شرفا کو بھی گئی اس شرف سی بھی تصدق بندگان عالی مشرف ہوی یہ اشعار
اونکی دیوان سی انتخاب ہوکر لکھی گئی

در مدح بندگان حضور پرنور

لکھا کسینے ہو لکی کر کوئی حرف غم	نکلا زبان خامہ سی بی اختیار عرش
ٹھہرا ازل سی تا بہ ابد سینہ ی واسطی	کرتا ہی ورنہ چار گھڑی کب قرار عرش

اشعار غزلہا

فلک نی کینہ لیا تو نی ظلم مینی وفا	ازل مین وہ ہی ملا جسکو جو پسند ہوا
جو دل و کھا رہا ہی مزہ ہر گھڑی مجھی	آنکھون ہی سو برس ہی دکھایا نجای گا
خلق کی اعمال نامی یہین لوگا حشر مین	گم ہوا ہی ہا تہ سی قاصد کی دلبر کا جواب
یہ شوق یہ ارمان یہ حسرت یہ تمنا	کیا ہو مری قابو مین تم آجاو اگر آج
آرام کی لیی ہی تمین آرزو ی مرگ	ای داغ امر پوچین نہ پایا فنا کی بعد
داغ کی دلکا تو کچہ بہید نیا یا ہمنی	ایک حسرت ہی برستی ہی مگر آنکھون پہ
مزی لون ظلم کی مین تھوڑے تھوڑی ظلم سہکر	ستم کیجی تو تھم تھم کر جفا کیجی تو رہ رہ کر
معشوق جای حور ملی ہی بجای آب	محشر مین دو سوال کرین گی خدا سی ہم
ای داغ جسکی واسطی روز جزا بنا	وہ کون ہی وہ مین ہی تو آفت زمین ہون

ایہا فریب دلکو دیا اضطراب مین — اونکی طرف سی آپ لکہا خط جواب مین
خط کو کہرسی باندہا آخر تو بوجہ اوٹہایا — میری زبان ہی رکہلی اسی نامہ بر دہن مین
الٰہی غیرتی کی کونسی وفاداری — کہ آج وہ مجہی جہک کر سلام کرتی ہین
لاگ ہو یا لگاؤ ہو کچہ بہی نہو تو کچہ نہین — بن کی فرشتہ آدمی بزم جہان مین آی کیون
اک جفا تیری کہ کچہ بہی نہین تو سب کچہ ہی — اک وفا میری کہ سب کچہ ہی مگر کچہ بہی نہین
داغ ہم تربت مجنون پہ چڑہائی چادر — پرہان تار کفن کو بہی گریبان مین نہین
لطف مے تجہسے کیا کہون زاہد — ہائی کمبخت تو نی پی ہے نہین
اکبہی خاک کو پڑا دیجیو نسی کام نہین — اگر نہ آگ لگا دون تو داغ نام نہین
تم سمجہتی ہو اسی یار قدیم — دل ہی ای داغ پرانا دشمن
دم بسمل ہوی کیون دیر اتنی دم نکلتی ہین — قضا کیا مژدہ پہنچانی گئی ہی میری دشمن کو
میری قسمت مین برائی کیا ہی سن تو لیجی — خواب راحت سی غرض ہی داستان ہو کوئی ہو
دیکہنا پیر مغان حضرت زاہد تو نہین — کوئی میٹہا نظر آتا ہی پس خم مجکو
ہای دل لیکر ترا ناز و غرور — وای دل دیکر پشیمانی مرے
می پی تو سہی تو بہ بہی ہو جای گی زاہد — کمبخت قیامت ابہی آئی نہین جاتی
اس انجمن سی بہت بیوقار ہو کی چلی — سرو رہو کی ہم آی خمار ہو کی چلی
حسرتین لیلی اس بزم سی چلنی والی — ہاتہ ملتی ہی اونٹہی عطسہ کی ملنی والی
جواب قتل کیا قاتل نی سوچا — کہ اوسکو عید ہی روز جزا کی
پاس اپنی دل کی رہنی دیجی میرا نی دل — اک خوشی کو چاہیی اک غم اوٹہانی کی لیی
تمنی بجکر اک وفا حصی مین اپنی آگئی — تمنی خوبی کو نسی چہوڑی زمانی کی لیی
پڑگئی کیونکر اکی دلمین اوس بت کی گرہ — بچ رہا تہا کونسا عقدہ مری تقدیر کی
یہ کیا آپ نی نگہ کر کی رہ گئی — جو سنبلہ اوٹہائی پورا اوٹہایی

کہتی کیا شکوہ ہے گلا اوس سے	جسنی رسم و فا نکالی ہی
شب غم کا گذارنا کیا تھا	گھسہ سی اپنے بلا نکالے ہی
دلکو اس عاجزی سی دیتا ہون	کوئی جانی سوال کرتا ہے
تہین نی داغ نرالی ستم اوٹھائی ہین	سلف سی یون ہی مری یار ہوتی آتی ہی
موت آتی ہی قیامت کو بہان تک آتی	بچی بچی کسی داس کی لگی رہتی ہے
شمع روشن کی آگی شمع رکہکر وہ کہیتی ہین	اودہر جاتا ہی دیکہین یا ادہر روشنی کو
سکندر آینی سی جام سی جم خوش نہوا تا	کوئی میکش کو دیکہی ہا تہ سب پیمانہ آتا ہی
وہی بہگڑا ہی فرقت کا وہی صدمہ الفت کا	بجتی ای داغ کوئی اور بہی افسانہ آتا ہی
تیری جلوی کا تو کیا کہنا مگر	دیکہنے والے کو دیکہا چاہیے
دیکہ لی سیر حرم حضرت زاہد رخصت	آپ کا کعبہ مرا بتکدہ آباد رہی
ملتی ہی بیباکی تہی وہ آنکہ شرمائی ہوی	پھر گئی بچپنا کی بکپون تک حیا آئی ہوی
ہماری کون سنتا ہی دگر نہم دم رخصت	ادہر کچہ دلکو سمجہاتی ادہر دلبر کو سمجہاؤ
پند و اعظ سنتی سنتی کان اپنی بہر گئی	کیا عبادت کو ہمین تہی سب فرشتی مر گئی

قطعہ

کہا جو مینی کہ مجنون ہی گرچہ عاشق تہا	پرا وسپہ تو کبہی لیلی کی یہ ستم نہوی
مری جلانی کو کہنی لگی شرارت سی	ہزار حیف کہ مجنون کی پاس ہم نہوی

مخمس بر غزل حضرت وحشی دوسکان نواب محمد یوسف علیخانصاحب بہادر طاب ثراہ

کہتی تہی وہ بشر کو جو دل دی بشر غلط	سودائی ہو گیا کوئی سر لبسر غلط
شامت جو آئی او نکا بیان جانکر غلط	مینی کہا کہ دعوی الفت مگر غلط
کہنی لگی کہ ہان غلط اور کس قدر غلط	
یہ کذب یہ دروغ یہ بہتان الامان	کیا جہوٹ بولنی کو ملی ہی انہین زبان

شاعر ملا رہی ہین زمین اور آسمان | او صاحب آفتاب کمان اور تم کمان

احمق نہین ہم اسکو سمجھین اگر غلط

اک آہ سرد دہر کی کیا طور بیخودی | اوسکو دیا یہ دم کہ بھی جان نذر کی
لو دینی والی ہوتی ہین ایسی ہی تو سخی | مٹھی مین کیا دھری تھی کہ چپکی سی دیدی

جان عزیز پیشکش نامہ بر غلط

اجرت پہ رونی والی حقیر ہین جابجا | میت کو ڈھونڈیئے تو عدم تک نہین ملے
یہان اس خیال سی کہین ٹھہرین نہ بیوفا | ہم پوچھتی پھرین کہ جنازہ کدہر گیا

مرنی کی اپنی روزاوڑانی خبر غلط

جو عرض کی تھی داغ نی آخر وہی ہوا | کوئی خاص ہو آپکو ہی چھیڑ کا مزا
دیکھا نہ آخر آج وہ بدخو برس پڑا | یہ کچھ سنا جواب مین ناظم ستم کیا

کیون یہ کہا کہ دعوی الفت مگر غلط

ایضاً مخمس بر شعر حضرت ممدوح

جوشش عشق نہانی ابھی دیکھی کیا ہی | شدت اشک فشانی ابھی دیکھی کیا ہی
ہی تمہین سیر دکھانی ابھی دیکھی کیا ہی | میری اشکون کی روانی ابھی دیکھی کیا ہی

گفتگو نوح کی طوفان مین ہی دریا کیسا

بند شعر آشوب

فلک نی قہر و غضب تاک تاک کر ڈالا | تمام پردہ ناموس چاک کر ڈالا
یکایک ایک جہان کو ہلاک کر ڈالا | غرض کہ لاکہ کا گھر اسنی خاک کر ڈالا

جلی ہین دھوپ مین شکلین جو ماہتاب کی تھین
کہنچی ہین کانٹون مین جو پیان گلاب کی تھین

زبان جو بدلین تو صورت بدل نہین آتی | ملین جو خاک بھی سونہ پر تو مل نہین آتی

کسی طرح کسی پہلو سی کل نہین آتی | پکارتی ہین اجل کو اجل نہین آتی

جو سہ کو پہونچین تو تہر ہی سہ کتی ہین
جو لو مین کانٹو پنہ کانٹی الگ کھٹکتی ہین

پیادہ پا ہون روان سہوار صد افسوس | لہو کی گہونٹ پیین بادہ خوار صد افسوس
ذلیل و خوار ہون اہل وقار صد افسوس | ہزار حیف دل بیقرار صد افسوس

جہکی ہین بار الم سی تنی ہوے کیسی
بگڑ گئی ہین یکایک بنی ہوے کیسی

وتت تخلص پنڈت وت رام نام ولد ہوا نی داس مولد الکامراد آباد ہی مگر چار برس کی عمر تہی کہ اس دار الریاسۃ مین آ ی یہین لکہا پڑہا خوشحال رای خوشحال کیشیر ساکن بریلی سی شاعری مین تلمذ ہوا حضرت جنت آرامگاہ طاب ثراہ کی عہد سی اس سرکار مین نوکر ہین اپنی اقسہ ان وا مائل مین پرورش سرکار کی بدولت معزز و موقر ہین اب اکسٹہ ۶۱ برس کی عمر ہی یہ چند کبت اوکی لکہی گئی

کبت در مدح سرکار و ولیعہد ار

تراب پکبت گرام اور نگر تور سنت سی بسنت لون سنت ہین آبن ہین
تمن سی بن بن مگن کی تن من تمت سبن مدہ رت کور بن ہین
اگت مگت سنت وت کی جی بی بہادر ہین سری جت نواب کلب علیخان سترن ہین
رایک تاس تی رہی سب مجہی بہون پر بارہ ماس رہین آپ مجہی بہون ہین

شرح تراب پیڑ کی طرح کبت پہولتی پہلتی ہین گرام گانون اور نگر اور شہر پر تعصبی سنت سی عابدون کی مانند بسنت لون بسنت کیطرح بسنت ہین بہلی معلوم ہوتی ہین یعنی گانون اور شہرا ور متعصبی ایسی پہلی پہولی سرسبز و شاداب ہو رہی ہین کہ مثل عابدون کی اور مانند بسنت کی بہلی معلوم ہوتی ہین ابن ہین زمین ہین سی بن

یعنی آدمی پھول کی مانند بن بن کی گلن کی تن تن خوشس کرکی بدن اور دل کو
کہت سہن بدہ کہتی ہین سب ہین رت کو رین ہین کام دیو کی مانند ہین ہم اگت
کہی ہو ہین بھگت مضمون کی بندشین ست بچی دت کی شاعر کی جی بی بہادر ہین
یہ بی بہا موتی ہین سری جت صاحب ملک نواب کلب علیخان سرین ہین
نواب کلب علیخان بہادر کی کان ہین یعنی مضامین شاعر کی گویا بی بہا موتی
ہین کہ ممدوح کی کان ہین پڑی ہین الحاصل یہ تمام سرسبزی اور شادابی اور خوشی
جو چار طرف پھیلی ہوی ہی اور ساری خلقت خوش ہو رہی ہی اور شاعر
نئی نئی مضامین بنا کر حضور کی کان تک پہنچاتی ہین اسکا سبب یہ ہی کہ ایک ماس ہی
ایک ہی مہینی رہتا ہی رب آفتاب مچھی بہون پر یعنی برج حوت ہین کرا اوسکی
سبب سی بہار عالم ہین پھیل جاتی ہی بارہ ماس رہین آپ مچھی بہون ہین اور حضور
یعنی ممدوح بارہ مہینی مچھی بہون ہین کہ سرکاری کوٹھی کا نام ہی رہتی ہین جب
ممدوح کہ بمنزلہ آفتاب ہی بارہ مہینی اپنی مچھی بہون ہین رہی تو کیونکر سارا عالم
یعنی شہر اور مفصلی اور گانون سب مقام اور ساری لوگ سرسبز اور خرم رہین

کبیت در معاودت فرمودن بندگان حضور از حجاز

کبدت رچی بدہ نی اک راس سری یوسف کو سس اور سسی
جیت راج آکاس کی راج بہنی دوو راج پر جاسکہ سی ہنسے
جیت سرگ کو گانا کر ایو ہمری نکلنگ گلنگ یون دہی ہلسے
ہیل گلان کی مان کی گلن تپین نت سرگ بہنچہ جان ہنسے

شرح کبدت شاعر رچی بدہ نی بنایا خدا نی ایک راس ایک گلن ہین
سری یوسف کو سس سردار یوسف کا چاند اور سسی اور چاند آسمان کا
جیت راج ایک زمین کی راجہ اکاس راج بہنی ایک آسمان کی راجہ ہوی

دو وراج دونون راج مین پرجا رعایا سکہی بسی آرام سی رہی چہت یعنی زمین کا
سرگ کو آسمان کا کا باکرایو یعنی جج کروایا ہر سی چندانی نکلنک بی عیب کلنک
عیب داریون وہی بسی یون ثبت بی چاہا پہل گلان کی مان کی نتیجہ شہ مندگی کا
پاکی لگن تہین سب برج لٹکی ہوی عبادت کرتی ہین نت مدام سرگ آسمان کی
ہینچہ کہکشان کو جان ہنسی جانکر ہنسی حاصل اس کہت کا یہ ہی کہ خدانی ایک لگن مین
دو چاند بنا ہی ایک چاند فرزند جناب نواب محمد یوسف علیخانصاحب بہادر کا
اور دوسرا چاند آسمان کا اور دونون کو کا باکرایا کا باکی دو معنی ہین ایک جج
دوسری گردش پس زمین کی چاند کو تو کبہی مین پہنچایا اور آسمان کی چاند کو
آسمان پر گردش دی باین طور کہ زمین کی چاند کو تو بی عیب رکہا اور آسمان کو
چاند کو سیاہ اور عیب دار کیا اور ایک بات باریک یہ ہی کہ کا باجسکی معنی بیت اللہ کے
ہین اوس مین حرف با ہی اور اس حرف کا رنگ ہندی کتابون مین سفید
اور شفاف لکہا ہی اور جو کا با بمعنی گردش ہی وہ اصل مین کا وا ہی اور واو کا
رنگ سیاہ ہندی مین لکہتی ہین تو اس سی معلوم ہوا کہ زمین کا چاند جو ممدوح ہی
صاف ہی اور آسمان کا چاند سیاہی رکہتا ہی پس باوجودیکہ دونون چاند
ایک ہی لگن مین پیدا ہوی مگر مشیت الہی یون مقتضی ہوئی کہ ایک بی عیب ہو تو
وہ زمین کا چاند ہی جو شاعر کا ممدوح ہی اور دوسرا عیب دار ہو
کہ وہ آسمان کا چاند ہی جب یہ صورت ہوئی تو اوس لگن یعنی اوس برج فی
جسمین یہ دونون چاند بنا ہی گئی تہی کہکشان کو دیکہکر یہ جانا کہ چاند کی عیب دار
ہونی سی آسمان مجسم ہینستا ہی اسواسطی وہ برج اور اوسکی ساتہ سب برج
لٹکی ہوی عبادت کرتی ہین اس امید پر کہ یہ کلنک یعنی سیاہی کا عیب
جو چاند مین ہی مٹ جاوی اور یہ چاند زمین کی چاند کی مانند جو شاعر کا

ممدوح ہی بی عیب اور شعاف ہوجای

کبت در تعریف ہنر

گن جو ہنر کی نہ ہنر کی سو اوک اوک سب سکہ نہ نس دن کوک جات
بار بار بار جات پار پار پار جات دت کب نندن پی یون نریس نوک جات
بام جات کام جات روس جات روس جات تاپی جو اسو کوک جات تاکی نرنی نوک جات
شب بر لوک جات سب ستر لوک جات شب گرہ جوک جات شب گرہ جو نک جات

شرح گن جو یعنی ہنر جو ہنر کی نہر کی ہین نہ ہر کی نہ بشن کی ہین نہ ہر کی نہ مہادیو کی ہین سو وہ اوک اوک خاطر خواہ سب سکہ سب آرام نس دن راتدن کو کک جات سخاب کو پیدا ہوتی ہین حاصل اس تاک کا یہ ہی کہ بشن کی مقام مین کہ بالای آسمان ہی آفتاب کا گذر نہین اور مہادیو کی پاس چاند ہمیشہ رہتا ہی اور سرخاب کی سواصلت اور یکجائی دن کو ہوتی ہی کہ وہ متعلق بطلوع آفتاب ہی تو جہان بشن ہی وہان تو آفتاب کا گذر اور دن کا وجود ہی نہین ہی انکی یکجائی اور وصل کیونکر ہوا اور جہان مہادیو ہی وہان بسبب ہمیشہ چاند ہونی کی رات ہے رہتے ہی اور رات کو بھی ان کے یکجائی نہین ہوسکتی تو شاعر کہتا ہی کہ یہ ہنر جو حضر ممدوح مین ہی ایسی ہنر کہتی ہی کہ بشن اور مہادیو مین ہی نہین ہین یعنی ان دونون مقامون مین سرخاب کے جوڑی کا وصل کبھی نہین ہوتا اور اس ہنر پر بسبب آفتاب ہونی ممدوح کے دونون وصل سی دلشاد ہین اور آرام سی رہا کرتی ہین بار بار پانی پانی پر بار جات کنول کی پھول ہین ایسی یہ نہر ہی جسکی قطری قطری پر کنول کی پھول ہین پار پار اور کنارہ کنارہ پر پار جات یعنی طوبی کی درخت ہین دت کب تخلص شاعر نندن پی اندر کی باغ مین یون نریس نوک جات اسطرح اسکی خوبصورتی یعنی بلندی اور بڑائی جاتی ہی یا یہ کہ اسکی خوبصورتی یون جاتی ہی اندر کی باغ مین جیسی راجہ

باغ کو جاتا ہی بام جات عورت جاتی ہی کام جات رغبت پیدا ہوتی ہی یعنی جب عورت اوس نہر مین جاتی ہی تو اوسی مرد کی خواہش پیدا ہوتی ہی یا کام جات کی معنی یہ کہ جتنی بُرائیان اوسکی دلمین ہوتی ہین وہ جاتی رہتی ہین رُوس جات اوسکی روش پر جاتی ہی رُوس جات غصہ جاتا رہتا ہی تاپی جواشوک جات اوس روشس پر جو اشوک کہ تمام ایک درخت کا ہی پیدا ہوا ہی تاکی تری شوک جات اوسکی نیچی دنیا اور عقبی کی فکر جاتی رہتی ہی یعنی انسان اوس درخت کی نیچی جاکر ایسا محو ہوجاتا ہی کہ دنیا اور دین کی کچھ فکر باقی نہین رہتی ہی تب پرلوک جات تیری سہر کو لوگ جو دیکہ جاتی ہین سب سُرلوک جات وہ سب لوگ یعنے جنت کو جاتی ہین تب گرہ چوک جات تو اونکی نوون ستاری چونک جاتی ہین یعنی دُشت اونکی چمک جاتی ہی اور دوسری معنی یہ ہین کہ تیری گہر کی چوک پر جب نوستاری کہ سیارہ ہین جاتی ہین تو چونک پڑتی ہین یعنی اونکی آنکہین کہل جاتی ہین اور متیہر ہوجاتی ہین

اکبت دربیان خصت معشوق

للن چلن کی چت دہاری ہی ہبورہوت پلن کی اوٹ ہوت گل ناسمانی ہی بہت مناؤ سمجہاؤ ہون پہیو کو پہیو نہ مانی سن کہیے سنجہای ہی کیدت بدا بدی ہوہی گئی اب دیکہین کو جیتی اور کون ہار کہای ہی پہلی پرہاتی کہ ہون پہلی ہی پہاٹ جای پہلی پی جای کہ ہون پہلی جی جای ہی شرح للن شوہر نی کہ درحقیقت عورت کا معشوق ہی چلن کی چلنی کی چت دہاری ہی دامین قراردی ہی ہبورہوت صبح ہوتی پلن کی پلکون کی اوٹ ہوت اوٹ ہوتی ہوی گل ناسمای ہی چین نہین پڑتا ہی یعنی شوہر جو معشوق ہی اوسنی صبح ہوتے

رخصت ہونی کا ارادہ کیا ہی اور حال یہ ہی کہ جو وہ آنکھون سی اوٹ ہوتا ہی
تو مجھی کسیطرح چین نہین آتا بہت منایا سمجھایا ہون پہیو کو بہت منایا اور سمجھایا
مینی شوہر کو پہیو تمانی اوسنی نمانا من کیسی سمجھای ہی دل کیونکر سمجھی یعنی اوسکو
بہت سمجھایا کہ نہ جاوہ نہین سمجھا تو اب میرا دل کس طرح سمجھی کبدت تخلص شاعر
بدایونی ہو ہی گئی شرط ہو ہی گئی اب دیکھین کونسی اور کون ہار کہای ہی اب
دیکھا چاہیے کون بازی جیت لیتا ہی اور کون ہار جاتا ہی پہلی پوہائی پہلی
صبح ہو کہ ہون پہلی ہی پہاٹ جای یا پہلی دل شق ہو پہلی پی جای پہلی معشوق
جای کہ ہون پہلی جی جای ہی یا پہلی جای یعنی دیکھون پہلی صبح ہوتی ہی یا پہلی
دل شق ہوتا ہی اور پہلی وہ جاتا ہی یا پہلی میری جان جاتی ہے

کبت

جھجک جھپا کی سی جھجک پہیر لینی پیٹہ کہاب دیکھ نام نہین میری اوہران پے
ہا ہا کرون ہون کیسو تو سی ڈرون ہون پہر پہیرن پرون ہون کیسی آی ہو گمان پے
لاکہہ ہو گہون ہون تم انیک ہو تم تو چاہون سیکڑون باز اور جاون آسمان پے
دت جو تا تو یا نہ تا تو یہ سانچی ہی تم کی او کہہ نہین ہے کمان پے
واضح ہو کہ اس کبت مین خطاب ہی مرد کی طرف سی عورت کی طرف کہ بدگمان
ہو کر آزردہ ہو گئی ہی شرح جھجک چپا کی سی جھجک کر جلدی سی جھجک پہیر لینی
پیٹہ جھجک کر پیٹہ پہیر لی کہاب دیکھ کر خواب دیکھکر نام نہین میری اوہران پے
نام نہین کیسکا میری ہونٹون پر یعنی مرد کہتا ہی عورت سی کہ تو نی جو خواب دیکھکر
جلدی سی جھجک کر اور جھک کر پیٹہ پہیر لی ہی تو اسکا کیا سبب ہی میری ہونٹون پر تو
کیسکا نام ہی نہین آیا ہا ہا کرون ہون خوشامد کرتا ہون کیسو تو سی ڈرون ہون
کسقدر جسی ڈرتا ہون پہر پہیرن پرون ہون پہر قدمون پر گرتا ہون کیسی آئی ہو

گمان پی کیون میری طرف سی بدگمان ہوگئی ہو لاکہہ ہو کیون ہون لاکہہ طرحسی گمتا ہون
تم ایک ہونا تو تم ایک ہی نہین مانتی ہو چاہون سیکڑون بار اوڑجاون آسمان پی
اگرچہ سیکڑون بار آسمان پر اوڑجاون دت جو تخلص شاعر مانو یا نہ مانو یا سچی ہو
تم مانو خواہ نہ مانو یہ بات سچ ہی تہم کی اوکہد نہین سی لگان پی وہم کا علاج لقمان کی
پاس بہی نہین ہی

ولاور

ولاور سید دلاور علی ولد سید قاسم علیہ تیس برس کی عمر ہی نواب مرزا خان داغ کو
شاگرد نہین اور تین ہین ذکی اور ذہین ہین زبان اہبی ہی مذاق اچہا ہی خوش
ہونا کلام سی پیدا ہی اونہون نی یہ مجہہ سی غزلہ اپنی دیی اوس مین سی چند شعر
انتخاب کرکی لکہی گئی

صفت اسپ ممدوح

تخل کی جانی مین پیک صبا سی چابک تر	لپٹ کی آنی مین آواز کوہ کی سرعت
اس مزاج سبک گام اور برق حزام	ہلال نعل پری بال حور کی صورت

اشعار غزل

ہچکی ہی جسکی دل کو ملاتا ہی خاک مین	یچی وہ دیکہنا کہ شہ مساہی
کی جو شکایت تو یہ پایا جواب	آتی ہی کیون ہو جو ستاتی ہین ہم
قبہ پر فاتحی کے حیلی ہی	کالیان مجہہ سنا فی آی ہین
اونکی سینی پہ نہ کس طرح طبیعت بہکی	ایک جا ایک ہی صورت کی طرحدار ہین دو
عبث بیتاب ہو کر پاسیوتی مین کیا دل	بگایا کیا اوسی تونی او تہایا شور محشر کو
تم دور رہو اور یہ بیچین ہو جای	اپنا سا سمجہتی ہو مری جان مری دل کو
سنہ لگا تین غیر کو آتا دماغ اونکو کہان	اچہتی ہی یہی حفظ میری جلانی کی لیی

دمن سنگہ یہی تخلص یہی نام ولد تواری کشور داس کشور تخلص متوطن شاہ آباد

جو اس دار الریاست کی مضافات مین ہی ساہوکاری پیشہ پہلوان
زبردست تھی کبیشر ہردی رام اور کبیشر پوکھی پورب کی رہنی والی انکی مکان پر
اگر قیام کیا کرتی تھی وہی دونون انکی استاد تھی انتہتر برس کی عمر ہوئی
جمادی الاولی کی اٹھائیسوین تاریخ بارہ سو بارہ ہجری مین انکی مکان پر ڈاکا پڑا
اکیلی انہون نی چودہ ڈاکو ونکو مجروح و مقتول کیا اور ماری گئی یہ اونکا کبت ہی

کبت در نصیحت زبان چور

کمٹ رس بھوجن کی چوجن کی چاہن مین بار بار آوہیک لمکات ہے
کری یہ یا دنیا سوا و بہانت بہانتن کی جگ کی چپلای پای پریت سہ سات ہی
رام کہہ رسنا وہن سنگہ کمی کس ناری یا ہی بین رسنا تے نام ٹھہرات ہی
رتی آٹھون جام سکہ صاحبی کی کام ایک رام نام لینی کو بگوڑی نی الکات ہی
شرح کمٹ رس جہون ذائقی جو ہندی مین کہا تیہا نکین کڑوا کسیلا تیز مین بھوجن
کی چوجن کی چاہن مین کہانون کی کیفیت کی شوق مین بار بار اوہیک ہمہ مرتبہ بڑہ کی
لمک لپک کی لمکات ہی دوڑتی ہی یعنی ای زبان تیرا یہ حال ہی کہ سب ذائقون کے
شوق مین کہانی کی لیی ہر مرتبہ لپکتی ہی اور بڑہ بڑہ کی دوڑتی ہی کری بہ بار کرتی ہی
بہت سی جہگڑی نباسوا دبی مزہ بہانت بہانتن کی طرح طرح کی جگ کی دنیا کی
چپلای پای پرای عیبونکا ذکر پاکر پریت سہ سات ہی محبت زیادہ کرتی ہی یعنی
بری کاسون اور بری باتون کی جانب رغبت رکہتی ہی رام کہہ رسنا خدا کا نام لے
ای زبان وہن سنگہ کمی نام شاعر کس ناری کیون نہین رے یا ہی بین رسنا
تب نام ٹھہرات ہی اسی سبب سی رسنا تیرا نام ٹھہرایا ہی یعنی بچی ہمزہ کہتی ہین کیونکہ
رسنا یعنی زبان ہی اور رس نا کی معنی بی مزہ کی ہین رتی آٹھون جام رتی ہی
آٹھون پہر سکہ صاحبی کی کام آرام اور حکومت کی کا سونکو ایک رام نام ایک خدا کا نام

یعنی کو کوڑی یعنی کو کوڑی یعنی کثرت اسات ہی کا ہلی کرتی ہی یعنی دنیا بہر کی آرام اور حکومت کی کا سو کو آٹھ پہر ٹاکرتی ہی مگر ایک خدا کا نام یعنی مین بھی کا ہلی اور سستی ہوتی ہے

فصل ذال معجمہ

ذکی شیخ مہدعلی ابن شیخ کرامت علی مراد آبادی حضرت جنت آرامگاہ وطاتر اہ کے عہد مین برسون اس سرکار فیض آثار کی نمکخوار رہی چندی لکھنو چلی گئی پھر حضرت فردوس مکان انار اللہ برہانہ کی عہد مین نوکر ہوکر مورد افتخار رہی شیخ امام بخش ناسخ کی شاگرد وہین نامور تھی ۱۲۸۱ بتاریخ بیس کی عمر پائی بارہ سو اکاسے ہجری مین انبالی گئی ذی قعدہ کی مہینہ مین قضا کی وہین دفن ہوی یہ اونکی کلیات کا انتخاب ہی

حمد

جو لطف معنی روشن نہو سیاہی مین — سواد خط سی نہ آی شمیم طرہ حور

منقبت

جو حیرت دل بیتاب کیجی تحریر — قلم سی حرف کہنچی شکل ماہی تصویر

مدح غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ

اسقدر رنگ طبیعت کی اثر سی ہی عیان — کہ زمانہ نفحہ آتا ہی مجھی رنگ محل
چرخ اخضر کو کیا عکس شفق نی گلرنگ — قصر یاقوت بنا گنبد فیروزہ محل
گل رعنا ہین یہ خندان کہ ترا وش مین ہی رنگ — شمع کی شعلہ شیرین سی ٹپکتا ہی عسل
چوری چوری کسی مشتاق کی تڑپانے کو — بوی گل کو لیی جاتی ہی صبا زیر بغل

صفت فیل نواب ناصر الدولہ والی حیدرآباد

ذکی دانتو کی بلندی پر نظر پڑ جا ہی گر — ہو لمین یون القای عینی ہو کہ پی ہیب و گمان
کیا یا القدر ازدیاد عمر و دولت کی لیی — متصل دست دعا کہتی ہی سوی آسمان

اشعار غزل

رات کا ئی تاری گن گن کر کبھی آیا جو یاد
اوسکی چوٹی مین اوجھنا سو تیونکی ہار کا

گیا شباب کرا وڑتی ہی خاک سی مُنہ پر
غبار چھوڑ گیا قافلہ جوانی کا

صرفہ اب پردہ دری مین دل ناداں کا
دامن یار ہی چھوٹا تو گریبان کسکا

لی اوڑی انجمن ناز مین دل کسکی نے
چوریان کرنی لگا غمزہ پنہان کسکا

آفتین اتنی اوٹھا مین عبث ایجان خلق
ہجر کا نام ہی سنکر بھی مرجانا تھا

جمال یار پہ ہمنی یہ ٹکٹکے باندہے
کہ اپنی آنکہ کا تل اوسکی سنہ کا خال ہوا

بہیگی بالونکو جو ہاتون سی نچوڑا اوسنے
شعلۂ رنگ حنا زور دہوان دہار ہوا

ہکو تو یاد زلف قیامت ہی ای ذکی
سوتا ہی چین ہی کوئی کیونکر تمام رات

رکھتی ہین دشمنین کا ٹوکو پا دنکی آبلی
ملتی ہین دشمنون سی ہم احباب کیطرح

ہوی ساقی سی مخیل اوہری کمظرفی دل
بوسۂ لب کی طلب پہلی ہی پیمانی پر

دیکہا ای ملتش دل کمین پچین نکرنا
سوتی ہی قیامت تری کروٹ کی برابر

اک بوسی کی طلب پہ ملین گالیان ہزار
بقدر شوق رہوئی دشنام آجکل

خون ہوکر جسر تین دلکی نکلجاتی ہین صاف
کون کہتا ہی کہ رونی مین مزا ہوتا نہین

لطف اوہنکی نگاہون مین ہم آغوشی کا
صورت آئینہ جو صاف نظر رکہتی ہین

لطف جانبخش بہی ہی غمزۂ بیداد کی سات
مژدہ ایدل کہ مسیحا بہی ہی جلاد کی سات

جوہر تو محجہ مین تہی ملکو نی حصال کی
انسان بنا کی کیون مری مٹی خراب کی

کہدی کوئی یہ بات زلیخا کی کان مین
یوسف کو خواب آتی ہی تعبیر خواب کی

بوسۂ پای نگارین ہوی اور ونکو نصیب
ہم تو مہندی ہی لگانی کی گنہگار رہوی

عید کی شب غم دوری سی یہ دل خون ہی کیا کر
کتنی مہندی تری پاون مین لگائی ہوگی

گر نہا کہ دل کی خاطر ہی تو کوئی آن کو
بیخودی سی مانگ لی ای بیقراری تو بھی

محشر فی آکی قبر مین تڑپا دیا مجھی
کسکی حرام نازکا دھوکا ہوا مجھی

منت مری جل بجھنی کی پوری ہوئی لیکن
تم شمع چڑھانی کو بھی مدفن پہ نہ آئی

برق طپش آہ سی پہنچی نہ تہہ گور
کہدو کہ قیامت مری مدفن پہ نہ آئی

حسرت ای تازہ اسیران قفس آتی ہی
دھوم سی فصل بہار اب کی برس آتی ہی

تھوئی لطف تصور مین بیان تاب سخن
ورنہ شکوی تو بہت ای غم تنہائی تھی

مخمس بر غزل خواجہ حافظ علیہ الرحمہ

ہوئی جو خسرو و شیرین مین بزم آرائی
تھفتہ خون دل کوہکن کی یاد آئی

یہ شعر پڑہ کی دہ آنکھون مین اشک بھر لائی
چو با حبیب نشینی و باده پیمائی

بیاد آر محبان باده پیمارا

قصیدہ فارسی در منقبت

لیلۃ القدر ست مضمون سواد نامہ ام
بوی زلف حور آید از شب یلدای من

سبزہ می روید ز خاک من بزنگ آسمان
آفتاب صبح باشد لالہ صحرای من

خستہ جانی خون کند صد آرزو با در دلم
ہمچو شمع داغ سوز دخنہ بر لبہای من

از غزل

دیگری نیست سوای دل خود کام ذکی
کہ میان من و معشوق در اندازی ہست

از مثنوی

چون بگفت گل چمن در آغوش
چون زلف نسیم خانہ بر دوش

روشن نفسی چو صبح امید
داغ جگرش بہار جاوید

از سینہ عروج حسن پیدا
آغاز جوانیش ہویدا

صبحے و قیامتے در آغوش
خونابہ آفتاب در جوش

فصل رای مہملہ

راحت حکیم شیخ احمد حسین خلف شیخ غلام محی الدین حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سره العزیز کی اولاد امجاد سی ہین چار برس سے غلام علی عشرت کو کلام دکھایا جب اونہون نی انتقال کیا شاہ رؤف احمد صاحب رافت شاگرد میان قلندر بخش جرات سی فیض اوٹھایا اب ترسٹھ ۶۳ برس کی عمر ہی یہ دو شعر اونکی لکھی جاتی ہین

ریختہ

بل ہمسی وہ شب بات ہین کرجاتی ہین کیا — چھو لیتی جو چوٹی تو بگڑ جاتی ہین کیسی
ابھی تو کاہی اور چونکی نہین جواب راحت سی — چلی آہستہ یا باہر ذرا باد صبا ٹھہری

راز نظام الدین خان ولد امام الدین خان کچھ حال انکا معلوم نہوا ایک شعر ملا وہ لکھ گیا

ریختہ

عبث باندہا ہی بلبل نے چمن مین آشیان اپنا — گئی سب چھوڑ اس باغ جہان ہین جانیوالا اپنا

راسخ عنایت اللہ خان ولد عادل شاہ خان قصبہ بلاسپور مین رہتی ہین پچیس برس کا سن ہی بطور خود سنکر کہتی ہین یہ اونکا کلام ہی

در تہنیت مسند نشینی حضور پرنور

ناتی نغمی ہوی جاتی ہین لب بلبل پر — کھلیگی عنسہم نہ زمانی مین پہری خاکسار
سبزہ سکر ہی ہی سر سبز ہین ایک ایک شاخ — بید کا بھی نرہا بار سی محروم شجر
نغمہای طرب انگیز ہون اوس ہی پیدا — کہای گرباد صبا کوہ سی آکر ٹکر

از غزل

نہین نور حاصل سے بینیت کو — کبھی شکل دن کی نیا می کی رات

رافت شاہ رؤف احمد صاحب خلف حضرت شاہ شعور احمد صاحب

قدس سرہما حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز
کی اولاد امجاد سی ہین یہ بزرگ خلفای حضرت شاہ غلام علی صاحب قدس
سرہ العزیز مین بڑی صاحب تصرفات وکشف وکرامات تہی قلندر بخش جرات کے
تلمذ تھا پینسٹھ برس کی عمر پائی ذیقعدہ کی پچیسوین تاریخ بارہسو چالیس ہجری نبی
کو راہ حرمین شریفین مین رحلت فرمائی ایک معراج نامہ نثر مین اور ایک
یوسف زلیخا انکی تصنیفات سی ملی کچہ شعر انتخاب کیی گئی اور کچہ غزلین انکے شعر ملی
وہ بہی درج تذکرہ ہوی

ریختہ

غم یار کا ایسا ستانے لگا — کہ جی تن سی کہبہ اکی جانے لگا
رقیبون سی مل مل کی وہ نازنین — مجہی خاک وخون مین ملانے لگا
نہ ثابت میان عاشق ومعشوق ربط تہا — رافت کی دلپہ داغ ہی اوس گل کی تہی پہ تل
تری عشق مین تنگ ہون یہی سی مین مجہے تری ہے بندگی ہم
نہی ہاتون کا ہوش سر کی خبر تری سر کی قسم تری ہاتی ہم
پہوٹ کر روی غم اولنسی ملکی — پر نہ پہوٹے یہ پہپولے دل کی

از معراج نامہ

نہ دست وہم نہ جہی سایہ اسکا کو اوسکی — ظہور دوجہان سایہ ہی جس شہ کی سزا پاکا

صفت عشق از مثنوی یوسف زلیخا

غم عشق جس دل کو حاصل نہین — ہی اک پارہ سنگ وہ دل نہین

صفت زلیخا

سواہد رسی گو کہ تہی خوش جمال — گہٹا کر عمون نی کیا تہا ملال
سیاہی سو شام ہجران ہوی — ہر اک زلف خواب پریشان ہوی

غسل فرمودن حضرت یوسف علیہ السلام در دریای رود نیل

پلا ساقیا مجکو وہ جامِ شراب | | وہ پانی کہ ہو جس مین موتی کی آب
یہی ہی مری آبرو کی سبیل | | لگا دی مری لب سی دریا می نیل
نہانی کو جاتا ہی وہ سوی آب | | کہ ہر نقش پا جس کا ہی آفتاب
خوشا روی پرنور کی آب و تاب | | ہوی برج خورشید ساری حباب
بنا آبجیوان سب آب روان | | تجلی مین ہر موج ہی کہکشان

حرف

رحیق مولوی محمد وجیہ الزمان خان خلف شیخ محمد سمیع الزمان خان ستوطن قصبہ فرخ آباد عرف چلاوان ضلع بجنور صوبۂ اودہ عجب بزرگ کریم النفس تھی کہ نفوس قدسیہ مین اونکا شمار کیجی تو عجب نہی جسنی اونکی ساتہ برائی کی اوسکی ساتہ بہی بھلائی کی بارہا اسکا امتحان ہوا ہی ہمت کی بڑی پامرد تھی طبا عی مین فرد تھی فکر سلیم ذہن رسا ہر طرح کامل دیکھا محکمۂ صدر اکبرآباد مین جسی ہائی کورٹ کہتی ہین مدت تک سررشتہ دار رہی حضرت جنت آرامگاہ طاب ثراہ کی عہد مین بہان طلب ہو کر آی عہدۂ جلیلہ سفارت پر مامور ہوی اور قدردانی فی ہر عہد مین اعزاز بڑہای چوہتر برس کی عمر پائی جمادی الاولی کی دوسری تاریخ بارہ سو نواسی ہجری مین رحلت فرمائی عنفوان شباب مین بطور خود کبہی کچہ موزون بہی فرماتی تہی یہ شعر ملی کہ درج تذکرہ ہوی

رختہ

محفل مین اونکی کاہیکو ہوتی جگہ نصیب | | سگر خدا کرے وہ کبہی بچہا نتی نہین
کرتیان جالی کی پہنی ہین حسینان جہان | | حسن کی فوج مین دیکہی ہین زرہ پوش نہی
کیونکر نہ مرون اپنی تڑپنی پہ مین بسمل | | تحسین تو تجلی مری قاتل کی زبان سی

فارسی

رحیق از فرط بیتابی دل مجروح در پہلو | | شب ہجر از طپیدن بیکنفس نشست و نشنید

رحیم صاحبزادہ محمد رحیم اللہ خان خلف کوچک صاحبزادہ محمد علی حسن خان ابن صاحبزادہ عظیم اللہ خان ابن صاحبزادہ محمد مصطفی خان ابن صاحبزادہ الہ یار خان ابن جناب مستطاب نواب علی محمد خانصاحب بہادر جلد نکان طاب ثراہم اٹھارہ برس کا سن آغاز شباب کی دن نیا نیا شعر کہنے کا ذوق ہوا ہی تازہ تازہ شوق ہوا ہی آغا عنین لکنوی کو کلام دکھاتی ہین دو شعر اونکی لکھی جاتی ہین

رکھتہ

ہنسکی رہجاتا ہون کرتی ہین جو کوئی ظلم	پیار آتا ہی مجھی اونکا لڑکپن دیکھکر
مرگئی صیاد ہی کہکر قفس مین عندلیب	دفن کردینا مجھی یہو لونکا خرمن دیکھکر

زرمی یعقوب خان ولد مستجاب خان اٹھائیس برس کی عمر ہی تحصیل کتب درسیہ فارسی مین شاگرد خواجہ محمد بشیر صاحب بشیر اور شعر گوئی مین شاگرد وزیر علیخان وزیر ملازم سرکار ابد قرار ہین یہ اونکی اشعار ہین

رکھتہ

مین لب تجنبش کا کشتہ ہون میری نعش پر	پان کھاکر اوسکا آنا خونبہا ہوجائیگی
جھوٹا ہی مگر اوس سی پھرتا نہین اپنا	بتتا ہی قسم کھاکی وہ سچا مری آگی
جو سر تری قدموں پہ شنگرف نہین رکھتی	کچہ اور بلا رکھتی ہین وہ سر نہین رکھتی

رسا میر احمد علی ابن سید امام الدین چھبیس برس کی عمر ہی مزاج دارستہ طبیعت بلند سخن شناس سخن آفرین شیخ علی بخش بیمار کی شاگرد ہین بہت کچہ کہا مگر آزاد وطبعی سی دیوان مرتب نہین کیا کچہ کلام اپنا انتخاب کرکی دیا وہ لکھا گیا

رکھتہ

پاس بھی وہ شرم سی آنکھین	اور حسرت سی دیکھنا میرا
رہگئی شرم فرشتونکی اوٹھاے نامۂ اعمال ہوا	یہ گرانبار مرا نامۂ اعمال ہوا

ملایا خاک مین تو نی سپہر خانہ خراب
وہ دل مراجو تمنای یار کا گھر تہا

سینین گی وہ سقر میری درد دل کا افساغ
جگر تہا می ہوی بہتی ہین اہل انجمن اپنا

شب مہ شام ہی سی میرجان پہنچی لب پر
جو مین تا صبح ہی جیتا نہ وہ شب سار ہوتا

نہ رسا نصیب ہوتا کبھی غیر کو نظارہ
پس مرگ اونکی رہ کا مین اگر غبار ہوتا

قسمت اوس کان ملاحت سی جدا کرتی ہے
کون اب زخم جگر پر نمک افشان ہوگا

رنگ لای گی در اندازی خدنگ ناز کی
دل جگر کا اور جگر دل کا عدو ہو جای گا

دیکھنا صورت کیسکی میری قسمت مین نہین
ہوگیا ہی آینہ سد سکندر کا جواب

وہ ہوی رخصت سحر آئی قیامت لیکی ساتھ
صور کا نالہ ہوا اللہ اکبر کا جواب

نہ انتظار کی تکلیف پوچہیی مجہی
گذر گئی جو گذرنی تہی جان مضطر پر

ملتی جبہہ نہین دل خانہ خراب کی
پوچہین نشان کس سی کہان جستجو کرین

یارب یہ دل یہ جوش ہوس خاک مین ملے
کب تک ہر ایک بات کی ہم آرزو کرین

تیر نگاہ یار سی دونون کو عشق ہی
دل سا نہی کرین کہ جگر رو برو کرین

کہلا ہی ای رسا باب اجابت
مگر فرصت نہین مجکو دعا کی

فسردہ دل کہین روزگار مین آی
خزان کو ساتہ لی ہے بہار ہین آی

رسا منشی ابنا پرشاد ابن لالہ چندی پرشاد وطن انکا لکہنو ہی مگر سالہای دراز سی اسی دارالریاسہ مین رہتی ہین عمدہ جنت آرامگاہ طالب مراد سی ملازم سرکار دولتمدار ہین داستان گوئی مین مشہور روزگار ہین بچپن کی عمر ہی کبھی شعر کہنی کا بہی اتفاق ہوا تہا میرزا محمد تقی خان ہوس کو اپنا استاد بتاتی ہین یہ اونکا کلام ہی

مخمس بر شعر مرزا محمد تقی خان ہوس

نہین ہوی وہ کبھی کیسی کو جہان کیا رکہم
نہ دلبری کی ہی بات اونہین نہ پاس ہی تہا

چمن مانی سی ہی نرالای طرحکی ہی اوہین وحشت — ہمیشہ جو راہی عدم کا پایا چلی خضاہو کی وقت رخصت

نہ مرثکی دیکھا نہ بات پوچھی نہ کی تسلی قریب آکر

مخمس بر اشعار میر دوست علی خلیل

نہ انسی نسبت ہی مہر کو کچھ نہ انسی لگاہی پیار کو — شراب عشق و محبت انکی ہی زہر قاتل دل و جگر کو

جدہر یہ رہتی ہین دشمن جان بخا نی انسان کہان ہی دہر کو — بلا ہی سایہ بھی ان تو نکا خدا بچای ہر اک شر کو

پری کو دیوانہ چنکیو ہین بناتی ہین یہ اوڑا وڑا کر

ہوی ہین مدت مین تو نون یا ہیم خوشی ہو تو کلو کلا کیجہ — نہین ہی کوئی محفل صحبت گلی مین یا تو نکو ڈالی نہ بیچ

شراب گلگو نہ بہری ہی شیشی مین پست گنبد مین جام کیجہ — حباب بجا ئی صل کی شب نقاب دلبی شراب بیچ

ہماری سینی کچہ اپنی کیسی لٹیی اب سنہ سی سنہ ملا کر

فنا ہی نقش و نگار ہستی یہانکی راحت ہی اک کہانی — ہی موت کا خوف خضر کو بھی اگرچہ ہی طول اندگانی

مسافر دو مہ نو یہان تم کہ نہ قافلہ ہی یہان کا پانی — بڑی ہی غفلت یہان مثل طلسم باغ جہان ہے فانی

قیام سہ و چمن پہ صبح ہو ل ہنستی ہین کہل کہلا کر

رسا کی کہنی کو مان عاقل طلسم فانی ہی نقش ہستی — جسی بلندی سمجھتی ہین یہان جو غور کر تو ہی عین پستی

گئی جوانی نہ پھر بلایا آیا نہین ہی اب وقت جوش مستی — بتان ہندوستان اہین تو نی بت کے کی سیرت پرستی

خلیل کبھی مین چل کی یہان سی اب اگئی تو ن خدا خدا کر

رسوا تخلص صاحبزادہ سجاد علیخان ابن صاحبزادہ محمد سعید الصمد خان الم جن کا ذکر حرف الف مین گذرا اٹھارہ برس کی عمر ہی محمد جان خان انکر شاگرد حسن علیخان عاجز کی شاگرد ہین جو کلام اپنا اونہون نی بجوایا اوس مین سی ایک شعر تحریر مین آیا

رخشتہ

یہ تو نی کسکی آنکہا صبا مژدہ سنایا ہی — کہ شور خندہ و گل نی چمن سر پر اٹہایا ہی

رضا صاحبزاده علیم الله خان خلف صاحبزاده امداد الله خان تاب تخلص کر
حرف تای قرشت مین گذرا میر احمد علی رسا کی شاگرد رشید ہین اکتالیس
برس کی عمر ہی طبیعت اچھی فکر بلند ہی اشعار قابل دید ہین

مدح بندگان حضور پر نور

زہی وہ سرور عالی کہ جسکی اوج بختی سے — خوشا دولت شاہ بحری مدح سی نزع ہی خاقانی
شہ کلب علیخان بہادر خسرو نامی — کہ جسکی درگہ دارا جانتا ہی خسرو دربانی
بہار گلشن خوبی ہی تازہ بیدمی مقدم سی — ہوا ہی نطق بلبل کا سبب تیری ثناخوانی
بہلا بال ہما کیا ہی جو تیری فرق تک پہنچی — پر روح الامین کو چاہیی ہی بہان کرنی کو پانی
نگین خاتم زیبا ہی روشن نام نامی سی — مزین اسم اعظم سی ہی یا مہر سلیمانی
شمیم عدلت پہنچی فلک پر کیا بعید ہی — کری خورشید گلشن مین جو شبنم کی نگہبانی
بہلا حاتم کو تیری بخشش و ہمت سی کیا نسبت — کہ تو ہی شاہ شاہان حاتم طی مرد مہ قانی
کوئی لیتا نہین نام مسیحا عہد مین تیری — ہوئی ہی فرض صحت پر طبیعت کی نگہبانی

صفت تیغ

چمک ہی اسکی بجلی آب اسکی نوح کا طوفان — زہی قدرت خدا کی ایک جا ہی آگ اور پانی
یہ وہ بجلی ہی گر پڑ جای عکس اسکا سر میدان — نظر آتی لگی چار آئینی مین شکل حیرانی

صفت اسپ

یہ رہوار و نہین بجتا شہسوار و نہین ہی تو بجتا — نہ ہی تیرا کوئی ثانی نہ اسکا ہموار کا ثانی

اشعار غزل

اونکی وعدی کا اعتبار کیا — ہمنی خود دل کو بیقرار کیا
اب او نہین مجھسی کیا غرض مینی — ایک دل تہا سو وہ نثار کیا

رضا تخلص مرزا رضا حسین خلف مرزا احمد حسین شہ زور نبیرہ وشاگرد

مولوی مفتی محمد صدر الدین خان دہلوی آزردہ تخلص والد ماجد انکی لکھنو مین ملازم سرکار شاہی رہی زور وطاقت مین ضرب المثل تہی تواضع و انکسار مین بی بدل تہی یہ فرزند دلبند بہی اونکی قدم بقدم ہین اس صورت اس سیرت کے آدمی بہت کم ہین کئی برس سی اس سرکار فیض آثار مین نوکر ہین تیس برس کی عمر تہی وجاہت صوری اخلاق معنوی مین مشتہر ہین شعر کا بہی ذوق ہی اردو فارسی دونون زبانونکا شوق یہ اونکا کلام ہی

رخیتہ

تیر نگہ کا یارب دلپہ نہ وار ہوتا	بہتر تہا اس سی نیزہ سینی کی پار ہوتا
دندانے جو رہتا ہو قریبونکی نقل مین	ملتی ہو رضا اوس سی حیا ہی نہین آتے

مدح بندگان حضور بزبان فارسی

سوای خرابات در دور تو	کسی را ندیدم بحال خراب

رضا تخلص غلام رضا ولد منشی انبا پرشاد رسا لکھنوا نکا وطن ہی مگر تیس برس سی ہی دار الریاست مین سکن ہی انکی باپ مدت سی اسی دولت کدے مین نوکر ہین داستان گوئی مین ملازم سرکار ہین اب انکی عمر چالیس برس کی ہی سلسلہ تلمذ کا بواسطہ اپنی باپ کی میر التفتی ہوس مرحوم تک پہنچتا ہی یہ ایک شعرا و نکا ہی

رخیتہ

لو مبارک ہو رضا کا شگیا نام ونشان	تم بہی رسوائی سی چہوٹی خیر بہی بی غم ہوا

رضا نام انکا معلوم نہین تذکرہ گلشن بیخار تالیف نواب محمد مصطفی خان شیفتہ مغفور مین اسیقدر لکھا ہی کہ دار الریاست مصطفی آباد عرف رامپور انکا وطن ہی اور ایک ہی شعرا و سمین لکھا تہا کہ اس تذکرے مین نقل کیا

رخیتہ

اب کوئی محلی ہین مجنون پہ بلا آتی ہی	جرس ناقۂ لیلی کی صدا آتی ہی

رضا تخلص میرزا علی ابن میرزا قربان علی مرحوم پچاس برس کی عمر ہی کبھی کبھی سلام کہتی ہین میرزا قاسم علی بیگ متخلص بذوق شاگرد میان دلگیر سی تلمذ ہی یہ اونکا کلام ہی

ازسلام

طوق ہی ڈالہ و گردن ہین یہ کہتی ہی عدو	بیڑیان جھنکہڑی عابد کو پہنائی آی
نا پون نی بخیا نوحہ اکا کچہ پاس	حیۂ سبط پیمبر کو جلانی آی

رفعت خلاق مضامین و معانی سولوی غلام جیلانی عالم باعمل معقول و منقول این نہ ب المثل جواہر اسرار و حقائق کی خازن سر آمد ارباب کشف و اصحاب باطن پدر بزرگوار آپ کی جناب مولوی احمد صاحب مرحوم گیلان ہی کہ بغداد کی مضافات سی ہی رہ ہیلکھنڈ مین تشریف لای وہین مولویصاحب کی ولادت باسعادت ہوئی بعد برہمی ریاست حافظ رحمت خان بیلی بہیت سی اس دارالریاست مین آی پھر یہین اقامت ہوئی علوم عقلی مولوی حسن صاحب سرورسی حاصل کیی چندی شاہجہان آباد مین رہ کر علوم نقلی مولانا شاہ عبدالعزیزصاحب سی پڑہی اوسی دارالخلافہ مین بعض اسیر انہولنی سب زبان فارسی کا اتفاق ہوا تالیفات آپکی کثیر ہین اونمین سی ایک مثنوی مسمی بہ درمنظوم کہ وہ جنگ نامہ جناب غفران مآب حضرت نواب غلام محمد خالصاحب بہادر انار اللہ برہانہ کا ہی اور ایک دیوان فارسی اور چند ورق گداختہ متفرق ریختہ کی ہیچمیرز کو ہاتہ آی چند شعر دیوان فارسی اور اردو سی اور چند شعر اوس مثنوی سی انتخاب کرکی اس تذکری مین لکھی گئی مولویصاحب ممدوح سی بڑا فیض جاری ہوا مولوی حمید علیصاحب اور مولوی خلیل الرحمن صاحب اور مولوی محمد صاحب اور مفتی محمد شرف الدین صاحب یہ سب شاگرد مولوی صاحب موصوف ہین کبیر خان تسلیم اور غنیہ شاہ خان غنیہ

اور خلیفہ محمد غیاث الدین صاحب عزت تلمذ زبان فارسی ہین معروف ہین قوت حافظہ
کی یہ کیفیت سنی گئی کہ بعد اتمام صحبت مشاعرہ اکثر شعرا کی غزلین مطلع سی مقطع تک
پڑہ دیتی تہی مولوی عبد العلی صاحب کبیر خان تسلیم کی زبانی نقل کرتی ہین کہ ایکدن
مہولیصاحب فرماتی تہی کہ بیس ہزار دیوان میری نظر سی گذری ہین اور ان
دواوین کی اشعار جن پر بنظر انتخاب میری صاد ہین میری بیاض پر مرقوم اور
مجھی یاد ہین ہشت خلد نام ایک مجموعہ اشعار اساتذہ جس مین اوصاف سراپای
معشوق ہین تالیف فرمایا ہی المختصر اسی برس کی عمر مولوی صاحب فی پائی
اور بارہ سو چونتیس ہجری ہین دوشنبہ کی دن چاشت کی وقت ماہ ذیحجہ کے
ستائیسوین کو رحلت فرمائی تاریخ رحلت جو عنبر شاہ خان مرحوم فی موزون کی ہی
وہ یہان لکہی جاتی ہی

قطعہ تاریخ

چو از دنیا حباب پاک رفعت — گذشت از غم دلم مذہ ہنگین شد
نہ تنہا جانم از مرگش طپان است — کہ جان عالم از فوتش حزین شد
زبان در سوگ او پیوست با ہم — جہان در ماتمش با غم قرین شد
وجود پاک او از نیک ذاتے — جنان را لبکہ ہر دم دلنشین شد
ازان ہمہ حساب سال فوتش — بتاریخش دل خلد برین شد ۱۲۳۴ھ

رخیتہ

ہون مین وہ مرغ چمن بعد اسیری جسکو — بال و پر توڑ کی کرتا ہین صیاد پسند
گرچہ پامال کیا تہا مجھی رفتار فی لیک — کر دیا عشق فی اوس قد کی مرا نام بلند
جون شمع اگرچہ بی زبان تہی — پر سوز تمام کہہ گئے ہم
یہ بار غم فراق رفعت — اتنا تہا کہ جسکو سہہ گئی ہم

چه نهین هم مین بغیر از دل سوزان رفت	پیرهن صورت فانوس نظر آتا ہی
مدت ہوئی کہ نالۂ سوزون نہین سنا	کوچی سی تیری حضرت رفت کہ ہر گئی

بندہای واسوخت

کیا عجب دن تہی کہ وصل یار حاصل تہا نہین	فی خلش اغیار کی دیدار حاصل تہا نہین
سیر گل اور جام مل ہمدم ہمارا حاصل تہا نہین	ساز عیش و نغمہ سر شار حاصل تہا نہین

یاد آتا روز یکہ در میخانہ منزل داشتیم
جام می بر دست و جانان در مقابل داشتیم

اب وہ صوت ہی جدائی اور تنہائی سی آہ	پیش و پس کوئی نہین ہی یہان بجز ذات الٰہ
مونس و مخوار بہی اپنی ہوی اک اک تباہ	اب نہین آتا نظر کوئی جدہر کیجی نگاہ

آنکہ می سوزد بدرد من دلش جان من است
وانکہ می گرید بحالم چشم گریان من است

فارسی

چکد زمگ نزاکت بسکہ از ہر مصرع موزون	شود در گلشن زاو رقش چو گلچینان انامہا
تبسم گرمی شد شمع راہ آن دہان رفت	چو عنقا میچکس ہرگز نمیدیدی نشانش را
بر نمیدارد دماغم تاب حرف ناکسان	چون صدف از گوہر خود پنبہ در گوشیم ہا
بگلشن دین ام ہر غنچہ را پیش دہان او	ز خجلت بر نمی آید برون سر از گریبانہا
تماشا کردہ ام وقت عرق افشانی رویت	کہ می گردند گرد ماہ رخسارت تو اختر ہا
خیال ریزش خون کہ در دل کردہ ظالم	کہ از ہر سو بکف دارند مژگان تو خنجرہا
دیدہ بجا کہ ہم طرفہ تماشا دارد	گردش چشم ستان ساغر ستان امشب
دست خود کو تہ نمی کرد ار ستم زلف دراز	این زمان در دو خطش زیر پا افتادہ است
دلبر محبوب گستاخانہ چون آید ببر	کز تبسم ہم لب خود از حیا بخشادہ رو

باندازد گران شوخ کافر کیش می آید		خدا حافظ نگهبانش دل صد درویش می آید
شب که آن نشوخ نگاهی بسوی ما می کرد		جنبش چشم ندانم که چه ایما می کرد
دست کوتاه کن ای شانه از آن زلف دراز		دلفگار اند بسه حلقه پریشانی چند
هر رگ گل می تپد چون نبض بیمار از رشش		میرسد آواز در گوش از پر بد نهای رنگ

مثنوی در منظوم

حمد

چو شد نیزه دار جلالش سماک		سمک با ذره شد نهان زیر خاک
علم کهکشان ماه طاس زرش		ز کیموی شب پرچمی بر سرش

مناجات

بیا ساقی از من جدا کن مرا		بدریای می آشنا کن مرا
به بیخانه عشق احمد رسان		بلبم پر لب جام سرمد رسان

جوش بهار

بهار است سودا چو سنبل دمید		بداغ جنون لاله و گل دمید
صبا گریه غنچه را چاک زد		هوا گوهر ژاله بر خاک زد

کثرت لشکر ممدوح

ز جوش خلائق دران پهن دشت		زمین موجزن همچو سیلاب گشت
زمین را دران منزل و مرحله		چو ارض نشاپور صد زلزله
ز جام سم اسپ و جاه ها		زمین داشت سرمستی باد ها
نی نیزه ها چون نمایان شده		بیابان نیستان شیران شده
نباشد بعالم چنین نیستان		که گردد بدوش هنر بران روان

صفت خونریزی

ز امواج طوفان سیماب خون | چو کبریت احمر ز مین لاله گون

رزم

کمان خاندان خدنگ اجل | خدنگ آفت جان نهنگ اجل
سر و دست و اعضای خصم درشت | به دریای خون ماهی و سنگ پشت
ز چشمان حیران آن کشتگان | زمین نرگسین گشت چون آسمان
سنان هیچو مژگان لیلی دراز | که شد غرق در خون اهل نیاز
ببزمین شبیه کف نوعروس | بخون سرخ چون شاخ تاج خروس
سپرهای رنگین در آن رزمگاه | بر نگ گل لاله سرخ و سیاه
کمان شاخ گلبن دران دار و گیر | شبیه سر غنچه پیکان تیر

تمهید

جهان چیست یک قلزم بیکران | پر از گوهر سود و سوج زیان
یکی را گهر زینت فرق کرد | یکی را بموج خطر غرق کرد
یکی را بساحل دهد جام در | یکی را بگرداب خون جگر
یکی را رساند بآب بقا | یکی را سپارد بخاک فنا
صدف را بکف داد در خوشاب | نهی ساخت از نقد مشت حباب

صفت سردار

سمندش بجایش چو باد بهار | کمندش به پیچش چو گیسوی یار

وصف ممدوح

بگرسی نشینان چنان تیغ را مذ | که حرف شجاعت بگرسی نشاند
در آورد بر شله پوشان دبال | شفق پاره پاره شد از نیک بلال
بگردش صف دشمنان صد هزار | چو مژگان به پیرامن چشم یار

رزم

بتیغ و تفنگ و درهم آویختند | بجای عرق خون دل ریختند

تمهید داستان

ثنا پرور شرع سعدی نوباز | گلستان اوصاف او در گداز
ملیک جهان وزجهان بی نیاز | موافق نواز و منافق گداز
فلک افسر بندگان درش | زمین بوسه شوکت چاکرش

اشعار قصیده

بزلف چلیپای زاهد فریب | که گیرد ز قسیس و رهبان شکیب
بموی کمر زیب زنار شان | که شد مسلمین را کمند زیان
بروی که صبح است تفسیر او | بموی که شام است تعبیر او
بسیارهٔ گل تا بپایت رنگ | نجوشخوانی ببلبل خوش ترنگ
بر غنچهٔ لعل یار | بشیرینی بوسه آبدار
بهپشانی عشق و پای نگار | بدست متابد امان یار
بشمشیر ابرو بنیرنگاه | بهندوی گیسو بخال سیاه
بآشک غم شام عمدیدگان | بآه صباح ستمدیدگان

ساقی نامه

بیا ساقی از بادهٔ جوی بیار | که دور گردون نباشد سبوی بیار

صفت صبح

سحر کرد چون فوج شرقی بهجوم | گرفت از فلک سنبلی نجوم

صفت دریای شور

زمین آب و افلاک گردیده آب | بهبانش نمودار وضع حباب

تلاطم نمودار تا آسمان	ز امواج آبش یکی کهکشان

صفت سرزمین عرب

خوشا نوبهار دیار عرب	گل افشان انوار خار عرب
هوا سایه دارد م عیسوی	زمین طینت جام کیخسروی
نسیمی که بر آب او بگذرد	ز آب خنده موج راحت برد
سوادی چو مژگان لیلی دراز	سوادی چو زلفین سلمی دراز
سوادی دل افروز چشمان حور	سوادی ردای تجلی حور
سوادی ز لال خضر در برش	سوادی سویدای دل چاکرش
سواد بهار خط دلربا	سواد دیار حبیب خدا

مهتید

دلی کز محبت بود می پرست	ز خار بیابان گل آرد بدست
بچشم ترش بوته خار زار	نماید چو طاوس رنگین بهار

صفت تابستان

هوا گرم خورشید و دشت فسرده	فلک شعله بار و زمین سنگلاخ

اعزازنامه

بعزت گرفت و چو گل زد بسه	رسانیدش از بوسه بر سر گر

مدح حضرت شاه ابوالعلی قدس سره

سیادت ردای برو دوش او	کرامت قبای هم آغوش او
شه بیعت بهار گل روی او	طریقت شکار دو گیسوی او
چو از داغ عشقش فروزان شود	دل کهنه مشکوة ایمان شود

رفعت لالہ راہم دلا رد لدلالہ من بہا و ن لال قوم کا بیتہ ملازم سرکار دولتمدار

چنتیس برس کی عمر صاحب عالم مرزا رحیم الدین حیا کی شاگرد ہین یہ اون کی دو شعر لکھی گئی

ریختہ

زندگی حضرت مسیحا کی نہ کیونکر ہوتی	رو گل الفت کا نہ تھا عشق کا آزار نہ تھا
آفت ہی گو کہ فتنہ روز جزا مگر	کیا سراپا تہای گاتری ہو کر کی ساتی

رفیق

رفیق میرزا علی حسین ابن میرزا علی نقی چھپن برس کی عمر مرحوم ہین وذکی مرثیہ و سلام مین میر ببر علی انیس ہی مشورا ہی مرثیہ خوانی کا رنگ اختیار کیا ہی سیکھا ہی اور اقسام شعر مین ابتدائ مولوی محمد بخش شہید شاگرد شیخ امام بخش ناسخ کی شاگرد تھی اب شیخ امداد علی بحر ہی تلمذ ہی یہ دو شعر اونکی مل دو لکھی گئی

ریختہ

کیونکر نہ اونکا مصحف رخسار چومتی	آداب تھا ضرور کلام مجید کا
اہل محبت مین ہی جو تنہائے	مینڈھی رات بہر نہین آتی

رفعت

رفعت مولوی حافظ حبیب النبی مغفور ابن مولوی ضیاء النبی سرور حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کی اولاد مین ہین مولوی غلام جیلانی رفعت کی شاگردون مین ممتاز و مشہور مولوی جمال اور مفتی محمد شرف الدین غفر اللہ لہما سی کتب درسیہ پڑہی ہین اور علم تفسیر و حدیث کی سند مولوی نور الاسلام مرحوم سی حاصل کی تیرہین برس کی عمر پائی چوستھے رجب کو بارہ سو اکاسی ۱۲۸۱ ہجری مین رحلت فرمائی دیوان انکا تلف ہو گیا چند غزلین ہاتہ آئین اونمین سی کچھ شعر لکھی گئی

ریختہ

مثل حباب کھولتی ہی آنکہ بھی فنا | ہمکو دم بخشت دم واپسین ہوا
کرہاتہ سی تو اپنی مجھی زہد کا دی جام | اوسس جام کو مین ساغر کونرسی نہ بدلون
کیا ظلم ہی اغیار مجھی آنکھین دکھائین | مین تیوری ہی ای یار تری ڈرسی نہ بدلون
آنی گر رو برو شب ہجران | صبح کر دینگی داغ روشن سی
اپنی آہون سی یا نگہ سی تری | سینی مین پڑ گئی ہین روزن سی
شوق گردش جو ہو بھی گردون | باندہ دامن ہماری دامن سی
خاشی غنچی کی ہی تسلیم بلبل کی لبی | یعنی چپ رہنا ہی بہتر بی اثر فریاد ہی

رگھناتہ چوبی رگھناتہ پرشاد توآری این چوبی طبلہ داس توآری چوبیس برس کی عمر علم انگریزی ہی حاصل کیا ہی کبھی کبھی کبت وغیرہ بھی سوزن کرتی ہین بہاکا مین اپنی والدسی تلمذ ہی چنانچہ یہ کبت اونکا ہی

کبت در بیان حالت وصل

دوم پت سہای آت آنند سون سیج پر سکہ اپجای راجین کام کیل کمین
ایڑی لون تاک آی چھوٹی سو بہاسہ سای کیس باندہنی کی کاچ تیا لینی کرمین
کب رگھناتہ سوہنہ بہانو پیاری پنیتم کو باماں سون کہت بات دیکھی چپ برمین
بہاجی کام رمنین کہ سانی یا تی سن مین پڑی ہین پاسر غنین کرنو جی پیاری کرمین

شرح دوم عورت پت خاوند سہای اچھی آت نہایت آنند سون خوشی سی سیج پر
پلنگ پر سکہ اپجای عیش مین ست راجین راج کرتی ہین یعنی عشرت کرتی
ہین کام کیل کرمین غلو تخانی مین ایری لون ایڑی تاک تاک آی چھوٹی سو بہاسہ سای
کیس چھوٹی ہوی خوبصورتی سی بال باندہنی کی کاچ باندہنی کی واسطی تیا دے
عورت فی لینی کرمین کی ہاتہ مین یعنی اوسکی بال جو بہت خوبصورتے کی ساتہ
ایڑی تک لٹکی ہوی تہی تو اوسنی باندہنی کی واسطی ہاتہ مین لی کب رگھناتہ تخلص شاعر

سو نہ بہا تو سوا اچھا نہ معلوم ہوا پیاری پیتم کو پیاری خاوند کو بامان سوکت بات
عورت سی کہنی لگا بات دیکھی چپ رہین دیکہ کی خوبصورتی بہت یعنی خاوند نی چاہو سکل
دیکہا کہ یہ بالو نکو اپنی کا ارادہ کرتی ہی تو اوسکو خوش نہ آیا بلکہ وہ لٹکی ہوی بال
بہت اچہی معلوم ہوتی تہی تو اوسنی یہ بات کہی بہاجی کام رن مین بہاگی لڑائی کی
وقت یہ کنایہ ہی حالت وصل سی یعنی یہ بال تمہاری لڑائی کی وقت مین تمہاری بچہی
جا پڑی کمسانی باتی من مین شرمای جاتی ہین اسی سی اپنی دل مین پڑی ہین پاسرہین
پڑی ہین پاون کی پناہ مین کرو جی پیاری کرمین ای پیاری ان پر کرم کرو یعنی ان کو
نہ باندہو کہ انہون نی ڈر کر اوسکہ ماکر تمہاری بچہی پناہ لی ہی

فصل زای معجمہ

زخمی تخلص صاحبزادہ غلام حضرت خان ابن صاحبزادہ احمد یار خان افسر
صاحب طبع سلیم و ذہن مستقیم اخوند زادہ احمد خان غفلت اور کرم خان کرم کو
شاگرد رشید ہین نتایج فکر انکی قابل دید ہین پچہتر برس کی عمر پائی بارہسو ستتر
ہجری مین شعبان کی تیسری تاریخ رحلت فرمائی یہ شعر اونسی یادگار ہین

رختہ

جھڑکی کا بہی اندیشہ ہی بوسی کی بہی آس — گویا لب جانان ہی محل خوف و رجا کا
ٹکڑی جب خار بیابان سی ہوی دامن کی — عذر خواہی کی لی چاک گریبان آیا
نظم اور نثر خط پڑہتا ہی فرفر آئینہ — سب رسالہ حسن کا رکہتا ہی از بر آئینہ
کونسی شی ہی کہ مصر حسن مین پیدا نہین — پر یہ حسرت ہی کہ اک جنس فغانیاب ہی

فارسی

خیال کاکاش بگزید در دل جای سیدارم — نخواہد دید روی صبح این شبہای تارمن

رباعی

فرہاد نیم کہ سر بکہسار زنم | نی قیس صفت پا بہ سر خار زنم
زمہمی چنین دگر ندارم ہوسی | تا دست رسد مرا در یار زنم

بیگی

زکی میر محمد زکی سید غلام رضا کے ولد ماجد کا نام ہی وطن قصبہ بلگرام ہی سرپا ذہین و زکا تھی اسم بامسمی تھی مرزا دبیر لکھنوی کی شاگرد و مین بڑی مشاق سلام اور مرثیہ کہنی مین طاق لکھنو اور عظیم آباد وغیرہ مین بڑی دھوم دہام کی مجلسون مین پڑہی اور خوب بہولی پہلی قصیدہ و غزل وغیرہ اور اقسام کی شعر کم کہتی تھی مگر جب کہتی تھی تو مجلسون مین کسی سی کم نہ رہتی تھی عبد بندگان حضور مین برسون یہان نوکر رہی فیض دربار دربار سی بہرہ ور رہی پھر دکن کو گئی کئی برس حیدر آباد مین رہی پھر وہان سی رخصت لی اور وطن پہنچکر شعبان کی بارہوین تاریخ بارہ سو اٹھاسی ہجری مین رحلت کی پچاس برس کی عمر تھی کلام اونکا آزادہ طبعی سی جمع نہوا یہان مدح بندگان حضور مین جو کچھ کہا تھا اوس مین سی کچھ انتخاب ہوا

قصیدہ مدح بندگان حضور

حرف غم صفحۂ خاطر سی ہوا ہی یون محو | واہمہ ڈہونڈہ کی کہتا ہی یہ تنہا کہین
بہون دی کی ہی اس حسین نی دن پہیرئی | وہ ہوا سمسار دی یہ ہوا فسردین
دل مین کرتا ہون جو انکہونکی جہرو کونسی تکیا | صاف آتی ہی نظر محفل عشرت آگین
پیش ازین داغ تھی اور اب مین مراد دلکی جگہ | پہلی خاک اوڑتی تھی اور اب ہی بساط آگین

مدح

ذی حشم کلب علیخان بہادر نامی | ثانی یوسف و شایان ثنا و تحسین
جبہ زیب قد جاوید خوشا نقش و نگار | حاشیہ اسکا ہی فردوس یہ ہی متن متین
قالب مہر مین جہانی سخنہ طور ہین جارہ | ہی تجلی شب قدر چراغان یہ نہین
آئینی کرتی ہین ہمدا اہل نظر سی چشمک | کہ بیا جلوۂ حسن در و دیوار ببین

ربط و اخلاص کا دی حکم جو ہیبت تیری | ناف آہو کی ہوا و رخون تن شیر عرین
آی بر دا و سلاما جو زبان پر تیری | نار سوزان مین ہو تا شیر انار یاسمین

صفت تمشیر

جنبش ابرو ی معشوق ہی جنبش اسکی | کاٹ سی اسکی ہوا سیفی قاطع کا یقین
ہی یہی صاعقہ قہر یہی برق غضب | چرخ پر جا کی یہ کوندی تو لرز جائی زمین

صفت اسپ

تیری گلگون صبا دم لگون کیا اوصاف | خوش روش خوش قدم اعجوبہ پر زادین
یہ ستارہ و نکا ہی جو ہو مرکہ مرصع پا سے | ہین رکا بین مہ نو برج شرف خانہ زین
ہی سن و سال مین نا کندار ادی ہین جوان | تیز صرصر سی کہین برق سی چالاک کہین
یہ فلک سیر ہی شکل نظر صاحب کشف | اوڑکی سن لی خبر وحی جو دین روح امین
دور آئین کی لی آی یہ دم بہ دم ہین خبر | اسکی راکب سی کوئی پوچہہ لی حال ہشین

صفت فیل

کوہ سی سنگلے ہین دو چشمہ شفاف و لطیف | اسکی دانتو کی نمایش ہی یہ ہی ذہن نشین
مشک کا کوہ ہی کافور کی شمین روشن | یا یہ دو غنچی ہین خرطوم ہی شاخ نسرین
لکہ ابر سی ہین دو سہ کا مل سنگلے | پردہ شب سی نمودار ہین دو مہر مبین
رنگ مشک پہ ہی یا طور پہ آئی ہی بہا | آئینہ سنہ پہ ہی یا لوح طلسم رنگین
شان مین وصل کی شب اوج مین عرش اعظم | رنگ مین ثانی لیلی ہی ادا مین شیرین
طرفہ رہ وار نمودار سبکتار بخجول | دہ دل آویزی رفتار و حسن رنگین

دیگر در مدح

بہر دفع خیرگی چشم ارباب نظر | سرمہ اطلس کا کہینچا ہی فلک فی سایبان
کثرت سیلاب سی ہی آئینہ روی زمین | ابر کی لکون سی ہی سوسن کا تختہ آسمان

وہ کڑکنا رعد کا بارش کا وہ جوش و خروش — وہ حجاب مہر و مہ بیباکی برق جہان
اونکی قلبی ہی گھٹا دیتی ہی ستو کو صدا — وقت نوشا نوش ہی ہان صاحبان کیف ہان
تخم ہی ذرّون کی اوگتی ہین بھال یاسمن — زر دھنی کو ہی موی ہون ہین کشت زعفران
سبزہی مثل گیاہ و ترخس و خاشاک بھی — جہاڑیان جنگل کی ہندی کی بنی ہین مٹیان
سبزۂ رخسار جانان کی طرح ہوتا ہی سبز — خاک پر گر کھینچتی ہین خط برای امتحان
خوبی آب و ہوا اسی عام ہی بالیدگی — طفل ہو اس فصل مین پیدا تو فوراً ہو جوان
خون بنکر دوڑتا ہی رنگ ہر تصویر مین — صورت و معنی پہ صادق ہی مثال جسم و جان
رقص پر مائل ہین پر کھولی ہوی طاؤس — اودی اودی بادلونکو دیکھکر ہین دہان
ہر گھڑی وہ کوکلا کی ہوک اور کویل کی کوک — وہ پپیہی کا بھی ساتھی بول و ٹہنا پی کہان
سرنگون ہین فرط بارش سی شجر مثل عروس — کر رہی ہین سجدۂ شکرانہ جھک کر ڈالیان
عین بارش مین نکل آتی ہی جب قوس قزح — صاف شجاتی ہین نیر نگ گردون کی نشان

مدح

معدن خلق و مروت مخزن جود و کرم — نکتہ فہم و نکتہ رس شیریں بیان شیریں بیان
خسرو دوران فریدون فر سکندر سر لقب — حسن مین یوسف حکومت مین سلیمان زمان
اپنی دزدیدہ نگاہی سی ہی معشوقونکو خوف — زخم بھی پانی چرا کر دبدم ہی نفشان
فتنہ خوابین ہی شہ معدوم ہی مفقود ظلم — منگیاہی صفحۂ ہستی سی عدلت کا نشان
پرچی سی اخبار کی اندیشۂ افشا جو ہی — چپ نہین سکتا ہی لیکن ہی کوئی راز نہان

صفت تیغ

یون جماتی ہی یہ لالی پہ کی دشمن کا لہو — جس طرح حسی ہو لب معشوق پر سرخی پان
کوہ ہو یا کاہ ہو یکسان ہی اسکی سامنی — خود ہو یا سر ہو فولادی زرہ یا استخوان
جی کی صورت ہی جو یہ قاتل تو ہی ایمین ہی رمز — دو ہی کرتی ہی مخالف کو بوقت امتحان

اسکی پرشش سی قیامت تنکی ہروی گی تاک ریز ہولب تصویر سی پیدا صدای الامان

صفت اسپ

وہ دہانا وہ بہر اسنہ وہ گردن وہ کپل دم ہی پروین بدر ہین سم زمین مہر آسمان
کر رہی ہین شوخیان آنکہون کی بڑی ہین غزال یال ہی یا حورنی گوندہی ہین اپنی چوٹیان
جلد نازک سی نظر آتی ہین یون اسکی رگین جسطرح ابر تنک سی چاند تارے عیان
دیکھکر سامی کو بل کرتا ہی یہ نازک مزاج برجہون اوڑتا ہی ہوا سی ہی جولتی ہی عنان
وصف اس صرصر شیم کا کوئی لکھی یا پڑہی ذہن دوڑی صفت فرف چلی فرفر زبان
ہاتہ مین کاتب کی شوخی سی ورق اوڑنی لگی یک قلم ہون حرف ساکن بہی عبارت ہین روان
فرش گل پر گر یہ دوڑی صورت باد صبا کیا سکے روہی نہ پیدا ہو کہین سم کا نشان
یہ وہ مرکب ہی کہ خور اعرش پرواز سی ڈری دلمین راکب کی اگر آئی خیال لامکان
وہ اوٹہا کر انکہ دیکہی جانب خرخ برین اور اوڑی یہ ثانی رفرف جا کر تپیان
اتنی دقعی مین کہ بس جہپکی اودہر اوسکی جھلک یہ ادہر جا کر وہان سو بار پہر آئی یہان

اشعار غزل

ترا ہونا مرا دی کار ولایا ہی مہور ہون مری دلمین رہی ہی داغ بنکر آرزو برسون
اونہا ہی کرتی کب خاطر نازک حسینون کی دیا بوسہ مگر رحم رہا وہ تند خو برسون
حیا بونکو بہا محبوب ہنسی بار ہا روکر پہپولی دلکی پہوڑی ہین کنار عجو برسون
گریبان عاشق بیکس کا ہی درویش کا دامن فلک کی ہاتہ سی رہتا ہی محتاج رفو برسون
ہوا اچہا ایک شب بخواب وہ غنچہ دہن اکر رکی پہولون کی آیا کی ہی گل بیمون سی بو برسون
مثال خزان بہار کا نقشہ نظر مین ہی لالی کی طرح داغ ہمارے جگر مین ہی
عاشق کی جان زار بہی قاصد کی سانہ ہی دل ہی کہ خط شوق کف نامہ بر مین ہے
اسدی اسیری بلبل کا اہتمام صیاد بات کون سی اس مشت پر مین ہی

سگ جواب خط ابهی قاصد بهبهانین | ای چشم تر نه رو که مسافر سفر این ہی

قطعه تاریخ عطای تمغای ستارهٔ هند به جناب نواب محمد یوسف علیخان صاحب بهادر فردوس مکان

زهی خطاب نکونامی و خوشا تمغا | که مانشان سعادت بود ستاره هند
چنین عطیهٔ عظمی سزد به ممدوحم | کنون گرفت فروغ ابد ستاره هند
دبیر چرخ بتاریخ چون قلم برداشت | نوشت آب بخور شید زد ستاره هند

تاریخ شادی صاحبزادهٔ محمد حیدر علیخان بهادر

برای تهنیت در سلک نظم آرم چنان مطلع | که هر حرفش کتابی باشد و هر نقطه دیوانی
هزاران در هزار است اندرین اصناف تاریخ | که در هر صنف تاریخ ست و هم نظم خوش ارقامی
باین تکثیر تالیفی شکون عمر و دولت شد | پی یوسف علیخان و پی حیدر علیخانی
زکی در گوش دل پیهم سدا این مژده خوشتر | که سیگوید سروش غیب بالهای خندانی
زهی نوشه زهی شادی زهی سامان زهی شانی | نخو صحت نکو جشنی نخو حالی نخو آنی

تاریخ در دولت که بندگان حضور تیار فرمودند

ساخته دروازهٔ رفعت نشان | حسنه و نام آورد و عرش احتشام
گفت چنین سال بنایش زکی | هست در دولت باب السلام
۱۲۹۲ ه

بندهای واسوخت

آفت جان ہین طرحدارا الهی توبه | زهره ہی شربت دیدارا الهی توبه
آگ ہین چاندسی رخسارا الهی توبه | تیغ ہی ناز کی رفتارا الهی توبه

چوٹ لگتی ہی جگر پر وہ سخن سے انکا
جبکو کہتی ہین قیامت وہ چلن سے انکا

وہ گلوری کا بنانا وہ کہلانا ہر دم | بیٹھنا ناز انوا وہ ہمیشہ باہم

راتدن عیش کی صحبت تھی نہ صدر بھا عم | چشمکیان لیلی جگاتی تھی جو سو جاتی تھی ہم

ہنس کی کہتی تھی کبھی کچھ بھی خبر ہوتی ہی
صبح ہوتی ہی کدھر شام کدھر ہوتی ہی

اشک آنکھون سی چلی آتی ہین بتابانہ | چشم گریان سی چھلکتا ہی پڑا پیمانہ
راتدن عشق کا ہی ورد زبان افسانہ | کوئی وحشی مجھی کہتا ہی کوئے دیوانہ

کھل گیا راز نہان روح ہی کمبرائی ہوئی
لب پہ فریاد بھی آتی ہی تو شرمائی ہوئی

دہن تنگ کی اوصاف مین قاصر ہی بیان | نکتہ دان کہتی ہین گویا کہ ہی یہ سر نہان
کیمی غنچہ تو وہ چپ ہی یہ ہی سر گرم بیان | گر کہو چشمۂ حیوان تو وہ پنہان یہ بیان

کب کسی اور پر یہ مین کرامات ہی
دلمین ہی منہ سی نکلتی نہین وہ بات ہی

رنگ لیلی کا سناتی ہی وہ جعد مشکین | جو ہی اسمین وہ درازی شب محشر مین نہین
ٹوٹتا ہی جو سر خاک تو ہوتا ہی یقین | کہ پریزاد کا سایہ ہی یہ بالای زمین

ناگنی اسکے ہر اک پیچ پہ بل کھاتی ہی
کیچلی سانپ کی موباف سی لہراتی ہی

فصل سین مہملہ

ساقی تخلص راسچرن داس ولد پنچشیری داس محرر محکمۂ صدر صاحب عالم مرزا رحیم الدین حیا تخلص سی تلمذ تھا زندگی فی وفاتی پچیس برس کی عمر ہوئی بارہ سو چھیاسی ہجری مین قضا کی ایک غزل ملی اوسمین سی ایک شعر انتخاب ہوا

رخسۃ

عجب ہی چشم میگون مست اوس رشک مسیحا کے | حیا سی سرنگون ہی نرگس بیمار گلشن مین

ساکت ہدایت علیخان ولد نجف علیخان شیخ علی بخش بیمار کی شاگرد تھی رجب کے چودھوین تاریخ بارہ سو ۱۲۷۰ ناسی ہجری مین انتقال کیا یہ اونکا کلام ہی

جسنی دیکھی وہ نرگس مخمور	زندگی بھر نہ ہوشیار ہوا

ساکت اسمعیل شاہجہان فتح شاہ خان پانچین برس کی عمر مین اونکا شوہر پیلی بھی دس برس کی سن ہی اس واسطے مین رہتی ہین مذاق شعر ہی ہی مگر سوا لعنت کی اور کچھ نہین کہتی ہین علم سیر و تاریخ مین بھی مداخلت ہی روم و روس کی تاریخ اردو زبان مین لکھی ہی اور آجتک جو کچھ کہا ہے منشی سید اسمعیل حسین منیر سی اوسپر اصلاح لی ہی یہ کلام اونکا بطور نمونہ لکھا جاتا ہی

رخیتہ

گنہگار رون سی ملنی کی لیی خود معذرت آئی	اگر ہو عید کو طالع ہلال اوسکی گریبان کا

مخمس فارسی بر شعر قدسی

گرچہ از نالہ کسی خود بجہان ننگدلم	شمع آغشتہ مگر عشق تو در آب و گلم
زین جہارت عرق آلودہ و انیس خجلم	نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم
	زانکہ نسبت بسگ کو تہ نہ بی ادبی

ست پنڈت ست نرائن ابن پنڈت چینی لال مولد اونکا قصبہ کرالی ضلع مین پوری ہے ابتدا مین بعض اہل فرنگ کو ناگری پڑہاتی پر نوکر ہوی چندی انگریزی فوج مین اسکول ماسٹر رہی اب اس سے کارخیص آثار رہین ملازم ہین فن شاعری کو پنڈت ہر بلاس ہاتھرس کی رہنی والی سی سیکہا سینتیس برس کی عمر ہی یہ اونکا کلام ہی

کبت مشعر تشریف فرما شدن بندگان حضور سمت حجاز

سُنی شاہ رُوم نی کہ ہند کی نواب پیتر کاپی کاج اوت رُتاوت اگوت وہن
باہین سُباس کمان پان چھوٹ سیوک دی کینو سمان ایسو آند اوپاک مین
جہان جہان جات سیدنی نواب کلب علیخان ہوت ہی سلامی تہان پیوت گل جن

وہنی دان وہین پرسین کو مان دان بیر تا اُدار تا بکھانی تجاک دہن وہن
شرح سنی شاہ روم نی شاہ روم نی سنا کہ ہند کی نواب بیر کہ ہند کی
نواب بہادر کا بی کلرج آوت بھی ہین ادای سنا سکہ جی کی داسلی آتی ہین لشاوت
اکوت وہین لشاتی ہوی بی تعداد دولت ناہین سواری سباس رہنی کی جگہ بہ جگہ
کھانا پان کھانا پانی جمعو فوج سیوک نوکر چاکر دی کینو دی کی سمان تواضع کی لہیو نہایت
آنند خوشی ہو کر اد بک من بہت دل ہین حاصل یہ کہ شاہ روم نی جب خبر سنی
تو یہ سب سامان مہمانداری کا خوشی ہو کی کیا جہان جہان جات سری نواب کلب علیخان جی
جگہ جاتی ہین صاحب ملک جناب نواب کلب علیخان صاحب بہادر ہوت ہی سلامی
تہان ہوتی ہی سلامی ہان سیوت سکل جن تابع ہوئی ہی کل مخلوق دیئی دان دین
دیا دان یعنی خیرات غریبونکو پرہین کو ہنر والونکو مان دان آبرو اور دولت بیر تا
بہادری ادار تا سخاوت بکھانی تجاک کہنا ہی تمام عالم دہن دہن واہ واہ

ثبت

جوئون بی درس ناہین تو تون سواد رس ناہین بڑہین بادرس تہین گنی رس ناہین تی
وا کو تاب رس ناہین بید نہیو بادرس ناہین تیری چاد رس ناہین کملیو رس ناہین تی
کا بی کو سرس ناہین بات ہو سرس ناہین ست اس رس ناہین نیو رس ناہین تی
دی ہین دو نو برس ناہین جیہون سرس ناہین اوہین بادرس ناہین رہین رس ناہین تی
شرح جو لون جب تک بی عاشق کا درس ناہین دیدار نہین تو لون تب تک
سواد مزہ رس ناہین سنگار کا نہین ہی بڑہین باد جھگڑا ہی رہنی سی رس ناہین
محبت کا مزہ نہین ہی گنی رس گہنا ہی مزہ ناہین تی نہین کرنی سی وا کو تاب رس ناہین
وسکو یعنی اوہی عاشق کو رس یعنی صبر کی طاقت نہین ہی نیند نہیو بند ہا ہی بجاد
محبت کی رسنا ہین رسی ہین میری تجی چاد رس ناہین منی کی خوشی نہین کملیو

ظاہر ہوگی رسنا ہین تی تیری باتون ہی یہان ہی بسبب نایکا کی انکار کرنی کی دوتی
یعنی دلالہ ذرا کہتی ہی کہ کاتی کس سی کوکون سرس ناہین زیادہ نہین ہی یعنی وہ بہی
جنسی کسی بات مین کم نہین بات ہو سرس ناہین تیری بات ہی ملائم اور نرم نہین ہی
ست نام شاعر کا آس رس ناہین امید محبت کی نہین گیو گئی یعنی زائل ہوگئی اور جاتی
رہی رس ناہی تی محبت معشوق کی دلسی اب نایکا کہتی ہی دی ہین دنکی دو برس
ناہین یہان دو برس کی معنی دو شالی کی ہین یعنی جب تک دو شالہ وہ مجھکو
نہ دین گی جہون جاونگی سو برس ناہین سو برس نہین یعنی سو برس تک نہ جاؤن گی
وہ نہین بہادرس ناہین اونہین محبت اور چاہ کا مزہ نہین ہی رہین کہتی ہین رسنا ہین
زبان ہی ہی یعنی صرف زبان ہی ہی کہتی ہین اور محبت کا دعوی کرتی ہین درحقیقت محبت کا
مزہ اونہین نہین ہی

سحاب نصیر احمد خان ولد محمد سعید خان بائیس برس کی عمر ہی جوان خوشرو ہین
نیک خو ہین منشی سید اسمٰعیل حسین صاحب منیر کے تلمذ ہی یہ اونکی اشعار ہین

سحاب

رختہ

قصر نبت کی طرف رخ نکر و نگا تا حشر — ولمین اوس حور لقا کی جو مرا گھر ہوگا
گل ہی یا غونہین وہ بت شمع ہی کاشانونہین — وکہو ہم بلبلونہین شب کو ہین پروانون مین
سو دا ہی کسکی زلف پریشانکا ای سحاب — پھرتی ہو ساری رات جو آشفتہ حال تی
دل ہی حاضر ہی جگر ہی انکا وہا کر دیکہ تو — دو نشانی ہین ترے تیر نظر کی واسطی
نہین ہاتی ہی خوشی دلمین تو حسرت ہی سہی — کسیکو ست ہی یہ ویران گہر آباد ہی
متی ہین عاشقون سی وہ بیگانہ وار آج — اچنبا ہوا کہ ضعف نی نقشی بدل دی
نصیبت ناخدای عشق ہی دریای عالم مین — اسی کشتی کا بیڑا پار ہوتا ہی جہاں ہی

سراج

سراج حاجے سراج الدین احمد خان نقشبندی ابن مولوی جلال الدین احمد خان

جملۂ علوم حکمیہ اسی دار الریاست مین پڑہی علوم دینیہ سی بمبئی مین مستفید ہوی علم حدیث کی سند مدینہ منورہ مین پائی شاہد کمال نے اوس دار الکمال مین پہنچکر صورت دکہائی مرد خوش اوقات ہین بڑی عابد وزاہد صاحب ریاضات ہین نظم ونثر فارسی واردو کی طرف بہی التفات ہے کچہ کلام اونکا ملاکر وہ انتخاب ہوا اور درج کتاب ہوا

ریختہ

مواہون لذت شوق وصال دلبر مین	تڑپ رہا ہی ہمامیری استخوان کی لبی

فارسی

یارب چناںکہ جان ودل من بتام توست	این روی آتشین تو سوزد نقاب را
جز خیال او نمیگذرد بدل ایجان برد	کا مذرین اقلیم باشد کار فرمائی دگر

سرخوش محمد حلیم الزمان خلف اوسط مولوی شیخ محمد وجیہ الزمان خان مغفور رحیق تخلص بائیس برس کی عمر کسب کمالات کا ولولہ ہی شعر گوئی کا بہی حوصلہ ہی پیکر رشد واہلیت ہین سراپا سعادت ہین ابہی ابتدای شوق ہی نیا نیا ذوق ہی شعر مین رقم سی مشورہ ہی یہ اونکا کلام ہے

ریختہ

کرلین گے دیر ہی مین صنم کو تلاش ہم	لین گی نہ جا کبہی مین احسان خلیل کا
قضا ہی ہوگئی مستقل مین مضطرب سرخوش	اگر نہتا تو نہین کو کچہ اضطراب نہتا
اگر اسیر دام ہوی ہم چمن کی باس	بڑہ کر لیا قضا نی جو پہنچی وطن کی پاس
وہ مشتاق شہادت ہون مری نبض ہی ہم دم کہتا	اگر دم بھر بہی رکجاتی کہین شمشیر قاتل کے
سراپا جرم ہم نفرت اونہین عفو جرائم سی	صفائی ہو تو کیا ہو فیصلہ شہری تو کیا گہر کی
ایک پہلو مین پری ایک مین وہ حور رہی	اک طرف نار رہی ایک طرف نور رہی

سروری

سروری نواب محمد کاظم علیخان صاحب بہادر خلف کو چک جناب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ طاب ثراہ ابن جناب عظمت مآب نواب غلام محمد خانصاحب بہادر برد اللہ مرقدہ جنکا ذکر خیر طبقۂ والیان ملک مین گذرا صفات جلیلہ آپ کی ظاہر ہین نزدیک و دور سب ماہر ہین فتوت و مروت مین یکتا سخاوت و ہمت مین بی ہمتا فضائل سی محلی رزائل سی معرا صاحب ذہن وقاد علوم متداولہ مین بہت ذی استعداد ہیں سترہ برس کی عمر شریف ہی کبھی کبھی نظم کی طرف توجہ فرماتی تھی دو مادہ تاریخ اور ایک قطعہ فارسی نتیجۂ فکر عالی رونق تذکرہ کی واسطے لکھی جاتی ہین

مادہ تاریخ صحت جناب نواب محمد یوسف علیخانصاحب بہادر فردوس مکان طاب ثراہ از مرض سرطان

بکن از بہر جناب نواب	سرطان دور و بفزای صفا ۱۸۱

حل اس تاریخ کا یہ ہے کہ اعداد حروف ظہر جناب نواب سی کہ مجموع بارہ سو بیس ہوتی ہین اعداد لفظ سرطان کہ تین سو بیس ہین ساقط کیجاتین تو نو سو رہجاتین گی اوس نو سو پر اعداد لفظ شفا کی کہ تین سو اکاسی ہین بڑہای جاتین تو پوری بارہ سو اکاسی ہجری ہوگی

مادہ تاریخ تہنیت عید سعید بندگان حضور پر نور دام ملکہم و اقبالہم

ملفوظی دمعنوی نوشتہ نوام	ہشتاد و چہار و ہیزار و دو

قطعہ مشتملہ بر سید تقہ منظومہ سرکار فیض آثار مشعر بر سید نخبہ چوب تن کہ انہم بہبین قوافی و بحر بود

قدر دانی ہای سلطان طرفہ مضمون آفرید	خار را گل کرد و جنس اشک طوبی بر گزید
برگ شد بر برگ گل خورشید و کاہی کہکشاں	مہر ذرہ قطرہ کوہر گشت از بخت سعید
پارہ چوبی خشک و بی جوہر کہ دم پیش	از رہ جوہر شناسی ہا بشادابی رسید
در ستایش قطعۂ آمد چو باغ و گلشا	بہر قتل عنچۂ خاطر بدست آمد کلید

جذبۂ نظمی کہ اعجازست یا سحر حلال
خواندن آن در زمن ہر کس کہ جان نو دہد
معنی او عرش پیوندست از قرب خدا
سطر سنبل نقطہ ریحان نقطہ گل ستش چمن
مصرع ہر شعر در پہلوی مصراع دگر
ہمچو بزم صوفیان قرطاس لبریز صفا
وہ چہ خط خوش کہ پیش دیدۂ اہل نظر
وقت نظارہ تماشای گلستان بہشت
ہر کہ در بزمش زرا و کہ بزد الاف سخن
پیش نظم عالیش آیا چہ باشد نظم کس
لنگ باشد اسپ طبعم پیش اسپ طبع او
مختصر بایہ سخن کردن جنبہ دار امی
دوستانش سبز چون نخل بہار آن بہ

سرورش صاحبزادۂ محمد عبدالواحد ... عبدالرحمن خان بہادر ... بہادر اسد

غفران مآب نواب غلام محمد خان ... در طلب نمود طباع ... متواضع خلیق
ہین باون برس کی عمر سے ابتدا ہین مومن خان مرحوم دہلوی اور مرزا اسد اللہ خان
غالب عرف مرزا نوشہ دہلوی سے تلمذ ہوا پھر خوشوقت علیخان خورشید تخلص کرنے
مرزا محمد رضا برق لکھنوی سے استفادہ کیا کچھ اشعار انکے لکھے جاتے ہین

رختہ

شکل آئینہ جو خالق مجھی سا کرتا
وہ مجھی دیکھتی اور مین انہین سا کرتا

مجھسی وہ آج بہی عہدہ اگر الفا کرتا | ملک الموت سی مین وضع خدا کرتا
تماشا دلکو کہ آنکھونکو نہ رونی دیتا | ایک مین پھکڑی ہزارون کو کیا کیسا کرتا
قتل عالم کو کیا ایک نظر مین تونی | کون باقی ہی ستمگار جو پرسان ہوگا
بزم سی تونی نہ اعدا کو نکالا ظالم | یہ بہی شاید کہ ہمارا کوئی ارمان ہوگا
ایسکی تارسی کرنا رفو تو میری دامن کو | لگا رکہہ جیب مین ای بخیہ گر ٹکڑا گریبان کا
شروشش نالون کی کمشرک مین تو رات کٹے | ویچ نرالی کوئی اب دم سحر لینا
یار مجکو ملا ہے ہر جائے | کیون نہ چرچا ہو جا بجا میرا
سچ تو یہ ہی لا کہ سر مارا کرو ماتہا کہسو | کچہ کرو لکہا نہین مٹتا کبہی تقدیر کا
ہیہات بکلی سی وہ اب دلپہ باتہ ہی | رہتی تہی جسمین اونکی کلائی تمام شب
سرکا دسر اپنا مری زانو پہ نہ رکہو | سو ہی رہو جاکر وہین جاگی ہو جہان رات
ہمکو جب دربان نی روکا در دلدار پر | دیکہو بیتابی تڑپ کر جا رہی دیوار پر

سعید

سعید محمد سعید اللہ خان پسر حبیب اللہ خان میان احمد علی ساکی شاکر وہین
چوبیس برس کی عمر ہی یہ اونکا کلام ہے

رکہتہ

سعیدا وکی غم مین ہوا دن سبہ | خدا جانی اب کیسا دکہہ ای گی رات
جگر کی کس سے پردہ نشین کی کہائی جوٹ | جو دیکہتا ہون تو دی نہین دکہائی جوٹ

سلطان

سلطان نواب محمد نصر اللہ خان صاحب بہادر ابن نواب محمد عبد اللہ خانصاحب بہادر
عاصی تخلص جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا عہد برکت مہد جناب نواب محمد فیض اللہ خانصاحب
بہادر عرش منزل مین چالیس ہزار روپی سال انکی مصارف کی واسطے مقرر تہی
دو جوڑا کی لڑائی مین بہت دلیری سی جناب مستطاب نواب غلام محمد خانصاحب
بہادر طاب ثراہ کی ساتہ رہی جب معاملہ اوس جنگ کا برہم ہوا اور نواب آصف الدولہ

بہادر فی نواب احمد علیخان بہادر خلف نواب محمد علیخان بہادر کو مسند ریاست پر
بٹھایا بنظر اسکی کہ مسند نشین کی عمر فقط برس کی تہی نواب آصف الدولہ بہادر فی
بمشورۂ حکام انگریزی نواب نصر اللہ خان بہادر کو کہ لیاقت علمی بہی رکہتی تہی منصب
نیابت پر مقرر فرمایا پندرہ برس دس مہینے باختیار کلی ریاست کا کام کیا صفات
اونکی کیا بیان کیجائین نسخ مین خطاط بی بدل تہی نقاشی مین ضرب المثل تہی
صنعت زرگری اگرچہ دون مرتبہ تہی اوسمین بہی کمال حاصل تہا سخاوت مین سحر
جواد و دیار تہی شجاعت مین محمود روزگار تہی نواب عرش منزل فرماتی تہے
کہ حافظ رحمت خان کی لڑائی مین سوا انکی وقت سخت مین کسیکو مینے اپنی پہلو مین
نہین پایا اور دوجوڑا کی لڑائی مین عالیجناب نواب غلام محمد خانصاحب بہادر
کی ایک پہلو مین یہ تہی اور ایک پہلو مین صاحبزادہ احمد یار خان تہی ایک تکلف
اور سینی کہ نواب ممدوح الکن تہی اور فی الجملہ ثقل سماع بہی تہا مگر تمام عمر کسی پر ظاہر
نہوا کہ زبان کو لکنت ہی یا ثقل سماعت ہی جوان خوشرو تہی خوش خلق و خوشخو
تہی چونسٹھ برس کی عمر پائی شوال کی چھبیسوین تاریخ شنبہ کی دن بارہ سو پچیس ۱۲۲۵
ہجری مین رحلت فرمائی عنبر شاہ خان عنبر فی یہ تاریخ رحلت کہی ہی تاریخ

یک ہزار و دو و صد بہ بست و پنج	بود از ہجرت رسول گواہ
ماہ شوال بود و بست و ششم	کہ بہ جنت رسید بعفو اللہ

دیوان تو ہاتہ نہ آیا مگر کچہ غزلین وہ لکہی گئی

۲۵ ۱۲

رخصتہ

ہجر مین مجکو برو سانہین اپنی دکہا	کل گیا آج گیا صبح گیا شام گیا
ہاتہ وہ بہی نہ لگا اپنی کہ جسکی خاطر	دین و دنیا کا مری ہاتہ سے سب کام گیا
اوس لب سی کیا لعل کا جب رنگ برابر	دیکہا تو نہین اوسکی یہ پانگ برابر

مجکو اپنی اسلیئے بھاتی ہی آنکہ	کام تیری دید کی آتی ہی آنکہ

سلیم تخلص شیخ سلیم الزمان ابن شاہ مجید الزمان مرحوم بیس برس کی عمر ہی علاوہ اور علوم کی علم رمل مین بڑی دستگاہ ہی علم نجوم سی بھی کچھ کچھ طبیعت کو راہ ہی اس دارالریاسۃ مین نوکر ہین قدردانی سرکار فلک اقتدار کی معرز و موقر ہین راقم الحروف سی مشورہ ہی یہ اونکا کلام ہے

رختہ

جسپر پڑی نگاہ وہ تسخیر ہوگیا	جادو بھرا ہوا ہی تمہاری نگاہ مین
تحقیق کی کسینی نہ ثابت کیا گناہ	بی جمہ قتل ہوگئی ہم اشتباہ مین
ہی اپنی آنکہ جلوۂ وحدت سی آشنا	اب دوسرا سما نہین سکتا نگاہ مین

سوز سید حمید شاہ ابن سید حافظ محمد شاہ بتیس برس کی عمر مولوی منصور علی متخلص بہ علی کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہے

رختہ

اک نشانی کا رہون ممنون مین	میری سینے سی نہ اپنا تیر کھینچ
چشم میگون کسی کی یاد آئی	اب ندی ساقیا شراب مجھی

فصل شین معجمہ

شاد تخلص میان فضل علی قوال ولد غلام مصطفی عرف میان ٹینٹو مرد ظریف الطبع خلیق نیک خو خیال گانی مین بی بدل خوش آوازی مین ضرب المثل اتہارہ زبانونکا گاتا گاتی تہی اناڑی کہلاڑی سب کو رجھاتی تہی اجداد انکی حضرت امیر خسرو علیہ الرحمۃ کی سکھیا کارتی مشیخ شیر محمد اور اونکا بیٹا کبیر اور معین الدین جو عہد حضرت محمد شاہ انار اللہ برہانہ مین فن موسیقی مین کامل تہی جنکا حال تاریخ مرآت آفتاب نما مین مندرج ہی وہ انہین کی شاگردی سی مستثنای

روزگار رہی میان غلام مصطفی کی والد راجی خان بعد خرابی دہلی عہد نواب شجاع الدولہ
مین وارد لکھنو ہوی بعد ایک زمانی کی والا جناب مستطاب نواب محمد سعید خان بہادر
جنت آرامگاہ نی میان فضل علی کو لکھنو سی طلب فرمایا مدت مدید تک یہین رہی
چوراسی برس کا سن ہوا شوال کی اُنیسوین کو بارہ سو بہتر ہجری مین مسلول ہو کر رحلت کی
میان دلگیر سی تلمذ تھا انگریزی فارسی ناگری مین ہی مداخلت تھی اب کس کو اونکی
سب ملازم سرکار رہین یہ اونکی اشعار ہین

رنجیتہ

سینی سی مری اُس دل رکھتا ہی اشارہ	ہرنا وکی ولد و زمری سخت کمان کا
انبوہ بیدہب ہی کشش میری دل بیتاب کی	تو سہی گھر پر مری وہ آی بیتابانہ آج
بات کرتی ہو تو تیسون سی جو دانائی سی	چپکی بیٹھی ہوی نادان سی صم دکھتی ہین

ارسلام

جب قتل ہین قاسم خورشید رو ہوا	سہری کی تار منہ پہ پڑی تھی کرن کی طرح

شاد تخلیہ شاہجہان خلف غلام محمد خان ابتدای عمر مین مراد آباد گئی اور مولوی
کریم الدین آرزو کی شاگرد ہوی عربی فارسی کتابین اونہین سی پڑہین اور شعر مین بھی
اونہین سی اصلاح لی علم عروض و قافیہ مین بھی مداخلت پیدا کی سنا ہی کہ قصہ
لیلی مجنون فارسی مین نظم کیا ہی مگر خراجاتی کیا ہوا انکین اوسکا چاپا نہین ملتا آخر عمر مین
دہلی گئی اور زمرہ شعرا مین بادشاہ کی نوکر ہوی پھر بیمار ہو کر وہان سی اس
دار الریاست مین کہ وطن ہی تھا آی اور بارہ سو اکتالیس ہجری مین قضا کی یہ اونکا شعر ہی

فارسی

ای فلک تا چند سازی این چنین جور و جفا	روی او نگذاشتی با ما بجان ما مگیر

شاد ان حسین علیخان ابن زین العابدین خان عارف فارسی مین خیالی تخلص کرتی ہین

ذکر اونکا حرف خای معجمہ مین تصحیح گذرا یہان شعار دونکی لکھی جاتی ہین

رختہ

ہین اہل بزم ہاتہ جگر پر دھرے ہوی — کچھ ذکر آگیا ہی یہان میری حال کا
مین روز وعدہ کو ہی شب غم گنا کیا — چہایا یہ دود آہ دل ناامید کا
دل مضطرب بہی ہی پہلو مین قابل — ذرا پاؤن سینے پہ رکہنا سنبہل کر
اوسنی پوچہا تو کیا بتاؤنگا — حسرتونکا مری حساب نہین
الہی ناز کے بڑہجای اتنی — کہ اونکو ناز کرنا بہے گران ہو

شاغل آغا مرزا خلف مولوی تراب علی مغفور ۳۳ برس کی عمر ہی مرد ذہین و متین خلیق و ظریف شعر مین نواب مرزا خان داغ اپنی بڑی بہائی کی شاگرد ہین کہنا بہی خوب ہی پڑہتا بہی مرغوب ہی دہلی انکا وطن ہی مگر عرصہ سی یہی دارالریاست رسکن ہی سرکار دولتمدار کی وظیفہ خوار ہین یہ اونکی اشعار ہین

رختہ

لاشی پہ دن کو دہوپ پڑی شب کو چاندنے — دو چار رونکا ہسکو میسر کفن ہوا
نہ اوس گلی سی اوڑا ای صبا غبار مرا — کہ اسکا خاطر دلدار مین کبہی گھر تہا
نہو کیونکر گمان ہمپہ پرائی دل چسپانی کا — کہ عادت ہی ہمین اکثر چراتی ہو بدن اپنا
چار پیسے گرہ مین ہون شاغل — اپنے بیگانے سب ملین گی آپ
جہان دیکہی صورت کوئی جکنی چپڑی — وہین گر پڑی حضرت دل پہسل کر
کہین او ٹہین گی او ٹہانی سی تیری شوخی — چل اپنی راہ لی سوتی ہین کوئی یار ہمین ہم
جو ایک دم کی لی بخت خفتہ جاگ اوٹہی — تو ایسی سوہین کہ کروٹ نہ لین مزار مین ہم
کیا انفصال حشر کیا اک نگاہ مین — دیکہا جدہر کو جان تہی داد خواہ مین
دو حرف کن تہی باعث ایجاد دو جہان — دو حرف ہین مگر نہین تاثیر آہ مین

خوگر جو ایک عمر سی جور بتان کی ہین | انداز کچھ پسند ہمین آسمان کی ہین
وہی کوچہ وہی قاتل وہی دشمن وہی رشک | لیکن کس طرف ای حضرت دل تم مجکو
نقش پا سی مری تربت پشان کرجانا | چلتی پھرتی جو پھر آو تو پتا دو ہی
گر میان عشق کی سینی سی نہ باھر نکلین | دل مین گھٹ گھٹ کی الہی مری فریاد رہی
ملی جو بھدم دیرینہ کوئے تو پوچھین | ہم اپنی دلپہی رکھتی تھی اختیار کبھی

فارسی

نازبر خصلت بجا دارم کہ ہوش از دعا ست | مست ترہستم ولی گر دسبو افتادہ ام
کوہکن را کوہ و مجنون را بیابان درکنار | وحشتی دارم کہ در صحرا ی ہو افتادہ ام

شاگرد

شاگرد میان نجیب شاہ خلف سید عطاء النبی ساکن قصبہ شاہ آباد شاگرد مولوی غلام محی الدین ہوش بردار مولوی کریم الدین آرزو نظم و نثر اردو اور فارسی دونون مین بصیرت رکھتی تھی بارہ سو اکتالیس ۱۲۴۱ ہجری مین قضا کی سنا ہی کہ رسالہ مجمع الفقراء علم نحو مین بزبان فارسی اونہین کی تالیفات سی ہی یہ اونکا کلام ہے

فارسی

ای در تہ نعال تو صد جان ناتوان | افتادہ است عمر ابد تا شود نصیب

شائق

شائق تخلص جانی صاحب خلف کپتان فانتوم صاحب فنون سپاہگری مین طاق تھی ذکاوت طبع مین یگانہ آفاق تھی بھرت پور مین نوکر رہی آٹھ برس ہوی کہ وہین قضا ئی اس تذکری مین انکا ذکر اس وجہ سی ہی کہ اس سرکار دولتمدار کے نمکخوار آبائی ہین والدا نکی مدت تک یہان عہدہ جلیلہ پر رہی یہین نشو و نما پائی یہ انکا کلام ہے

رخیتہ

جور قسب دمت دربان وطنز غیر | کیا کیا جفا ئین ہمنی سہین تیری واسطی

شائق

شائق محمد عبدالرزاق خان ولد غلام اکبر خان عرف مولوی کلو خان بیس برس کی عمر ہی شیخ احمد علیصاحب احمد کی شاگرد رشید ہین فارسی کتابین پڑہی اونہین سی پڑہین شعر گوئی مین بہی اونہین سی مستفید ہین دو شعر انکی ملی و لکہی گئی

ریختہ

آتش شوق بھڑکتی ہی مری سینے مین	داغ لالی کی طرح دلمین نہان رکہتی ہین

فارسی

تر نکردی خضر از آب بقا لب تشنہ گرد	بودی ار شربت لعل لب جانان ممکن

شائق

شائق سید وارث حسن عرف بڑی صاحب ولد سید محمد آشنا تخلص تخمیناً چالیس برس کی عمر ہی شاگرد میر ضامن صلی جلال ہین ایک مدت سی یہی دار الریاستہ مسکن ہی مگر در اصل ساکن شہر لکہنؤ محلہ بخشال ہین

ریختہ

ہین جو کم سن تو میری روتی پر	ہنستی دیتی ہین لوٹے جاتے ہین
کون لیٹا ہی یہ سر رکہی مری زانو پر	تم تو کہتی تہی محبت مین اثر کچہ ہی نہین
ہمسی ہی حشر کو ہی وعدہ دیدار ای یار	وقت پر بہول نجانا یہ ذرا یاد رہی

شجاعت

شجاعت صاحبزادہ محمد شجاعت علی خان خلف صاحبزادہ محمد قاسم علی خان ابن جناب نواب محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر عرش منزل نار اللہ برہانہم جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا مولوی الہ داد عرف حافظ شیرازی طالب کی شاگرد تہی اکاون برس کی عمر مین اونتیسوین ماہ صفر کو بارہ سو تہتر ہجری مین رحلت فرمائی ایک غزل انکی ہاتہ آئی اوسمین سی ایک شعر لکہا گیا سنا ہی کہ دیوان انکا مرتب تہا لیکن تلف ہو گیا

ریختہ

یہ کیسے ہی طاقت چھوی اوسکا واہن	ہمین ہین جو بند قبا باندھتے ہین

شرر محمد یعقوب علیخان ابن حسن علیخان ابن محمد علیخان کہ وہ نواب احمد علیخان بہادر مرحوم کی مصاحبون مین بینیتی مشہور رہتی چونتیس برس کی عمر ہی میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہی

رختہ

عاشق کی بعد مرگ بھی مٹی خراب ہی	پروانی کو نصیب نہ گور و کفن ہوا
تھا سوال مدعا تکین خاطر کی لیی	دل ہوا یہ سنکر اوس ستمگر کا جواب
نہ آو مگر کہہ تو دو آتینگے	اسی وہمان مین کٹ تو جای گی رات

شرر عبد الغفور خان ولد محمد نور خان تذکرہ سراپا سخن سی معلوم ہوا کہ دہلی انکا مولد و موطن ہی مگر رامپور مین رہی یہین پرورش پای یہی مسکن ہی آگی بنا پر ایل کمند ہین تحصیلدار رہتی سانہ برس کی عمر پای بارہ سو چھیاسی ہجری تھی کہ باندی مین رحلت ایک غزل بی اومین سی دو شعر درج تذکرہ ہوی

رختہ

کہون کیا شب وصل کیونکر کٹی	وہ روٹھا کیا مین منایا کیا
فدیج ہونا خنجر قاتل سی مجھ ناشاد کا	ہوگیا مژدہ رقیبون کو مبارکباد کا

شرف محمد انعام اللہ خان ولد عنایت اللہ خان ستائیس برس کا سن ہی عربی فارسی کتابین مولوی محمد حسن پنجابی سی پڑہین شعر مین پہلی صادق حسین خان استاد تھی اب میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہی

رختہ

کیا حال شرف پوچھتی ہو تم سی کہون کیا	مشہور زمانی مین ہی بی طوطی بنجر آج
نالون نے سے نا توانی سے ہے	سانس دو دو پہر بہین آتی

شعرا

شریف تخلص سید شریف احمد ولد سید محسن علی خواهرزاده میان غلام شاه نظام ہین بیس برس کی عمر ہی سیر احمد علی رسا کی فیض تلمذ سی نیکنام ہین کچھ کلام اونکا ملا اوسمین سی یہ مبین انتخاب ہوئین

ریختہ

گلشن ہین صبا جنبش شاخ گل تر سی — آتا ہی عجبی یاد بچھنا وہ کمر کا
بی تکلف رات دن رہتی ہی ہمین جلوہ گر — دیدۂ مجنون مگر لیلی کا محمل ہوگیا

شعرا

ششدر تخلص سیر شرف الدین ابن سید غیاث الدین اخوندزادہ احمد خان عفلت کی شاگرد تھی سارہ برس کی عمر ہوئی پچیسوین ذیحجہ کو بارہ سو چوہتر ہجری مین قضا کی کلام اونکا تلف ہوگیا ایک شعر تذکرہ میان مصحفی مین تہا وہ لکھنی مین آیا

ریختہ

لیکی دل پوچہتے ہو نام مرا — اس بجا ہل کو ہے سلام مرا

شعرا

شعور تخلص اخوندزادی محمد سعد الدین خان ولد محمد اسلم خان فارسی اردو دونون زبانون کی شاعر ہین پہلی شاہ تخلص کرتی تہی اخوندزادی احمد خان عفلت کی شاگرد ہین پچیسر برس کی عمر پائی ذیحجہ کی تیسری تاریخ بارہ سو چالیس ہجری مین قضا کی فتح علیخان اونکی پوتی سی کچھ اوراق پریشان ہاتہ آئی اونسی یہ کلام انتخاب ہوکر درج تذکرہ کیا گیا

ریختہ

گران ہی اپنی خاطر پر یہ بار زندگانی ہی — نہو پوچہو ہمسی تم عالم ہماری ناتوانی کا
بسان غنچہ دلتنگی سی خوش ہون — پتا ملتا ہی اوس گل کی دہن کا
کیون منفعل ہی نرگس شہلا مین آج — شاید وہ عشوہ گر اسی آنکہین دکہا گیا
ای شمع زبان تیری اسوا سطی گتی ہی — پوچہی ہی کبہی تو نی کچھ حالت پروانہ

فارسی

گر ہوس داری کہ بوسد دست و پای تو نگار	صرف خود در جبہہ سائی چون حنا باید ترا

شفا شفا ابو الفتح سید محمد جعفر عرف میان جعفر شاہ خلف حضرت شاہ سید علی بغدادی قدس سرہ العزیز حضرت محبوب سبحانی غوث الثقلین شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد سی ہین وطن آبائی بغداد شریف ہی مگر یہ بزرگ یہین پیدا ہوی اب ترپین برس کی عمر ہی شیخ علی بخش بیمار مرحوم کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہی

رختیہ

پڑتا ہی جہان پاؤن سگ کوی صنم کا	اوٹھتا نہین سر وہان سی غر الان حرم کا

شفقت شفقت سید نجف علی نام ولد مولوی یار محمد جوشا وہ درگاہی صاحب قدس سرہ العزیز کی خلیفہ تہی شاہ نصیر دہلوی انکی استاد ہین چھیاسی برس کی عمر پائی گیا رہوین ذیقعدہ کو بارہ سو اکہتر ہجری مین رحلت فرمائی یہ اونکا کلام ہی

رختیہ

کہا یہ ہین ہم آپ سی جانی کی قسم اور	وہان سی کوئی جھوٹھون بھی منانی نہین آتا
دہن تنجای نافہ مشک چین کا	جو لون بوسہ مین زلف عنبرین کا
الفت ہی مجکو اوسکی خط سبز فام سے	کہد و سلام خضر علیہ السلام سی
مستونکی روح کو نہین خواہش گلاب کی	پھولون مین سیری جاہی بوتل شراب کی

شفیق شفیق تخلص سید صفدر حسین عرف سید آغائی ابن سید علی حسن خواہر زادہ میر الہی بخش اگرچہ لکھنؤ اونکا وطن ہی مگر سالہای دراز سی یہی دار الریاستہ سکن ہے پینتالیس برس کی عمر ہی شیخ امداد علی بحر کو کلام دکہاتی ہین یہ اونکی شعر لکہے جاتے ہین

رختیہ

کیا ہی ناتوان و زار ایسا تیری دست نے — جگر سی منہ تک اب نالہ بھی آتا ہی تو مشکل سی
شفیق آئینی مین زلف یار دیکھین گے — حلب مین شہد فتن کی بہار دیکھین گی

شمیم

معظم علیخان ولد نواب محمود خان ولد نواب معین الدین جان عرف بہو بیگم خان ولد نواب ضابطہ خان ولد نواب نجیب الدولہ رئیس نجیب آباد وطن اصلی آپ ہی مکرر پرورش اسی دارالریاست مین پائی چھبیس برس کی عمر ہی میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین دیوان مختصر انکا ہاتہ آیا اوس مین سی چند شعر انتخاب کرکی لکھی گئی

رختیہ

نخر علاج دلا لطف پا ہی گا پھر کیا — نہو گا درد تو لذت اوٹھای گا پھر کیا
یار کو دیکہ لیا بلاج تو ناصح تجھسے — اب بتا وکہ اوسی پیار کرون یا نکرون
شوق کہتا ہی جگا اوسکو مین ٹوکتا ہون شمیم — فتنہ محشر کو بیدار کرون یا نکرون
چل تو ہی ہمتیاز کہان عشق مین شمیم — یہ کیا کہ بی بلائی تو جانا نچاہیے

شفیق

مولوی قدرت اللہ ابن شیخ قبول محمد قصبہ موی مضافات سنبہل کی متوطن شیخ کرم اللہ شہید مغفور کی اولاد مین بڑی نیک باطن تاریخ جام جہان نما سی معلوم ہوا کہ علوم درسیہ مولوی غلام طیب ساکن صوبہ بہار سی حاصل کیی اور تذکرہ سعادت خان ناصر اور تذکرہ گلشن بیخار مولفہ نواب مصطفی خان شیفتہ سی دریافت ہوا کہ فن شعر مین قائم چاندپور سے تلمیذ مرزا رفیع سودا کی شاگرد تہی رفتہ رفتہ ایسی اوستاد ہوی کہ صاحب ارشاد ہوی بہت سی آدمیون نی فیض اوٹہایا نقد بلند نامی ہاتہ آیا پارہ سو چوبیس ہجری مین قضا کی حکیم احمد خان فاخر فی تاریخ وفات کہی ہے وہ یہان لکہی جاتی ہے تاریخ سفر کرد از جہان چون حضرت شوق برآورد از زبان ہر یک بشمر ہای دلم تاریخ گفت از روی افسوس سلج شاعری از بزم شد روی ۱۲۲۴

ریختہ

کیا دل کافر مرا مرد و دیر و کعبہ نے
فی ستون سی ربط اسکو فی خدا سی آشنا

رو لاکی اپنی لیلے مزا نہ کھونا تھا
سمجھ تو اپنا ہی گھر کیا تھی دو نا تھا

مغفرت ہاتھ باندھ کر آئے
دیکھ میری گناہ کی حشمت

راز دل میرا کیا آنکھون نی ذکر ہای فاش
غیر کو کیا دوس جب اپنی کرین غمازیان

مثل گل گو کہ رہے پردون مین
بوی الفت چھپی نہین رہتے

تو بھی تو آکی سیر دل واغ داغ کر
روشن کیا ہی گھر ترا کھون جگر سے

اب کیا رہا ہی جیسہ رقیبو نکا ڈر کرے
ممکو تمہرون کی جان کو پہلی ہی ہو چکی

شوکت صاحبزادہ محمد محب علیخان بہادر ابن صاحبزادہ محمد مہدی علیخان بہادر تخلص جنکا ذکر حرف نون مین آئی گا بائیس برس کی عمر ہے جوہر قابل ہین فتوت و مروت مین کامل ہین خوش فکر ہونا کلام سی پیدا ہی میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہے

ریختہ

ادا سے دیکھ لی اکبار اور بھی قاتل
جگر کو رشک ہوا ہی جو دلنی کہا نی چوٹ

شوکت میرزا امام الدین ولد میرزا امام بخش شخص ضائع زرگری مین متفرد روزگار تھا فن شعر مین میر حسین تسکین کی شاگردی سی مورد افتخار تھا اسی برس کی عمر ہوئی رمضان شریف کی انتیسوین تاریخ بارہ سو نواسی ہجری مین قضای آسمانی سے ملازم سرکار فیض آثار رہا جو کچھ موزون کیا وہ سب تلف ہو گیا دو شعر ملی وہ لکھے گئے

ریختہ

کہتا ہے کون تمسی کوئی دوستی کری
ہان ہان نہین ہی ہم مین وفا پھر کسیکو کیا

دام مین آتی ہین کب مستی فسوں گاروں کے | دیکھنی والی ہین ہم بھی تمھین عیاروں کی

شہاب تخلص شہاب الدین خان نام ولد حکیم نصیر الدین خان چالیس برس کی عمر ہی ملازم سرکار ہین مٹیا برج مین حوالدار ہین میرزا اسد اللہ خان غالب سی تلمذ ہی یہ ایک شعر اونکا لکھا جاتا ہے

رختہ

فتنہ دھر ہو بیٹھی ہی رہو | گر اوٹھوگے تو قیامت ہوگی

شیدا کاظم خان خانزادی قوم خٹک مرد ولایتی ورع و تقوی مین بیمثال تھی انسان فرشتہ خصال تھی سنا گیا کہ آپ نی ایک دختر صغیرہ کی پرورش کی تھی جب وہ عاقلہ بالغہ ہوئی تو لوگون نی چاہا کہ اوسکی ساتھ عقد کرلین آپ نی منظور نکیا اوس لڑکی کو ہی بنظر آپ کی دولتمندی کی یہی آرزو تھی ایک دن وہ آراستہ پیراستہ ہوکر مکان خلوت مین پاس آئی آپ مطلب اوسکا سمجھی اور اپنی اونگلی شمع کی اوپر رکھدی جب جلنی لگی تو ہاتھ کھینچ لیا اوسنی پوچھا کہ یہ کیا بات ہی آپ نی فرمایا کہ مینی اس امتحان کی واسطی شمع پر ہاتھ رکھا تھا کہ دیکھون تجھسی اس آگ کے برداشت ہوسکتی ہی یا نہین تو کسیطرح تحمل نہوسکا اور جب اس آگ کے حرارت کا ضبط نہوسکا تو نار دوزخ کہ اس آگ سی ہزارتب زا تر ہے اوسکا تحمل کیونکر ہوسکیگا اوسی روز اوسکا عقد ایک مرد صالح کی ساتھ کردیا سبحان اللہ السی نفوس مقدسہ کہان ہوتی ہین عہد جناب مستطاب نواب محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل مین یہان بڑی جلالت و آبرو کی ساتھ ہزار روپیہ ماہانہ کی نوکر رہی جو دو نوال مین دور دور تک مشتہر رہی انکی اسلاف بھی ذی شوکت و ثروت تھی صاحب نقارہ و نوبت تھی

شعر زبان پشتو مین اکثر فرماتی تھی کبھی کبھی فارسی زبان مین بھی طبیعت آزماتی تھی ہی ہی افغان تاریخ رحلت حضرت موید من اللہ جناب نواب علی محمد خانصاحب بہادر طاب ثراہ ۱۲۶۲ امین کی مقبرہ فکر عالی ہی اور ہندوستان مین جب نادرشاہ نے بحیر وقعہ تسلط کیا تو غم عام اوس تسلط کی تاریخ کہی تذکرہ طبقات الشعرا مین جو شعر آپ کی پای وہ ضبط تحریر مین آی

فارسی

بسکہ شد از خویش رفتن گرمی جولان ما — آتشی افتد چو برق از دامنم در جان ما
لعبش تا می شود از گفتگو با انجمن ساز — بستان سیر سد از پردہ یاقوت آوازی

شیدا شیخ احمد حسین ولد شیخ حفیظ اللہ انیس ۱۹ برس کی عمر ای عدالت فوجداری مین ملازم سرکار دولتمدار ہین منشی محمد اسمعیل حسین صاحب سنیر سی تلمذ ہی اونکی یہ اشعار ہین

مدح بندگان حضور پرنور

مدحت حضرت والا نہین ممکن مجھسی — مصرتابان کی ثنا وزہ کری کیا تحریر
پاتہ آجای اگر خاک کف پای حضور — ہو نہ عالم مین محسوس کو تلاش اکسیر
تا بدجا کم کل آپ کو رکھے اللہ — مجھس رنج و مصیبت ہو عدو کی جاگیر

اشعار غزل

شکار مرغ دل شوخ دور پردہ ہوا شاید — کہ پہلا یا ہی تسمہ فی پراونون نی جال پھینکا
دل بیتاب تم بہر چین سی رہنی نہین دیتا — خدا نی کمر بنایا ہی مری پہلو مین دشمن کا
کسی نی ہر جبین کی پاتہ کا کرتا ہی نظارہ — ستارہ آنچل تا بن ہی بخت برہمن کا
تن نی سر کی صورت مژہ استادہ ہین گلشن مین — نظر آیا ہی شاید قد بالا اوس ستمگر کا
صورت ہی آی تو ای شیدا ہوا اپنی زندگی — نیند آنا تو شب غم مین خیال و خواب ہی

شیدا مولوی محمد حسن خان ولد محمد یوسف خان بارہ سو انتیس ہجری مین مولوی سید احمد منصور کی
ہمراہ حجاز کو گئی وہان ہی پلٹ کر حج کیا مدت تک مکہ معظمہ مین رہی پھر وطن کو آئے
بارہ سو بیاسی ہجری تک اسی دار الریاست مین رہی اوس زمانی سی مفقود المخبر
ہوگئی اگر زندہ ہوگی تو اسّی برس کا سن ہوگا غفلت اخوند زادی کی شاگرد ہین
اور مولوی حبیب الغنی رقت سی بھی تلمذ ہی چار بیتین اوسکی مشہور ہین لوگ کثر گاتی ہین
کلام اوسکا تلف ہوگیا دو شعر ملے وہ لکھدیے گئی

رباعیت

دیکھو اوس فتنہ گر کی عیاری	ہاتہ سے لیکی دل مگر ہی گیا
سوز جگر نہین ہی اغیار کی بدولت	سب کچہ ملا ہی ہمکو سرکار کی بدولت

شیدا آغا محمد علی شیرازی ابن حاجی ملا محمد شیرازی شاگرد میرزا علی اکبر
شیرازی عارف تخلص چالیس برس ہوی کہ شیرازی سی ہندوستان مین
آی ہندی لکھنو مین شغل تجارت رہا عہد جناب مستطاب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر
جنت آرامگاہ طالب ثراہی اس سرکار مین کتابخوانی کی عہدی پر نوکر ہوی
اب پچپن برس کی عمر ہی یہین قیام ہی یہ اوسکا کلام ہے

فارسی

مست و مخمور دارد م شب و روز	لب بیگون چشم جادو یست
از کفم برد دل از نیم نگاہی کہ پرسس	پرفنی را ہنر نی چشم سیاہی کہ پرسس
صد تشکین است بر رخ یا قلم در عرب است	یا نہفتہ صبح صادق در شب یلدا ان

شیفتہ صاحبزادہ عزیز اللہ خان خلف صاحبزادہ حبیب اللہ خان فرحت جنکا ذکر
حرف فا مین آی گا شیخ کرامت علی شہیدی بریلوی کی شاگرد تھی اٹہتیس
برس کی عمر ہوی بارہ سو تہتر ہجری مین قضا کی سنا ہی کہ صاحبزادے

ایک دن میوہ خوری کی واسطے چاقو ہاتہ مین لیا اتی اور اونکی والدہ ماجدہ کسی امر پر برہم ہوکر بنظر تادیب طپانچہ مارنی کو ہاتہ بڑہایا انہون نی اپنی بچانی کو جو ہاتہ اوٹہایا تو وہ ہاتہ اتفاق سی اونکی گردن پر پڑا اور شریان کٹ گئی تیسری دن اونہون نی اسی زخم سی قضا کی اور یہ جو لوگ مشہور کرتی ہین کہ عمداً یہ فعل انہی سرزد ہوا خلاف تحقیق ہی یہ اونکا کلام ہی

از قصیدہ

ہماری قدر ہی اوسوقت ہوگی صاحب کو	کیا جو جورا و ستم ہم پہ آسمان مین کچہ
امید و یاس کو اسمین نہین جگہ مطلق	کیسکی غم کی کیا ہی یہ اپنی دل مین دور
شفق مین مہر چہپا رشک دست رنگین سی	نخیل ہی پای حنائی سی تیری شعلہ طور

از غزل

ذری غیر کی کہنی ہی خاطر مجہی کبہی شکل دکہائی نگار مجہی	ذرا شیفتہ کہکی پکار مجہی بہی اپنی ہی ناز و ادا سے

فصل صاد مہملہ

صابر نصیر الدین خان ابن غلام حسین خان یہ بزرگ علم ادب مین بڑی فی کمال علم معقول مین بی عدیل شعر عربی و فارسی مین ہمتا ان فنون مین مولوی نور الاسلام صاحب اکی استاد ہین فارسی مین مولوی غلام حیدر سی رفعت سی تلمذ تہا چون برس کے عمر پائی ذیحجہ کی ستائیسوین تاریخ بارہ سو چیاسیہ ہجری مین رحلت فرمائے یہ اونکا کلام ہی

رختہ

آتو بصد منت آنا اسی کہتی ہین	جانا ہی تو دل لیکر جانا اسی کہتی ہین

فارسی

این چنین تا چند در سر بود اندر خما	دست ما را ساقیا بر گردن مینا بہند

شد پریشان از تغافل خاطر عشقا | زود باتا رنگہ شیرازہ ولہا بندد

صاحب

صاحب جارج فانتوم خلف کپتان برنارد فانتوم یہ اصل مین فرانسیسی ہین باپ انکی چندی پونا چیری مین کہ دارالحکومتہ شاہ فرانس ہی رکن اول کونسل تہی پھر نواب نظام الملک والی دکن کی سرکار مین فرانسیسی فوج کے کپتان ہوی اور اس سبب سی کہ افسر اوس فوج کی جنرل سوی رامون صاحب انکی عزیز تہی روز بروز ترقی کی جب وہانکا معاملہ میر عالم نائب نواب محمدوح کی فساد سی برہم ہوگیا یہ کرنیل کارڈنر صاحب عرف کارن صاحب کی فوج مین جمعدار کپتانی پر مقرر رہی اوسکی بعد سرکار انگلیسیہ مین جنرل اختر لونی صاحب کی زیر حکم اوسی عہدی پر نوکر ہوی اٹہارہ سو چہ عیسوی مین پنشن لیکر بعتیہ عمر امرای ہندوستان کی معالجی مین بسر کی چنانچہ حسب اجازت گورنمنٹ نواب احمد علیخان بہادر مرحوم کی علاج کو اس دارالریاستہ مین آی علاج مفید ہوا پھر رسم آمد و رفت رہی اٹہارہ سو تیس عیسوی مین نواب محمدوح کی نوکر ہوی اٹہارہ سو پینتالیس عیسوی مین تنخا کی یہان تک تو حال کپتان برنارد فانتوم کا ہوا اب جارج فانتوم کا حال ضروری جسکا ذکر مقصود اصلی ہی کہنا جاتا ہی کہ اب انکی عمر باون برس کی ہی حافظ شیرازی طالب اور مولوی محمد نور الاسلام اور مولوی محی حفظ اللہ سی فارسی اور عربی کتابین پڑہین اور میر نجف علی شفقت سی علم شعر سیکہا صاحب اور جرجیس دونون ان کی تخلص ہین اور فارسی اردو دونون زبانون مین شعر کہتی ہین چونکہ ان کو اس سرکار سی آبائی توسل ہی اسواسطی نام انکا اس تذکری مین درج ہوا یہ انکا کلام ہی

رختہ

دیکہنی والی قد بالا کے ہین | کیون نہ ہمچشمو نمین ہوا وہ نخی گاہ

یہ آرزو ہی تری آنی کی مجھی ای شوخ | کہ جھوٹی وعدہ پہی اعتفار باقی ہی

فارسی

امید صبح وصال صنم نماند مرا | شب فراق بروز سیہ نشاند مرا

رباعی

گر دوست مرا دوست ندارد چکنم | بر حال من ار رحم نیارد چکنم
راضی بر ضای دوست باشم ای جبریں | سخت بر ازل نمی شود درد چکنم

مقطعہ

مباجو ہمہ خوش آب در تہ دریا | فتادہ است کہ کس ہیچ ازان ندارد یاد
مباش گل کہ دمیدہ ست کس ندید آن را | کہ بوی خویش بپیرانہ سید ہد برباد

صادق سید صادق شاہ خلف سید حسین شاہ متوطن رہین پچاس برس کی عمر ہے منشی سید اسمٰعیل حسین صاحب میرسی مشورہ ہے طبیعت مزی کی ہی مذاق اچھا ہی یہ مختصر کلام اونکا ہی

ریختہ

میری پہلوی جو وہ رشک مسیحا اوٹھا | بتمام کردگاہ کئی بار مین بیٹھا اوٹھا
عیش کیا یہ بھی نہین رہتا | ایک عالم نہین زمانے کا
کچھ تو دیکھا ہی زخم فی ورنہ | کیا سبب اسکی سکرانے کا
یون تو تہین سب عیش زمانی کی ملین گی | پر چاہنی والا کوئی مجھسا نہ ملے گا
آنسو بہای جاون کراہ رساکرون | چاہت کی جان کو جو نہ روون تو کیا کرون
صادق زبان و دل تو ہین منتظر ہین یار کی | حیران ہون کہ وصل کی کیونکر دعا کرون
کیا دخت رز گئی ہی دولہن تاکی باغ مین | ہی بہینی بہینی آج نسیم سحر کی بو

صائم مولوی سید رمضان علی ولد مولوی محسن مرحوم مولوی غلام حسین

حسین تخلص ملقب بہ بحر سواج کی شاگرد تھی پچاس برس کی عمر ہوئی بارہ سو ساٹھ ہجری مین وفات کی ایک شعر اونکا ملاوہ درج تذکرہ ہوا

رختہ

یہ ماتا حضرت دل آپ ہین بڑی علمدار	جو اونکی سامنی بولین تو ہم سلام کرین

صبا منشی محمد صابر حسین سہسوانی خلف منشی محمد احتشام الدین شیخ صدیقی سینتیس برس کا سن ہی نظم و نثر کا شعلہ را تدن ہی منشی محمد انوار حسین تسلیم اور مولوی محمد ایوب خان گلشن انکی استاد ہین تاریخ گوئی مین طاق فارسی اردو دونون زبانون مین مشاق صناع بدائع مین صاحب ایجاد ہین ذہن رسا ہی خط شفیعہ اچھا ہی ملازم سرکار فیض آثار ہین کئی برس سی اس ریاست کی منکوار ہین پہلی شعر اردو حوالہ قلم ہوتی ہین پھر کچھ شعر فارسی رقم ہوتی ہین

رختہ

کسی کی یاد نی چھیڑی وہ ای قیامت کی	کہ حشر تک مین نہ پیتانہ مرا رہا
بھولا نہین ہون یاد ہین صحبت کی گر سیان	اتبک مری زبان مین تمہاری بانکی ہین
نہ چھوڑی مثل عاشق حسن نی معشوق بھی خالی	گلونکی چاک دامن مین ہین غنچونکی گریبان مین
صبا ہجر بتان مین اک کہاوت بھی ہی تاکی	اگر دامن سی ہاتھ اوٹھا تو جا اوپنچا گریبان مین
غیر کو لیکی عیادت کو وہ آیا دیکھو	سانہ لایا ملک الموت کو عیسی دیکھو
حلقہ گیسو مین دلکو پھانس کر کہتی ہین وہ	اس پریشان بخت کو تاریک زندان چاہیی
شب وصلت ہی خلوت مین نہ غیری رتجہ ہوتی	نہ اندیشہ رہی دلمین نہ آنکھو مین حیا ہوتی
کسی کا پھیر نا یاد آگیا ہی ترچھ مین مجکو	ہنسا دون چٹکیان لیکر جو بالین پر قضا ہوتی

قصیدہ فارسی در مدح بندگان حضور

لمعہ خورشید را کی تیرہ سازد داغ ما	جلوہ ذاتت نہ مبیند رقعت ہمتای تو

فسنه عهد تو کے دارد خمار احتیاج	جام حاجت گم شن از بزم استغنای تو
مادر گیتی تر آوده از سلف چون تو خلف	جوہرت شد آبروی گوہر آبای تو

اشعار غزل

خاکساری بچشم خلق نشاند	گرد ره گشته توتیا شده ام
پنبه در گوش بند صوت نیای شهرا	چون رود ذکر خرابم طرف گوش کسی
دست رنجه کن قامت نازک شکن	لطف چنیازه کشی هست در آغوش کسی

قطعه

سخت رنجیده جانکنی شده است	رشته عمر آهنی شده است
از پیاک دل هست کار بجان	الفت دوست دشمنی شده است

صهبا منشی گوبند لال پسر منشی گوکل چند لکھنوی متوطن سانه برسس کی قریب سن ہی معانی بیان عروض قافیه سما حساب جبر و مقابله جغرافیه تواریخ مساحت فلاحت مین دستگاه نقاشی و مصوری و خط نستعلیق و ناگری و انگریزی و ناخن نگاری سی آگاه و سه کار شاہی و انگریزی مین نوکر رہی حسن سرانجام خدمتے مامور رہی اب حضور پرنور کی نمکخوار ہین یه اونکی اشعار ہین

رنجیده

رنگ ای گل پیرہن پکاہی پڑتا ہی	اوڑہا گر سادہ ہی تو کہن وہ پٹا ہوگیا
اگر سیان و کر کی عیب دن ہی جلاتی ہین ہی	مین مسلمان حتی حی ہندو کافر مرد ا ہوگیا
نوکر خال و خط ہی روی صفا جانان مین نہین	زاغ و طوطی کی حکایت اس گلستان مین نہین
مثل اونکا ہی ستارہ جو مجھی بگاڑ ہی	در پرده میری ملنی کو یه چھیڑ چہاڑ ہی

اشعار قصائد مدحیه فارسی

سنان او چو فشارد به بیستون انگشت	برآورد غم شیرین ز سینه فرہاد

ز فرط وسوسه بدخواه او بنعم باشد — چنانکه مفلس مسکین ز کثرت اولاد
فروغ بخت ز سیمای او همی تابد — چنانکه نور عبادت ز جبهه عباد
مگو هلال که کرده است وا فلک لب خویش — بانواع صیام و بخنده مقدم عید
مگو هلال که از آب سیم کلک قضا — بصفحه فلک این نون نعمی رقم بکشید
مگو هلال که از قدسیان عالم نور — بکرخ حلقه بزم طرب عیان گردید
چه طرفه صبح که بر روی صاف روز ازل — ز خاک مقدم خود غازه طرب مالید
چه طرفه صبح که در چشم باز شام ابد — ز گرد دامن خود سرمه سرور کشید
ز بس که نان پز خوش نان آبدار بخیت — تنور او ست که طوفان نوح ازان جوشید
چه بیشکر که در و بند شیرهٔ جان شد — دم ثنا ش نفس در گلوگره گردید
نبود توپ که بود آن رگ سیه ابری — که برق و ژاله همی ریخت و همی غرید
نبود توپ که خرطوم فیل گردون بود — که جای آب شرر میکشید و می پاشید
نبود توپ که اعجوبه کار ندرت بود — که سرمه خورد و بگفتار شد بصوت مثل
نبود توپ که بازیگری سبکدستی — ببطن مهره نهاد از دهن فگند بعید
نبود توپ مشعبد فنی شد رکاری — ز ناف شعله بخورد از دهن برون بکشید
عیان شد از نشانهای تابناک بفیل — چنانکه بر فلک نیلگون مه و خورشید
لوا و ماهچه اش چون بدید خلق بگفت — قیامت است بیک نیزه آفتاب رسید
علم بماهچه شکل ماهی آمده پیش — که ماهیش به مراست ز ماه بود و مزید
گر آب تیغ تو آرد بیاد در دم فکر — شود حدید چو حدس حکیم طبع بلید
چو بی رضای تو قادر شد بیک حرکت — مذهب جبر به فلک نقطه گردید
موفق ازلیت خدا زهی توفیق — سوید ابدیت قضا خهی تائید
ز جسم سطح شد از سطح خط ز خط نقطه — بدین مشابهتن دشمنت ز غم کاهید

چو ذکر عمر عدیت به بحر شعر کنند
شود سریع و خفیف ار بود طویل و مدید

اگر دمی بهوای ولیریت پرد
بشاهباز زند پنجه ناتوان عصفور

قلم بگاه رقم خنجر دودم گردد
کنم دسکه صفات سخاعت مساور

بسی سریع و رفیع است طارم قدرت
بتاک او ز ثریاست خوشه انگور

ز عدل او چو پذیرند اعتدال فضول
بجور بر دمساوی شوند جمله شهور

بخورد فتنه سم خوف و بمرد چندان
که روز حشر نگردد چو دیگران محشور

وقارت ار کره چرخ را کند پامال
شود فشرده بدانسان که دانه انگور

باستواری عهد تو گر پناه برد
زمین ز زلزله ایمن شود بروز نشور

تبارک الله ازان باد پای برق آهنگ
که هست ساحت افلاک بهر سیرش تنگ

سبکروکه دو در لب مغنی اگر
تغیری نرسد زان به پردهٔ آهنگ

بسیر عقل گذر در طبایع اضداد
که راکبش نکند درک ذوق شهد و شرنگ

برون رود ز خود از تازیانه راکب
بدان طریق که از ضرب زخمه زخمهٔ چنگ

بگرد بحر سخایش هجوم اهل سوال
چو هند وان که کنند از دحام بر لب گنگ

چو گشت کرم تو اساز احتساب او
ز بیم نغمه نهان شد درون پردهٔ چنگ

خای سخایش گر بدل بخل جا کند
آماده تر بجود ز حاتم شود بخیل

بر عارض کشادگی همتش فلک
از بهر دفع عین کمال ست خال نیل

گر در دکان گرمی خویش دمی زند
کافور اختیار کند طبع زنجبیل

مصر است جاه او که ز عرشش عمارت است
در پای آن روان شه از چرخ رود نیل

طول امل طرف شه باعرض ملک او
تقصیر او معاف که احمق بود طویل

فغرات پشت خصم چو تاسیس چون روی
شد نوک رمح او بسان صورت دخیل

سرهای دشمنان بسنانهای لشکرش
نمود ه ز رمکه شجر ستان نارجیل

دیوانه شد عدویش ز فرط غضب بخویش — صفرای او همیشه بسود است مستحیل
رفعت عالم جاهش چه بگویم که در او — آسمان نهمین ست ز مین اول
رخش جولانگه عزمش بشمار دیک گام — تا بپایان ابد از سر میدان ازل
هلال عید عیان شد گذشت ماه صیام — ز فرط سور هم آهنگ زهره شد بهرام
نوای نغمه همان کار سکیند امروز — که نفخ صور بموتی کند بروز قیام
عجیب نیست که از انبعاث عیش و سرور — بصحن دیر نمایند رقصها اصنام
صلای عام بزد محتسب بشرب و سماع — چو صوم عید درین روز توبه ست حرام
ز فرط جوش ترنم نگاه حرف زدن — کند بجنبش لبها سرود استقدام
ز بسکه جوش نشاط ست در بلون چه بعید — که در سماع در آیند اجنه در ارحام
ز میض بخشش او شت خود پر از زر کرد — چنین غنچه گل در شمیمه الحمام
سیستش فتن از ارض هفت کشور برد — چنانکه خون بدا از جسم فصد هفت اندام
عدوش زیر زمین شد بخواب سنگین دوش — چو شب گرانی حلش بدید در احلام
کعبه روی خوشت چار صلا دارد — چارا بر و شدنت ساخته این رمز عیان
گر کنی پیروی سرعت سیر رخشش — علت مرسنه هرگز نپزیرد ازمان
باشد از گلخن قهرش شرر نار جحیم — باشد از گلشن لطفش چمنی باغ جنان
حلم او کرد تدحیمه افلاک شود — باز ماند کره چرخ چو قطب از دوران
نقطه قاف وقارش شود ار سر خط عرش — هرگز از جسم بخجر سلح نیابند نشان
گر کرفتی الف از حکم روانش اثری — شدی او را حرکت خاصه جای اسکان
نسج در کارگه عزم درستش چو کنند — نشود شق ز اثر پرتو مهتاب کتان
چیست آن برق ابر پیکر اهرمن — خود هلال و شفق فشان ز دهن
آب او سجند و لی پر موج — آتشش پر دخان ولی روشن

بادا و روح را زندآتش ۰ آب ادخاک را کند رگاشن
در روانی چو نوجوان چست است گرچه قدش بود چو پیه کهن
لاله خنده ست بچو فنه در دین برگ ریزست چون دی و بهمن
خصم او را ببطن مادر هست از رحم کور و ز مشیمه کفن
وار و از رزم و بزم در روی دوخوی در زمین زمانه چار چمن
هشت بودند خلد در عالم نهمین ساخت او ز خلق حسن
پیش کوه وقار او باشد کرهٔ چرخ دانهٔ ارزن
رفعت قدر و وسعت صدرش کوه طور است و وادی ایمن
از تاب نشه می سیکشان چنان سرور که سالکان ز لقای تجلیات الله
چنان بهم شان هر گوشه سازو برگ سه ور که رقص سکنند اندر حریم چشم گاه
بگیرد از اثر سور صورت نغمه مدبر د فرقت جانان کند چو عاشق آه
گه مصافحه گلچین بوسها کف و لب دم معانقه گلریز تهنیت افواه
مل از حضور قدح رجیا گفند نقاب گل از غنه و رفح برهو افگند کلاه
گیاه جو وسویدا شش کار صفر کند چو نیج بگذرد اندر دلت شود پنجاه
در از دستی جو دت گره در پیشش بود بوقت دهش دامن طمع کوتاه
بعدلت تو کسری کجا شود همسنگ که کوه را کنی از عدل هم ترازو کاه
بجا بنی کند از عزم حکم محکم تو بر آید از لب تقدیر صوت بسم الله
بلفظ عذب تو معنی چو شکر اندر مصه بقصر غور تو مضمون چو یوسف اندر چاه
رواج دین ز تو شد آنچنانکه از لب کفر ترا و د اشهدان لا اله الا الله
ظهور آرچ دنیاز حضم نامروت که قحبه می نکند میل با فعیت الباه

اشعار غزل

سر مرگین چشت نہان باہن نخہا کردہ است | حیرتی دارم کہ چونش سرکہ گویا کردہ است
نباشد ہم دہان و ہم کمر او را دگر باشد | سر سوی دہان باشد رگ موی کمر باشد

رباعیات

قلنا شمس الضحی اردنا وجهك | خلنا بدر الدجی قصدنا وجهك
یا ذا الاکرام والعطا یا ولی المجد | بل افضل منهما وجدنا وجهك

ای حق شرفت بنوع انسان دادست | صد فضل ز ہر جنس کمالت یاد است
در دہر عدلیت چو شد یک بارہ | کلی است ولی ممتنع الافراد است
حسنت ز نمو دخط کجا کاستہ شد | بل خوشتر ازین سنبل نو خاستہ شد
بر روی خوش تو این مثل صادق گشت | گل بود و بسبزہ نیز آراستہ شد

صغیر چھوٹی خان عرف چھنن ابن محمود خان طفل سیزدہ سالہ ستوطن لکھنؤ لڑکا ذکاوت کی پوٹ ہی کسب کمالات پر لوٹ ہی ذہن ایسا مناسب ہی کہ کسی سی تلمذ نہین اور تصویر ایسی کھینچتا ہی کہ نقاش آفرین کہتی ہین قلم کی لاگ دیکھکر دیکھنی والی دنگ رہتی ہین حق تعالی چشم بد سی بچای سید افضل علی افضل خلف کو جناب منشی مظفر علی صاحب اسیر کی شعر ہین تلمذ ہی منشی صاحب ممدوح کے سایۂ اکثر یہان رہنی کا اتفاق ہوتا ہی یہ کلام اوس کا ہے

رختہ

ترا جلوہ کہان ہمنی نہ ای رشک قمر پایا | یہان دیکھا وہان دیکھا ادہر پایا ادہر پایا
کبھی بر بہی کا پہل پایا کبھی تلوار کا ہمنی | محبت کا شجر ہو کر یہ قاتل سی ثمر پایا
بنایا ہمنی محبوب اوسکو ہیر ان نی مزی لوٹی | لگایا نخل یہ ہمنی رقیبون نی ثمر پایا
کری ہنسا نہ تو وہ ترک جگلا دے | جگر کی پار ہونا وک اگر نگاہ دے

صفا

صفا آغا محمد احسن عرف نادر مرزا صاحب مخاطب بخطاب نور الدولہ ابن شاہ سلیمان صاحب نیشاپوری مجسب جوہر قابل تھی خوشنویسی اور شاعری سب مین کامل تھی فن شعر مین خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی سے تلمذ رہا بعد حذر جب وثیقہ انگاسہ کار انگریزی مین ضبط ہو گیا بند گانعالی فی بنظر قدر دانی یاد فرمایا کئی برس اس دار الریاستہ مین باعزاز رہی رخصت ہو کر لکھنو گئی تھی کہ وہین شعبان کی نوین تاریخ بارہ سو ستاسی ہجری مین انتقال کیا سانہ برس کا سن ہوا کلام انکا جمع ہوا ایک رباعی جو آغا برہان الدین حیدر اونکی بہائی کو یاد تھی بطور نمونہ لکھی گئی

رباعی

ای حسرت وصل یار بس کر بس کر	وی صدمہ انتظار بس کر بس کر
آتا نہ تڑپ کہ سینہ شق ہو جاوے	بس ای دل بیقرار بس کر بس کر

صفدر

صفدر صاحبزادہ محمد صفدر علیخان بہادر خلف نواب محمد سعید خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ جنکا ذکر طبقہ والیان ملک مین لکھا گیا پچیس برس کی عمر ہی نتایج افکار اس ہمچو ان کو دکھاتی ہین یہ چند شعر دیوان سی انتخاب کرکی زیب تذکرہ کیی جاتی ہین

رختہ

مبتلا پیش از ظہور جلوۂ جانانہ تھا	شمع جب روشن تھی محفل مین پروانہ تھا
کیا تو نی پامال کیون دل کو ظالم	ارے تہا یہ نازونکا پالا کیکا
کلیجا پکڑ کر اٹھے بیٹھے جاتی	سنا ہی نہین تنی نالا کیکا
شوخی کی سانہ کچھ رہی پردہ حجاب کا	آغا زہی ابھی تری حسن شباب کا
وای نسبت بخودی مین کہیہ گئی بقصہ یار	دل کی بھلائی کا یہ ہی شغلہ جاتا رہا

گنی گئی جو قیامت کی دن گناہ مری
فقط یہ چھیڑ کی باتین تھین کچھ حساب نتھا

کسی سی کہ نہین سکتی معاملہ دل کا
اکیلی بیٹھی کیا کرتی ہین گلہ دل کا

وصل کا آج اوس پری سی ہوی سامان مہیا
شرم ہو تیرا برا دو نون کو ارمان رہگیا

ایک میری قتل کی دو بوجہ رکھی دو طرف
تیری سر پر خون میری سر پر احسان رہگیا

وہ جوبن پر جو آئین لطف و ہی رندگانی کا
ابھی کہونگھٹ مین چہرہ ہی عروس نوجوانی کا

اوسنگ پرا کی محو زینت کبھی جو وہ گلعذار ہوگا
پسین گی مہندی پہ دل گلونکی چمن مین خون بہار ہوگا

چھپا چہرا اگر کبھی جو پی لی تو اس سی کیا فائدہ ہی ساقی
نہ سیکدی مین جگہ ملیگی نہ میکشون مین شمار ہوگا

ذرا بزم سی اوٹھ کی خلوت مین سن لو
خدا جانی کیا مدعا ہی کیسکا

ہوگیا دل بہی اونہین کی جانب
یہ بھی کمبخت ہمارا نہوا

لیا خواب مین جسنی چوری سی بوسہ
کوئی اور ہوگا وہ صفدر نہوگا

اوسنی جب پوچھا کہ تونی قتل عاشق کو کیا
غمزہ بولا وہ نزاکت تہی اوا تہی مین نتھا

لاوی گی نہ بوجہ مجبوب کی جبت تک
دامن مین نہ چھوڑونگا نسیم سحری کا

ہر نگہ مین ہین سیکڑون ارمان
کوئی دیکھے تو دیکھنا میرا

مقصد تو روز قیامت تہا بت فریاد کا
پیار لیکن آگیا سنہ دیکھکر جلاد کا

سب سی بڑہ کر ہی ہمین تیری نزاکت سی گلہ
دو قدم ساتہ جنازی کی بہی چلنی ندیا

چلا ای تیغ دم لیکی گردن پہ میری
ذرا دیکہ لینی دی قاتل کی صورت

آنکہ اوسکی آنکہ سی تو زبان سی زبان لڑی
صفدر رہی مری کی لڑائی تمام رات

عزیز احباب سب روتی ہین صفدر میری مالین
مدن سی روح جاتی ہی کہ ہوتی ہی دو لمن رخصت

آئینہ رکہکی دیکہ لو کیا چاہتا ہی دل
تم مجسی پوچہتی ہو مرا مدعا عبث

فغان کو سن کی مری تو عبث بگڑتا ہی
مرا گلا ہی مرا سنہ مری زبان صیاد

قفس مین آکی مری بال و پر گری تو گری
ہری بہری رہین پہولونکی ڈالیان صیاد

مینی کہا جو دلنسی کہ شب کو یہین رہو — آنکھین جھکا کی بولی کہ کس اعتبار پر
صنم خانی کی اگلی صحبتین دلکش جو یاد آئین — بہت رویا مین رات آواز ناقوس برہمن پر
ہجوم حسرت و یاس تنہا ہر طرف دیکھا — بہت روی گئی جو وقت ہم صفدر کی مدفن پر
حوصلی سی حوصلی تھی ولولی سی ولولی — آج وہ سب مٹ گئی گور غریبان دیکھکر
خبر آتی نہین مدت سی کچھ یاران رفتہ کی — ذرا ای بیکسی یہ پھیل بھی گور غریبان پر
ای موسم بہار تو اتنا قیام کر — حسرت نکال لی کوئی دیوانہ چند روز
شوق کہتا ہی شب وصل اور ٹما دو پردہ — ناز کہتا ہی کہ ٹوٹی نہ خبر دار رہیو
تونی پہنسایا قید مین دیوانو تکو ای سخت دی — جاتی تھی گلشن کی طرف آنکلی زندان کی طرف
حوصلہ ہو جانی کا خاک بزم جانان تک — اسقدر ہی دلتنگی پس گئی ہین ارمان تک
لایا خاک مین کیون اسکو تونی — بہت ناز و نکا پالا تھا مرا دل
جی بہر کی کرین گے دل کا ماتم — چھوٹی سی محد بنائین گی ہم
ہی صبح شب وصل بھی کس لطف کی صحبت — ہم چھیڑ پر آمادہ وہ شرمای ہوی ہین
خلوت مین بھی اظہار تمنا نہین ممکن — انداز و ادا یار کی سانہ آی ہوی ہین
کیسکی یاد نے بخشا ہی ایسا ذوق خاموشی — کہ بت بن کر رہی ہین ہم خدا کی روبرو برسون
کیسکی ہمین یاد آئے ہے چال — کہو ہمنشین اب سنبھالی ہمین
گلی مین مری سانہ وہ ڈال کر — یہ کہتی ہین صفدر سنبھالی ہمین
وہ بجھ رہون ہمین مرنہین وہ صدف ہون جسمین اثر نہین وہ سخن ہون جسمین گھر نہین
بہت آشنا ہین زمانی مین لیکن — کوئی دوست درد آشنا چاہتا ہون
کہا تجکو اجل نی دیکھکر مقتل مین قاتل سی — مین حاضر اسکو جلدی آپ کیجی گی کرتی ہین
چلو دنیا گمان تک آگئی کو اب کرو رخصت — ادہر بھی اک نظر ہم بھی تو تمکو پیار کرتی ہین
وہ کشش ہین کہان ای ساقی ہماری ہاتہ رہتی ہین — کبھی شیشی کی گردن مین کبھی ساقی کی گردن مین

کم سن ہین آئینہ ابھی پیش نظر نہین
کیا لین مری خبر او نہین اپنی خبر نہین

اوٹھ اوٹھ کی سیری دلکو کرین آپ پامال
مین دیکھون ستمہی بیٹھی یہ میرا جگر نہین

نہین آرام اسکو ایکدم مثل دل عاشق
نگاہ ناز بھی ہی کیا تمہاری بیقرار نہین

شرم آنکھ مین ہی آنکھ ہی پنہان نقاب مین
رہتا ہی اب حجاب بھی اونکا حجاب مین

ماتم کشتۂ فراق آج ہی بزم یار مین
سوت خزان ہین آئی تھی پھول ہوی بہار مین

نہین آتی ہی شرم سی باہمہ
یہ دولہن ہے کہ آرزو دل مین

الفت مین تیری دونون گم ہوگئی ہین ایسی
دل ڈھونڈھتا ہی ہم دلکو ڈھونڈتی ہین

کیا احتیاط ہی او نہین محبی وصال مین
آتی ہین سانہ لیکی کسیکو خیال مین

وہ اور جواب بیسوی سوا لونگا نامہ بر
وہ بات کہ کہ آئی کسیکی خیال مین

دیکھکر درپہ فغانی ہو کیون جاتا ہون
تم کیا تھا دل بیتاب کی تھہرانی کو

حد مین بعد فنا بیکسون پہ کیا گذری
مسافران عدم کی خبر نہین ہمکو

مین آوارہ وہ سودائی مین سرگردان وہ دیوانہ
نہ کچھ دل کی خبر مجھکو نہ کچھ سیری خبر دل کو

خدا جانی کہ کیا لذت ملی دونونکو تسلی مین
ادھر حیرت ہی بسمل کو ادھر بیکلی قاتل کو

نگاہ نامرا کیا انجمن سی ہین تو جب جانون
ہنسا دو آپنی مین پاس سی اپنی مقابل کو

تمنا ہی بنا کر سامنی دیکھا کرون ہر دم
تری اس بھولی صورت کو تری اس پیاری چتون کو

جوانی کو حسینان جہان بھی پیار کرتی ہین
نگاہی رکھتی ہین پھاتی سی اپنی اپنی جوبن کو

بہار گل مین توبہ کر کی کس حسرت سی تکتا ہون
کبھی ساقی کی چہری کو کبھی شیشی کی گردن کو

احباب نی کی سیری سفارش تو وہ بولی
دشمن مری کیا کرنی لگین پیار کسیکو

سنکو ونگا کچھ جواب جب اونسی نہ بن پڑا
گردن مین سیری ڈالدی مسکرا کی ہاتھ

کہو گھنٹ اولٹ کی اوسنی شب وصل یکبا
کچھ بک نہین گئی مری دشمن حیا کی ہاتھ

نہ بھولونگا شب وصلت مین بوسہ مانگنا اپنا
بجا کر مسکرا کر منہ چھپانا اونکا آنچل سی

چمک کر آسمان پر ابر مین جب چھپ گئی بجلی
تمہارا جاہنا یاد آگیا پردی کی او جل سی

ذرا ای آفتاب حشر برقع ڈال کر آنا
اری ظالم خدا سی ڈر یہ وقت خود نمائی ہی

ہوا یون لب بلب تو کیا مزہ ہوتا اگر ہوتی
مری منہ مین زبان تیری تری منہ مین زبان میری

یہ کمنا صل مین اوس برق وش کا یاد ہی صیقل
تڑپ ہا و طوق گردنکا او تار و بجلیان میری

وہ بت جلوہ آرا ہوا چاہتا ہی
خدا جانی اب کیا ہوا چاہتا ہی

برنگ شمع جب مہمان اہل بزم ہوتا ہون
جلاتی ہین بجھاتی ہین اوٹھا دیتی ہین محفل سی

دم آخر ترا بسمل نہین قاتل تڑپتا ہی
یہ رخصت ہو رہی ہی بیقراری تیری بسمل سی

یہ سو سو بار کیون او نہتا ہی صفدر ما جو کیا ہے
خفا ہی دلربا کی طرح شاید در وہی دل ہی

طلب جو آینہ ہوتا ہے دیکھی لیکن
حضور ہمسی ہی آنکھین ذرا ملای ہوی

یون زیر قدم نہ دل کو پیسو
پس جای نہ آرزو ہمتاری

جوانی مین بہار حسن صورت آہی جاتی ہی
مگر جسو قت گذر اتا ہی رنگت آہی جاتی ہی

شباب آیا ترقی پر تو بوسو نکی اجازت دی
خدا دولت جو دیتا ہی تو ہمت آہی جاتی ہی

غضب کی چیز ہی یہ حسن انسان لاکہ بچتا ہی
مگر دل کھنچ ہی جاتا ہی طبیعت آہی جاتی ہی

یہ دیکھا ہی طبیعت کی حسین کتنی ہی ٹھنڈی ہون
ہوی دو چار جب عاشق شرارت آہی جاتی ہی

کوچی کا اوسکی صفدر ملتا نہین ٹھکانا
مین دل سی پوچھتا ہون دل مجسی پوچھتا ہی

تم ہی حجاب اوٹھا گنگام تو
نہین تمکی منہ پہیر لینا ادا سے

دل تو پہلو مین وقت خواب نتھا
پھر تڑپ کر جگا دیا کسنی

قضا تیغ دو نون اوسیکی طرف ہین
یہ قاتل کی آگی وہ بسمل کی پچی

تری فرقت مین دل فی ساتہ چھوڑا
کہان اس بیمروت نی دغا کی

مرا دل تو یکتا بچتی جانتا ہے
مگر اس مین آئینی کو گھنگو ہی

مین جان ابہی نثار کرون تیغ یار پر
رہجای یہ گلی سی جو دم بہر لگی ہوتی

عجیب راحت سے سوتی ہین ملی ہوئی گلگانت | کسیکی گردن کسیکا بازو کسیکا سر تکیہ

حورین کھڑی ہین ساغر کو ڈالی ہوی | تلوار کی تلی تری نسبل کی سانی

بولی وہ نازسی ہٹکرا کی مری بیت کو | میری غافل بھی غفلت کبھی ایسی تو نہتی

یاد ہی کہنا کسیکا سہکا کر وصل مین | اتبو کچھ شکوہ ہین حسرت برآئی آپ کے

وہ سگین آنکھ کی صفدر بجای آئینی سخن | کر رہی ہاتھ مین ہی لیکن وہ روبرو ہی نہین گئی ہی

رباعی

ہم خوب سمجھتی ہین تمہاری باتین | دکھلانی کی ہین فقط یہ ساری باتین

منظور ہی جلوہ لن ترانی حیلہ | اللہ ری تمہاری پیاری پیاری باتین

رباعی

تہی خوی تواضع جو ہماری نگہی | منظور رہی جسکی پاسداری نگہی

کپڑون مین ملا عطر تو مٹی کا ملا | زینت مین بھی اپنی خاکساری نگہی

صفدر

صفدر رصاحبزادہ صفدر علیخان ابن صاحبزادہ غلام عباس خان ابن صاحبزادہ احمد یار خان افسر اہلی امداد حسین نسیہ وزمراد آبادی کی شاگرد تہی پھر سیالکوٹ مین نظام شاہ نظام کو کلام دکہایا جب سی او ہنون نی رحلت کی سید احمد علی رسا سی تلمذ ہی اب بیس برس کی عمر ہی چند شعر اذکی لکہی جاتی ہین

رختہ

مجسی پہلو تہی جو کرتے ہین | یہ بہی اک طرز دلربائے ہی

رخصت ای آرزوی خلد برین | کوچہ یار تک رسائی ہی

صراحی ی گلگون بغبل مین ہاتہ مین ساغر | خرام ناز کرتا ساقی مستانہ آتا ہی

صفت

صفت سیر طہو تذکرہ طبقات الشعرا مین لکہا ہی کہ یہ درحقیقت شاہجہان آبادی ہین مگر آبا ولی مین نشو ونما پائی اور اسی دارالریاسۃ مین رہی نہایت مرصع صلاحیت

شعار حلیم الطبع بردبار تجربہ کی عالم مین رہتی تھی کبھی شعر بھی کہتی تھی یہ اونکا کلام ہی

فارسی

گر دیدہ ات امروز آن نگاہ می پرستش را	کہ اشب محتسب با لغزش مستانہ می آید
پژمردہ شود خارخسش از تاب نگاہم	این آینہ از جلوہ پرستان گلہ دارد
در غمزہ زلف او سیہ پوش است	سوگوار مرا تماشا کن

صنعت

صنعت شیخ کریم الدین ولد شیخ تہتو صنائع زرگری مین کامل تھی اور سانہ ان شاغل کی عابد و زاہد ذاکر و شاغل تھی شاعر رنگین طبیعت و صاحب ذوق تھے شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق تھی پچہتر برس کی عمر تھی کہ تیسری محرم کو بارہ سو شصت ہجری مین انتقال کیا دیوان منتخب کرکی کچہ کلام لکہا گیا

ریختہ

دم تو کب کا نکل گیا ہوتا	ضعف سی تا طبب نہین آتا
اور صنعت تو یاد ہے لیکن	اوسکی طبنی کا ڈہب نہین آتا
ہجر و وصال دونون مین کٹتی ہی شب دلی	یارب یہ کیسی شب ہی کہ جسکی سحر نہین
مجکو بلایا غیر کی گہر جاکر آپ نے	اسکو ستم کہون کہ مدارات کیا کرین
فریاد کو محشر مین سند کچہ نہین درکا	گل کہانی سی ہاتہ اپنی ہین مختصر سی زیادہ
یہ مانا کہ ہین آپ دلبر ولیکن	ہمارا ہی دل لیکی دلدار تہہری
تو ہی بتلا دے یار صنعت کو	کیون بہلا تجہہ پہ پیار آتا ہے

مخمس

ہر جگہ تمنی مچلکر دل ہین جس تسکی لیے	کیا اچار انکا پڑیگا لیتی ہو کسکی لیی
بن دلوا سامین نہین دینے کا تم جسکی لیی	کہتی ہو گہر کو نہین جانیکا بن اسکی لیی
اور بہی للچایی تم کچہ صنعت کا دل دیکر	

صوفی

صوفی شیخ محمد عبد الخالق ولد شیخ خدا بخش پینتیس برس کا سن نیک خو نیک باطن فکر
سخی ہی طبیعت زکی ہی شاہجہان آباد مین اصلی ہی اب مدت سی اسی والد کی ریاست
مین رہتی ہین نواب مرزا خان داغ سی تلمذ کا افتخار ہی شعر خوب
کہتی ہین یہ اونکی اشعار ہین

رختیہ

کیون غنچہ کو مقتل مین کیا آپ نے بسمل
کیا ہمکو ترپانا خنجر نہین آتا

اوس طالع خفتہ سی یہ پوچھا نہ کسی نے
فنیدا آتی ہی ظالم تجھی کیونکر شب وصل

نہ وہ کرتی ہین جانبخشی نہ ہمکو ذبح کرتی ہین
الہی کیا مصیبت ہی نہ جیتی ہین نہ مرتی ہین

اوس بت کی تاکر جو ہماری نظر گئی
بولا وہ ناز کی سی کہ یارب کدھر گئی

بھکرے ہین گیسو شکوہ ہوی ہین جان کی دشمن
تاثیر جب گرانہ ٹھہری گلہ کیجئے تو کیا ٹھہری

فصل ضاد معجمہ

ضابط

ضابط احمد حسینخان ابن نیاز علی خان ضبط تخلص پندرہ برس کا سن ہی کمسنی پڑہنی کا
مشغلہ رات دن ہی تازہ تازہ شعر کہنی کا ہی شوق ہوا ہی ابھی اس فن کی ابتدا ہی
دو ایک غزلین جو موزون کین وہ اس ہیچمدان کو دکھانین دو شعر اونمین سی
لکھی جاتی ہین

رختیہ

تشنہ دیدار ہون جی بھر کی دیکھو نکا بھی
شکر ہی قاتل روانی آب خنجر مین نہین

رنج و غم درد و الم کیا ہین سبھی لین
عشق کی کونسی نعمت ہی جو اس کمر مین نہین

ضبط

ضبط نیاز علیخان ابن کریم اللہ خان پچیس برس کا سن ہی ملازم قدیم سرکار
دولتمدار ہین آگی عدالت فوجداری مین سررشتہ دار تھی اب محکمہ عالیہ صدر رہین
عہدہ نظارت سی مورد افتخار ہین تاریخ کہنی کا بہت شوق ہی کار سرکار سے

فرصت نہین ہوتی ورنہ رنگینی طبیعت سی جملہ اقسام شعر کا ذوق ہی استبدامین
مولوی عبدالقادر خان رنگین سی نیاز تھا اب اگر کبھی کچھ کہتی ہین وہ کلام ہیچمدان کو
دکھاتی ہین یہ چند شعر اونکی لکھی جاتی ہین

رختیہ

کیا مین دیوانہ تھا جو لیتا بلائین جانکی — ای قد طلعت تری صورت کا دھوکا ہو گیا
ای ضبط اثر نالہ و افغان مین نہین کچھ — بیطاقتی غل ہمکو مچانا نہین آتا
رات گذری منتین کرتی ہین — وصل کا بھی حوصلہ پورا ہوا
گریبان پھاڑ کر عالم ہوا ساتھ — چلی جسم عریان دامن کو اوٹھا کر
لوگ آتی ہین یہان کیا دیکھنی — ضبط مرتا ہے تماشا کچھ نہین
عجب کچھ حال دیکھا ضبط کا اوس بے طاقت ہین — خدا محفوظ رکھی اس بلا سی ہر مسلمان کو
شب وصال کتی دل کو جراتین کرتی — زبان ای نہ مری عرض مدعا کی لیی

ضیا حضیا سید حسین علیخان ابن سید فدا حسین خان مرحوم انکا وہ خستہ نگر ہی مگر سکنے
دار الریاست مقام ہی چھبیس ۲۶ برس کی عمر ہی امیر حسن علی خان عرف آغا جو ہندی
تخلص سی فن شعر مین فیض پایا ہی یہ اونکا کلام ہاتھ آیا ہی

رختیہ

فرقت کی یہ شب دیکھیی کس طرح سحر ہو — ہاری ابھی نہین گن کی جنہین رات بسر ہو
یہان ضعف سی نالہ بھی زبان تک نہین آتا — پھر یار کی دل مین ہو تو کس طرح اثر ہو

ضیا حضیا ممتحن الدولہ حکیم محمد یعقوبعلیخان بہادر کی عمر ہی خلف مہدالدولہ سید زکی علیخان
رضوی مرحوم متخلص بہ حیات خاندان نواب اسد خان مرحوم کی یادگار آبا اور
اجداد انکی مشہور جوار دہلی طبیب نامور ہر کنبہ قبول سید محمد صاحب سی
پڑہی جو بلقب فخر العلما مشتہر ہین علم طب اپنی خاندان مین حکیم بندہ تقی خان

مرحوم سی حاصل کی سالہای دراز اونکی مطب مین بیٹھکر اس فن کو کامل کیا فن شعر مین
میر وزیر علی صبای لکھنوی کی شاگرد ہین اب چند سال سی اس دارالریاست
مین ملازم سرکار فلک اقتدار ہین قدر دانیون ہی مورد افتخار ہین ایک
کتاب محامد واصاف اسلام کرام و آبای عظام بندگان حضور مین بطور تاریخ
لکھی ہی یہ اشعار اونکی یادگار ہین

رختیہ

کہتا تہا مین یہ کہونگا یہ کہونگا سب تفصیل	جب ملاقات ہوئی کچہ نہ کہی یاد رہا

مدح بندگان حضور بزبان فارسی

از کجا تا بکجا گر بستایم نسبش	وز زمینا تا بنیا بشمرمش آبا را
از گہر ریزی این رشتہ گرانمایہ کنم	دودہ آدم و ہم سلسلہ حوا را

رباعی

بیہات کہ ہمدمان و یاران رفتند	شیرین سخنان و گلعذاران رفتند
از کاسہ سر ہمین صدای پیداست	پیمانہ شکست و بادہ خواران رفتند

ضیغم میان اکرام الدین احمد مغفور ولد میان قطب الدین مرحوم رسلسلہ ان کے
نسب کا حضرت امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز تک پہنچتا ہے
میان احمد حسین راحت سی مشہور دہتا بارہ سو تین ہجری سال ولادت ہی
اور بارہ سو اٹہاسی ہجری زمانہ رحلت ہی اس حساب سی پچاس برس کی عمر ہوئی
ایک شعر غزل کا ملا وہ لکھا گیا اور مثنوی جو گلرانی اور کامروپ کی عشق مین لکھی ہی
اوس سی دو شعر منتخب ہوی وہ درج تذکرہ ہوی

رختیہ

دنبالہ دار سرمہ نہین چشم یار مین	نکلی ہی عین مستی مین ضیغم ہرن کی شاخ

مثنوی

دکھاتی تھی زیور کی اسکے پہین — جواہر کی دریا مین تھی غوطہ زن
حنا سی ہوا دست و پا کا وہ رنگ — کہ یاقوت دیکھی تو ہو جای دنگ

فصل طای حطی

طالب مولوی الہ داد عرف حافظ شہرانی عالم باعمل تقوی اور پرہیزگاری مین ضرب المثل تھی تہجد گزار شب بیدار لڑکپن مین چیچک سی آنکھین جاتی رہین اوسی عالم بینائی مین سب درسیہ کتابین پڑہین ملا حسن مرحوم کی شاگردون مین نامور ہوی باوصف فقدان بصارت قوت بصیرت سی وہ ورد و رشتہ ہوی خوش فکری ہر شعر سی ہویدا ہی اس فن مین مولوی قدرت اللہ شوق سی مشورہ تھا نشتر برس کے عمر ہوی بارہ سو پچہتر ہجری مین اونتیسوین شوال کو انتقال کیا یہ چند شعر اونکی دیوان ریختہ سی انتخاب کرکی درج تذکرہ کیی گئی

ریختہ

ہر چند روسیہ مین بی نور دبی بصر تھا — لیکن بزنگ سرمہ منظور ہر نظر تھا
جا بجا نگی تکیی تری دیوانون کے — خاک اوڑاون مین کہان نام کو صحرا نورد
جای خون سی مری گل تھی اوس مین — چیر کر جب دل بلبل دیکھا
نہ اوٹھا شور قیامت سی مہین — منتظر ہون تری ٹھوکر اٹھنے کا
اور اچھا ہوا نظارہ دشمن سی بچی — رکھہ یار و زن دیوار مین پڑ کر کا غذ
فتنہ شور قیامت نہ کہین چونکتی ہی — چاہیی تکوہی اتا دم رفتار کا ذ
چیر ہی یہی کوشش تھی دل و گلیہ کو — یہ ہی دو جا گہ ہین اور کیا کہا گیا ہین تیر کو
سب ہمصفیر اور کنی صیاد وامی — پر ہم تھی اور ڈہب کی گرفتار رہ گئی
مین تو ہون محو ہجوم آرزو فتہ ملی — آپ سی ہر دم بہلا کیا کیا اجازت دیجی

اک حسرت جدائی اک شوق وصل جانان
دو چیز ہیں کہ پیہم امید و ستو جہاں ہی

یہ ہجر کی صدمی وہ تری وصل کی وعدی
جینے نہیں دیتی مجھی مرنی نہیں دیتی

اب تو یہ عزت ملی اس نالہ پر شور سے
دیکھکر مجھکو اوٹھا شور قیامت دہر سی

کچھ خبط نہیں ہی مجھی وسواس نہیں ہی
وحشت کا یہ باعث ہی کہ تو پاس نہیں ہی

جنت ہی نہیں ملک خدا حضرت ناصح
آخر تو کہیں ہم بھی گنہگار رہیں گی

مرکی بھی ہمنے سبکو دیکھ لیا
کوئی مرتا نہیں کسیکے لیے

نفس عیسوی نکر ممنون ما
ہمکو دو دن کی زندگی کے لیے

آو عشق بتان بھی کر دیکھیں
یہ بھی اک طبع آزمائی ہے

اشک اڈی ہین مری ابر کہی کی دی
آبرو چاہے تو مٹ کر مری گھر سی

رات بھر نالی کیے ہمنی تو دن بھر روئی
جسقدر شام سی گرجی تہی سحر سی برسی

تضمین

بکن شادمانم ز بوس و کنار
بدہ کام دل یک زمان ای نگار

چو دی شد بفردا میفگن ز کار
ہمین امد کی شب غنیمت شمار

چہ می خسپی ای فتنہ روزگار
بیا و می لعل نوشین بیار

مثنوی

ای مظہر رحمت الہی
ای عین عنایت الہی

ای نور فزای چشم آدم
ای باعث ہستی دو عالم

ای ختم رسل شفیع محشر
ای مالک آب حوض کوثر

ای قبلہ دین شاہ کونین
ای صدر نشین [illegible]

ای ابر کرم سحاب احسان
ای لطف خدا حبیب [illegible]

ای عذر پذیر ای خطاپوش — باخلق کریم در کرم کوش
ای کوش نہ ندای طالب — مقبول ہو دعای طالب

طالب تخلص عبد الرزاق خان ابن عبد العزیز خان پینتیس برس کی عمر ہی شیخ احمد علیصاحب
احمد کی شاگرد رشید اونہین کی فیض صحبت سی مستفید یہ اونکی شعر ہین

رختیہ

خط نیست کہ برگرد رخ یار برآمد — دو دی ست کہ از آتش رخسار برآمد
شرمندہ ای طالب بیکس کہ بیاد حسرت — درہم داغ بکلف بھر خریداری دل

طلعت محمد سعادت علیخان رسالدار ولد محمد سعادت خان ابن بلند خان جو دہ جوڑیہ
معرکہ جنگ مین شہید ہوی یہ احمد خان غفلت مرحوم کی شاگرد شعر ہین مستفید ہوی
باسٹھ برس کی عمر تھی کہ چودہوین صفر کو بارہ سو چہتر ہجری مین قضا کی چند شعر اون کی
فرزند دلبند حشمت علیخان سو بہ کی ملی وہ لکھے گئے

رختیہ

سد انداز و نمازاوس شوخ کی کیا جی رونے — نئی بات او سمین جو پانی ہی پر یون فی ورائی ہے
غضب ہے آپ ہی چہرہ و خفا ہو آپ ہی اولٹی — تمہاری بات بھی جو ہی زمانی سی نرالی ہی

طلوع شیخ شمس الدین ابن شیخ مقیم الدین اٹھارہ برس کی عمر ہی نقشی سید اسمعیل حسین
میر کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہے

رختیہ

کیا کوئی آنکھین لڑا ہیگا ہوا ہی موجو — آج کیون آپکی مژگان ہین صف آرائی ہی
مٹ کی ٹھہرا ہون مین ای شوخ ترے نقش قدم — جان دیکر تری کوچی مین جگہ پائی ہی

فصل خای معجمہ

طریف صاحبزادہ محمد عبد اللہ خان بہادر ابن جناب نواب غلام محمد خان صاحب بہادر

نورالله مرقدہ جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا بڑی تنومند اور قوی القوی تھی زور وطاقت مین یکتا تھی سنا ہی کہ اونکے کنارے بیاس ایک دریا ہی وہان ایک کشتی بہی جاتی تھی ملاحون نی رسّی کنارے پر پہینکی کوئی روکنی والا نتھا انھون نی رسّی پر پاون رکھدیا پہر اوس کشتی کو جنبش نہوئی ستر برس کی عمر پائی میرٹھ مین تپ آئی ساتوین محرم کو بارہ سو چوہتر ہجری مین رحلت فرمائی درگاہ چشتی پہلوان مین جگہ پائی کلام انکا ہاتھ نہ آیا کہ زیب افزای تذکرہ ہوتا اونکی پوتے صاحبزادہ محمد رضا علیخان رضا کو ایک شعر اپنی غزل کا جو اونھون نی مین پوری مین سراسری سوزون فرمائی تھی یاد تھا وہ بہرکا اس تذکرہ مین لکھا گیا

رخیتہ

منحصر بتجہیز شفاعت ہی بہلا جاہین کہان	ای شفیع عاصیان ہم تیرا دامان چھوڑ کر

ظہیری عبدالله خان عرف بچا خان ولد غلام محی الدین خان چوالیس برس کی عمر سے ملازم سرکار دولتمدار ہین فارسی زبان کا شوق ہی جو کتابین درس مین ہین وہ سب پڑہی پڑہائی ہین علاوہ درسیات کی اور کتابین بہی مطالعی مین آئی ہین شطرنج کہیلنی مین بہی انکا ذہن رسا ہی کبہی کبہی فارسی شعر بہی موزون کرتی ہین محمد عظیم خان عظیم سی مشورا ہی یہ کلام اونکا ہی

قصیدہ در نعت

آن شہنشاہی کہ ادنی بندہ درگاہ او	باج گیرد تاج از فرق سران روم و چین
آن شہنشاہی کہ عصفوری ز باغ ہمتش	عار دارد ہمسری با شہپر روح الامین
مرحبا ای ذات پاکت را کہ از نعلین تو	گوہر مقصود یابد دامن عرش برین
ہین شفیع عاصیانی تو کہ آدم وقت یاس	بر خطای خویش خواند ات یا شفیع المذنبین

از غزل

بجہ قتل بہانہ مے جوید	داد از دست بیگانہ ہے ما

رباعی

آئینہ چو روبروی جانان گشتہ	چون دیں بروی دوست حیران گشتہ
زانسان کہ در آئینہ نماید رخ او	آئینہ بروی او نمایان گشتہ

فصل عین مہملہ

عابد صاحبزادہ محمد زین العابدین خان عرف گلن خان ولد صاحبزادہ محمد اصغر خان اصغر جنکا حال مع سلسلہ نسب حرف الف مین رقم ہوا بیالیس برس کا سن ہی تمام کسی سی نہین بطور خود دیکھتی ہین یہ اونکا کلام ہی

تختیہ

تہا جو اوڑنا ہی ہوش کو مے ہی	بوی گیسوی عنبرین ہونا
صدر شکر ہجہ یار نی دل سی مٹا دیا	کھٹکا سا لگ رہا تھا جو روز حساب کا
زیا خیال بوسی کا اوس چشم مست کی	ساقی لگا دی سنہ سی پیالہ شراب کا
ارمان یہ عرض حال کا رہجای آج تو	کچہ دن بڑہا دی اور ہی یارب حساب کا
روز وصال وہ ہی تو کیا خوف رستخیز	معراج سمجہی حشر کو دیوانہ آپ کا
تہا نہ کھلنا جو عقدہ دل کو	کاش ابرو کی تیری چین ہوتا
تری جہوٹی وعدی سی تہا وہ جواب صاف بہتر	نہ امید وصل ہوتی نہ یہ انتظار ہوتا
دل سی ہماری پوچہو مزہ ہجہ یار کا	انکہین بند جانتی ہین انتظار کا
سنہ دکہانی مین تمہین کونسی مجبوری تہی	حال دل تہا نہ ہمارا کہ دکہایا نہ گیا
نظر کبھی مین جو آیا اوسکو دیر مین دیکہا	عبث جہگڑا ہی اسی شیخ و برہمن کہ خدا جانتا ہی
نہ میدان قیامت چہوڑ کر جاؤنگا جنت مین	مجہی یاد آگیا وحشت مین گر پہر نا بسا یا تا نکا
کاش نخلین یہ ہی تو لخت جگر کی سانا	ارمان ہمدی جو دلمین ہماری ہزار ہین

کچھ بعد میری مرنی کی اونکو نہین ہی غم
افسوس اونکو یہ ہی کہ کیسر جفا کرون گی

کمبخت زبان تنگ دہن اونکو کیا کہون
اتنا بھی تو اب منہ سی وہ بولا کرین گے

غیرت تو کیون نہین ہی پہ مجبور دلسی ہون
منتی نہین ہی یار سی بی التجا کیی

واہ اچھی مہربانی ہی شب وصلت مین وہ
شام سی تا صبح میرا حال پوچھی جاین گی

جینی مذی ہجر یار مرنی مذی انتظار
جان یو ہین بیقرار دیکھیی کب تک رہی

عابد صاحبزادہ زین العابدین خان ولد صاحبزادہ احمد اللہ خان ولد نواب نصر اللہ خان صاحب بہادر سلطان تخلص جنکا ذکر حرف سین مہلہ مین گذرا میان غلام مرتضی سوزان تخلص کی شاگرد ہین باسٹہ برس کی عمر ہی یہ اونکا کلام ہی

ارسلام

مجرا ہی جسی عشق حسین ابن علی ہی
حاصل اوسی دنیا مین سعادت ازلی ہی

عابد سید عابد حسین ابن میر احمد علی رسا سولہا برس کا سن ہی اپنی والد کے شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

ای ابر برس کر کوئی طوفان مچا کر
وہ پوچھتی ہین حال مری دیدۂ تر کا

خورشید قیامت کا تماشا نظر آیا
آنچل جو دوپٹی کا رخ یار سی سرکا

عاجز حسن علیخان ولد نادر شاہ خان بتیس برس کا سن حافظ قران شعرہ ہین چندی صاحب عالم مرزا رحیم الدین حیا سی مشورہ رہا پھر میر احمد علی رسا کی شاگرد ہوی یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

آئینہ سامنی رکھا ہوا دیکھا افسوس
ہم یہ سمجھی تھی کہ خلوت مین وہ تنہا ہوگا

وہ ہم آغوش رہی تو ہی نہ نکلی ارمان
کسقدر مجکو رہا خوف سحر وصل کی شب

ہون سکست رنگ پر قربان کہ مجھسی ہے حال — پوچھتا ہی یار مجکو جا کہ کیا نہ آج
ایک ادا سی تو زمانی کو سٹا دیتی ہے — پھر وہ کہتی ہین مجھی طرز ستم یاد نہین
کیون شور حشر فی ہین ہشیار کر دیا — تجھو دیڑی ہوی تھی کسیکی خیال مین

عاشق خان بہادر خان خلف محمد ابراہیم خان شاگرد میر احمد علی رسا ہین
بتیس برس کا سن ہی یہ اونکا کلام ہی

رختیہ

رفتار مین بچک سی نشان کمر ملا — ثابت جو مسکرانی سی اونکا دہن ہوا
نہ دل سی جای گی ایذای غم کی تخصیت — کسی کی ملی کا ارمان بن کی آئی چوٹ
کہنا دن تڑپتے تری یاد مین — خدا جانی کیا رنگ لای گی رات
کہتی ہو تم کہ میسنی تجھی کچھ نہین کہا — ظالم جگر مین زخم یہ کیسکی زبان کی ہین

عاشق حاجی حافظ محمد اسمعیل خان ولد محمد ابراہیم خان شاگرد وزیر علیخان
وزیر جوان صالح تھی زندگی نی وفاکی اکیس برس کی عمر ہوئی نوین رمضان کو
بارہ سو انہاسی ہجری مین نوجوان مرگئی یہ اونکی چند شعر ہین

رختیہ

لیگیا کون دلربا دل کو — درد پہنچتا ہی ڈھونڈھتا دل کو
نہ منہ موڑونگا وقت ذبح ہرگز — اری قاتل مین اسماعیل خان ہون
تری خاطر عدو کی التجا کی — بہت اپنی سی ہمنی دلربا کے
یقین کیونکر نہو وعدی پہ اونکی — وہ کہاتی ہین قسم میری وفا کی

عاشق محمد عظیم خان ولد بہادر خان صاحب کمال رہتی فارسی کتابین میرزا قتیل
مرحوم سی پڑہی تہین کبھی کبھی اردو شعر بھی کہتی تھی پچاس برس کی عمر ہوئی
رمضان شریف کی چوتھی تاریخ بارہ سو اکتالیس ہجری مین انتقال کیا

یہ شعرا اونکا ہے

ریختہ

عاشق

بوسہ اوس لعل شکربار کا یارب ملجاے | مطلب اس عاشق بیمار کا یارب ملجاے

عاشق تخلص سید غیاث الدین خلف سید قطب الدین رضوی ایک شعلہ انکا تذکرہ مصحفی مرحوم سے لکھا گیا اسسے زیادہ کلام نہ ملا نہ کچھ حال معلوم ہو

ریختہ

عاصی

نہ لگا اوس سی تئیں زنہار دل اپنا عاشق | سخت وہ شوخ دل آزار نظر آتا ہے

عاصی صاحبزادہ محمد مبارک علیخان بہادر ابن جناب نواب محمد سعید خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ نور اللہ مرقدہ جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین زیب افسانہ اگر تذکرہ ہوا اکیس برس کی عمر ہی ذہن رسا ہی مذاق اچھا ہی پہلی مرزا محسن علیخان عرف آغا جو تخلص بہ ہندی کی شاگرد تھی پھر سید نظام شاہ نظام سی مشورہ ہوا یہ چند شعرا اونکی کلام سے منتخب ہوکر لکھے گئے

ریختہ

یون بھی کوئی مکرتا ہے لیکر کسیکا دل | میری طرف تو اوستم ایجاد دیکھیا

یہان گنتی کٹتی ہی ایک ایک گھڑی | وہان یاد بھی اپنا وعدا نہین

ایسی مرجانی پہ عاصی کیجیے سو جانین فدا | کرکی بسمل مجکو وہ محو تماشا ہوگئی

جفا و جور مین پائی ہین لذتین کیا کیا | تمہاری ظلم کا پوچھی کوئی مزا مجھسی

حال دل اسلیی اوس شوخ سی کہتا نہین عاصی | کہ ستم سی نہ کہین اپنی پشیمان ہوجاے

تمنی عاصی کہین تمہین دیکھا | کہل گئی قدر یار سائی کی

ابھی یہان آہ و زاری کی ہوس ہی | شب غم اور اسی گردون رسائی کی

جبین مین پڑگئی چین ہای قسمت | گرہ جب کہل گئی بند قبا کی

ایک بوسی سی کسکی ہو تسکین		خواہشین اینمین ہزار ہا دل کی

چی

عاصی صاحبزادہ گوہر علیخان ولد صاحبزادہ نذر علیخان ولد صاحبزادہ قاسم علیخان ابن جناب نواب محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل طاب ثراہ جنکا ذکر خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا ستائیس برس کا سن طبعی نیک باطن خیر اندیش متواضع و انکسار ہی طبیعت عجب باغ و بہار ہی اکثر نعت شعر فرماتے ہین اس مجموعہ مین کلام دکھاتے ہین یہ چند شعر اونکی بطور یادگار لکھے جاتے ہین

ریختہ

مر گئے لوگ کیسے کیسے یہان		ہای دنیا مکان عبرت ہی

رباعی

سب عمر کٹی گناہ کرتی کرتے		اور خواہش نفس دل مین بھرتی بھرتے
کیا وعدہ وکیا تہا اور کیا کیا عاصی		دہیان اسکا نہ آیا کچھ بھی مرتی مرتے

چی

عاصی شیخ محمد عنایت اللہ ولد شیخ محمد امام الدین ستائیس برس کی عمر اسدای شوق ہی نعت شریف کہنی کا ذوق ہے حافظ حسن علیخان عاجز کی شاگرد ہین یہ اونکا کلام ہے

ریختہ

مری دل کی گرفتاری کو یارب		بنی زنجیر گیسوی محمد
ہلال عید سی تسکین ہو کیونکر		ہین ہون مشتاق ابروی محمد
دکہا نا قبر مین عاصی کو یارب		شبیہ روی نیکوی محمد

چی

عاصی محمد سراج الدینخان ولد مولوی جلال الدین خان نواب مرزا خان داغ کی شاگرد ہین باتیس برس کی عمر ہی کبھی کبھی تخلص حیران بھی کرتی ہین یہ اونکا کلام ہے

رختیہ

پیر گردون نے لگائی عینک خورشید پر
پر نہ دیکھا اوسنے تیری روی انور کا جواب

عاصی

عاصی تخلص نام انکا معلوم نہین تذکرہ گلشن بیخار مین صرف تخلص اور ایک شعر لکھا ہی وہین سے لکھا گیا

رختیہ

مرجھلاتا ہی گرمی سی نگہ کی وہ گل اندام
اللہ رے لطف کی نازکبدنی ہی

غمگین

عاقل صاحبزادہ محمد رضا عینخان ولد صاحبزادہ محمد اصغر عینخان اصغہ پچیس برس کا سن ہی مردنیک خصال ہین خلق و تہذیب مین سراپا کمال ہین جو کچھ کہا میرزا قتیل پر بالفعل پر یہ سالک شاگرد مرزا اسد اللہ خان غالب دہلوی کو دکہایا مگر چند ہی روز یہ تعلق رہا پہر چھوٹ گیا کچھ اشعار اونسی ملے اوس مین سے دو شعر لکھی گئی

رختیہ

قتل کرتا ہے اک نگاہ مین وہ
اور ابہی دیکھنا نہین آتا

قتیل

بیم محشر ہی خموشی نی ہماری کیونکر
جانتی ہین کہ اسی طاقت گفتار نہین

عاقل سید مہدی حسین ولد سید ہادی حسین عالی تخلص لکھنوی بیالیس برس کی عمر ہی متوطن لکھنو ہین جناب منشی مظفر علی صاحب اسیر سی تلمذ ہی اس زمانہ مین یہان آکر رہتی ہین طبیعت اچہی ہی شعر خوب کہتی ہین یہ اونکا کلام ہی

در مدح بندگان حضور پر نور

یہ صحن باغ مین افزائش زر گل ہی
کہ باغبان بہی ہی قارون کی طرح مالدار

روش پہ باغ کی رنگ حنا کری پیدا
برہنہ پا کوئی سبزہ اگر کرین پامال

تر قیعونہ جو یو ہین رہا چمن کا رنگ
عجب نہین ہی جو بلبل کی لال ہون پر و بال

کبھی فلک کی طرف رخ کری جو آپکا عزم | یقین ہی قطب روانہ ہو بہر استقبال
کرم سی آپ کی ایسا جہان ہی مستغنی | ہوا ہی دیدۂ سائل مین ارۂ سیسوال
زمین کو رتبہ ملا نقش نعل توسن سی | فلک پہ ایک مہ نو ہے زمین پہ چار ہلال

اشعار غزلہا

ہمارا وہ نام سنکی بولی نہین ہی باور تجھی علی | بتا واہل جہان کسی فی سنا ہی عاقل بنام عاشق
رگ گردن دل ارباب صفا کعبہ و دیر | یار معلوم ہین سب تیری ٹھکانی ہمکو
منہدی پہ وہ عاشق ہین لہو رونی پہ غش ہولن | تلوہ لنسی وہ اونکی یہ مری دلسی لگی ہی
یہ روز بروز ترقی یہ حسن ہی اونکا | کہ صنوت اونکی مہی بہول بہول جاتی ہی

عالم تخلص حافظ محمد عالم شاہ خان ولد احمد شاہ خان تاجر چوب پچیس برس کی عمر سے میان فضل احمد فضل کی شاگرد ہین اونکا یہ کلام ہی

رختہ

مرزہ باد ایدل کہ وہ بلوا کی خلوت مین مجھی | سن رہی ہین حال میرا جانکر افسانہ آج

عباس تخلص مرزا عباس بیگ نام اصل وطن بانس بریلی ہی مرزا ذکی متخلص بہ ندیم کی اولاد مین تہی علم انگریزی سی آگاہ انشا نویسی مین مشہور رہی ایک مدت تک وابستہ دامن دولت ریاست رامپور رہی پھر لکھنو گئی خواجہ حیدر علی آتش کی شاگرد ہوی اونہون نی تخلص بدل دیا بجای عباس نا در تجویز کیا وہان سی باندی گئی نواب کی سرکار مین نوکر ہوی چالیس برس کی عمر تہی کہ غدر ہوا اور وہین پہانسی پائی منجملہ تصنیفات ایک مثنوی اونکی ہی کہ فسانہ عجائب کو مثنوی لیلی و مجنون کی بحر مین موزون کیا ہی اور سنا گیا کہ دیوان بہی ترتیب دیا ہی مگر نہ دیوان کا پتا لگا نہ مثنوی کا نشان ملا متفرق چند شعر ملی وہ درج تذکرہ ہوی

رختہ

کیسو و کلکو وصل کی شب منسہ پہ تم لاؤ تو	شرط بد تا ہون قیامت تک سحر ہوتی نہین
پیتا نہین شراب کبھی ہو ضو کیسی	قالب مین میری روح کسی پارسا کی ہے
باب قبول کہتی ہی جسکو تمام خلق	کہڑکی وہ ای صنم تری دولت سرا کی ہے

عباس

عباس عباسخان ولد کلوخان پنتیس برس کا سن ہی میر احمد علی رسا کی شاگرد ہین یہ اونکا ایک شعر ہی

رخیتہ

عباس

کل تمامتہا عشق مجنون کا زمانہ قصہ خوان	قابل تحریر ہی غم کا مری افسانہ آج

عباس تخلص عباسخان نام تذکرہ تکملۃ الشعرا تالیف مولوی قدرت اللہ شوق مین لکہا ہی کہ وطن اصلی انکا لاہور ہی مگر اس دار الریاسۃ مین مدتون رہی شعر رخیتہ بہی کہتی تہی اور قائم چاندپوری سی اصلاح لیتی تہی وہ کلام تو نہ ملا چند شعر پارسی جو اوس تذکری مین لکہی تہی وہ نقل کیی گئی

فارسی

عباس

خاک ما شد سرمۂ چشم فلک	حیرتی دارم عبا رکیستم
ز سر نوشت خود ای وای دربتہا ہم	کہ نام من بخط غیر یار انشا کرد

عباس سید عباس علی خلف سید نادر علی مراد آبادی پہلی عدالت منصفی مراد آباد مین وکیل تہی پہر اس دار الریاسۃ مین محکمہ جتری کی صدر اول ہوی مولد شریف پڑہنی کی مشاق ایسی محافل متبرکہ کی بہت مشتاق اسی ذوق مین کبہی کبہی بغیتہ شعر کہتی تہی مولوی محمد امین الدین امین اور مولوی کفایت علی کافی مرحوم سی تلمذ تہا پچپن برس کی عمر تہی کہ ہیضہ کر کی انیسوین جمادی الاولی کو بارہ سو چوراسی ہجری مین راہی ملک بقا ہوی یہ اونکا کلام ہی

در نعت

ای خالق ارض و سما دیدار احمد کا دکھا — ہر دم یہ تجھی ہی دعا دیدار احمد کا دکھا
درگاہ مین تیرے یہی ہی التجا عباس کی — دنرات ہر صبح و مسا دیدار احمد کا دکھا

عبرت

عبرت حکیم میر ضیاء الدین ابن سید علاء الدین شاہجہان آبادی انکا وطن آبائی ہی مگر انہون نی پرورش اسی دارالریاسۃ مین پائی ہی مصطفی خان عرف نجو خان مرحوم کی نوکر تہی فن شعر مین نواب محبت خان کی شاگردی ہی بہرہ ور تہی کلام انکا اور کچھ تو نہ ملا پر ماوست کو جسقدر انہون نی اردو مین سوزن کیا تہا اوسی انتخاب کر کی لکہا

رختیہ

بیتاب کوئی شی نہین سیماب کی مانند — پروہ بہی نہوگا دل بیتاب کی مانند
مین مثل کتان جیب کی دکہلاون تماشے — تو آی سہ بام جو مہتاب کی مانند

انتخاب مثنوی پدماوت

در حمد

کشش سی دل کی یہان جو آہ نکلی — بہ شکل مسدس اللہ نکلے
ہی وحدت پر دلیل اوسکی یہ کثرت — ہر اک سبزہ ہی انگشت شہادت

در نعت

محمد کا زبان پر نام آیا — قلم فی سہ کو سجدی مین جہکایا
محمد سرور دنیا و دین ہی — محمد رحمۃ للعالمین ہی

در مدح اوستاد خود

برنگ نغمہ جو مضمون رسا ہی — وہ اوسکی تار سطر مین بہا ہی

در مدح جناب سبطا نواب مجد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل طاب ثراہ

اگر ہو باز خون بط کے درستے | بطا وسکی ہوش اوڑادی جون بط مے

در سبب تالیف

بدل شنگرف کی رنگ شفق ہو | گلستانکا نمونہ ہر ورق ہو
خموش الفاظ ہون جون غنچہ گل | معانی مین چھپا ہو شور بلبل

در پیدایش پدماوت

جو پایا دانے نی عالم نرالا | بغل مین اوسکو دل کی طرح پالا
اوسی با د مخالف سی بچاتی | چراغ آساتہ دامن چھپاتی
نظر سی چشم بد کی بسکہ ڈرتی | جدا آنکھون سی جون پتلی نکرتی

رفتن پدماوت بسیر باغ و غسل کردن در دریا

یہ سکی عنبری نی مارا ہی شنجون | کہ ہی غنچی کی شاخ اگیتہ پر خون
سنی ہی سکی معدم کی خبر عام | سراپا چشم ہی ہر نخل بادام
چھلاوی سی کبھی یہان اور کبھی وہان | نگہ ساتہ اوسکی تھی افغان و خیزان

در صفت دریا

بر نگ چشم عاشق حلقہ آب | نمایان تہا نخ دریا پہ گرداب

در کیفیت غسل حسینان

فلک سی ماہ کرتا تہا اشاری | کہ برج حوت مین اوتری ہین تاری

در سراپای پدماوت و حسن آن

ذقن پر اوسکی ہی جو خوشنما تل | کسی عاشق کا جسکر رہگیا دل

در مدح جناب مستطاب نوابی محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل طاب ثراہ

جہان خیزہ و صدا از زخمی او | کہ آب تیغ حلقش در گرفتہ
ہتای شوکت او آسمان را | لبان بھینہ زیر پر گرفتہ

گدا از فیض او در کاسۂ خود | صدف آسا همه گوهر گرفته

عثمان

بهار و زباران و شبهای ما | که بود است بی می بچشم سیاه
افتها پر از ابر بهمن بجهد | سفالینه جام من از می تهی
بهاران و من در غم برگ و ساز | در خانه از بینوائی فراز
جهان از گل و لاله پر بوی و رنگ | من و جرعهٔ و دامنی زیر سنگ
دم عیش جز رقص بسمل نبود | باندازهٔ خواهش دل نبود
اگر تافتم رشته کوهه گسست | وگر یافتم باده ساغر شکست
چه خواهی ز دلق می آلود من | ببین جسم خمیازه فرسود من
بیخشنده شاهی که مارم دهد | بهر بار زر پیل بارم دهد
که چون پیل زر انبار انگیخته می | زرش بر گدایان فرو ریخته می
ز نازک نگاری که نازش کشم | بهر بوسه زلف دراز کشم
بدان عمر ناخوش که من داشتم | ز جان خمار در پیرهن داشتم
هنوزم همان دل بجوش اندرست | ز دل بانگ خونم بگوش اندرست
چو آن نامرادی بیاد آیدم | بفردوس هم دل نیاسایدم
دلی را که کمتر شکیبد بباغ | در آتش چه سوزی بسوزنده داغ
صبوحی حوزم گر شراب طهور | کجا زهرهٔ صبح و جام بلور
دم شبروپهای مستانه کو | بهنگامه غوغای مستانه کو
در آن پاک میخانهٔ بی خروش | چه گنجائی شورش نای و نوش
اگر حور در دل خیالش که چه | غم هجر و ذوق وصالش که چه
گریزد دم بوسه اینش کجا | فریبد بسوگند دینش کجا
بروحکم و نبود لبش تلخ گوی | دهد کام و نبود دلش کام جوی
نظربازی و ذوق دیدار کو | بفردوس روزن بدیوار کو

نه چشم آرزومند دلاله ‌ نه دل تشنهٔ ماه پرکاله ‌
از نیهاکه پیوسته میخواست دل ‌ همنوزم همان حسرت آلاست دل
بهر جرم کز روی دفتر رسد ‌ ز من حسرتی در برابر رسد
بفرمای کاین داوری چون بود ‌ که از جرم من حسرت افزون بود
بدین مویه در روز امید و بیم ‌ بگریم بدانسان که عرش عظیم
شود از تو سیلاب را چاره جوی ‌ تو نخشبی بدان گریه ام آبروی
وگر خون حسرت بدر کرده ‌ ز یاد اش قطع نطفه کرده
گر شتم ز حسرت امیدیم هست ‌ سپید آب روی سپیدیم هست
که البته این رند ناپارسا ‌ کج اندیشه گبر مسلمان نما
پرستار خوانده منشورتست ‌ هوادار فرزانه دستورتست
ببند امید استواری درست ‌ به غالب خط رستگاری فرست

نعت

محمد کز آئینه روی دوست ‌ خبر نیش ندانست تا کی اوست
زهی روشن آئینه ایزدی ‌ که در روی بگشیده رنگ خودی
تمنای دیرینه کردگار ‌ بوی ایزد از خویش امیدوار
بلندی ده کعبه بالای او ‌ گرامی کن سجده سیمای او
مگس ران خوانش پر جبرئیل ‌ بخوان ستری پیشکارش خلیل

صفت براق

ز ساق دمش گر ببزم مدام ‌ کنی ساز تشبیه مینا و جام
بنا شد شکفت ار بدیدن رسد ‌ که آن باده پیش از رسیدن رسد

غالب حکیم غلام محمد خان ولد محمد اعظم خان مرد خوش مذاق شاگرد غلام سوز خان

مشتاق ستر برس کی عمر پائی رجب کی گیارہوین کو بارہ سو اڑاسی ہجری مین
قضا کی یہ دو شعر اونکی اوستاد کو یاد تہی لکہے گئے

رکعتہ

راہ جب دلمین ہو کوئی نہین مانع ہوتا	سیکڑون ڈب ہین اگر چاہین وہ آنکی کر
یہی کہتی اونکو پڑہائی تہی ایسی رات	بولی نہ پاس میری چہیر کہٹ کی سوئے

عربت

عربت صاحبزادہ محمد ہدایت علیخان بہادر ابن صاحبزادہ محمد عبدالعلیخان بہادر
ابن حضرت جلالت مآب نواب غلام محمد خانصاحب بہادر انار اللہ برہانہ جنکا ذکر
خیر طبقہ والیان ملک مین گذرا یہ صاحبزادی بڑی خوش صفات ہین جامع
کمالات ہین اگرچہ فنون کا شوق ہے صنائع مین ایجاد کا ذوق ہی پہلی حکیم
مومن خانصاحب دہلوی مومن کو کلام دکہاتی تہے پھر شیخ مہدیعلی ذکی مرادآبادی
سے تلمذ ہوا تیرہ برس کی عمر ہے یہ اونکا کلام ہے

رکعتہ

سیکڑون سجدے کیے وقف یہ تب کہین ہوئی	گھس گئی سارنی جبین جب در سر کہم ہوا
جلوہ دکہلا کر نہ عام بام ہی اوتر و تاب	دیکہو دل اور ہمارا تہ و بالا ہوگا
شاید تری مریض کی ہاتہ لگ گئی تہی نبض	عرش بریں پر آج دماغ حکیم تہا
کہین کا وہ شین تو ناخن نہ بیر نے بہت	عقدہ نہ ایک بہی مری مشکل کا وا ہوا
غرور حسن کا نشہ کبہی جو رخصت دی	تو اپنی بی خبرونکی بہی کچہ خبر لینا
ثابت رہا نہ عالم وحشت مین پیرہن	دامن سیا جو ہمنے گریبان کہل گیا
گل کی [illegible]	ہاتہ کا اپنی وہ چہلا نہ نشانی دیتا
تن ہوا سوکہہ کی کاشانہ ہوا کیا غم ہی	خوش ہون اب بہی نہ تڑاکو شۂ ویرانہ چہوٹا
بسمل غم ہون مگر ہی مری صحبت دلچسپ	داغ سی میری نہ رہا باکسی عنوان چہوٹا

کیا کہون ہو گی گرفتار جو پایا ہی مزہ | مر ہی جاونگا اگر خانۂ زندان چھوٹا
اگر وہ نصف شب ہو جلوہ فرما | شب تاریک مین ہو یک بیک نور سحر پیدا

غریب الٰہی بخش نام ولد شیخ خیر الدین صدیقی چونتیس برس کی عمر ہی
سرکار دولتمدار مین ملازم جو ہمہ قابل ہین نسخ و نستعلیق دونون خوشنویس
کامل ہین خط نستعلیق جناب میر عوض علی صاحب عدیل سی حاصل کیا اور خط نسخ
آغا علام رسول صاحب کشمیری سی مشق کر کی کامل کیا کلام اس ہیچمدان کو دکھاتی ہین
یہ اونکی شعر لکھی جاتی ہین

رخیتہ

عرش تک کب مرا گذر نہوا | نہوا اوسکے دل مین گھر نہوا
صیاد دیکھ حسرت بلبل کہ دام مین | کرتی ہی کس نظر سی تماشای وی گل
چاہیی لب پہ مری نالہ نہو آہ نہو | تا کوئی اور تری حسن سی آگاہ نہو

فارسی

تراز دیدن او پردہ خود ایست حجاب | برآ ز خویش و ببین جلوۂ خدائی را
گدای عشق توای شاہ حسن از مت | بجام جم ندہد کاسۂ گدائی را
کنیم دست ہوا و ہوس ز خود کوتاہ | علاج نیست ازین بہ شکستہ پائی را
بخیال سر زلف کہ دلم رفت بخواب | کہ سحرگاہ چو برخاست پریشان بر خاست
باز فصل گل رسید و باز جوشی زد جنون | باز چاک از دست وحشت پیرہن خواہد شدن
ہچہ آفتاکند بر پا ندانم در فراق او | دلم کز نالہ در و بیاش کند ہنگامہ آرائی
غریب از اختلاط اہل دنیا سیر گردیدم | ندیدم چون وفا درکس گزیدم کنج تنہائی

غصلت تخلص اخوند زادی احمد خان مغفور ولد برہان الدیخان سہرو رشاگرد رشید
مولوی قدرت اللہ شوق تھی بڑی مضمون آفرین بڑی صاحب ذوق تھی

نقلی مضامین سی سر زمین سخن کو آسمان بنایا مدح و قدح دونون مین شعرای سلف کا رنگ و کمایا اکثر وطن مین رہی چندی لکھنو تشریف لیگئی تھی وہان کے شاعرونمین بہی شریک ہوی تہی شیخ غلام ہمدانی مصحفی مغفورنی بہی اپنی تذکرہ مین انکی مدح لکھی ہی سخنوری اور سخن شناسی کی تعریف کی ہی چونسٹہ برسکی عمر پائی بارہ سو اونسٹہ ہجری مین یکم ذیحجہ کو رحلت فرمائی مسودہ دیوانکا اونہین کی ہاتہ کا لکہا ہوا ہاتہ آیا وقت مطالعہ ہر رنگ مین اونکی طبع رسا کو قادر پایا چند شعر انتخاب کیے اور بطور نمونہ اس تذکرہ مین لکہی گئی

در نعتِ خود

ہون وہ روشن طبع گر ہو مجتبیٰ وکش آفتاب — چرخ نظر و نسی گرادی صوت تیر شہاب
ماہ کا دوران سر خورشید کا رعشہ ہو دور — آسی گر سوی طبابت اپنی رای با صواب
گرم جولان ہی جہان سیر اسمند فکر وہان — اوڑتی ہی گرد شخت رنگ ماہ و آفتاب

قطعہ در صفت فیل ممدوح

حسن خوبی اوسکی ہاتہی کی بیان کیا کیجیے — مائل رفتار ہو جسوقت وہ رفعت مآب
دیکہکر مستونکو آی ابر تیرہ کا خیال — گوشہ مغرب مین جای شب سمجہکر آفتاب

در مدح

او ہتای گر کرہ خاک بار جسلم ترا — تو شاخ گاو زمین حوت کا نبی طلاب

در نعت

زہی دیار مدینہ کہ جس مین آکر حور — نکالتی ہی بہشت برین مین لاکر قصور
نمبار دشت کا اوسکی بیان ہو کیا عالم — مشام مشک سمجہتا ہی اور نگہ کافور
شعاع مہر و رگ ابر مین نہو تمیز — سحاب کا اگر اوسکی سواد مین ہو مرور
جو وہان کا قطرہ آب زلال لالی پی — اگر وہ شرق مین بولی تو پہنچی غرب مین شور

بمثل کاسۂ مجنون پیالہ توڑی جسم | جو نقش پا کا تری ناقی کی سنی مذکور

صفت فیل

علوی شان تری ہاتھی کی ہو وصف کیونکر | نمود ارض و سماوات ہی یہ کی حضور
کر او سپہ چیڑہ کی تلی دیکھی تو آی نظر | فرشتہ شکل مصافیر آدمی جون سور

در شکایت زمانہ

جہان مین ہو نہ تنک مایہ کامیاب کبھی | کری نہ دانہ شبنم کو سبز ابر مطیر
سوای لقمۂ آتش ندی فلک اوسکو | جو کوئی کھولی دہن لاکہ بار جون گلگیر

در مدح مولوی قدرت اللہ

اگر وہ جانب دریا نگاہ فیض کری | ہوا سی پای تر قی حباب کی تعمیر

در تہنیت

ایک کشتی ہر مہینی مین اوچہلتی ہی یہان | ہو چکی ہین غرق اسکی باتہ سی اتنی قمر

در مدح

رتبۂ عالی تجی بخشا خدا فی اسقدر | دیکہتا ہی مہر بی دستار اپنی تہام کر

در مدح

خوان انعام ترا مہر اگر سایہ اوتھا | نانِ تہ کردہ کی صورت ہو وتا اوسکی کمر

تہنیت

وہ عدم سی آئی ہستی سی کیا اسنی سفر | تہی صباح رحلت فرہاد گویا جوی شیر

صفت عدل

ہی عدل و داد کا جب سکی ہی جہانین دور | میان ظالم و مظلوم ہی یہ راز و نیاز
کہ بچہ خانہ کنجشک مین جو ہو پیدا | تو رقص قبلہ نما کی طرح کری شہباز

در نعت

زمانہ رنگ بدلتا ہی کیا عجب ہی اگر | کبھی سمن ہو کبھی گل کبھی ارغوان نرگس
کبھی نہ عیب و ہنر تا کہ اہل ہستی کا | عدم مین اسلیی چھوڑا ہی زبان نرگس
اگر بڑہا نی نکہانی پر آی طبع تری | تو مہر قطرہ شبنم ہو آسمان نرگس

در مدح

ہوی تری کف زرنجش سی جو زر ریزے | زبان ناطقہ ہو کیون نہ اوسکی وصف مین لال
کہ آشیانہ بکہنک مین بجز مقیش | جو ڈہونڈہی تو نہ نکلی برای خلال

در حمد

شغل صبہا ذکر قلقل نشہ حالت وجد دور | ہی خیال ماسوی اللہ پنبہ مینای دل

در مدح مولوی مفتی شرف الدین صاحب مرحوم

بسمل ہو زاغ جہل سیان سواد شام | پہینکی جو سوی روم وہ تیر کمان علم

در مدح جود و سخا

جو آستان سی تری بحر فیض جاری ہی | یہ کچہ گدائی فراہم کی ہین درہم و دام
اگر ہلای وہ گدڑی تو یون گری دولت | فلک سی ریزش انجم ہو جیسی روز قیام

در تہنیت

ملی سیاہ مستی بہبل سی پوہپتا ہون | گلشن بیان گل ہی یا گل بیان گلشن

تہنیت

بہی ضہد گردون کو ساتہ اپنی کہ مانند | لقمہ دیتا ہی ہمین جب چاک کرتا ہی شکم

در تہنیت

سلوک آفاق مین جو ہر بنسی کون کرتا ہے | نہین دیکہا کہ دی شمشیر جو ہین کو کوئی پانی
کرون کر پیروی الیاس کی وہ راہ گم کردی | جو بہیون نوح کی کشتی مین تو ہو جای طوفانی
فغان ہی بخت بد سی ایک تن بیمار خوبان ہون | بتاتی ہین اطبای زمانہ اوسپہ خوبانی

در نعت

اگر یہ جانتا شیطان کہ ہی آدم مین اوسکا — جھکاتا بھر جبین سب سی اول اپنی پیشانی
اگر اوسکی زبان سی نکل عیسی حرف قم نکلی — عدم سی آئین سب عنقریب خلقت بتانی
ترا کیا عظم شان کیجی بیان جب تیری ایسی ہے — کبھی کوئی انا الحق اور بولی کوئی سبحانی

اشعار غزلہا

عجب راحت سی کٹتی عمر اگر مانند آئینہ — کوئی معشوق ہوتا بر مین کوئی روبرو ہوتا
ایکدم ٹھہرنے اس آئینہ خانی مین کوئی — عکس کی صورت ادہر آیا اودہر جا رہا
تری چہری کی آگی شمع کس شب کٹ نہین جاتی — یہ حیرت ہی کہ آئینی کی چھاتی پٹ نہین جاتی
سوزن سی ہو سکا نہ رفو اپنی زخم کا — پایا ہی کسنی فائن اپنی کمال سی
منحصر جس مین تمام آفاق ہی — زلف ہی یا لام استغراق ہی
اوسی مین دل ہی وہی اس دل حزین مین ہی — مکان مین ہی مکین اور مکان مکین مین ہی
آیا سواد بخد سی جو کوئی اس طرف — قطعہ — مینی کہا کہ میس کی کیا کیان نشان ہے
کہنی لگا کہ لپٹی ہوی برگ بید سی — جون تا عنکبوت کئی استخوان ہے

مثنوی در بیان شدت وبا

کثرت امراض ہی اب اسقدر — آسمان کو ہو گیا دوران سر
ہی کوئی بیمار بالای سپہر — صبح قارورہ جو لیجاتا ہی مہر
قطرۂ شبنم نہین وقت سحر — پتی اوچہلی ہی گلون کی جسم پر
کانپتا جو مہر پر انوار ہی — آگ پانی کا اوسی آزار ہی
ہی عدم مین بھی مگر رنج و محن — سر سی باندہی عنقریب آتا ہے کفن
بجسے مین گر دام ماری صید گیر — جای ماہی مردہ ہو جای اسیر

مثنوی در ہجو جراح

ایک ہی جسراج بملک عجم
لیتی ہین قصاب سب اوسکی قدم

گر کہین بارود سی کوئی جبل
توڑ کی مکڑی کی آنڈے سے ملے

مکڑی کی بدلی یہ پہنچای ہاتھ
گھاو مین گھس جای سلائی کی سات

مثنوی در ہجو قاضی

مرد سی بولے کہ نکرو نکاح
زن سی کہی چار ہین شوہر مباح

بیاہ اگر کوئی بہمان مین کری
مچھر سی دونا یہ نکاحانے

کوڑی کوئی ہاتھ یہ اسکی دھری
نوح کی کشتی مین یہ رخنہ کری

ہو کوئی ہندو گر اسی ایک دام
گای مسلمان یہ یہ کردی حرام

مثنوی در بیان شدت سرما

برد سی گم ہین سماعت کی بہی ہوش
دیکھیی اب جسکو ہی پنبہ بگوش

اپنی اپنی گھر مین اب پیر و جوان
آگ روشن کر کی بیٹھی غنچہ سان

شمع سی ہی انس پروانہ غلط
سینکنی کو ہاتھ آتا ہے فقط

بسکہ ہی آتش سی ہر طائر کو سانس
پشہ اور جگنو مین کب ہوا امتیاز

آگ پر گرنا ہی عالم اس طرح
شمع پر دوڑی پتنگا جس طرح

مثنوی در بیان شدت برف باری

گرم جو حمام تہا شکل سعیر
کر دیا سردی نی اوسکو زمہریر

صورت کافور آبک سرد ہی
بادہ مین تاثیر مارد الورد ہی

ہو گیا یکدست ٹھنڈا آفتاب
جس طرح سی گنجفی کا آفتاب

برف نی یکسان کیی یاقوت سنگ
ایک سا سر خاب بگلی کا ہی رنگ

پیر و برنا کا کہلی کس طرح بہید
برف سی دونون کی ہی داڑہی سفید

برف مین ہی شکل عالم آشکار
کیچلی مین جون نفر آتا ہی مار

مثنوی در بیان شدت باد تند

ہی یہ امسال شدت صرصر — اوڑ گئی جس سی ہوش جن و بشر
اب محل یون ہوا مین جاتا ہے — برج جیسے کوئی اوڑاتا ہے
مردم دیدہ کی یہ ہی حالت — پتلیان ناچتے ہین جس صورت
کیا مین دیوانون کی کرون تقریر — وہ تپنک اور ڈور رہی زنجیر
کیونکہ ہو فرق آہو و شہباز — سب کی اوج ہوا پہ ہی پرواز
راہرو سی ہی قول نقش قدم — وہ کہین چلتا ہی آگی تو ہا ہم
اسنی بیدم کہی صغیر و کبیر — نہین صرصر اجل کی ہی تشہیر
گر کوئی بوسہ دی کیکا اب — شکل گلگیر پر ہو خاک سی لب
گر اطبا سی کوئے پوچھے دوا — اوسکو بتلا ہین اب یہ خاک شفا

تخمیس

تخمیس مین سید عبد اللہ ابن سید حسین تسکین دہلوی بیان عملہ عدالت مین برسون نوکر رہی اپنی دادی ملازمت تیس برس کی عمر ہوئی ساتوین ذی حجہ کو بارہ سو چھیاسٹھ ہجری قضا کی مقبرہ نواب احمد علیخان بہادر مین مدفون ہوی یہ اوسکا کلام ہی

رختیہ

امت نوح پہ طوفان ہی آیا یا رو — شکر یہ ہی کہ مرا دین خونبار نہ تھا
کہی کرین جگر و دل تو کیا کرون یارو — کچھ اور دی مجھی مژگان خونفشان کی ہی
اب آیون ہی مری سینی سی لگ جا — گرہ وا ہو چکی بند قبا کی
مجھی تو روز ہجران کی مصیبت یاد ہی واعظ — کچھ ایسا ہو کہ تیری بھی سی دہڑکا حشر کا نکلی
کیا منکر نکیر پہ بیتے ہے دیکھیے — ہمراہ میری گور مین تصویر یار ہی

تخمیس

تخمیس مولوی عبد القادر خان صدر الصدور حلف مرزا محمد کرم آشنا منصور سانہ علم و فضل کی شوخ طبیعت مزاج مین مزاح و ظرافت چودہ برس کی

سن مین تحصیل کتب درسیہ سے فارغ ہوکر دستار فضیلت زیب سر کے
مدتون علوم سیاحت مین بسر کی سرکار انگلسیہ مین عمر عمر نوکریان پائین
مقتدر رہی آخر عمر مین بطلب جناب نواب غفران مآب نواب محمد سعید خان
صاحب بہادر جنت آرامگاہ نور اللہ مرقدہ دہلی سے آکر عمر جلیلہ فضل خصوصاً
مامور ہوکر بہت سوقت رہی بقیہ زندگی باعزاز و آبرو یہین بسر فرمائی
پینسٹھ برس کی عمر پائی بارہ سو پینسٹھ ہجری مین رجب کی ساتوین تاریخ زیر خاک آرام کیا
بہت اچھی طرح زمانہ حیات کو تمام کیا کہتی ہین کہ عربی فارسی اردو بہاکا
مرہٹی سب زبانون مین شعر کہتی تھی کلیات انکا گم ہوگیا مگر اردو اور فارسی کچھ شعر ملی
کہ درج تذکرہ ہوی

رخیتہ

کیونکر گزرون پیری مین یہ سیر جہانکی	طعنہ	دن دہلتی ہی ہوتا ہی تماشا گذری کا
حرم مین برہمن رکھا نام میرا		گیا دیر مین تو مسلمان ٹھہرا
پر اوس بت کی نزدیک کیا جانی ہمین		ہوا کعبہ ثابت کہ ایمان ٹھہرا
یہ قسمت کی خوبی و دیکھا وہی سیر جنازی پر		نمازی یہان تک بہکی کہ اک تکبیر کم کردی
کسکی ہیتون نی مجکو مارا ہے		اپنی آنکھو نکا جرم سارا ہی

فارسی

جام را دست تو نوشست دگرا		بدہ صیاد گرو دست تو دست دگرا
زنخ و گونہ شدن بہ زتن حقہ خویش		بار برگردن یاران جہان نگذارم

تعیین

عکمین حکیم عطاء اللہ قریشی انکی باپ حکیم غلام رسول کشمیری نبیرہ محمد محسن فانی
اہلی نواب غازی الدینخان فیروز جنگ کی صاحب تھی پھر جناب نواب
محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر سرشتہ منزل کی سرکار مین ملازم ہوی

اور یہین رہی یہین پرورش پائی نہایت خوش خلق وحلیم الطبع وطالب العلم مستعد تھی رحلت کو قریب سالہ برس کی ہوی فارسی اور ہندی دونون زبانون مین شعر کہتی تھی ایک شعر اردو ہماتہ آیا اور فارسی کلام جو کچھ تذکرہ سولوی قدرت اللہ شوق مین پایا اوسمین ہی چند شعر انتخاب کیے اور اس تذکرے مین لکھی

ریختہ

نالی کا میری دلپہ نہین اوسکی کچھ اثر ۔۔۔ پتہر کی دلمین کوئی بہلا راہ کیا کری

فارسی

مارا بپاس خاطر عنم آفرین آمد ۔۔۔ چون شمع بھر سوختنم آفرین آمد
دوشش پرسیدم کہ یار کیستی ۔۔۔ خندہ کرد وگفت یار کیستم

رباعی

احمد کہ معراج طہ بناک گذشت ۔۔۔ در لحہ چسان باجد پاک گذشت
چون نور زہفت پردہ چشم عنین ۔۔۔ در چشم زدن زہفت افلاک گذشت

عنین تخلص میرزا سعین الدین حیدر نام ابن میرزا تاج الدین حیدر پچاس برس کی عمر ہی متوطن لکھنو ہین یہان سرکار دولتمدار کی وظیفہ خواری سی سرفراز ہین اپنے چچا میر اکلب حسین خان عرف میرزا خانی نوازش کی شاگرد ہین ممتاز ہین جو کلام اپنی دیوان سی انتخاب کرکی اونہون نی دیا وہ درج تذکرہ ہوا

قصیدہ در توصیف جشن باغ بی نظیر

وہ بہار آئی ہی عالم مین کہ ہو عود شباب ۔۔۔ رونق باغ نبی حسن زلیخا کا جواب
قصر افلاک مین گونجی جو صدا قرنا کے ۔۔۔ بینہ گوش کیا گنبد گردون نی سحاب

صفت آتشبازی

سن مین تحصیل کتب درسیہ سے فارغ ہوکر دستار فضیلت زیب سر کے
مدتون عالم سیاحت مین بسر کی سرکار انگلسیہ مین عمر عمر نوکریان پائین
مقدر رہی آخر عمر مین بطلب جناب نواب غفران مآب نواب محمد سعید خان
صاحب بہادر جنت آرامگاہ نور اللہ مرقدہ دہلی سے آکر عمر جلیلہ فصل خصومات
مامور ہوکر بہت موقر رہی بقیہ زندگی باعزاز و آبرو یہین بسر فرمائی
پینسٹھ برس کی عمر پائی بارہ سو پینسٹھ ہجری مین جب کی ساتوین تاریخ زیر خاک آرام کیا
بہت اچھی طرح زمانہ حیات کو تمام کیا کہتے ہین کہ عربی فارسی اردو بہاکا
مرہٹی سب زبانون مین شعر کہتے تھے کلیات انکا گم ہوگیا مگر اردو اور فارسی کچھ شعر ملے
کہ درج تذکرہ ہوے

رختیہ

کیونکر نکردن پیری مین سیر جہانکی	طعمہ	دن دہلتی ہی ہوتا ہی تماشا گذری کا
حرم مین برہمن رکھا نام میرا		گیا دیر مین تو مسلمان ٹھہرا
پر اوس بت کی نزدیک کیا جائیگا		ہوا کعبہ ثابت کہ ایمان ٹھہرا
قیامت کی خوبی و یکہ اوسی سیرتی جنازی پر		نمازی حیران تک ہکی کہ اک تکبیر کم کردی
کسکی ہیتون نی مجکو مارا ہے		اپنی آنکھو نکا جرم سارا ہی

فارسی

مرا مرا دکنف دست تو نوشست اگر است		بدیعیا دگرو دست تو دست دگر است
زنین و گرو شدن بہ زتن جستہ خویش		بار برگردن یاران جہان نگذارم

تعیین

عمدین حکیم عطاء اللہ قریشی انکی باپ حکیم غلام رسول کشمیری نبیرہ محمد محسن فانی
سہلی نواب غازی الدینخان فیروز جنگ کی مصاحب تھی پھر جناب نواب
محمد قیص اللہ خان صاحب بہادر عرش منزل کی سرکار مین ملازم ہوی

اور یہین رہی یہین پرورش پائی نہایت خوش خلق وحلیم الطبع وطالب العلم مستعد تھی رحلت کو قریب ساٹھ برس کی ہوی فارسی اور ہندی دونون زبانون مین شعر کہتی تھی ایک شعر اردو ہاتھ آیا اور فارسی کلام جو کچھ تذکرہ مولوی قدرت اللہ شوق مین پایا اوسمین سے چند شعر انتخاب کیے اور اس تذکرے مین لکھی

ریختہ

نالی کا میری دلپہ ہین اوسکی کچھ اثر	تیہر کی دلمین کوئی بہلا راہ کیا کری

فارسی

مارا بپاس خاطر غم آفرین اند	چون شمع بہر سوختنم آفرین اند
دوش بر سیدم کہ یار کیستی	خندہ کرد وگفت یار کیستم

رباعی

احمد کہ بمعراج طرب ناک گذشت	در لحہ چسان باجد پاک گذشت
چون نور ز ہفت پردہ چشم عمین	در چشم زدن ز ہفت افلاک گذشت

عمین تخلص میرزا معین الدین حیدر نام ابن میرزا تاج الدین حیدر پچاس برس کی عمر ہی متوطن لکھنو ہین یہان سرکار دولتمدار کی وظیفہ خواری سی سرفراز ہین اپنے چچا میر الکلب حسین خان عرف میرزا خانی نوازش کی شاگرد ہین ممتاز ہین جو کلام اپنی دیوان سی انتخاب کرکی اونہون نی دیا وہ درج تذکرہ ہوا

نہین

قصیدہ در توصیف جشن باغ بی نظیر

وہ بہار آئی ہی عالم مین کہ ہو عود شباب	رونق باغ بنی حسن زلیخا کا جواب
قصر افلاک مین گونجی جو صدا قرنا کے	بینہ گوش کیا گنبد گردون نی سحاب

صفت آتشبازی

چکر ایسی کہ فلک دیکھ کی چکر مین ہی | صورت آینہ دریا مین ہو ساکن گرداب

مع بندگان حضور

چشم مخمور کا گر عکس پڑی دریا مین | ساغر بادہ گلرنگ نظر آئین حباب

ایضاً در مدح

گنگا وہ گرم سی دانی انار کی ہون شرر | شرار سنگ گرم سی ہون دانہای انار
ہلال عید جو دیکھی جبین نورنگین | تو ایک سال مین نکلی فلک پہ سو بار

صفت اسپ

سمند خاص دکھا ئی جو برق جولانی | ہلال عید کی ہو نقش نعل مین تنویر

در صفت عدل

یہ عدل سی کہ جو مرتا ہی کوئی پروانہ | قصاص بزم مین لیتا ہی شمع سی گلگیر

اشعار غزلہا

پہیڑ مین لڑ گئی تقدیر مری عید کی دن | یار سی غیر کی دہو کی مین گلی مل آیا
سیہ کاروں ہی کی خاطر ہی حمت بیحاصل ای زاہد | کہ ہی ظلمات کی دست مین چشمہ آب حیوان کا
کیا زندگی خضر کا طالب ہون جہان مین | ای آب بقا تجکو ہی اک روز فنا ہی
ہاتہ آگ خونسی مری لال ہی اک مہندسی | شوخ ان دونون مین ہی دیکہی گنت کسکی
فرقت دلبر کا صدمہ اوٹہنین سکتا عین | زندگی بی لطف کی ہی موت کی تاخیر نی

فارسی

ننگ و ناموس را گذاشتہ ام | من و عشق تو ہر چہ باد اباد

غنی آغا علی نقی ابن آغا عین لکھنوی بیس برس کی عمر مین خوشگوئی کا عالم دکھایا اچھا پڑہنی نی گویائی کا حسن اور پڑہا یا بڑی ذکی و ذہین ہین بڑی مضمون آفرین ہین نثر و نظم سب مین قوت ایجاد ہی طبیعت مین حسن خداداد ہی منشی اسمعیل حسین

منیر کو اپنی نتایج افکار دکھاتی ہین اونکی فیض صحبت سی لطف اوٹھاتے
ہین ملازم سرکار فیض آثار ہین یہ اشعار اونکی یادگار ہین

در مدح حضور پرنور

کرون مین اوسکی سخا و سخا وصف اگر بیان	زبان خشک قلم آب زر سی ہو سیراب
اوسیکی ابر کرم کی گہر فشانی سے	بنی ہی آبروی خلق موتیونکی آب
پھر اوسکی ابر کرم سی ہون فیض کی سائل	فلک سی پڑہ کی ہون پہلی پیالہ ہاتھ سراب

ایضا

سجن جو کر گیا در دولت پر آفتاب	مشہور ہو گیا ہی شہ خاور آفتاب
ذری جو رامپور کی اسکو نہ سنہ گگن	حربا کی آنکہ مین ہی نہ پای گہر آفتاب
خوبان رامپور سی کر کی مقابلہ	ٹھہرا چراغ صبح سی ہی کمتر آفتاب
دیکہا کری بیاض علوم حضور کو	عینک لگا کی تا سحر محشر آفتاب

صفت اسپ

چوگان و گوی زر کا تماشا نظر پڑی	اس تیز رو کی کہای اگر ہو کر آفتاب
ٹھہری ہوای دامن زین ہی نہ ایک جا	مثل شرر ہو دستخوش صرصر آفتاب
اس اسپ تیز رو کی جو سم سی مثال دون	دم بھر مین دو رچرخ سی ہو باہر آفتاب

مدح

دریای آب زر جو فلک تک ہے جوش زن	تر تا ہی صورت گل نیلوفر آفتاب
اس عہد مین سلاح مرضیان فقر کو	لکہتا ہی روز نسخہ قرص زر آفتاب
سن لی حضور کی جو مسافر نواز یان	اس شہر سی سفر نکری دم بہر آفتاب
باب شکوہ اپنی تعلی اگر دکہای	کہا جای سنگ در سی الہی مکرر آفتاب

تمہید قصیدہ مدح

روزونکی کملتی ہی نظر آئی ضیا ہی عید
کیا ماہ نو ہی ناخن مقص کشا ہی عید

شبنم نی کی گلاب فشانی جو صبحدم
ڈوبا ہوا ہی عطر مین فرش فضا ہی عید

ہر سیکدی مین قلقل مینا کا شور ہی
شکر فشان ہی طوطی جادو نوا ہی عید

مستون ہی اور چلی جو کہین شیشی کی پری
ہیندی مین پہانس لای کہ ہوا ہی عید

مدح

تیغ کف حضور کو دی آنکہون پر جگہ
ابرو سمجہکی ولبہ رنگین ادا ہی عید

صفت اسپ

گدڑی ہی سمجہی کم سحر عیش کی قبا
برگستوان توسن والا جو پا ہی عید

سایہ جو پڑ گیا فرس تیز گام کا
گیتی کہ دم مین ہوا باد پا ہی عید

بتمید قصیدہ مدح

ٹوٹی ہی بلبل مجمر وح گلہای نشاط
جو لیون مین بہر رہی ہین خم دہان پہول

سر دہی چشم بتان مین کرمی بازار عشق
کسطرف پیچکی جا کر آہ تشنہ لبان پہول

مدح

دیکہنی پائین جو شب کو محفل سرکار پہول
شمع کی گل کو سمجہ لین طرۂ دستار پہول

جبہہ سائی کا جو پائین حکم محفل مین حسین
باغ قالی سی چرا لی گلشن رخسار پہول

اوسکی باغ فیض کی خواہان ہین ہمارا ن فقر
مشتی ہین سونی چاندی کی یہان عطار پہول

احتساب عدل حضرت سی جو ہونگی منحرف
خون ہی ہونگی پکر پیادہ پیدا پہول

ہوگئی تیغی کو ہی محتاج مدحواہ حضور
ہر سپر کی کاٹتی ہی آپکی تلوار پہول

باغ مین ہونا وکی اندازی اگر مد نظر
قطعہ نذر دی زاغ کمان کو بلبل گلزار پہول

ہر کلی ہو غنچہ پیکان رنگین کی مرید
دل سی ہو ہنسنی مین شاگرد لب سوفار پہول

صفت اسپ

مثل گلچین ہی رکاب خاص مین باد صبا — نقش پا سی بانٹتا ہی تو سن رہوار پھول
گنبد مینا کا دورہ کرلی دم بھر مین بلال — سونگھلی اسکی رکابون کی جو مینا کار پھول

صفت فیل

پڑ گئی ہین قدر مین گل بوٹی اسکی جھول کی — رکھتی ہین اپنی قبا مین دامن کہسار پھول

مدح حضور پرنور

صبا جیلی جو ترے نشو و نما کی طرح — اوگی چمن مین گل اشرفی قدم بقدم

بیعت ہوئی جو شاہد اقبال کی نصیب — رکھتا ہی دست عورسی انکار آئینہ
نسبت ہو کس طرح دل دریا نوال سی — قطرہ ہی پیش بحر زخار آئینہ
کیا دیکھلی ہی اسنی بجلی نقش پا — صورت سی اپنی آپ ہی بیزار آئینہ
شب زن دارون پر جو ہی لطف نگاہ — ہر وقت اپنی گھر مین ہی بیدار آئینہ

صفت اسپ

احوال غیب چشم تحیر کی آگہی — صیقل ہو کر دسم سی جو اکبار آئینہ
سرعت سی اسکا عکس نہ جلوون کر سکین — ارض و سما جو ہون دم رفتار آئینہ

صفت فیل

کیا اسکی نقش پا کی کرین قدر مہر ما — اندہونگی گھر مین کیون نو بکار آئینہ

مدح حضور پرنور

جو بحر شور مین پہنچا جہاز سلطانی — ہوا یہ شور کہ آیا سکندر ثانی
وہ عدل ہی کہ ہو سیماب کی لیی شوخی — ہوای سر دمین پیراہن مسانی
کتان کی چاندنی ہو فرش محفل مہتاب — تو ماہیونکی سمندر کی گھر مین مہمانی
بجای پیرہن آفتاب ہو شبنم — سحاب ہو پی عریان کلیم باراني

مدح حضور پر نور

کسری کا طاق یون در دولت ہی محل — تنخانہ جیسی کعبہ دا ور کی سامنی
جوہر عدو کی تیغ کی اس تیغ کی حضور — شبنم کی بوند ین مہر منور کی سامنی

صفت اسپ

کمر و ہو نبض قیس کی مانند سیج برق — آنی جو پای تیری تگاور کی سامنے
ہل جای بیستون دل فرہاد کی طرح — آئی جو اس سمند کی ٹھوکر کی سامنی

صفت عدل

ہو جای خشک خون چل خوف عدل سی — رکھدی اگر گلا کوئی خنجر کی سامنی

صفت قصر

سن لی جو صحن قصر معلی کا تذکرہ — آئینہ جبیب جای سکندر کی سامنی

اشعار غزلہا

ضعف سی پہنچا نہ اونکی کان تک احوال زار — بزم جانان مین ہمارا ذکر چل کر رہگیا
سامنی اغیار کی اوس بت نی انگڑائی جو لی — دل مراد وہانہ سینی مین او چل کر رہگیا
تری پاس بیحد تیا خط شوق سیری باتون — دل بدگمان کو میرا اکرا عتبار رہوتا
روداد دلکی دیکھ کو خود پوچھتی ہو کیا — اندہا نہین ہی آینہ عاشق کی حال کا
کیا تمہاری نازا دہٹانی کی حکایت کیجی — تا توانی نی بہی اپنا بوجھ ہیچ رکھدیا
ہنسکی آپسمین دہان زخم بہلاتی تہی دل — ہای کس بیدردنی پہاہا جگر پر رکھدیا
دیکھتی ہین دل پسند آتا ہی تمکو یا جگر — ایک او ٹہالو ہمنی دونو کو برابر رکھدیا
کچھ خبر ہی عنبر بہی تہا اونکی ساتہ ای بخود نی — ہمنی سر کیا جانی کسکی قدم پر رکھدیا
ہماری وسی اکدم کی نظار یکا مزہ پوچھو — نہ دیکھا گو کہ آئینی نی تمکو عمر بھر دیکھا
کبھی زن ہوئی کشتی تو قاتل سی یہ پوچھیگی — سبب کیا تہا کفن سی تو نی کیون منہ کو پھیر دیکھا

بیٹھی تن کرنہ خلوت مین ہماری سنی
ہاتہ گستاخی پر آجائین نہ جوبن دیکھکر

قتل کا بیڑا اوٹہاتی ہی جو سرخی پان کی
کیا لب خنجر بش مین رنگ مسیحائی نہین

تغافل کا نہونا اونہین ہونی سی زیادہی
بہت تاثیر ہی پہر بہی نہین ہی میری نالی مین

ہاتہ رکہتا ہی محبت سی کوئی سینے پر
ہای اسوقت بغل مین دل بیتاب نہین

ایک مدت سی مری خونکا پیاسا ہے
دل ہی خنجر نہ ابہی کہینچ کہ سیر اب نہین

صبر کرتا ہی جو ثابت قدمی کا دعوی
شوق کہتا ہی کہ جسا کوئی بیتاب نہین

بلاتی ہی تو اپنی کلبہ احزان مین ڈرتا ہون
کہ بہر کہولکر بٹہاونگا ہجوم یاس وحسرت مین

بہار آتی ہی کچہ ایسی چمن کی باون نکلی ہین
کہ نکہت پہاندتی پہرتی ہی دیوار گلستان کو

کیسکی تیغ کا احسان لیکر ہاتہ آیا ہی
اوٹہا رکہین خوشی کی ونکی خاطر خم خندان کو

ہمت بلند چاہیی خالی ہون لاکہ ہاتہ
دنیا مین دست جنیب نہو دست خیر ہو

ہر جائیون سی بڑہکی ہی تیری نگاہ یار
ای کردگار گوشہ نشینو نکی خیر ہو

مانا کہ یہ بیمار محبت کو شفا ہو
آخر وہ مرض کیا ہی کہ تم جسکی دوا ہو

کیا جانی حباب لب جو لذت گریہ
اوس آنکہ سی پوچہو جسی رونی کا مزا ہو

اجل فرقت مین آجای تو جی جائین
اگر تم زہر دو آب بقا ہو

کیا کیا مزی لیی مری دلنی بگاڑ مین
اوس دلکو دیکہیی کہ بنتی جس سی میل ہی

مانگی کبہی شراب تو شیشہ پٹک دیا
دل توڑنا حضور کی نزدیک کہیل ہی

یہ نقاب ہی آنکہین چرا کی لوٹ لیا
خدا نخواستہ دل کہو لکر نگاہ ملے

کہانکی عید برابر ہی نامرادونکو
جہری گلی سی ملی یا تری نگاہ ملے

ایک کوٹہی مین اسی گہر کی پڑی ہین کونین
دل سی غم نکلی تو پہر کونسی عالم مین رہی

پہر تیر لگا و زخم دل پر
طالب ہی یہ آنکہ پہر نظر کی

داغ بیکار ہین محبت کے
پہول سہری کی ہین نہ تربت کی

غیرت تو محبت مین ذرا بھی نہین آتی | مرجانی کی جا بھی کہ قضا بھی نہین آتی
کیا جانی تری بام پر ایجان ہی کا لطف | جاتی ہی تو پھر آہ رسا بھی نہین آتی
دل سا محل نہین دیکھا نہین دیکھا | سو مرتبہ ٹوٹی تو صدا بھی نہین آتی
بی صبر یون سی گریہ و زاری نہین ایجان | رونا تو یہ ہی تھا کہ جفا بھی نہین آتی

فصل فا

فاخر حکیم احمد خان ولد حکیم محمد ناصر خان طبیب کامل تھی نظم و نثر کی طرف مائل تھا قدیم سی سرکار مین سرفراز رہی اپنی بھائیون مین ممتاز رہی فن طب مین متمیز کہ ایک کا نام طب سعیدی اور دوسری کا نام نوطرز حکمت ہی اونسی یادگار ہین فی الحقیقۃ یہ تالیفات بہت نافع روزگار ہین نظم مین مولوی قدرت اللہ شوق کی شاگرد تھی نوی برس کی عمر ہوی جمعی کی دن صفدر کی چودھوین تاریخ بارہ سو نوی ہجری مین رحلت کی یہ کلام اون کی دیوان سی انتخاب ہی

رختیہ

تیری ہونٹھون سی غنچون نی گویا | رنگ اوڑایا ہے مسکرانی کا
کچھ نہ کہے سیر باغ ہستی کی | ہون گنہگار آنے جانی کا

مدح حضور پر نور بزبان فارسے

ابر رحمت کان بخشش کوہ تمکین و وقار | چرخ رفعت بحر احسان معدن حلم و حیا
در فشانی کرد چون در کوچہ و بازارہا | در دکانہا ہر گدا منشست مثل جوہری

فاخر تخلص حکیم محمد فاخر الدین ولد مولوی محمد ناصر خان مرحوم ناصر تخلص اٹھاون برس کی عمر انکو اپنی والد ماجد سی تلمذ ہی برسون ریاست بہوپال مین نوکر رہی برسون لکھنو مین نام آور رہی شاعر بی ہین یہ اونکا کلام ہی

رختیہ

بام پر آجا کبھی تو ای بت خورشید رو — دیکھ لین مشتاق جلوہ چاندسی خسار کا
اسیر دام الفت پرستم صیاد کرتی ہین — قفس مین تو رکھکر بازو اوسی آزاد کرتی ہین

فائق محمد میرزا ولد مولوی عبد الاحد چوبیس برس کی عمر ہی سے کارگذاری مین نوکر ہین الہ آباد مین سب انسپکٹر ہین درسیہ تمامین مولوی مفتی محمد سعد اللہ صاحب سے پڑہین فارسی زبان مین حبیب طبیعت آزماتی ہین شیخ احمد علی کو کلام دکھاتی ہین یہ اونکی اشعار ہین

در نعت خواجہ ہر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

مرحبا مرتبہ احمد عالی مقدار — درۃ التاج رسل شاہد بزم اسرار
حسن یوسف تھا فریبندہ فقط انسان کا — ہی ترا حسن فریبندہ رب دادار
افسر عرش برین ہی تری قدمون کی زمین — سرمہ چشم ملایک ہی تری در کا غبار
مہر تابان ہی تہا شمسہ تری ایوان کا — ہی حجاب در دولت فلک زرین کا

از غزل

پنجہ ضعف مین اوس شہسوار حسن کا دامن — جہان وہ آی ہم لپٹی ہوئی مثل غبار آی

در مدح حضور پر نور سید عالم

پیش تو آمد چو بھر گدیہ چرخ کوزہ پشت — کاسۂ خود را پر از دینار اختر یافتہ
ذرہ بھر آستان بوسی چو آمد از نیاز — افسر تابندۂ خورشید بر سر یافتہ

از غزل نعت

ای ز قدمت فخر بر افلاک زمین را — سایہ بدرت صبح دمسا مہر جبین را

از مثنوی

نقاب بش راز عارض بر کشادم — باغوش نگاہی جای دادم

فائق تخلص لالہ بلاقی رام ولد لالہ نند کشور ستائیس برس کا سن ہی

شیخ احمد علی کی شاگرد ہین سب کمالات کا ذوق ہی فارسی اردو دونون زبانونکا
شوق ہی یہ چند شعراونکی سلے وہ لکھے گئے

ریختہ

تری عارض ہی ہین شہر سن ای سیمین ذقون ہانچون — گل و آئینہ و خورشید و ماہ و نسترن ہانچون
ترکہ خالق قدم کوئی محبت ہین کہ رہزن ہین — لب و دندان و خال و خط و زلف پرشکن ہانچون

فارسی

دلی بردل خورون از ہجر نگاہے آموختم — طرز از فصل خزان طرز بہار آموختم
طاقت جنبش چو نقش پا نمیدارم مگر — دامن دامن گرفتن از غبار آموختم
از خمش شمع شد پروانہ و پروانہ شد بلبل — چہ گلروی بہ محفل بود شب جای کہ من نبودم

فدا صاحبزادہ محمد فدا علیخان بہادر خلف نواب محمد کاظم علیخان صاحب بہادر
سروری جنکا ذکر حرف سین محلہ مین گذرا یہ صاحبزادہ ابتدا [illegible] خان غالب
دہلوی شاگرد ہی پھر مرزا اسد اللہ خان غالب مرحوم کی تلمذ [illegible]
اب اڑتیس برس کی عمر ہی شغلہ اس فن کا کرتے ہین یہ چند شعر اونکی یاد داشت
کر لکھے گئے

صفت ہوا

نازگی ہی یہ ہوا مین کہ برنگ تنبول — سبز ہو جای ہو گلشن مین گر خانہ بدل

در مدح خضر پرشاد

شرف افزای جہان صاحب تخت و اکلیل — حکم کی جسکے فلک کو بھی ہی واجب تعمیل

ریختہ

یاد آتی ہی جب کاوش مژگان مری دلکو — دیتا ہی تسلی ترے پیکان مرے لکو

فدا شیخ محمود علی ابن شیخ مظہر علی پچیس برس کی عمر ہی وطن انکا نواح لکھنو مین

قصیدہ انہی ہی مگر بعض وجوہ سی اکثر یہان رہتی ہین راقم سی مشورہ ہی طبیعت
اچھی ہی مذاق اچھا ہی شعار اردو کہتی ہین یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

ہان ہو سوال وصل یہ یا جانجان نہین — منتو کچھ ایسی چپ ہو کہ گویا زبان نہین
ای درد دہوند ہستا ہی کسی اوسکی بایک — دلکا تو مدتونسی بغل مین نشان نہین
دلمین تو بی حجاب چلی آو جان من — یہ تو خدا کا گھر ہی خدا کا مکان نہین
تو سہی ایسی گلا بخانی کی جو ہمہ دہملان — تو بہ کر داون دم قتل مین جسلاو ولنسی
تیری قامت کی تعشق کا جو ہوتا ہی محمان — ہم الف کیمنچی پر لڑتی ہین آزاد ولنسی
آفت تازہ ہوا گھٹ کی دہوان آہو کا — شب ہجر اور سیہ ہوگئی فریاد ولنسی
کشتۂ ناز کو تم اپنی پکار و تو سہی — ابہی لبیک کی مرقد سی صدا آتی ہی
بی حجابانہ رقیبون سی گلی ملتی ہو — عجبسی آنکھین ہی ملانی مین حیا آتی ہی

فدا تخلص سید فدا علی ابن میر احمد علی رسا بیس برس کی عمر ہی اپنی پدر بزرگوار
سی تلمذ رکھتی ہین یہ اونکا ایک شعر ہی

ریختہ

عرض حال دوستی مینی کیا یہ کیا کیا — اور بہی دشمن فدا وہ دشمن جان ہو گیا

فرحت صاحبزادہ محمد حبیب اللہ خان خلف صاحبزادہ محمد کفایت اللہ خان
کفایت تخلص جنکا ذکر حرف کاف تازی مین آی گا مرد خوش وضع ظریف الطبع
شیخ محمد سعید المعنی شہرت سی اصلاح لیتی تہی چونتیس برس کی عمر ہوئی دسوین
جمادی الآخرہ کو بار ۱۲۵۳ سو ترپن ہجری مین اپنی بیٹی عزیز اللہ خان شیفتہ کی
بانہ سی ہلاک ہوی توضیح اوسکی باب شین مجہہ مین گذری یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

سیری جانب سی کسی شخص فی نہین کان بھری	روز عصی مین جو رہتی ہو مریجان بھری

فرحت

فرحت حکیم نصیر الدین خان ولد حکیم عبد الرحمن خان مرد متواضع و منکسر تھی ذوق طبیعت سی شعر گوئی پر قادر تھی لیکن انکا کسی سی ثابت نہین بطور خود سوزون کرتی تھے ستر برس کی عمر پائی جمادی الاولی کی پچیسوین کو بارہ سو آسی ہجری مین قضا کی ایک شعر اونکا علاوہ لکھا گیا

رختیہ

سینی کو دیکھی تو وہ نازک سن سی ہے	اور دلکو دیکھی تو وہ تپسی کم نہین

فرحت

فرحت تخلص اکبر شاہ خان ولد ملا ملوک حاجی گل محمد خان کی شاگرد تھی پچہتر برس کی عمر ہوئی بارہ سو چونسٹھ ہجری مین ماہ ذیقعدہ کی نوین تاریخ رحلت کیے اونکا کلام ہی

رختیہ

گو رکھی محکو سدا گردش ایام مین چرخ	ہو نہین فرحت کبھی غم پاس نہین آنیکا
ہجر کو رنج بیان نہین ممکن یہ جہان مین	امید جو کہین کنج فراغت نظر آ ہی

فرحت

فرحت سید محمد حسین ابن سید سعادت علی عیش انکا وطن پاس بریلی ہی مگر جب آرہگئے کی عہد مین یہان نوکر رہی دربار دربار مین معزز و موقر رہی اپنی والد سی انکو تلمذ ہی اب مدت سی وطن مین رہتی ہین شعر خوب کہتی ہین یہ اونکا کلام ہی

قصیدہ در حمد و نعت

ٹہنڈی ٹہنڈی ہی ہوا جو موم ہین دو بال	آئی برسات تر و تازہ ہین باغ اور جنگل
فرش گسترہ خیابان چمن مین ہر سو	کہین سبزی کی ہی اطلس کہین گل کی مخمل
چشم بر دور رہی ہو لون سی اس گلشن کی	آنکہ مین اسلیی نرگس نی لگایا کاجل
شعر خوانی مین ہین مرغان گلستان مصروف	کوئی پڑہتا ہی رباعی کوئی پڑہتا ہی غزل

زمزمہ سنج ہین مرغان چمن ای قمری — تو بھی کچھ کہہ کہ نہین ہی یہ خموشی کا محل

حمد

اول

وہی قائم وہی دائم وہی دانای نہان — سب سی آخر ہی وہی اور وہی سب سے اول
سبی کرتا ہی وہ ہر ایک اپا بیج کی تو ہی — کھولتا ہی وہی ہر عقدہ مالا ینحل

نعت

مقصد کن فیکون ناسخ ادیان و ملل — اوب آموز جہان جوہر عقل اول
مطلع نظم ابد مطلع دیوان ازل — کائنات دو جہان مین ہین وہ بیتا اول
میان سی نکلی وہ شمشیر اگر روز مصاف — ہفت اقلیم کی کفار مین ڈالی ہلچل
صاف آجای نظر شکل فضای سی ہم — شرق سی غرب تلک وہ مین ہوا قتل
شیر دریا مین گرین دشت مین آجائین نہنگ — بیچ اسی مین موجیسان اونہین دریا جنگل
کس سی ہو سکتی ہی اصحاب نبی کی تعریف — جن سی راضی ہی خدا شاد نبی مرسل
عابد و زاہد و دیندار و مجاہد غازی — صاحب حلم و حیا جود و سخا علم و عمل
عرض حاجت کا ارادہ ہے اگر ای فرحت — عرض کر خالق اکبر سی کہ یا عز و جل
بطنبل نبے ہاشمی مطلبی — میرا آقا ہو تری حفظ و امان مین ہر پل
کون وہ کلب علیخان بہادر نواب — دین و دنیا مین پہنچی اوسی نعمان و خل

رنجیتہ

نہ ڈرا تو سنے مجھے بگڑنے سے — کچھ مین عاشق نہین نباہ دے کا
روبرو غیر کی وہ زلف کھلی تھی شب کو — مینی بیوجہ نہین خواب پریشان دیکھا
زاہد خشک کا رونا دیکھو — گھر مین خاک اوڑتی ہی باہر برسات
دم رخصت یہ دل کہنی لگا اوس بیمرت سی — ذرا دم لو ٹھہر جاؤ کہ ہم بھی ساتھ چلتی ہین
کس دل جلی کی زخم کا انگور پٹ گیا — بوی کباب آتی ہی ساقی شراب مین

دانہ ہای اشک عاشق گوہر نایاب ہین | ڈال لو ان موتیونکو بھی گلی کی ہار مین
ڈوریہ تنہا دہتا نہ عریانی لگ جاتی کہین | تیرا دیوانہ نہ مٹہا سایۂ دیوار مین
تم بھی اولٹ دو منہ سی مہ جبان نقاب کو | کھل کھیل گل دکھاتی ہے چونگھن بہار مین
کوتہ کرو نہ دست تمنا کو وصل مین | فرحت گلی مین یار کی ڈالو بڑہا کی ہاتہ
قبر عاشق پر چڑہاوتا زہ ہو جای گی روز | آپ کی پھولونکی بدہی اتہو باسی ہوگئی

در مدح حضور بزبان فارسی

زہی رفعت شان کلب علیخان | فلک زیر فرمان کلب علیخان
سکندر بجاہ و شیش چون نیازد | کہ دارا ست دربان کلب علیخان
بعلم و بفضل و بفہم و بدانش | فلاطون سبق خوان کلب علیخان
سمند فلک سیر اقبال و دولت | بماندہ ران کلب علیخان
بہ ہنگام تقریر گلہا ببارد | خوشا لعل خندان کلب علیخان
شب قدر گردون دعا می نماید | کہ روشن شبستان کلب علیخان
بہر جا کہ باشد الہی تو باشی | معین و نگہبان کلب علیخان
ز آبا و اجداد دارم توسل | بسر کار ذی شان کلب علیخان
درین دہر فرحت بکس رو ندارم | من و دست و دامان کلب علیخان

فرقت مولوی محمد قیام الدین ابن مولوی محمد حیات نبیرہ مولوی برہان الدین مغفور کہ وہ عہد برکت مہد جناب نواب محمد فیض اللہ خانصاحب بہادر عرش منزل مین مشاہیر علما سی تہی ساٹہ برس کی عمر ہی فارسی اردو دونون مین شعر کہتی ہین اردو مین اخوند زادہ احمد خان غفلت سی اور فارسی مین مولوی تاج الدین سہسوانی و شیخ احمد علی سی مشورہ ہی یہ اونکا کلام ہی

ریختہ

مزاج مین اپنی بدگمانی زبسکہ کہتی ہین سنکر کہتی ہین سنکر زبان
یہی دعا ہی کہ تا محشر نہ دیکھی بی نقاب تجکو

فارسی در مدح حضور

چون بر انگیزی ہمند خویش بر قتل غنیم — نصرت از ہر سو دہد صد بوسہ بر پای کا

از غزل

نیرنگے اوست در ہمہ رنگ — یک جان بہزار قالب آمد
و من متقدم او نیست کم از وصل کہ بین — بتمنای کسی انجمن آرای خودم

مخمس بر شعر ناصر علی

ز رمز وحدت و کثرت درس رہنمائی ہاست — قطرہ گر شود دریا فیض کبریائی ہاست
سیر ما سوی کردن عین ژرف خائی ہاست — دیدن و ز خود رفتن طرز آشنائی ہاست
پیش آن صنم بودن عالم جدائی ہاست

فصیح مولوی محمد فصیح الزمان خان صدیقی خلف کوچک مولوی
محمد وجیہ الزمان خان صدیقی مرحوم رحیق تخلص متوطن ورنیس
قصبہ فرخ آباد عرف چلاوان ضلع بجنور صوبہ اودہ جنکا
ذکر حرف رای مہملہ مین گذرا ملازم سرکار فیض آثار ہین
ایک مدت سی وظیفہ خوار ہین انکا مولد باس بریلی ہی عمر
اونیس برس کی ہی زمانہ طفلی مین قرآنکا دل لگہنی پڑہنے کے
طرف مائل نہوا بجبر مکتب مین بہلای گئے ادب آموزکا مقصود
حاصل نہوا دسوین گیارہوین برس دفعتہً سعادت
ازلے نے جوش مارا ذوق معرفت الہی غالب ہوا دل سوجان سے
خدا آگہے کا طالب ہوا اس دہن مین کمانا پانی چہوٹ گیا
رشتہ تعلقات ٹوٹ گیا تصوف کی کتابون سی کام لینا سونا وغیرہ

ضروریات برای نام اس ضمن مین بہت سی کتابین فقہ وحدیث
وتفسیر وعقائد کی زیر نظر رہین اکثر مسائل علمیہ کی علماسی
تحقیق کی جو اہل اسرار الہیہ صوفیہ کرام کی صحبت سی لیی
بیشتر معضلات فنون مختلفہ کی اپنی سطالعی سے حل کیے کتب
صرف ونحو کے بھی سیر کی نظم ونثر فارسی کی طرف بھی
توجہ رہے طرح طرح کی کتابین پیش نظر رہنے لگین طبیعت کو
قوت کلی حاصل ہوئی چشمۂ طبع سی تالیفات کی نہرین بہنی لگین
مگر وارستہ مزاجی اور آزادہ طبعی کے بدولت اکثر تالیفین
تمام نہین ہوئین جو تمام ہوئین اونکا مسودہ ہے رہا صاف
ہوکر سفید انام نہین ہوئین انکی پیر ومرشد کا نام سید شاہ علی نقی
قادری سینی بنگرسوی قدس سرہ ہی جو کچھ حاصل ہی حضرت ہی
کی بارگاہ سی حاصل ہی طبع رسا مجاہدات وریاضات کی طرح آفرینش مضامین جدید
مین بھی کامل ہے فارسی دیوان باعتبار جمعیت اقسام شعر
پورا ہے لیکن کمی التفات سی ابھی مرتب نہین ہوا ہے
اردو مین جو کچھ کہا محض شرکت مشاعرہ کی لیے کہا
بحکم طبع موزون فارسی اردو جو کچھ زبان پر لاتی ہین بمقتضای
خصوصیت برادرانہ فقیر مولف کو دکھاتے ہین یہ چند شعر
اونکی نتایج فکر لکھی جاتی ہین

ریختہ

ہون وہ بلبل کہ قفس مین جو چمن یاد آیا	ڈالیان پھولونکی لیکر دہین صیاد آیا
آنکہ یوسف کے بھی پڑتی ہی تو للچائی ہوئی	تیری چھبی مین عجب حسن خداداد آیا

آگیا دہیان عشم عشق کی تنہائی کا — مرتی مرتی ہی دعا دل تری شیدائی کا
لیکئی حیرت نظارہ اوسی ایسی جگہ — کہ پتا آنکھ کو ملتا نہین بینائے کا
لالچ سی می کی کچھ نہین جام و سبو پسند — واعظ یہ سوندہی سوندہی ہی مٹی کی پوپسند
اچھی ہو می ظرف بلورین سی کام کیا — پیسی کا جام ہی تو مٹی کا سبو پسند
قائل ہم اوس طلب کی ہین ای طالبان وصل — منزل پہ ہی پہنچکی رہی جستجو پسند

کوئی رو تا ہی کیسا حال اتیرو دیکھکر — آپ ہنستی ہین ہماری دین تیرو دیکھکر
خون دلکا کر چکی مجھکو ستمگر دیکھکر — کیا جگر پر ہی چھری پھیرین مکرر دیکھکر
خوب لوٹین گی شہادت کی مزی اہل نیاز — آج مقتل مین وہ مستی می ناز آتی ہین
اکیلی آتی ہو کیا میری مرقد کی زیارت کو — حرام نازسی کمر دلگلای قیامت کو
اجل در پر کھڑی ہی بھیجنیوالی ڈاک بیٹھی ہی — جو آنا ہو تو آئین جلد وہ میری حیاوت کو
اسدری فسردگی دل شب وصال — یہ شمع بجھکی مجلس شاہی مین جگئی
صدقی ہوی فدا ہوی جلکر فنا ہوی — کیا پوچھتی ہی شمع کہ پروانی کیا ہوی
صحبت تمام عمر رہی اہل درد سی — دل ناصحون کی تب بھی نہ درد آشنا ہوی
آتی بہار جان گل و لالہ مین پڑے — تہالی چمن کی چشمۂ آب بقا ہوی
موسی و برق طور او نہین کی ہین دونون نام — خود بین ہوی کہین وہ کہین خود نما ہوی
لذت بڑہی ہوئی می الا کی ہی صبیح — کا فر صبوت قدح کش صہبای لا ہوی

فارسی

سرم بنود چو اہل کفر پا مال خمار لا — بزنگ عارفان باشم خراب بادۂ الا
قدح نوشان شوق بادۂ شیراز دہ لہا — الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا
حصتش شمع فروزد چو بکاشانۂ ما — بال جبریل شود شہپر پروانۂ ما
صد مکان و یک سکان بنود مرا — صد نشان و یک نشان نبود مرا

دردمند بیزبانم هیچ زخمم — کار با آه و فغان نبود مرا

که مینازد بخود یارب ز آزار دلم امشب — که از شادی همی بالد غمم من میدهم امشب

چراغ دودمان جلوهٔ حسن — فروغ حیرت اهل تماشاست

ز روی او دهد بهر اقم نشان عجب — آئینها نمایدم اشک روان عجب

باید بچشم حیرتیان سیر این چمن — داری بدل خیال بهار و خزان عجب

زهی دریکه در دل دیر ماند — بلذت میرسد چون می کهن شد

گر عزم وفاست روی نیما — ور صدمه جفاست خنجر آور

یا باش چو دل به پهلوی من — یا مهر خود از دلم برآور

روی این خاکیان چو می نگرم — گرد آلودمی شود نظرم

بزنگ جلوه پرستان ما و من نروم — از ینجهان نروم تا ز خویشتن نروم

خراب نیست ز یک باده عارف و عامی — سیاه تبکده همکیش برهمن نروم

به بزم شعله رویان شمع آسا — تو انگر آمدم درویش رفتم

چسان روم تماشای بوستان بینم — کجاست رنگ طرب زیر آسمان بینم

قدح بفاز ده و میناز دست مینا — ز میکشی همه بزدست سرگران بینم

نه بوی گل نه خویت خار دارد — چمن پیرای یکتائی کجائی

قطعه متضمن عرض حال پر ملال بحضور بندگانی حضرت ولی النعمت دام ملکهم و اقبالهم

داوگر کلب علیخان بهادر نامور — مادر گیتی نزاده چو تو صاحب مکنتی

در حضور تو چسان رانم سخن بی اذن تو — حسب حال خود بگویم ار بیابم رخصتی

میخلد در پای جانم خار اندوه نوی — هر زمان هر لحظه هر دم هر نفس صد هر عتی

من نمی خواهم که باشم بادشاه بحر و بر — من نمی خواهم که بنود همچو من ذی دولتی

نسیم

جیقدر خواهم کہ از بند الم بر با نیم	فارغ از درد و غم آسایم بگنج غلوتی

فصیح

فصیح محمد عبد الرحیم خان ابن حافظ عبد الحمید خان ابہی چوبیسوان سال ہی طبیعت مائل کسب و کمال ہی خط نستعلیق مین مولوی الہی بخش غریب کہ جنکا ذکر خیر حرف مین معجمہ مین گذرا شاگرد رشید ہین نہایت اہلیت شعار و سعید ہین باوصف خوشنویسی کی تیز دست ایسی ہین کہ ایک ایک جلسی مین ایک ایک جزو لکھ لیتی ہین احمد زادہ عبد العزیز خان سی فارسی کتابین پڑہنی کا اتفاق ہوا ہی شعر بہی کہی کہی کہتی ہین تخلص دان سی مشورا ہی یہ اونکا کلام ہی

رختیہ

سینی مانا کہ وہ بی صبہ مجہی کہتی تہی	خیر جس طرح کہ مذکور ہوا خوب ہوا
حوصلہ صبر کا بہی مت کہو کہاتی اک روز	کیا کرین بس مین ہماری دل بیتاب نہین

نسیم

فضل تخلص شیخ فضل احمد خلف پیرزادہ شیخ غلام احمد نبیرہ حضرت خواجہ احمد سرہندی قدس سرہ العزیز بائیس برس کی عمر ہی میر احمد علی رسا جنکا ذکر حرف رای مہملہ مین گذرا اونکی شاگردی سی مورد افتخار ہین یہ اونکی اشعار ہین

رختیہ

ہون پشیمان ای شکایت ہو ترا خانہ خراب	وہ سر محفل و م تقریر قائل ہو گیا
سر شام آنے کو کہتے ہین وہ	نہ صورت مجہی اب وہ کہانگی رات
باغ کی سیر کو وہ گل نہ کہین آیا ہو	چاک کیا ہین گل سی ہی تو ہم مجکو

فضل حق

فضل حق افضل الفضلا اکمل الکملا فضائل دستگاہ فواضل پناہ جناب مولانا مولوی محمد فضل حق صاحب فاروقی برد اللہ مضجعہ وطن اصلی آپکا حیدر آباد فنون حکمیہ مین مرتبہ اجتہاد بڑی ادیب بڑی منطقی نہایت ذہین نہایت زکی طلیق و ذلیق انتہا کی صاحب تدقیق و تحقیق اپنی والد ماجد مولانا مولوی فضل امام

مغفرلہ اللہ المنعام کی شاگرد رشید تحصیل علوم عقلیہ ونقلیہ سب مین جناب مرحوم کی
خدمت سراپا برکت سی مستفید تلامذہ مولوی صاحب کی حساب سی باہر ہین
کتب مفصلہ ذیل آپ کی تصنیفات سی مشتہر ہین شرح تہذیب الکلام تحقیق حقیقۃ
الاجسام حاشیہ قاضی مبارک حاشیہ افق المبین حاشیہ تلخیص الشفا
ہدیہ سعیدیہ فی حکمت الطبیعیہ روض المجود فی تحقیق حقیقۃ الوجود رسالہ مبحث قاطیغوریاس
رسالہ تحقیق علم ومعلوم تاریخ احوال ایام غدر اور ان تصنیفات کی علاوہ
خطب اور قصائد عربی شمار مین سو سی زائد ہین کہ اون سب مین گوناگون مضامین
ومقاصد ہین جس شہر مین رونق افروز ہوی صدہا آدمی بہرہ اندوز ہوی
شاہجہان آباد مین اگرچہ عدالتین کی سررشتہ دار رہی مگر بڑی ذی اقتدار
وصاحب اختیار رہی جبھر مین مشاہرہ جلیلہ پر نوکر رہی الور اور رہامپور
اور ٹونک سب جگہ معزز ومحترم رہی لکھنو مین صدر الصدور رہی اور
اس دار الریاست مین پہلی محکمہ نظامت اور پہر مرافعہ عدالتین پر مامور رہی جناب
مستطاب نواب محمد یوسف علیخان صاحب بہادر فردوس مکان انار اللہ برہانہم
کو بہی آپ سی تلمذ رہا ہی اور بندگان حضور پر نور دام ملکہم واقبالہم فی منہ
کچہ پڑہا ہی آٹہ برس بہت اعزاز واکرام کی ساتہ رہی پہر یہان ہی تشریف
لیگئی بارہ سو بارہ ہجری سال ولادت ہی اور بارہ سو اٹہتر ہجری سال
رحلت ہی اس حساب سی چیاسٹہ برس کی عمر پائی غدر کی بعد انقلاب
زمانہ غدار سی جزیرہ انڈمن مین قضا فرمائی زبان عربی مین چونکہ
تخلص کا معمول نہین لہذا اسم مبارک آپکا بجای تخلص حرف فا مین لکہا گیا
اور کچہ کلام برکت التمام درج تذکرہ ہوا

قصیدہ

لَا تَصِيغُ بِهَوَى بَيْضٍ مَالِيدِ ... فَاحْمَرَّ الْمَوْتُ فِي أَجْفَانِهَا السُّودِ

نہ کہیں ہو عشق میں سفید و بالوں نرم انداموں کو ... کہ موت شدید اونکی پلکوں سیاہ میں ہی

فِي غَيْرِ الْحَاظِهَا فَتَكَتْ الْأُسُودُ فِي الْأُسُودِ ... سَاكِنَةٍ رَيْمِ الْغِلَالِ بِالطَّرْفِ الْحَدِيدِ

اونکی کن انکھیوں کی اشارہ میں شیر و نخچیر سے ... اگرچہ شانہ میں سانہ آہوان صحرائی شیروں میں

قَدْ خَابَ مَنْ غَازَلَ الْغِزْلَانَ مَا مُلِهَا ... وَبَادَ مَنْ رَامَ أُنْسَ الرِّيمِ فِي الْبِيدِ

تحقیق خالی رہا وہ شخص کہ غزالوں سے کیا معشوقہ وحشی رہا کیا اہو کا شکار ... اور ہلاک ہوا وہ شخص کہ آہو کی محبت کا قصد کیا جنگلوں میں

دَعِ الْمَرَاشِفَ وَاسْتَعِذْ بِمَنْ وَفَى ... مِلَاتِ الْعِذَابِ عَذْبٌ غَيْرُ مَرْدُودِ

ترک کر چوسنا لبوں کا اور اوڈی شیرینی کا پس ... اس شیرینی میں ایسا عذاب ہی کہ اوس کی نجات نہیں ہوتی

فَلَا يَرُوقَنْكَ أَيْنٌ فِي مَعَاطِفِهَا ... إِنَّ الْقُلُوبَ مِنَ الْقَسِيِّ الْجَلَامِيدِ

پس خوش نہ آئی تجکو انکی حرکات کی نرمی ... ہر آینہ ان کی دل سخت پتھر ہین

يَبْكِي الْمَشُوقَ بِعَبَرَاتٍ مُوَرَّدَةٍ ... مَا فِي مَبَاسِمِهَا مِنْ حُسْنِ تَوْرِيدِ

رولاتی ہی عاشق کو آنکھوں کی گلابی یعنی لہو کی آنسو ... وہ کیفیت جو انکی تبسم میں ہی حسن گلابی کی

أَيْضًا

فُؤَادِي هَائِمٌ وَالدَّمْعُ هَامِي ... وَسُهْدِي دَائِمٌ وَالْجَفْنُ دَامِي

دل میرا سرگشتہ ہی اور اشک جاری ہین ... اور بیداری میری ہمیشہ ہی اور پلکین آلودہ ہین

وَقَلْبٌ مَا فَتِئَ يَهْوَى دَلُوعٌ ... وَلُوعٌ فِي اضْطِرَابٍ وَاضْطِرَامِ

اور ایک دل ہی کہ شورش اور سوزش عشق کی ... اور سوزش ہی بیقراری اور بیچینی میں

وَدَمْعٌ بَلْ دَمٌ صَرْفٌ جَرَى مِنْ ... بَنَاطِي سَاجِمًا أَيَّ انْسِجَامِ

اور آنسو ہین بلکہ نرا خون کہ جاری ہی ... رگ دل سی اور ان حالیکہ نہایت بہتا ہے

وَطَرْفٌ أَرْمَدُ يُوذِيهِ غَمْضٌ ... وَلَيْلٌ سَرْمَدٌ سَاجِي الظَّلَامِ

اور آنکھ درد مند ہی کہ ایذا دیتا ہی اوسکو بند کرنا ... اور رات ہی ہمیشہ بڑی نہایت سیاہ

طَوِيلٌ لَا يُقَاسُ بِهِ زَمَانٌ ... فَسَاعَتُهُ كَشَهْرٍ بَلْ كَعَامِ

یہ ایک لمبی رات ہے کہ جس پر زمانہ کا قیاس نہیں کیا جاتا ہے اور اسکی ایک گھڑی ایک مہینہ کی بلکہ مانند ایک برس کے ہے

تَمَامِي حَاضِرٌ وَالْوَجْدُ بَادٍ ... وَجِسْمِي ذَابِلٌ وَالشَّوْقُ نَامِي

موت میری حاضر ہے اور مستی معدوم ... اور جسم میرا کملنی والا ہے اور شوق بڑھنی والا ہے

ایضاً

إِنْ لَمْ تُصِبْ فَطْرَةٌ مِنْ أَعْيُنِ نُعُسِ ... فَمَنْ نَفَى النَّوْمَ مِنْ عَيْنَيْكَ فِي الْغَلَسِ

اگر نہیں نظر گئی چشم ہای غنودہ سے ... تو کس چیز نے کھوئی نیند تیری آنکھوں سے پچھلی رات کو

مَنِ اسْتَنَامَ إِلَيْهَا سَهَّدَتْهُ وَكَمْ ... مِمَّنْ أَنَامَتْهُ مِنْ يَقْظَانَ مُحْتَرِسِ

جو مائل ہوا اونکی طرف بیدار کر دیا اونہوں نے اوسکو ... اور کتنے لوگوں کو ہوشیار اور نگہبان کیا اونہوں نے سوتے ہوئے کو

سَكْنٌ دَرَسْتَهُ نَامَ رُدَّدْنَ فِي سِنَةٍ ... وَغَضْنَهُ مُرَّةً فَازْدَادَ فِي الْهَوَسِ

اولی اونہوں نے گرانی خواب اسکی پر کی اونکی گرانی خواب ... اور مرتبہ اکی اونکو ناتوانی نے بڑھا دیا اونکی ہوس

فَلَا يَدَانِ مِنْ يَمْنٍ بِرَمْقٍ مِنْ رَمَقٍ ... وَلَا يَدَ عَنْ يَدَيْ نَفْسٍ سَوَى نَفَسِ

پس نہ تو ہی ذرا جان اوسکی جسکو ذرا دیکھا ... اور نہ ہی ہاتھ اوسکا ہاتھوں میں کسی کے نفس میں کچھ سوائے سانس کے

وَلَا شِفَاءَ لَهُ إِلَّا الشِّفَاهُ إِذَا ... سَقَيْنَهُ عَلَلًا مُشْتَارُ مِنْ لَعَسِ

اور نہیں شفا اوسکی واسطے مگر جب وقت لب دینے کے ... پلاتیں اوسکو شہد کہ نچوڑا جاتا ہے خوش رنگ لب سے

فَلَا بَعْضَ الصِّبَا مَا يَخْفُونَ مِنْ سَلَفٍ ... وَحُبَّ الْغِيَّةِ مَا يَبْدِينَ مِنْ شَمُوسِ

ہرگز نہیں بعض اس بات کا جو چھپاتی ہیں اگلے سے ... اور دوست رکھنا بدخواہ کو جو ظاہر کرتی ہیں سرکش

قَدْ حَسَّنَ الْحُسْنُ مِنْهَا كُلَّ سَيِّئَةٍ ... حَتَّى الْجَفَاءِ وَسُوءِ الْخُلْقِ وَالشَّرَسِ

ہر آئینہ خوب کر دیا اونکی حسن نے ہر برائی کو ... یہاں تک کہ ظلم اور بدخلقی اور تندخوئی کو

ایضاً

هُمَا وَلَّدَا النُّورَ السَّنِيَّ بِنَبْتَةٍ ... بِضِيَائِهِ فِي الْعَالَمِ الْأَضْوَاءُ

وہ پہلا نور روشن اور شوخ کرچمک گستی ہین — اوسیکی روشنی سی عالم مین تمام روشنیان
مُوَاوَّلُ الْاَنْبَاءِ اٰخِرُهُمْ بِهٖ — خُتِمَ النُّبُوَّةُ وَابْتِدَاءُ الْاِبْدَاءُ
وہ پہلا نبی ہی اور آخر انبیا سے — اوسی پر تمام ہوئی نبوت اور اوسی سی شروع ہوئی
قَدْ خَصَّهُ الْبَارِیْ بِاَوْصَافٍ عُلٰی — لَمْ یُعْطِهَا الْاَحَدٌ وَالْقِدَمَا
خاص کیا اوسکو اللہ تعالی نے ساتہ بڑی وصفون سے — کہ نہین دی ہی وہ اوصاف کسیکو اول سی اگلو کو
اَعْطَاهُ فَضْلًا لَیْسَ یُمْکِنُ اَنْ یَکُوْ — نَ لَهٗ شَرِیْکٌ فِیْهِ اَوْ شُرَکَاءُ
اوسنی بخشی ایسی بزرگی کہ نہین ہوسکتا — اوسمین بزرگی مین ایک اوسکا شریک یا بہت سی
اَسْمَاءُ اَذْ اَسْمَاهُ بِالْحُسْنٰی فَمِنْ — اَسْمَاءِ خَالِقِهٖ لَهٗ اَسْمَاءُ
بلند کیا اوسکی نیکی کو جب کہ اوسکی نام رکہا اچہی کہی — اسوا سلی کہ بعض نام اوسکی وہ ہین جو خدا کی نام ہین
بَرٌّ تَقِیٌّ حَلِیْمٌ مُفْضِلٌ ذُوْ قُوَّةٍ — هَادٍ رَءُوْفٌ مُحْسِنٌ مِعْطَاءُ
نیکوکار پرہیزگار بردبار محسن بان احسان کرنیوالا بہت فیض والا — راہ نما مہربان احسان کرنیوالا بہت فیض والا

فصیحہ

فقیر تخلص سید شاہ عبد الرزاق ابن سید دوست علی ہر سینہ برس کی عمر ہی شاگرد
شیخ کرامت علی شہیدی ہین ہوز دنی طبع کا یہ حال ہی کہ کبھی ہی سنگ لوح زمین ہو
اونکی سمند فکر کی آگی پامال ہی دفتر کی دفتر کہہ ڈالی اور کبھی ایک مصرع لکہا نہین
پہر جب پڑہوا ہی مطلع ہی مقطع تک پڑہ دین یہ دوسرا کہان ہی یہ سینہ شعرا وفکی
ورچ تذکرہ ہوتی ہین

ریختہ

وہ جو پہلی سی اوٹہی در و کہولا اوسا — تہام کر دلکو کئی بار ہین مہبا اوسا
پار ڈالا بھی تو فی تو اداسے اپنے — اور رکہی کی نیی نام قضا کا رکہا
تا امیدی ہی برستی گل تربت پہ مری — دیکہی وہ جنسی ندیکہی ہون کبھی یاس کی پہول
تمنا تی نہین داغ دل کو ہم اپنی — یہ بخشی ہوئی ہی تی تمہاری

فقیہ مولوی فضیلۃ الدین خلف الرشید مولانا مولوی شاہ جمال الدین صاحب قدس سرہٗ صورت و سیرت و دونون مین یکتا انتہی عربی فارسی اردو تینون زبانون مین گویا تھے قوت حافظہ کا یہ حال تہا کہ سات برس کی عمر مین قرآن شریف حفظ کیا اور اسکو تمام سال دور کا اتفاق نہوا مگر رمضان شریف مین حفاظ کو سنایا حکیم صاحب موصوف فارسی قصیدہ ایکبار سنکر مطلع سی مقطع تک اپنی کلام کی طرح پڑہ دیا شعر کا شوق بہت تہا اپنی مکان پر ہی شاعری کرتی تہی پینتیس برس کی عمر پائی صغر کی دوسری تاریخ دسمبر کی دن بارہ سو چالیس ہجری مین رحلت فرمائی کلام بہت کچہ تہا مگر سب تلف ہوگیا ایک شعر فارسی اور ایک شعر اردو ملا وہ تبرکا لکہا گیا

ریختہ

تمہاری صحف رخ پر نظر تو کی سو یا | اگر نہ سورۂ اخلاص کا پتا نکلا

فارسی

بجہ بانجبہ جانان کردست | شوخی رنگ حنارا دیدی

فہیم تخلص میرزا محمد فہیم الدین خلف اکبر صاحب عالم میرزا رحیم الدین حیا دہلوی انیس برس کی عمر اپنی والد ماجد سی تلمذ ہی اگرچہ وطن آبائی انکا شاہجہان آباد ہی مگر انکی والد ماجد کو مدت سی اس دار الریاست مین علاقہ ہی ہین صحبت معاش ہی یہین بود و باش ہی دو غزلین اونکی ملین ما وہین سی دو شعر لکہی گئی

ریختہ

کوئی مونس ای فہیم اب شب ہجر مین نہیں | دل زار آج ہوتا تو وہ غمگسار ہوتا

رہ و قت ہی نذر ہی چار پہر وصل کی شب | وز ہجر انکا تصور جو فہیم آکی نہ ٹلتا

فیاض محمد فیاض خان ولد مولوی عبد اللہ خان ساکن بلاسپور یہ بزرگ حافظ قرآن فارسی خوشخوان ہی نہایت نیک نہاد بزرگی کا استعداد و ضبط اوقات سی

زمرہ اہل اللہ مین داخل طلب مین دستگاہ کامل سید مولوی محمد صاحب تلمیذ ٹونک سی
قدر تھا پنتالیس برس کی عمر ہوئی پچیسوین رجب کو چارشنبہ کی دن بارہ سو تہتر
ہجری مین رحلت کی کچھ کلام انکا ملا لکہ درج تذکرہ ہوا

درج بزبان فارسی

وجاہت رخ تابان او خندان بہار	شعاع جلوہ رخشان او شد ارچمن
بہ از دیا دبہار ریاض عزت وجاہ	بلند شام وسحر پنجہ چنار چمن

از مثنوی

شگفتہ مہ طرف گلہای نگرین	کز و رنگین شود و اسان گلچین
بصدر معرفت والا ستاری	بمیدان حقیقت شہسواری
و ماند گل بجای خار عدلش	و ہد صد گنج جای مار عدلش
الہی تا جوان دارد جوانے	جوان دارش بعز و شادمانی

فصل قاف معجمہ

قادر صاحبزادہ عبد القادر خان ولد صاحبزادہ کفایت اللہ خان کفایت
جنکا ذکر ہو چکا ہین مع سلسلہ نسب مذکور رہوگا کسب کمالات کا شوق رہتا
خط نسخ کی خوشنویس تہی اور بانک پٹی ذخیرہ خنون شہ نفیہ سپاہگری کا بہے
ذوق تہا اکثر اسی طرحکی شغل رہتی تہی کبھی کبھی شعر بہی کہتی تہی خدا زادی احمد خان
غفلت کہ فن شعر مین بڑی ذی استعداد تہی وہ انکا استاد تہا رحلت
مرچن بارہ سو ترسیتہ ہجری مین بائیسوین شوال کو رحلت فرمائی دیوان کی
کچہ پرزی آب رسیدہ گداختہ و بوسیدہ اونکی صاحبزادہ محمد منور علیخان کی
ہاتہ آئی جو شعر اوسمین سی پای علیحدہ لکہواکر اور انتخاب کرکی چند بیتین
درج تذکرہ کین

ریختہ

خاک تربت سی ہی اپنی گل سوسن پیدا ۔۔۔ داغ ماتم ہی ہمارا پس مردن پیدا
منع کرتی تھی محبت سی ہمین یار و نہ سیر ۔۔۔ کسکی آگی جاتین کس منہ سی کرین فریاد ہم
مشانے پہ جین تم نہ ! لو ۔۔۔ کہتا تو ہون بر سر خطا ہون

قادری

